دیو ہفت سر ف کنایۂ زمین باعتبار ہفت اقلیم

دیگر ف اور چیز دوسرے چیز۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف ذال اور اخیر مین را ہے

ذال با الف

ذات الصدر ع صاحب سینہ و دانائی اسرار دل و اولیاء اللہ اور اطبا کی اصطلاح مین ورم پردہ سینہ و درد سینہ۔

ذاکر ع یاد کرنیوالا ذکر کرنیوالا زبان پر رکھنے والا۔

ذال با خاء

ذُخر ع نگاہ رکھنا اور نگاہ رکھی ہوئی چیز۔

ذخایر ع جمع ذخیرہ کی بہت سے جمع کیے ہوئی چیزین -
ذخیرہ ع وہ چیز جو نگاہ رکھی جاتی اور جمع کیے جائے -

ذال با را

ذرور ع دوا خشک جو آنکہہ مین ڈالین یا زخم پر لگائین -
ذرایر ع جمع ذرہ کی یعنی بہت سے خاک کے ذرے -
ذر ع صیغہ امر بمعنے بگذار یعنی چھوڑ فلان چیز کو -

ذال با کاف

ذکر ع یاد کرنا زبان سے کسیکو یاد کرنا یا بار بار نام لینا کسیکا
ذکر ع آلت مرد و نر ضد مادہ و عضو تناسل مرد -
ذکور ع مردان جمع ذکر یعنے بہت سے مرد -

ذال با واو

ذو الخمار ع نام اکبر شعبدہ باز کا جو طرح طرح کے شعبدے دکھلاتا تہا
ذو الفقار ع نام شمشیر علی المرتضے جو علی کرم اللہ وجہہ
نے پیغمبر صاحب سے پائی تہی اور انکو بعد قتل عاص بن منبہ
کے جو ایک کافر تہا جنگ بدر مین حاصل ہوئی تہی ذو
بمعنے صاحب و مالک اور فقار بمعنے مہرہ پشت گردن سے
کمر تک ہے یعنے یہہ تلوار انسان کے پشت کے مہری گردن سی کمر
تک توڑ ڈالنے والی ہے -

گیارہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکا اول حرف
رای اور آخیر مین بہی رای ہے

رای با الف

راہوار ف خوش رفتار و تیز رو و چالاک گہوڑا یا شتر وغیرہ
راہدار ف یہہ لفظ غلط مشہور ہے صحیح راہوار ہے -
رامشگر ف مطرب گانے والا سرود کرنیوالا شخص یعنے
راہبر ف رہنما وہ شخص جو گمراہ کو رستہ دکھلانیوالا ہو

پیر و مرشد و استاد و دو الفظ وغیرہ -

راے با با

ربیع الآخر ع جو تہا مہینہ قمری کا نام ہے -

راے با خا

رخسار ف گال اور چہرہ انسان کا -

راے با سین

رستگار ف خلاصی پانیوالا قید سے چھوٹنے والا -

راے با شین

رشتہ عمر ف سالگرہ جو ہر برس باندہتے ہین -
رشتہ دار ف ناطہ دار اور خویش لوگ -

راے با فا

رفتار ف چال جو ذی جان چلتا ہے

راے با کاف

رکاب دار ف جو شخص سوار کے ساتھہ ہو اور جلو تہامنیوالا
آدمی یعنے جلو داری -

راے با نون

رنجور ف بیمار و دکھیا اصل مین یہہ لفظ رنج ور تہا
سہولت کے واسطے رنجور پڑہا گیا -

راے با واو

روزگار ف زمانہ اور وہ وقت جو گذرتا ہو -
روبکار ف سامہنا اور کاغذ جو سامہنے کسی حاکم مجوز کے
لکہا گیا ہو -
رودبار ف جس زمین مین نہرین بہت ہون -
رونق بازار ف رونق و زینت و ترقی و تازگی بازار
رو بدیوار ف پریشان دل پریشان حال غمگین دردمند غمناک
روز دگر ف کنایہ روز قیامت جو آئندہ آئیگا

راے با ہاے

رہگذر ف شاہراہ و سبب و باعث و موجب کسی بات کا۔
رہبر ف رہ نما رستہ دکھلانے والا پیر و مرشد۔
رہوار ف تیز رو تیز چلنے والا گھوڑا وغیرہ۔

رای با یای

ریختہ گر ف سانچہ میں برتن بنانیوالا سانچے میں ڈھالنے والا
ریاکار ف منافق جو بظاہر صلح اور باطن میں جنگ رکھے
ریچار ف اچار جو مشہور چیز اور ناگوارش ہے۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف زای و در آخر مین زای ہے

زای با الف

زائر ع زیارت کرنیوالا کسیکو دیکھنے والا ملاقات کرنیوالا
زاجر ع منع کرنیوالا دھمکانیوالا باز رکھنے والا۔
زاہر ع روشن و تازہ و بلند و خوبصورت۔
زار ف مکان و جگہ و شیدا و تنبیہی و بسیار و ضعیف و خوار و نالان و فریاد و زاری و عجز و اندوہ اور عربی مین بمعنی آواز۔
زئیر ع بوزن فقیر شیر کی آواز اور اوسکا غرانا۔
زاغر ف حوصلہ مرغان اور آشیانہ پرندون کا۔

زای با بای

زبان گیر ف جاسوس جو پوشیدہ کسی جگہ اور ملک کی خبر رکھتا ہو۔
زبور ع لکھا ہوا و نام کتاب حضرت داؤد کو اوتری تھی
زبر ع بروزن ابر لکھنا و عقل و توانا و محکم اور آواز دینا
زبر ع نام ایک کتاب کا ہے۔
زبر ع کتابین اور لوہے کے ٹکڑے اور لوح محفوظ۔

زبر ف حفظ پڑھنا لکھے ہوئی کاغذ کو پڑھنا۔

زای با جای

زحیر ع نام مرض یعنی پیچش و ناخوش و آزردہ و ماندہ و بیمار

زای با خای

زخار ع بہت بھرا ہوا اور نالان پانی سی اور فارسی مین نعرہ مارنے والا اور شور کرنے والا۔
زخر ع پر ہونا دریا کا پانی سی لبالب ہو کر چلنا دریا کا۔
زخم دامن ف زخم پر گوشت اور ورم کیا ہوا زخم جسکے چارون طرف ورم ہو۔

زای با رای

زرگر ف سنار جو سونی چاندی کے برتن و زیور بناتا ہے
زرنگار ف خوبصورت سونے سے لکھا ہوا کوئی خط یا نقش
زریرہ ایک دوا کا نام ہے جسکو اکلیل الملک وا سیرک کہتے ہین
زر ع طلا و نقرہ و نقد و پیر مرد و پیرزال یعنی بوڑہا مرد اور بوڑہے عورت۔
زر مصر ف زر خالص جو مصر کے کان سی نکلتے ہے۔
زر دست افشار ف نہایت عمدہ سونا جو ہاتھ مین نرم معلوم ہو

زای با عین

زعرور ع نام میوہ جو سیب کے قسم سے ہوتا ہے اور کھانے مین ہے لذیذ ہوتا ہے

زای با غین

زغیر ع بروزن فقیر کتان جسکو ٹھٹہ مین السی کہتے ہین

زای با میم

زمر ف بجانا بانسری بجانا سرود کرنا۔
زمر ع کم مروت اور کم سوہونا۔
زمر ع گروہ ہاے متفرق و نام سورۂ قران المجید جو قران مین شامل ہے۔
زمخشر خدا رزم مین ایک قصبہ کا نام ہے۔

زمہریر۔ سرمای سخت و نام طبقۂ دوزخ جسمین سردی کا عذاب ہے اور نام کرہ جو وسط کرۂ ہوا مین ہے اور کرۂ ہوا کا کرۂ نار کے نیچے ہے اور کرۂ زمین کے اوپر اور بخارات دریا کے جب صعود کر کے طبقۂ زمہریر تک جاتے ہین برودت سے منجمد ہو کر ابر بن جاتے ہے اور اونکے ہوا کے مدد سے پانی برستا ہے زم بمعنے سرد سخت اور ہریر کرنے والا۔

زمیندار۔ زمین کا مالک اور زمین مین کہیتی کرنیوالا

زای با نون

زنجیر۔ سلسلہ لوہی کا جو قیدیون کو پہناتے ہین

زنار۔ جنیو جو ہنود گلے مین ڈالتے ہین

زنبور۔ مشہور جانور ہے اور ایک قسم کا تیر اور چہوٹے توپ یعنے زنبورک۔

زنجار۔ معرب زنگار جو ایک مشہور چیز ہے

زنہار۔ پناہ و امان و مہلت و عہد و پیمان و ہرگز و اما و خوف و شکوہ و پرہیز و حسرت و افسوس و شتاب و جلد و ہوش و آگاہی اس لفظ کی معانے بہت ہین۔

زنہار خوار۔ عہد شکن جو شخص عہد کر کے توڑ دے۔

زندان سکندر۔ شہر یزد مین ایک عمارت ہے کہتی ہین کہ اوس مین سکندر کا تابوت رکہا ہے۔

زای با واو

زواہر۔ جمع زاہرہ روشن چیزین اور بلند چیزین و شگوفہ ہا

زواجر۔ بازرکہنی والی زجر کرنیوالے منع کرنیوالے

زور۔ دروغ و فریب و مکر و دغا بازی و ظاہر داری

زودسیر۔ ناپایدار چیز جسکو فنا لاحق حال ہو۔

زوار۔ جمع زائر زیارت کرنیوالے لوگ اور دیکہنے والے

زوار۔ صیغہ مبالغہ بہت زیارت کرنیوالا اور بہت دیکہنے

زور۔ قوت و توانائی جو انسان کے جسم مین ہو۔

زای با ہے

زہار۔ فرج زن و ذکر مرد اور وہ سوراخ جو پتہر مین ہو اور اوس سے پانی نکلے۔

زہگیر۔ وہ انگشتری جو شاخ حیوان سے بنی ہو۔

زہر۔ جمع زہرہ بمعنے شگوفہ ہا و سبزی ہاے باغ و شگفتگی بہار۔

زہیر۔ شگوفہ دار و درخت پر شگوفہ و سبز و تازہ۔

زہر۔ سم قاتل جسکے کہانے سے انسان مر جائے

زای با یای

زیور۔ وہ گہنا جو عورتین پہنتے ہین اصل مین یہہ لفظ زیب ور تہا۔

زیربار۔ جو شخص قرضہ و عیالداری وغیرہ بوجہ کے نیچے دبا ہوا ہو

زیروزبر۔ اوپر نیچے تہہ و بالا اولٹ پلٹ۔

زیر۔ بہ یای مجہول نیچے اور تلے کسی چیز کے۔

زیادہ سر۔ سرکش و نافرمان و دلیر و جوانمرد آدمی۔

زینہار۔ پناہ و امان و ترک و مہلت و عہد و پیمان و قول و قرار

زیر۔ بیای معروف آواز باریک مقابل بم و نام پردہ موسیقی

زیروزار۔ آواز حزین و آہستہ اور درد ناک و آواز حزین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف سین اور اخیر مین ای ہے

سین با الف

ساخو۔ کتی کا پٹہ جو کتی کی گلے مین پہناتے ہین۔

ساقی کوثر۔ جناب رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے۔

سائر ع سیر کرنے والا اور تمام و مشہور و چلتے -
ساطور ع کارد بزرگ بڑے چھرے جیسے کوئی چیز کاٹین
سابقہ سالار ع سردار اور سرگروہ قوم کا جو قدیم سی ہو -
ساغر ع پیالہ شراب کا جسسے شراب پیتے ہین -
ساتر ع پردہ پوش آدمی عیب چھپانے والا آدمی -
ساحر ع جادوگر جو جادو کا علم جانتا ہو -
ساخر ع تابع کرنیوالا مسخر کرنیوالا تسخیر کرنیوالا -
سازگار ف موافق طبیعت کے یار دوست ہم درد -
سافر ع سفر کرنیوالا راستی چلنے والا -
سالار ف مالک سردار افسر فرمان فرما حاکم سرگروہ -
سادہ پرکار ف معشوق شوخ و طناز و مطبوع طبع -

سین با با

سبزوار ف ایران مین ایک شہر کا نام ہی جو مشہور ہے -
سباغر ف نام پہلوان جو بڑا زور آور قوی بازو تھا -
سپہر ف آسمان و فلک یہ مشہور لفظ ہے -
سبکسار ف فارغ البالی و بے تعلق و بے قید -
سبک سر ف فرومایہ و احمق بیوقوف و جاہل و نادان
سبزکار ف نیکوکار نیک خلق نیک طبیعت آدمی
سپیدکار ف صالح و متقی و نیکوکار عابد زاہد آدمی
سپیدار ف ایک درخت خوش قامت بے بر کا نام ہے -

سین با تا

ستارہ سحر ف ستارہ زہرہ و آفتاب جو صبح کو نکلتا ہے
ستور ف ہر ایک چارپایہ و وحش جو چار پاؤن پر چلے -
ستبر ف گندہ و غلیظ اور موٹا بے وضع بدصورت
ستخر ع تالاب جسمین پانی بھرا رہتا ہے -
ستر ع عربی مین معنی مستور اور فارسی مین مخفف استار
ستیر ع نام وزن بقدر سیر ڈیڑھ مثقال کے -
ستر ع پردہ اور ستر اسکا مصدر ہے یعنی پردہ کرنا -
ستمگار ف ظالم ظلم و جور و تعدی کرنے والا -
ستر ع مخفف استر معنی خچر جو ایک مشہور چارپایہ ہے
ستار ع پردہ پوش و نام خدا تعالی کا جو سب کا پردہ پوش ہے

سین با حا

سحور ع ماہ رمضان مین اخیر رات کا کھانا سحرگہی کا طعام
سحر ع جادو اور وہ عمل جو شیطانی عمل ہے -
سحر ع پچھلی رات صبح کے قریب وقت ابتدائے صبح -

سین با دال

سدیر ع نام قصر جو نعمان بن منذر نے بہرام گور کے لئے بنایا تھا
سدر ع حیران دیدہ بازو تیرگی چشم بسبب دورہ سر و درد سر کے
سدر ع بیری کا درخت جسکے میوے کو بیر کہتے ہین -

سین با را

سر ف فکر و خیال و زور و قوت و سردار و مقدم قوم کا و میل و خواہش و شوق و زبدہ و خلاصہ و انتخاب ہر چیز کا -
سرور ف سردار و رئیس و عزت دار و صاحب سرور تخلص مؤلف کتاب ہذا جسکا اصلی نام مفتی غلام سرور بن مفتی غلام محمد بن مفتی رحیم اللہ بن مفتی رحمت اللہ ہے اور کتاب گلدستہ کرامت و خزینۃ الاصفیا و گنج تاریخ و مخزن حکمت و خلاق سروری و گلزار شاہی و دیوان سروری و لغت سروری و مخزن پنجاب و گلشن سروری وغیرہ اوس کے توالیف و تصانیف مین سی مشہور ہین -
سر ع راز پوشیدہ و حال مخفی جو دل مین رکھا جاوے
سرشار ف لبریز و لبالب بھرا اور مست نشہ شراب
سریر ف تخت و اورنگ و نام قلعہ کیخسرو بادشاہ -
سردمہر ف بے رحم و بے محبت و کم الفت آدمی -

سربسر ف تمام بالکل بے نقصان پوری چیز۔
سراسر ف تمام بالکل بے نقصان پوری چیز۔
سربار ف سر کا بوجھ جو سر پر اوٹھایا جاوے۔
سردار ف امیر فرمان فرما حاکم و دولتمند۔
سردسیر ف وہ زمین جو ٹھنڈی ہو اور وہ سرزمین جہاں برف پڑتے ہو
سردفتر ف افسر دفتر کا منشی خانہ کا افسر اعلیٰ منشی۔
سرکار ف صاحب مالک و صاحب حکومت اور صاحب کار۔
سرور ع خوشی و مسرت و عیش اور تھوڑا نشہ شراب کا۔
سرایر ع جمع سریرہ کے راز اور بھید جو دل میں ہوں۔
سروکار ف خواہش کار و تعلق جو کسیکے ساتھ ہو۔
سرطبلہ ف جلد کتاب کی جو بیضہ دار ہو۔
سرچشمہ ف مخزن و مبتدا کسی کام کا۔
سرحلقہ ف محل اور برہم کرنے والا اہام کا۔

سین با زاے

سزاوار ف لایق مند اور لایق کسی کام کی جو وہ چاہتا ہے

سین باطاء

سطر ع لکھنا اور صف حروف کی اور حرفوں کی قطار۔
سطبر معرب ستبر کا و گندہ و غلیظ اور موٹے چیز ف نا
ہموار و بدصورت۔

سین با عین

سعر ع نرخ ہر چیز کا جو وہ فروخت ہو اور اصلی بہا اوسکا
سعتر ع نام گیاہ جسکو آدمی سا کہتے ہیں۔
سعد اکبر ع ستارہ مشتری جو ستاروں میں سعد
مشہور ہے۔
سعیر ع آتش افروختہ و نام طبقہ دوزخ جس میں
آگ کا عذاب ہے۔

سین با فا

سفر ع کتاب و نامہ
سفر ع کاہنا۔
سفر ع مشہور لفظ ہے یعنی چلنا کسی قدر مسافت
تک ایک جگہہ سے دوسری جگہہ جانا۔
سفیدار ف نام درخت کا ہے جسکی لکڑی سفید ہوتی ہے
یعنی سفیدا جو مشہور درخت ہے۔
سفیر ع رسول و پیک و قاصد و پیغامبر و ایلچی اور سفر
کرنے والا۔

سین با قاف

سقنقور ر ایک جانور سوسمار کی طرح ہوتا ہے۔
سقوطر ع نام جزیرہ جہاں صبر اچھا پیدا ہوتا ہے اور صبر
کو صبر سقوطری کہتے ہیں۔
سقر ع جمع جو شکاری جانور ہی اکثر جانوروں کو شکار کرتا ہے
سقر ع دوزخ جس میں گنہگاروں کو عذاب ہوگا۔

سین با کاف

سکر ع معرب شکر یعنی قند جوش ہو شیرینی ہے
سکر ع مستی و نشہ جو شراب بھنگ و افیون سے پینے سے حاصل ہو۔
سکندر ع نام بادشاہ جسکا ذوالقرنین خطاب تھا۔
سگسار ف بد و پلید مانند سگ کتے کے مانند۔

سین با لام

سلحشور ف سلام بند یعنی سپاہی جسنے ہتھیار باندہی ہو

سین با میم

سمور ف ایک جانور بشکل روباہ ہے جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہیں
سمار یا سنمار ع نام معمار جسنے حکیم نعمان بن منذر بہرام گور کا
محل بنایا بعد ختم تمام عمارت نعمان نے اوسکو قتل کر دیا اسلیے
کہ اور جگہہ ایسا محل نہ بناوے۔
سمندر ف نام کرم آتشین جو آگ میں پیدا ہوتا ہے

موش کے شکل ہے جب آگ سے باہر آتا ہی مر جاتا ہے۔

سَمَرْ ع افسانہ اور حکایات جلے اور رستو کے کہانیان

سَمُّ الفَار ع سنگ زہر جو سفید و سیاہ و زرد و سرخ ہوتا ہے بیسے سنکھیا معنے اسکے فارسی مین زہر موش ہین۔

سِمْسَار ع دلال جسکی معرفت تجارت ہو اور وہ شخص جو درد سوداگرون کے درمیان آکر سودا کراے۔

سین با نون

سَنْجَار نام شہر ہے جو موصل کے پاس ہی اد سلطان سنجر ہے

سَنْجَر نام بادشاہ جو خاندان سلجوق سے عظیم الشان بادشاہ تہا

سَنْگسَار ف ایک قسم تعذیب کا ہے جو مجرم کو پتہر مار کر مار ڈالتے ہین۔

سُنْقُر ت ایک شکاری جانور کا نام ہے و نام بادشاہ شکارود کا

سِنْگُر ف نیزہ کو چاک یعنے برچھی چھوٹی سی جو مشہور ہتھیار ہے

سَنگ زر ف کسوٹی جسکے اوپر سونا گہستے ہین۔

سِنَّور گربہ یعنی بلے جو مشہور جانور ہے۔

سین با واو

سوہان گیر ف نرم و ملائم لوہا جو ریتی سے ریتیا جائی مجازاً وہ شخص جو ہر ایک شخص کا حکم مان لے۔

سُوسمار ف نام جانور کا جسکو گوہ کہتے ہین

سُوار ف راکب جو کسی مرکب پر چڑہا ہوا ہو یعنے سوار ہو۔

سِوَار ع نام زیور جسکو کنگن کہتی ہین اور عورتین پہنتے ہین اکثر سونا و چاندی سے بنایا جاتا ہے۔

سُور ف جشن و شادی و عروسی و رنگ سرخ و نام گل و رنگ خاکستری مائل جیسا ہی اسپ و خر وغیرہ کا و دیوار قلعہ و شہرپناہ وطعام پس خوردہ یعنی جوٹھا کہانا۔

سُوْرَہ سورہ نامی قرآن شریف جو ایکسو چودہ ہین۔

سُوفار ف سر کا ہیل جو لوہے کا ہوتا ہے۔

سوگوار ف مصیبت زدہ اور ماتمی جو کسی کے مرگ کے غم مین گرفتار ہو

سورۂ نور ع نام سورہ قرآن شریف کا۔

سوختن ف ر ف تلف ہونا زر کا اور ضائع کرنا۔

سین با ہا

سَہَر ع بیداری یعنی بی خوابی اور نام بیماری کا۔

سُہْر ف ایک بیماری کا نام ہے جسمے بیمار کو نیند نہین آتی

سین با یا

سبزہ بہار ف سبزی و شادابی موسم شگفتگی بہار کے۔

سِیفُور ف نام جامۂ لطیف ابریشمی جو بہت مہین ہوتا ہے

سیہ کار ف بدکار و فاسق و فاجر و گنہگار آدمی۔

سِیسَنْبَر معرب سیسنبل نام سبزہ خوشبودار جسکے پتون مین خوشبو ہوتی ہے۔

سَیَّار ع سیر کرنیوالا جابجا پہرنے والا چلنے والا۔

سیخ پر ف چہوٹے پر جانور کے جو شاہپر کے نیچے ہوتے ہین۔

سیبخوبہ ف قسم سیب جسکے پوست کے جلانے سے خوشبو حاصل ہوتی ہی

سیاہ پیر ف غلام پیر یعنی غلام حبشی۔

سِیَر ع جمع سیرت عادتہا و خصلتہا و علم تواریخ۔

سِیْر ف بیای مجہول پر شکم و بیزار و رنجیدہ۔

سِیر ف بیای معروف یعنے لہسن یہہ ایک مشہور چیز ہے جسے بینگ بناتے ہین۔

سیمبر ف کنایۃً معشوق خوبصورت۔

چودہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین رای ہے

شین با الف

شاد خوار ف آسوده حال جسکو بیفکر روزی حاصل ہو۔
شاخدار ف خودبین مغرور و متکبر و سربلند۔
شاطر ف دلاور و چالاک و پیک و شطرنج باز و دل آزار و دزد و گرہ بر و بدخلق۔
شاعر ع جاننے والا یا بنیوالا شعر کہنے والا نظم لکھنے والا۔
شاہ پور ف نام بادشہ و نام پہلوان فن نام مصوّر جو اپنے کام مین اوستاد تھا۔
شانہ سر کنایۃً ہدہد جو مشہور پرند ہے۔
شاخسار ف جہان بہت سے درخت آپسمین جمع ہو کر شاخ ڈالی ہوئی ہون مجازاً باغ۔
شار ف شہر و مدینہ و عمارت بلند و ریختن آب و مینا و سوہان و جامہ باریک رنگین جسکو ہند مین ساہ سے کہتے مین اور نام طایر جس کو مینا بولتے ہین و راہ کشادہ و بادشاہ غرجستان۔
شار مار ف ایک قسم کا سانپ ہے جو نہایت زہریلا ہوتا ہے
شاخ بد بوا ر و گردنکش و مغرور و متکبر و نافرمان آدمی۔
شاد بہر ف خوشحال و نیک نصیب صاحب قسمت آدمی
شالامار مخلاب باغ بنیہ شاہجہان بادشاہ جو لاہور مین ہے اور دوسرا ایک باغ کشمیر مین۔
شاستر ہ نام علم فقہ ہنود جسمین مسائل ظاہر ہوتے ہین اور اجرای مسائل مذہب ہنود اسی پر ہے۔

شین با بای

شبوی ترکی ف نام پہول جسکو ترکی مین ... کے معنے ہین۔
شبر ع بدست و بالشت یعنے مسافت خنصر تا انگشت و نام
شمر ذی الجوشن قاتل امام حسین علیہ السلام۔
شبّر ع نام امام حسن رضی اللہ عنہ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے پیارے ہوتے تھے
شبیر ع نام امام حسین رضی اللہ عنہ جو چھوٹے بھائی امام حسن رضی اللہ عنہ کے تھے۔
شبیر و شبر و مشبر ع نام ہر سہ فرزندان ہارون علیہ السلام اور اسی پر حضرت پیغمبر نے اپنے نواسون کے نام حسن و حسین و محسن رکھے تھے۔
شب دیجور ف اندھیری رات جس مین تمام رات اندھیرا ہو۔
شب پر ف پرند چمگادڑ جو دنکو بسبب تابش آفتاب کے اوڑ نہین سکتا اور رات کو اوڑتا ہے۔
شب گیر ف رات کو چلنا اور رات کو چلنے والا مجازاً چور یا چوکیدار۔
شبیار ع ایک تلخ دوا ہے جسکو ایلوا کہتے ہین۔
شب قدر ع شب بست و ہفتم رمضان المبارک جسکا وجود قرآن سے ثابت ہے مگر تاریخ مقرر نہین۔

شین با تای

شتر ف اونٹ مشہور بارکش چارپایہ ہے۔
شتر ف کنارہ و گوشہ و نام قلعہ جو ایران مین ہے اور عرب مین کانٹا جسکو خار کہتے ہین
شتر ع کٹا جانا اور برگشتہ پلک کے نیرو بالا سے

شین با جیم

شجر ع درخت ہر ایک قسم کا اور سبز درخت۔

شین با خاء

شخار ع سجی جو مشہور چیز ہے اور کپڑے اوس سے دہوے جاتے ہین

شین با دال

شدیار ع وہ زمین جو زراعت کے لئے درست کرین۔

شین با رای

شراب بہشت ف آب رود شراب جس مین نہایت مفید ہوتے ہون

شراب کہورہ شراب یعنی جو ایک مشہور ہے۔
شربت دینار ف شربت تخم کشوث جو مسہل و دافع قبض ہے
شرر ۃ یکپارہ آتش تہوڑے آگ یا چنگار آتش کا۔
شرار ع جمع شریر کے یعنے بہت صاحب شرارت لوگ
شنۃ ع بہت برائے فتنہ و فساد و خرابی جو کسے
کلام میں واقع ہو۔
شرارہ پارہ ای آتش جو آگ سے نکلین یعنے آگ کی چنگاری
شریر ع وہ آدمی جو شرارت کرتا ہو اور ہندی میں جسم۔
شرور ع بدبہا د شرار تہا یعنے برائیان و خرابیان فتنے و فساد
شراب گلنار شراب انگور سے جو عمدہ قسم کی شراب ہوتی ہے

شین با سین

شست ہیئت تیر انداز جسکا تیر نشانے سے خطا نہ جاوے
شست گیر نشانہ باز جسکا تیر نشانے پر جاکر پڑے۔

شین با شین

ششپر ف گرز آہنی شش پہلو جو ایک قسم کا گرز ہوتا ہے
ششدر ف مقید سخت و عاجز و حیران و متحیر و پریشان
و آشفتہ حال اور چھ خانہ بازی نرد کے جسمین مہرہ بند ہوکر
نکل نہین سکتا اور صرف مات ہو جاتا ہے۔
شش دانگ عیار ف کامل عیار یعنی بہت چالاک و مکار شہر آدمی

شین با طا

شطرنج ع معرب فہ شش پارہ و حصہ ہر چیز کا اور انگریزی کل کا

شین با عین

شعر و سوئی ومی وغیرہ قسم جامہ بار یک ابریشمی جو نہایت نفیس پاکیزہ ہوتا ہے۔
شعر ع پانا اور جاننا اور سخن موزون باقافیہ ردیف امد
منظوم کلام اور پہچاننا باریک چیزون کا اور علم
رہے کہ پہلے پہل عرب میں یعرب بن قحطان
اور فارسے میں بہرام گور نے شعر کہا۔
شعار ع وہ کپڑا جو بدن کے ساتھ متصل ہو مثل قبا و کلاہ وغیرہ
شعور ع جاننا اور پانا ہر ایک چیز کا اور علم حاصل کرنا۔
شعائر ع عبادتین اور قربانیین جمع شعیرہ کے لفظ کے
شعیر ع غلہ جو مشہور غلہ ہے۔

شین با قاف

شقر ف لالہ کوہی جو ایک قسم کا گل سرخ رنگ ہے۔
شقدار ف حاکم دیہات و عامل پرگنات و تحصیلدار

شین با کاف

شکر ع احسان ماننا منعم کا بعد حصول نعمت کے شکریہ ادا کرنا
شکر ع فرج زن یعنی عورت کا اندام نہانی و شرمگاہ۔
شکر و شکر ف شیرینی و کنایۃً لب معشوق و نیز نام زن
جمیلہ جسکے ساتھ خسرو نے شیرین کے غم مین نکاح کیا تہا۔
شکار ف شکستہ اور شکار کرنے والا جسکو شکار کہیلنے کا شوق ہو
شکر ف زنبور سیاہ جسکو بہوڑا کہتے ہین۔
شکار ف جانور کے مارنے کا ارادہ کرنا اور مارا ہوا جانور

شین با لام

شلوار ف ازار یا پاجامہ یعنی شل بمعنے ران اور وار کلمہ نسبت

شین با میم

شمشیر ف تلوار یعنی شم بمعنے ناخن و دُم و شیر بمعنے شیر مرکب
معنے اسکے ناخن شیر یا دُم شیر کے۔
شمر ف حوض کو کہتے ہین اور بالائی دودہ کے یعنے ملائی
شمر ع خرامیدن ٹہلتے چلنا ناز سے چلنا انداز سے چلنا۔
شمر و نام قاتل امام حسین علیہ السلام جسنے حضرت کو
اپنے ہاتہ سے شہید کیا۔
شمشیرگیر ف مرد جنگ آور و جوانمرد پہلوان بہادر

شین با نون

شنقار ف نام طایر شکاری جو پرزور ہوتا ہے

شناور ف شناور و شوم و نامبارک ع غرابی و ننگ و عار و دشمن
شناو ن ف تیرنے والا تیراک جو دریا مین تیرتا ہو۔

شین با واو

شور ف فتنہ و غلغلہ و شہرت و آواز بلند و عشق و جنون و نمکین
اور عربی مین بمعنے شورہ و گنگابش۔
شور مور ف ایک قسم کی چیونٹی جو نہایت چھوٹی ہوتی ہے
شوستر ف خوزستان مین ایک شہر ہے۔

شین با ہای

شہر پور ف نام ماہ شمسی مطابق ماہ کنوار جسکو سوج کہتے ہین
شہر ع عربی مین مہینہ فارسی مین بستی جہان لوگ آباد ہون
شہریار ف بادشاہ و حاکم و مالک شہر کا۔
شہوار ع ہر چیز عمدہ جو بادشاہ کے لائق ہو۔
شہور ع جمع شہر یعنے بہت سے مہینے۔
شہیر ف مشہور جسکو ہر کوئی جانتا ہو۔
شہادت مستور ع دل مین اقرار کرنا کسی بات کا یعنے تصدیق کرنا اوسکو [illegible]

شین با یاء

شیر ف مشہور درندہ جانور ہے بیائے مجہول عربی مین اسکو اسد کہتے ہین
شیر گیر ف پہلوان جوانمرد جو شیر کے ساتھ لڑے
شیر ف بیائے معروف دودہ آدمی کا یا گائے بھینس بکری وغیرہ کا۔
شیپور ف نام ساز جسکو نفیر سرنا کہتے ہین۔
شیوہ شکر ف غایت درجے کی محبت اور ایک قسم کا [illegible]

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف صاد اور اخیر مین رای ہے

صاد با الف

صادر ع نکلنے والا چلنے والا آنے والا ظاہر ہونے والا نازل ہونے والا۔
صابر ع صبر کرنے والا اور لقب ایوب پیغمبر کا۔
صائم الدہر ع جو شخص ہمیشہ روزہ رکھے دن کو کبہی کہانا نہ کہائے۔

صاد با باء

صبر ع تلخ دوا کا نام ہے جسکو ایلوا کہتے ہین اور مصبر بھی مشہور ہے۔
صبر ع ٹہیرے رہنا قائم رہنا تنگی کے وقت اضطراب نکرنا کسی بیماری وغیرہ بد حالات مین۔
صبار ع بہت صبر کرنے والا ٹہرنے والا کسی تنگی و بیماری وغیرہ حالتون مین۔
صباح الخیر ع یہ ایک نیک کلمہ صبح کو بولتے ہین یعنے اچہی صبح
صبور ع صبر کرنے والا ٹہرنے والا حالت اضطرار مین

صاد با حاء

صحیح نگار ف اخبار نویس جو درست درست حال درج اخبار کرے۔

صاد با دال

صدر ع لب سینہ و سینہ و دل و صحن و امیر و صاحب منصب
صدور ع جمع صدر یعنے بہت سے بلندیان اور سینے اور دل اور امراے صاحب منصب۔

صاد با رے

صریر ع آواز قلم و بانگ و آواز نعلین یا آواز دروازہ کے جو کہولنے اور بند کرنے کے وقت نکلتی ہے۔
صرصر ع باد تند و باد سخت یعنے اندہیری اور اکثر اوقات تابستان مین آتی ہے

صاد با غین

صغیر ء خورد و کوچک یعنی چھوٹا و کم قدر و کم عزت و کم عمر
صغر ء چھوٹاپن اور کوچک پنے و کم عمری و کم قدری و کم عزتی ۔
صغار ء خواری و حقیرتی و کوچکپنے و کم قدری و کم عمر
صغار ء جمع صغیر و جمع صغیر یعنے چھوٹے لڑکے اور چھوٹے لڑکیان

صاد با فا

صفدر ء صف تور نیوالا بہادر پہلوان اور خطاب علی المرتضی کرم اللہ وجہہ اور نام شاعر لاہوری جسکی تو الیف مین سے انشاء صفدری مشہور ہے

صفار ء وہ شخص جو پیتل سے برتن بنائے ۔
صفر ء خالی اور خالی ہونا درمیان سے مجازاً نقطہ
صفر ء زردی و درروئین یعنی کانسے جسکے برتن بنائے ہین
صفر ء دوسرے مہینے قمری کا نام ہے

صاد با قاف

صقر ء جرہ جو مرغ شکاری مشہور ہے ۔

صاد با نون

صنوبر ء درخت چلغوزہ جسکو چیڑ کہتے ہین ۔

صاد با واو

صور ء کرنائی یا شاخ حیوان جو بجتے ہین اور دو مرتبہ حضرت اسرافیل پروز قیامت بجائینگے اور زمین و آسمان فنا ہو جائیگا ۔
صور ء جمع صورت بہت سے صورتین اور شکلین ۔
صوبہ دار ء حاکم صوبہ کا ایک خطہ کا فرمان فرما ۔

صاد با ہای

صہر ء پدر شوہر و پدر زن و شوہر دختر و شوہر خواہر ۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ضاد اور اخیر مین رے ہے

ضاد با الف

ضار ء ضرر پہونچانے والا رنج دینے والا دکھ دینے والا ۔

ضاد با جیم

ضجور ء تنگدل و مضطرب و غمگین و پریشان ۔
ضجر ء تنگدل و غمگین و پریشان حال و پشیمان خاطر ۔

ضاد با رای

ضرب کسور ء ایک قسم ضرب کا ہے جو کسور سے متعلق ہے ۔
ضریر ء نابینا و بیمار و لاغر و ناتوان و کمزور ۔
ضرار ء ضرر پہونچانا رنج دینا تکلیف و نقصان دینا کسی کو
ضر و ضر ء گزند و سختی و بدحالی و لاغری و قدیانی نقصان
ضر ء پہلے عورت پر دوسری عورت سے نکاح کرنا ۔
ضرر ء نقصان و گزند پہونچانا و دکھ دینا و رنج دینا ۔

ضاد با فا

ضفیر ء گندھے بال جو گوندی ہوی ہون یعنے گوندی ہوئی
ضفائر ء جمع ضفیرہ گوندے ہوے بال اندالفین ۔

ضاد با میم

ضمور ء ضعف و لاغری و کمزوری و ناتوانی ۔
ضمور ء لاغر و ضعیف آدمی اور کمزور شخص
ضمیر ء راز دل و مادہ خاطر و اندیشہ و خطر جو خاطر مین گذرے
ضمیر ء نام غلام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ۔
ضمائر ء جمع ضمیر راز دلی و اندیشہ و خطرے جو دل مین انسان کے پیدا ہون اور خیالات دلی ۔

ضاد با یاے

ضیر ء گزند و نقصان و رنج و تکلیف و بیمارے

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف

طا اور اخیر مین حرف رے ہے

طا با الف

طائرؔ پرندہ اوڑنیوالا جانور جو ہوا پر اوڑتا ہے
طاہرؔ پاک آلایش سے خدا سے عیب ہے

طا با با

طباشیرؔ معرب تباشیر جسکو بنلوچن کہتی ہین اور دوا مین مستعمل ہے۔

طا با رے

طرفدارؔ بادشاہ ایک خطے اور ملک کا مالک وحاکم۔
طرارؔ شیرزبان اور جورکیسہ بُر زبان دراز
طرؔ تیز کرنا اور کاٹنا اور چھیلنا درست کرنا کسی چیز کو
طریرؔ خوبصورت وخوش لقا تیز کیا ہوا چھیلا ہوا
طرائرؔ خوب صورت لوگ اور چیزین جو تیز ورواں اور چھیلے ہوئے ہون۔
طرؔ ہمہ وجمیع وتمام دیکھا اکٹھے چیز۔
طررؔ جمع طرہ موئی پیشانی وکنارہ ہای ہر چیز اور اوپر کے حصے دیوار کے ونقوش جامہ وکنارہای جامہ اور وہ طرے جو پگڑے پر رکھتے ہین۔

طا با شین

طشت گرؔ وکاسہ گرؔ برتن بنانے والا کاریگر برتن بنانے کار

طا با لام

طلای دست کارؔ خالص سونا اور صفا کیا ہوا سونا جسکو خود درست کیا ہو۔

طا با نون

طنبیرؔ بوزن لگیر یا تلہ جو ایک برتن مشہور ہے۔
طنبورؔ ایک ساز کا نام ہے جو بجایا جاتا ہے۔

طا با واو

طورؔ نام کوہ جسپر موسیٰ نبی پر تجلی ہوا تہا اور موسیٰ علیہ السلام وہان بیٹھکر خدا سے ہمکلام ہوا
طومارؔ نامہ وصحیفہ ومکتوب جو دراز ہو اور رکے تمامت عبارت
طویلہؔ رسن دراز ولڑی موتیون کی اور موتیون کی لڑی
طورؔ طریق ووضع ڈہنگ چال چلن انسان کا۔
طوامیرؔ جمع طومار بہت سے مکتوب لکھی ہوئے۔

طا با ہا

طہرؔ پاک ہونا حیض سے اور وہ ایام جس مین حیض نہو اور ایام درمیان دو حیض کے۔
طہورؔ پاک اور پاک کرنے والا صاف کرنے والا۔
طہیرؔ پاک کرنیوالا اور صاف کرنیوالا کسی چیز کو۔

طا با یے

طیارؔ طائر یعنی اوڑنے والا جانور اور پرندہ جو ہوا مین اوڑے اور ہر چیز جو ہر طرح سے لائق ودرست ہو چکے ہو۔
طیرؔ جانور پرندہ اوڑنے والا۔
طیورؔ اوڑنیوالے جانور یہہ لفظ جمع طیر کے ہے۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ظا اور اخیر مین رے ہے

ظا با الف

ظاہرؔ میان منتخب شہر وحوالے شہر وقصبہ اور وہ چیز جو سب کو نظر آوے۔

ظا با فاء

ظفرؔ فیروزی وفتح وغلبہ جو دشمن پر حاصل ہو

ظفر ۃ ناخن انگلیون کے۔

ظا با واو

ظواہر جمع ہی ظاہر کے جسکے معانی بیان ہوچکے ہین۔

ظا با ہا

ظہارہ ہم پشت ہونا ہم مدد ہونا ہم کفو ہونا۔
ظہر ۃ ہنگام زوال یعنی وقت ایک دو بجے کا بعد دوپہر کے
ظہر ۃ پشت یعنی پیٹھ دسمے کے اور پیچھا آدمی کا۔
ظہر ۃ درد پشت یعنی وہ بیمار جسے پیٹھ مین درد ہو۔
ظہور ۃ ظاہر ہونا پیدا ہونا دیکھا جانا و جلوہ ۔۔۔ یعنی پانا کسی چیز کا۔
ظہیر ۃ ہم پشت و یاری دینے والا مددگار اور پشتے سا کرنیوالا حامی اور کوئی شخص جسکی پیشت درد کرے اور نام شاعر فاریابی جسکا دیوان مشہور ہے۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین رای ہے

عین با الف

عالم صغیر ۃ چھوٹا عالم یعنی جسم انسان۔
عالم کبیر ۃ عالم ارواح و ملایک
عالم اکبر ۃ عالم ارواح و ملایک۔
عابر ۃ عبور کرنیوالا اترنیوالا دریا گذرنیوالا رستے سے۔
عار ۃ شرم عیب ننگ ناموس
عاشر ۃ دسوان جسمین ہر ایک چیز کا دس مین سے ایک
عاطر ۃ خوشبودار وہ چیز جسسے خوشبو ملے۔
عامر ۃ آباد کرنیوالا عمارت کرنیوالا۔

عین با با

عبیر ۃ قسم خوشبوی خشک جو صندل و گلاب و مشک سے بناتے ہین
عبہر ۃ نرگس جسمیان زرد ہوتا ہے اور سیاہ اسکا نام شہلا ہے
عبور ۃ پانی سے اترنا اور مطلق گذرنا راستہ سے۔
عبور ۃ ستارہ جو مشہور چیز ہے۔
عبر ۃ تعبیر خواب کہنا اور رودخانہ اور کنارہ نہر کا۔
عبر ۃ بمعنے بسیار گروہ و گریہ چشم۔
عبیر ۃ محصول سر پھیرے کا جو بوقت عبور دریا کے دیا جاوے
عبر ۃ عبرت پکڑنا اور آنسو برسانا کسی غم مین۔
عبد القادر ۃ نام حضرت محی الدین غوث الاعظم گیلانی کا یہہ بزرگ صحیح الطرفین ما باپ دونو طرف سے سید تھے باپ کے طرف سے پشت ان کے امام حسن کے تک تھے اور ماکی طرف سے امام حسین رضہ کے ساتھہ ملتی ہے علوم فقہ و حدیث و تفسیر و منطق و معانی و فروع و اصول و معقول و منقول و صرف و نحو مین انکا کوئی ثانی نہین گذرا عبادت و زہد و ریاضت و خوارق و کرامت مین یہہ بزرگ شہرہ آفاق تھے محبوب سبحانی قطب ربانی شیخ سید سلطان ان کا خطاب تھا لاکہون آدمی ان کے مرید تھے اب تک سلسلہ انکا جاری ہی جو قادریہ سلسلہ کہلاتا ہے مشائخ صوفیہ عالیہ میں اس سلسلہ کے لوگ سب سے بزرگ شمار ہوتے ہین یہہ بزرگ چار سو ستر سنہ ہجری مین پیدا ہوا اور پانسو اٹھہتر ہجری مقدس مین فوت ہوا اکیانوین برس کی عمر پائے عاشق ان کے تاریخ ولادت ہے اور معشوق الہی تاریخ وفات ہے

عین با تا

عتبر ۃ گرنا کسی مقام و منزلت سے۔
عثار ۃ میں گرنا سر کے بل گرنا بے اختیار گرنا۔

عین با ذال

عِذار ۔ زیر بناگوش مقام خط ریش و رخسار جسے گال و چہرہ

عُذر ۔ بہانہ و حیلہ اور معذور رکھنا۔

عین با رای

عَرعَر ۔ قسم سرو یعنی سرو کوہی اور چیز جو درخت کلاں مشہور ہے

عَرَق بہار ۔ عرق نارنج و ترنج کنایہ شراب۔

عرض عمر ۔ لذت عمر جو انسان کو زندگی میں حاصل ہوتی ہے

عین با سین

عُسر و عُسُر ۔ دشوار و تنگی و مفلسی و ناداری و بے دولتی

عَسِر ۔ مشکل و دشوار و سخت و تنگ۔

عَسیر ۔ دشوار و مشکل و سخت و تنگ۔

عَسکر ۔ لشکر و ہجوم و تاریکی شب و نام محلہ نیشاپور میں اور نام ایک موضع کا جسکو سامرہ بھی کہتے ہیں۔

عَساکِر ۔ جمع عسکر لشکرہا یعنی بہت سے فوجیں و لشکر۔

عَسار ۔ درویشی و تنگدستی و سختی و دشواری۔

عین با شین

عَشیرہ ۔ خویش و ہمسایہ اور دسواں حصہ کسی چیز میں سے یعنی دس سے ایک۔

عَشائر ۔ جمع عشیرہ خویشان و قبائل و رشتہ داران و قرابت داران۔

عُشیر عُشیرہ ۔ دسواں حصہ چنانچہ سو کا دسواں حصہ دس اور دس کا دسواں حصہ ایک اور پچاس کا دسواں حصہ پانچ

عَشَرہ ۔ دس عدد میں یعنی ۱۰ ۔ ہ

عُشر ۔ دسواں حصہ کسی چیز کا چنانچہ چالیس میں سے چار

عُشَر ۔ وہ سبزہ جس میں سے دودھ نکلے چنانچہ درخت آک کا۔

عَشر ۔ کسی چیز سے دسواں حصہ لینا چنانچہ ساٹھ میں سے چھ

عین با صاد

عُصفُر ۔ گل کا جر یعنی کسونبے کے پھول جس سے کپڑے رنگتے ہیں

عَصّار ۔ روغن گر یعنی تیلی جو تیل تل و سرسوں سے نکالتا ہے

عُصفُور ۔ گنجشک یعنی چڑیا جو مشہور پرند ہے

عَصافِیر ۔ جمع عصفور چڑیاں جو مشہور پرند ہیں۔

عَصر ۔ زمانہ اور اخیر وقت دن کا اور نچوڑنا کسی چیز کو تیل نکالنا

عَصِیر ۔ شیرہ انگور وغیرہ مجازاً شراب انگوری۔

عین با طاء

عِطر ۔ خوشبو جسکے سونگھنے سے فرحت ملتی ہے۔

عَطر ۔ خوشبو ہونا اور خوشبو کرنا کسی چیز کو۔

عطّار ۔ خوشبو فروش و عطر ساز جو عطر بنا کر فروخت کرتا ہے

عین با قاف

عَقاقیر ۔ جمع عُقار وہ دوائیں جو بیج کی قسم سے ہوں۔

عَقر ۔ نازائیدہ ہونا بانجھ ہونا بے اولاد ہونا عورت کا عقیم ہونا اور باز رکھنا چارپایہ کو چلنے سے۔

عَقُور ۔ سگ گزندہ یعنی کتا کاٹنے والا۔

عَقِیم ۔ نازائیدہ و ناامید عقیم و بے اولاد عورت۔

عَقار ۔ آب و زمین زراعت و ملک و قریہ اور رخت خانہ و تمام اسباب و سامان خانہ داری وغیرہ۔

عُقار ۔ شراب جسکے پینے سے مستی حاصل ہو۔

عُقّار ۔ وہ دوا جو کسی درخت کے بیخ ہو مثل بیخ بادیان و بیخ کاسنی وغیرہ کے کار آمد بیخیں۔

عین با لام

عِلم نظر ۔ مناظرہ کا علم اور لڑائی و جھگڑے کا علم جس میں ایک دوسرے کو جواب کافی دیا جائے۔

علاقہ دستار ۔ شملہ دستار کا جو پگڑی کے اوپر ہوتا ہے اور شملہ دستار کا جو گردن پر لٹکاتے ہیں۔

عین با میم

عُمر ۔ مدت حیات ہر ذیحیات کے اور میعاد زندگی کے ۔
عَمر ۔ نام ایک شخص کا اور نام فرض کیا ہوا اہل عرب کا ۔
عُمَر ۔ نام خلیفہ ثانی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جو حضرت کے خسر بھی تھے ۔
عُمُور ۔ گوشت جو دانتوں کے درمیان اور بیچ مین ہے

عین با نون

عُنصُر ۔ اصل و بنیاد ہر چیز یعنے آب آتش باد خاک ۔
عَنبَر ۔ ایک خوشبو کا نام ہے اور وہ دریائی گائے کا سرگین ہوتا ہے
عَنبَر و جوہر دو غلاموں کا نام ہے
عَنَاصِر ۔ جمع عنصر کے بہت سے اصل اور بنیادین ۔

عین با واو

عُور ۔ برہنہ تن ۔ وہ شخص جسکے بدن پر کپڑا نہو ۔
عَور و عَوَر ۔ کور چشم یک چشم ہونا کسے کا ۔
عَوِر ۔ درباطن اور نام بیماری کا جو ناخن کے بیچ مین ہوتی ہے

عین با ہا

عِہر و عَہر ۔ زنا کرنا غیر نامحرم عورت کے ساتھ جماع کرنا ۔

عین با یا

عَیر ۔ گورخر اور شہر گدہا و جولان اسپ ۔
عِیر ۔ قافلہ اور وہ مرکب جسپر غلہ لادین ۔
عِیار ۔ چاشنی زر و سیم اور کسوٹا سونا تولنے کا ۔
عَیّار ۔ مرد بہت چلنے پہرنیوالا تیز رو و تیز زبان ۔
عَینُ القِطر ۔ قسم روغن بدبو جو اونٹوں کو ملتے ہین ۔
عَینُ الہِر ۔ نام جوہر جسکو لہسنیا کہتے ہین ۔
عَینُ الثَّور ۔ ایک ستارہ کا نام ہے اور برج جوزا کے منہ کے گہر ہے

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف غین اور اخیر مین یائے ہے

غین با الف

غَار ۔ گڈہا جو زمین یا پہاڑ مین واقع ہو ۔
غَاتفر ۔ ترکستان مین ایک شہر اور سمرقند مین محلہ ہے
غَافِر ۔ پوشندہ و بخشندہ گناہ یعنی خدا تعالے ۔
غَابِر ۔ بازندہ و ہلاک شوندہ و زمانہ و استقبال ۔
غَادِر ۔ بیوفا و دغاباز اور غدر کرنیوالا

غین با با

غَبار ۔ گرد اور خاک جو ہوا کے ساتھ اوڑتے ہو ۔

غین با دال

غَدر ۔ بیوفائی و دغابازی جو نوکر آقا اور دوست دوست کے ساتھ کرے ۔
غَدِیر ۔ تالاب و جھیل جس مین پانی ٹھہرا رہے ۔
غَدّار ۔ بہت بیوفا نہایت دغاباز آدمی جو اپنے محسن کے ساتھ بیوفائی کرے ۔

غین با رای

غَرر ۔ روشنائے و خطر و گرو اور وہ شرط جو بیع مین کرین اور بیع اوس چیز کے جو اپنے اختیار مین نہو جیسا مچہلے وغیرہ ۔
غُرَر ۔ سفیدیہا و ابتداہای ہر چیز و سفید تہایے پیشانی و سواران قوم جمع غرہ و غرر و غر مرد ار بر ہائے روشن ۔
غَرغَر ۔ وہ چیز جسپر سوت لپیٹتے ہین ۔
غُرا ۔ کمی نقصان و نادانی و تیزی شمشیر و طریقہ و طور و کشادہ بازار
غُرُور ۔ مصدر ہے یعنے فریب دینا مجازاً تکبر و خودسے ۔

غرورع فریب دینے والا تکبر کرنے والا خود بینی کرنیوالا-

غِرّع مرد غافل و ناآزمودہ کار و متکبر و مغرور-

غُرّع بزرگان و مشاہیر سفیدی یہا پیشانی جمع اغر-

غَرّ مبدل و زن فاحشہ و محبہ بدکار و زانیہ عورت-

غُرف نام بیماری کہ ایک خصیہ بڑا ہوجاتا ہے اور ایک خصیہ چھوٹا رہ جاتا ہے اوسکیسبب اس بیماری سے گلا موٹا ہوجاتا ہے

غرائرع جمع غرارہ تھیلیہ و جوال و خوہای نیک و ضامنان و جوانان آزمودہ کار اس صورت مین جمع غریر-

غرّیرع نقصان و روش و طرز و تیزی تلوار کے-

غین با زاے

غزارع گر داگرد دیوار و عدد و منزل و بسیاری شیر و آب و میوہ وغیرہ-

غین با فا

غفرع چھپانا اور بخشنا اور نیبدرہوین منزل قمر کے و جماعت و گروہ-

غفّارع بخشنے والا یہ نام خدا تعالی کا ہے-

غفورع بخشنے والا یہ نام خدا تعالی کا ہے-

غفیرع جم و گروہ آدمیون کا جیسے زمین چھپ جائے

غین با میم

غمرع بہت پانی انبوہ کرنا کینہ کرنا تشنہ ہونا و جاہ مرد و سخی

غِمرع کینہ و تشنگی جو انسان کے لاحق حال ہوتی ہے-

غُمرع نادان و احمق و ناآزمودہ کار و بیوقوف

غمار و غمارع انبوہ و بسیاری و اجتماع-

غمگسارف و غمخوارف ہمدرد اور غم کہانے والا دوست و یار و مددگار

غین با نون

غنجارع گلگونہ جو خوبصورت لوگ چہرہ پر ملتے ہین-

غین با واو

غَوْرع عمق و قعر زمین پست اور پیچہی جانا و دقائق پہونچانا-

غُورع بواو مجہول نام ایک ملک کا جو کوہستان کے ملک سے ہے-

غَیرع سوائے اور اجنبی و نفع پہونچانا زمین کو پانی دینا-

غیر مکررع- شخص اجنبی غیر شخص بیگانہ آدمی-

غِیارع زرد پارچہ جسکو قوم یہود واسطے اظہار علامت کے گردن کے پاس رکھتے ہین-

غیورع غیرت کرنیوالا اور رشک لیجانیوالا صاحب حمیت آدمی

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا اور اخیر مین راے ہے

فا با الف

فاقد البصرع نابینا اندھا جسکو آنکھون سے نظر نہ آتا ہو-

فاترع سست و زبون و آب نیمگرم جو نہ گرم ہو اور نہ سرد-

فاجرع بدکار و زانی اور وہ شخص جو مرتکب مناہی ہو-

فاکرع فکر کرنے والا اندیشہ کرنے والا آدمی-

فارع جمع فارہ چوہی اور چوہا جو مشہور جانور ہے-

فاخرع فخر کرنیوالا بڑائی کرنیوالا متکبر و مغرور-

فاطرع پیدا کرنیوالا ظاہر کرنیوالا یہ نام خدا تعالی کا ہے

فا با تا

فتورع سستی و خرابی و زیان و نقصان جو واقع ہو-

فِترع فرجہ میان سبابہ و ابہام یعنی جو فاصلہ درمیان انگشت ابہام و سبابہ کے واقع ہے-

فا با جیم

فجورع بدکاری و گناہ پر مستعد ہونا فرمانے پر-

فُجّار ع جمع فاجر بدکار لوگ نافرمان لوگ گنہگار لوگ زناکار شرابی قمارباز وغیرہ۔

فَجُور م مرد بدکار جو برخلاف خدا کے حکم کے کرے۔

فَجّار ع بہت بدکاری کرنیوالا آدمی نہایت نافرمان وگنہگار آدمے۔

فا با خاء

فَخار ع ناز کرنا اترانا بڑائی کرنا غرور مین آنا۔

فَخّار ع بہت ناز کرنے والا بڑائی کرنے والا۔

فَخّار ع سفال پختہ و گل خشک سے بنا ہوا برتن اور سوکھی مٹی

فُخور ع ناز کرنا اترانا بڑائی کرنا غرور مین آنا۔

فَخور ع بہت ناز کرنیوالا متکبر و سرکش و نافرمان۔

فا با راے

فرس طنبور ف وہ چھوٹی لکڑی جس پر طنبور کی تار ہوتی ہین

فَرّ ع بھاگنے والا علیحدہ ہونے والا کسی چیز سے

فَرّ ف شان و شوکت و نور و پرتو و دولت و حشمت و جاہ۔

فراخور ف لائق و سزاوار و مستوجب کسی بات کے۔

فرخار ف ترکستان مین ایک شہر ہی اور بت خانہ۔

فِرار ع ڈرنا اور بھاگنا ایسی شخص سے جس سے اندیشہ ہو۔

فرود ف بہت نیچے اور نیچے ہر ایک چیز کے۔

فَرّار ع بہت بھاگنے والا اور الگ ہونیوالا علیحدہ ہونیوالا

فرجار ع سعرب پرکار جو ایک شہور آلہ دائرہ کھینچنے کا ہے

فرفیر ف بروزن شبگیر گل بنفشہ جو ایک مشہور پھول ہے اور معروف دوا ہی جو ہر ایک بیماری مین اطبا دیتے ہین۔

فرفر ع جلدی جلدی زود زود بلا توقف و تامل

فرغر ع تالاب کوچک جسمین تھوڑا پانی رہ سکتا ہو۔

فا با زاے

فزع اکبر ع روز قیامت بڑا سختی کا دن اور مصیبت کا دن۔

فا با سین

فسار ف مخفف افسار رسن اسپ یعنی اسپ اور تسمہ چرم جو گھوڑے کی سر پر ہوتا ہے

فا با شین

فشار ف افشردن یعنی نچوڑنا کسی چیز کا اور اوس سے پانی یا عرق نکالنا

فُشار ع زبان بیہودہ و دشنام و بدگوئی اور کلام لاحاصل۔

فَشَر ع بیہودہ و ہذیان اور بیفایدہ گفتگو یعنی بک بک

فا با طاء

فطر ع توڑنا پیدا کرنا روزہ کھولنا کھانا کھانا بعد فاقے کے

فِطر ع روزہ کشائی اور روزہ کھولنیوالی مفرد جمع برابر دو۔

فَطیر ع ضد خمیر آرد سرشتہ یعنی گوندھا آٹا جو ابھی خمیر نہوا ہو

فا با غین

فغفور ع خطاب ف نام بادشاہ چین جو اوس ملک مین فرمان فرما ہو۔

فقر ع ترک دنیا و مال و زر اور مصروف بعبادت جناب حقتعالے جلشانہ۔

فقیر ع وہ محتاج جسکے پاس چند روزہ قوت مہیا ہو۔

فا با کاف

فکر ع اندیشہ و غور کرنا تامل کرنا کسے کام مین۔

فگار ف مجروح و زخمی یعنی جو شخص زخم کھایا ہوا ہو۔

فا با واو

فور ع ہنگام و ساعت و جوش اور بہت جلد۔

فُور ہ نام بادشاہ قنوج جو سکندر کے ہم عہد تھا۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور اخیر مین راے ہی

قاف با الف

قارت بہ ف اور عربی مین ایک گوند کا نام ہی جو کسی درخت کا گوند ہے جسکو قیر بہی کہتے ہین اور قار بہی اوسی گوند کا نام ہے۔

قاصر ع کوتاہی کرنیوالا قصور کرنیوالا کسی کام مین۔

قاجار ف نام قوم مغل جنکی سلطنت اب ایران مین ہے

قادر ع صاحب قدرت و صاحب توفیق و زور۔

قاہر ع قہر کرنے والا بسبب کسی جرم کے یہہ نام خداوند تعالے کا ہے

قاطر ف استر جسکو عربی مین بغل اور ہندی مین خچر کہتے ہین۔

قامشکر ت آمیختہ انگیختہ ہین۔

قاسر ع کسی کام پر زور سے کسیکو کہنے والا قسر کرنیوالا

قاشور ت دسوان گہوڑا گہوڑ دوڑ کے قطار سے۔

قاف با باء

قبر ع گور جمع اسکی قبور ہے جسمین مُردہ کو دفن کرتے ہین۔

قاف با دال

قدر ع دیگ ہنڈیا جو اسمین ہو خواہ سکے

قدر ع عزت و بزرگی و اندازہ و قسمت و روز و ذی توانگری

قدر ع قضا و حکم و نہایت و تقدیر پانے۔

قدیر ع صاحب قدرت قدرت و زور و توفیق یہہ نام خدا تعالے جل شانہ کا ہے۔

قاف با ذال

قذر ع پلیدی و نجاست و چرک اور میلاپن۔

قذر ع پلید آدمی اور نجس و خراب شخص۔

قاف با راء

قریر ع جنکی چشم یعنے خوش و خرم و صاحب مجمعے۔

قراقر ع ہو بیٹ کے آواز کا بولنا جو بسبب بدہضمی مین ہوتا ہے

قرہ ع سرما یعنے زمستان و سردی کا موسم۔

قرص مار ف ایک ادویہ مرکب نافع زہر مار ہے اوسکے کہانے سے بیمار کے جسم مین زہر اثر نہین کرتا۔

قر ع وہ چیز جو سرد ہو مثل برف وغیرہ چیزین۔

قراسنقر ت نام مرغ شکاری و نام بادشاہ ترک۔

قرار ع ٹہرنا آرام کرنا متمکن ہونا کسی مکان مین۔

قاف با سین

قسر ع زور سے کسیکو کسی کام پر رکہنا بیگار لینا۔

قاف با شین

قشر ع پوست دانہ و پوست درخت و پوست حیوان و پوست میوہ۔

قشور ع ایک مرکب دوا ہے جسکے ملنے سے چہرہ کا رنگ چمک جاتا ہے

قاف با صاد

قصار ع گازر یعنی دہوبی کپڑے دہونے والا۔

قصر ع کوتاہ و کوتاہی ہے اور کپڑے دہونے۔

قصیر ع کوتاہ اور کوتاہی کرنیوالا و نام غلام۔

قصور ع کوتاہی اور عاجز ہونا و جمع قصر و محل بزرگ

قاف با طاء

قطور ع دوای رقیق جو ناک اور کان مین ڈالین۔

قطر ع باران مینہہ جو مشہور چیز ہے۔

قطر ع مس گداختہ یعنے گلایا ہوا تانبا۔

قطر ع کنارہ کسی چیز کا اور اوسکا انتہا۔

قطار ع صف اونٹون وغیرہ کی جو دس سے کم نہون۔

قطمیر ع پوست باریک جو تخم خرما پر ہوتا ہے یا سفید نقطہ جو خرما کے پشت پر ہوتا ہے یا شگاف تخم خرما یا وہ ریشہ جو

تحمّرِ فزا کے تشاف مین ہوتا ہے مجاز اسسے قلیل و کوچک
و نام سگ اصحاب کہف۔

قاف باعین

قعر ع عمق چاہ و عمق ہر چیز و عمق آب دریا وغیرہ۔

قاف با فا

قفار ع نان بی نان خورش و زمین بے آب و گیاہ۔
قفر ع زمین خالی پانی اور گہاس سے اور گرسنہ رہنا بی طعام رہنا
قفر ع کم ہونا اسکا کم ہونا گوشت کا لاغر ہونا بیمار ہونا۔
قفاہیر ع ر روٹی خوش و صورت نیکو بعض اہل لغت اپنی کتابون
مین اسکو جای حطی سی لکھتی ہین۔
قفیز ع ایک پیمانہ کا نام ہے جو مقررہ وزن ہے۔

قاف با لام

قلمکار ف پارچہ منقش جسپر نقاش نے بہت باریک قلم سے
نقوش لکھے ہون۔
قلندر ف ایک گروہ فقرا کا نام ہے جو پابند شرع نہین ہین
قلقطار ع زاک یعنے پھٹکری جو دوا مین مستعمل ہے۔

قاف با میم

قمار ع ہر ایک بازی جسپر شرط زر نقد وغیرہ مقرر
ہو کر لین دین ہو۔
قمر ع چاند اور چاندنی۔
قمطر و موٹا اونٹ کوتاہ قد آدمی او صندوق کتاب رکھنی کا

قاف با نون

قندمکرر ف جو قند دوبارہ صاف کے جائی اور کسی طرح کا غبار اوس
مین نہ رہے اور وہ نیک گفتگو جو دوبارہ کی جائے۔
قنطار ع پوست گاو جسمین بے بہا ہو یا قیمتی اسباب رکہا ہو۔
قنبر سہ نام غلام علی المرتضے کرم اللہ وجہہ کا جو نہایت وفادار تہا
قنارہ ع وہ لکڑے جسکے ساتھ قصاب گوشت لٹکاتے ہین

قنطیر ع ا مال قنطار جسکے معنے پوست گاو کے ہین۔

قاف با واو

قوس النہار ع دائرہ گردش آفتاب یعنے جسقدر آفتاب پہرتا ہے
قورت سلاح و آہن اور وہ لوہا جس سے ہتہیار بنائین۔

قاف با ہا

قہر مغضب و تندی و غصہ جو کسی مجرم پر حاکم کرے۔
قہار ع قہر کرنیوالا غضب و غصہ کرنیوالا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔

قاف با یا

قیر ع روغن سیہ رنگ جو اونٹون کو ملتے ہین اور ایک قسم گوند
جو کشتی و جہاز کو لگاتے ہین۔
قیصر ع رومی زبان مین بادشاہ

تیئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف کاف اور اخیر مین را ہے

کاف با الف

کار ف کام صنعت و پیشہ و ہنر و زراعت و کشت۔
کافر و کافرہ م چہپانے والا دین حق کو ور ود بزرگ
وکشاورز و شب تاریک۔
کارگر و کاریگر ف کام کرنے والا۔
کافور ع ایک خوشبو سفید رنگ کا نام ہے و نام چشمہ بہشت مین
کافور خوار ف سرد و نامرد و کم حوصلہ آدمی و سرد مزاج
کالینجر ہ سند مین ایک قلعہ ہے جسکو شیرشاہ بادشاہ افغان نے
محاصرہ کیا اور باروت کو آگ لگ کر وہ مین جلگیا۔
کاچار ف اسباب خانہ اور گہر کے جایداد اور گہر کا سامان۔
کاسہ فغفور ف پیالہ چینی یعنے وہ پیالہ جو چین کا بنا ہوا ہو۔

کاغذر ف تمسک و قبالہ و ہنڈی کو اور فی زمانا نوٹ۔
کارزار ف جنگ معرکہ لڑائی کا جہان دشمن کے ساتھ لڑین
کاستر ع توڑنے والا اور نام ایک بیماری کا جو مہلک ہوتی ہے
کامگر ف مقصود مند و صاحب مراد کامگار بھی اوسکو کہتے ہین
کاسہ گر ف کمہار اور نام مطرب کا نام سرود جو فارس مین گاتے ہین
کاشغر ف توران مین ایک شہر کا نام ہے
کاردار ف اہلکار کام کرنیوالا و تحصیلدار ملک کا۔
کارگزار ف خدمتگار جو سچ بے خدمت ادا کرے
کاغذگیر ف منجرہ و دریچہ جو گھر کے دیوار مین ہو۔
کاخیر ف نکاح و شادی نسبت و ناطہ وغیرہ مراد کے کام۔
گاؤعنبر ف دریائی گائے جسکا فضلہ عنبر مشہور خوشبو ہے۔
گاؤزور ف پہلوان اور جسیم آدمی اور بزور
گازروار ف داؤ کشتی کا جسکو ہولے پاٹ کہتے ہین
گاؤسر و گاؤسار ف نام گرز فریدون جو وہ ہاتھ مین رکھتا تھا۔
گار ف کرنے والا چنانچہ کامگار و خدمتگار۔
کامگار ف مقصود مند صاحب مراد کامگر بھی اوسکو کہتے ہین

کاف با با

کبر ع بزرگی بڑائی تکبر غرور جو کسے مین ہو۔
کبیر ع بڑا صاحب عزت و نام خدا تعالے۔
گبر ف آتش پرست یعنی وہ شخص جو آگ کو پوجے۔
کباب تر ف کنایۃً برف جو آسمان سے برستی ہے۔
کباب قندہار ف قسم کباب جو لذیذ ہوتا ہے
کبریت احمر ع گوگرد سرخ جسے کیمیا بنتی ہے اور نہایت نایاب ہے
کبر ع ضعیفی و پیری اور بڑی عمر کا ہونا۔
کبر ع ایک میوہ ترش خراسان مین ہوتا ہے اوسکا یہ نام ہے
کبوتر ف مشہور پرندہ جسکو عربی مین حمام کہتے ہین۔

کبار ع جمع کبیر بزرگان یعنے بڑی عمر کے لوگ اور عزت دار لوگ
کبار ع نہایت بزرگ اور بہت بزرگ جمع کبار بھی وہی لوگ۔
کبائر ع جمع کبیرہ گناہ ہائے کبیرہ بڑے گناہ مثل زنا و شراب خوری و قمار و قتل و ترک نماز و روزہ و زکوٰۃ وغیرہ جن کے ارتکاب پر حد شرعی اور سزائے قرآنی مقرر ہے۔

کاف با تا

کتیر ع گوند ایک شجر کا جسکی نسبت پیدا و نچی مٹی ہوتی ہے

کاف با ثا

کثیر ع بہت اور وافر اور زیادہ کثرت کے ساتھ۔

کاف با حا

کحل الجواہر ع سرمہ جس مین موتی پیسے جاتے ہین ضعف بصر کے لئے نہایت مفید ہے۔

کاف با دال

کدر ع تیرہ و مکدر اور فارسی مین نام گل کیوڑا اور وہ چیز جو بو سیلے رنگ ہو۔
کدیور ف مزارع و دہقان و باغبان جو کھیتی اور باغ کی حفاظت کرے۔

کاف با ذال

کذر ف گذرنا اور رستہ دریا کا جہان آسانی سے اوتر ین۔

کاف با را

کردار ف طرز و روش اور کام اور فعل و عمل جو انسان سے سرزد ہو
کردگار ف نام خدا تعالے۔
کر ف بہرا جسکے کان بند ہوں کسیکی بات نہ سن سکے۔
کر ع پہیرنا اور پہیرنا اور حملہ کرنا کسی پر۔
کر ع نام بیابانہ اور نام دو نہر دن کا ایک شہر وان مین نزدیک ملک بردعہ اور اودہ کشتی برس مین بہے۔

گرّار ع لقب علی المرتضیٰ اور پہلوان با رحملہ کرنیوالا
گرَوَرد ع بازگشتن و واگردیدن یعنے پہر آنا -
گرَوَر ع زمین سخت اور پشتہ زمین کا جو اونچا ہو -
گرہ ف مرض خارشت و نام رود سرحد ملک غزان اور بنانیوالا اور ہنر جیسے رگرد و شیشہ گر -
گران سر ف متکبر و مغرور آدمی جو کسی کا کہا نمانے -
گرفتن خاطر ف رنجیدہ ہونا ناراض ہونا غمگین ہونا -
گرد بُر ف برمہ تر کہانون کا جیسے لکڑی مین چہید کرتے ہین -
گرو گر ف بروزن کبوتر مراد بخش و نام خدا تعالے جلشانہ -
گرگر ف صانع الصنایع یعنے خداوند تعالے جلشانہ -
گرفتار ف پکڑا ہوا قید مین پڑا ہوا ماخوذ -

کاف با زاے

گزیر ف چارہ و علاج و ضرورت و ضروری امر -
گزار ف نشتر حجام اور نقش باریک جیسی نقاش تعین نقشہ کا کرتے ہین اور امر و اعطی ادا کرنے اور چہوڑ دینے کے یعنے ادا کر اور چہوڑ -
گزر ف زردک یعنے گاجر جو ایک شیرین ترکاری مشہور ہے -
گزر ف راہ و گذرگاہ جیسے آمد و رفت ہو -

کاف با سین

گسستن ف توڑنا اور ٹوٹنا و حرکت زیر حروف پر -
گسستو ع ٹکڑے جمع کسر جسکے معنے ٹکڑے کے ہین -
گسور ع جمع کسر اور زیادہ تر استعمال اس لفظ کا اعداد کے ٹکڑون مین آتا ہی چنانچہ نصف و ثلث و ربع و خمس
گسار ف کہانیوالا چنانچہ غمگسار وغیرہ اور کبہی معنے توڑنے والی اور کم کرنے والے کے چنانچہ سکسار -

کاف با شین

کِشمَر ف ولایت ترشیز مین ایک گانو ہے -
کشمیر نام خطہ جو مشہور ہے کاشمیر بہی اوسکو کہتے ہین اور علاقہ نہایت سبز ہے -
کشور ف ولایت اور ملک و سرزمین و خطہ زمین کا -
کشکنجیر ف سامان قلعہ شگاف یعنے توپ -
گشتر ف خوشتر بہت اچہا یہہ محاورہ فارس کا ہے -

کاف با فاد

کفتار ف نام ایک وحشی درندہ کا ہی یعنی مونڈار -
کُفر ف ناسپاسی اور چہپانا و کوزہ بزرگ بڑا لوٹا -
کفور ع ناشاکر و ناسپاس آدمی و ناحق شناس -
گفتار ف گفتگو بات تقریر جو زبان سی ہو -
کُفّار ع جمع کافر کے یعنے بہت سے کافر -
کفگیر ف چمچہ جسکے ساتہہ ہنڈیا کی جہاگ اوتارین -

کاف با لام

کلب الجبار ع نام ستارہ جو بشکل کلب ہے یعنے کتے کی شکل کا ہے
گلنار ف ایک قسم درخت انار ہی جسکو صرف پہول ہین پہل نہین لگتا
گلگیر ف وہ آلہ جسسے شمع کا گل جہاڑین -
گلابر ف قطعہ ابر جو چہوٹا سا بادل ہو -
گل شکر ف گلقند جو مشہور چیز ہے اور دوا مین مستعمل ہے
گلزار ف باغ جہان بہت سے اور پہولون کے درخت
گلعذار ف خوبصورت آدمی معشوق و خوبصورت -

کاف با میم

کمر بر کمر ف بلند بر بلند و برابر برابر -
کمر ف کمر و کمربند و میانہ کوہ -
کمتر ف غریب آدمی مفلس و نادار اور بہت کم چیز

کاف با نون

گند پیر ف بیر زن و عجوزہ اور وہ شخص جو کند ذہن ہو -
گنہگار ف جو گناہ کری خلاف حکم خدا کی کام کرے -

کنجور متغلا منداول مین لفظ گنج ور تھا کثرت استعمال اور سہولت کے لئے کنجور مشہور ہوا۔

کنگرہ مخفف کنگرہ جو عمارت پر بناتے ہین اور قلعون و محلون کی دیوار پر زینت کے لئے بناتے ہین

کنارہ ف کنارہ و گوشہ و طرف و در بغل اوسا نیتہاد۔

کنار ف بغل و آغوش انسان کے۔

کُنار ف میوہ جسکو بیر کہتی ہین اور درخت کا نام بھی بیر ہے

کُنداور ف حکیم و پہلوان و قوی و مرد صاحب علم

کَنندہ در خیبر ف علی المرتضے کرم اللہ وجہہ کہ جنکی نام ہے قلعہ خیبر کا دروازہ توڑا تہا۔

کاف با واو

کوزہ افزونی و پیچ دستار یعنے زیادتی اور پگڑی کا پیچ

کوژ ف بواو مجہول یک چشم و نابینا اندہا آدمے۔

کوکنار ف غورہ خشخاش یعنی پوست جسمے خشخاش نکلتی ہے اور ادہیون ہے اوسیسے نکلتے ہے۔

کُوتہ ت ترکی مین معنی می بنید یعنے دیکہتا ہے۔

کُودن خر ف نادان و احمق جسکے بات کا اعتبار نہو۔

کوتہ نظر ف نادان نا عاقبت اندیش بیوقوف بے عقل

کویر ف بروزن لیر زمین بے آب و ریگستان زمین ہموار اور کہلا جنگل

کوتر ف مخفف کبوتر جو مشہور جانور ہے۔

کوزہ قمار ف جس مین قمار باز مال ڈالتی ہین اور روپیہ اونکا اوس مین جمع رہتا ہے۔

گُوار ف خوش مزہ و زود ہضم چنانچہ خوشگوار۔

گوتہ ف نام ملک و نام قوم و نام ملک و قبر و دشت ہموار و شراب

گورخر ف خر صحرائی یہہ ایک جنگلی جانور ہے۔

گوہر ف ذات و اصل و یاقوت و لعل و مروارید و فرزند و تجربہ

گویر ف بیای مجہول زمین ہموار و ریگ و موقع ریگستان

گوشیار ف نام حکیم جسکا نام ابو الحسن تہا اور حکیم ابو علی سینا زادہ کے شاگردی کی تہے۔

گوشیار ف نام منجم جو اپنی فن مین صاحب کمال تہا۔

گوشہ زنجیر ف حلقہ زنجیر کا۔

کولبار ف بار سنگین جسکا اوٹہانا مشکل ہو۔

گوشت خر ف کنایہ چیز بیکار و شے ناچیز●

کاف با ہاء

کہر ف نام رنگ سیاہ و اشتر جسکو کمیت کہتی ہین۔

کہنہ سوار ف پہلوان و سواری کے کام مین استاد۔

کنہ گیر ف وہ گہوڑا جو سوار کے نہ دیوے۔

کاف با یاء

گیرودار ف متعام لوٹ و جنگ و فر سلطنت و معرکہ جنگ

گیر ف عضو تناسل مرد کا۔

گیسودار ف غلام زادہ و ستارہ دُم دار۔

کیفر ع پاداش و سزا اعمال جو انسان کو دی جاوے۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین را نے ہے

لام با الف

لاغر ف کم گوشت و ناتوان اور دُبلا آدمے و کمزور

لا تذر ع مگذار یعنے مت چھوڑ اپنی قبضہ مین رکہہ۔

لاچار ف بیچارہ یہہ لفظ غلط ہے ناچار صحیح ہے۔

لام با تاء

لت انبار و لت انبان ف پرخور و صاحب حرص و ہوا و شکم بندہ۔

لام با خاء

لخت در ف تختہ در۔

لام با ہای

لُرت ترکی مین لفظ علاج جمع ہی خیابچہ اسپ لر سے اہان

لام با شین

لشکر ف فوج بادشاہی اور ہجوم سپاہ کا-

لام با میم

لمتہ ع زرہ دقوی وغلیظ موٹا مرد و ضع-

لام با نون

لنگ کمر ف ایک کشتی کا بن ہے جسمی حریف کو کمر سے پکڑ کر گرا دیتے ہین

لنگر ف ایک بہاری چیز کا نام ہے جسے کشتی و جہاز ٹھہراتے ہین اور طعام جو فقرا و مساکین کو کہلاتے ہین

لام با واو

لُوَر ف تواد مجہول وہ زمین جسکو سیلاب نے خراب کیا ہو و کمان علاج سے جنگلی علاج کی اور ایک درخت کا

لام با ہا

لہانور نام قدیم شہر لاہور کا کتب تحفۃ الواصلین مین لکھا ہے کہ شہر لاہور آباد کیا ہوا لہاورچند راجہ دیب چند شاہ دہلی کے برادرزادہ کا ہے جب لہاورچند کو دیب چند نے پنجاب کا ملک جاگیر مین دیا تو اوسنے یہہ شہر آباد کر کے اپنے نام سے نام اسکا لہاور پور رکہا اب بسبب کثرت استعمال کے لاہور مشہور ہو گیا ہے اور جو مشہور ہی کہ لاہور کو راجہ لو راجہ رامچندر اوتار کے بیٹے نے آباد کیا ہے اس بات کا ثبوت کسی کتاب سے نہین ہوتا اہل اسلام کے اکثر پورانے کتابون مین نام اس شہر کا لہانور درج ہے چنانچہ کتاب فوائد الفواد مین ہے لہانور شہر بزرگ ہے

لام با یا

لیلۃ البدر ع چودہوین رات چاند کی جب چاند پورا ہوتا ہے

لیلۃ القدر ع ستائیسوین رمضان کے رات-

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور اخیر مین را ہے

میم با الف

ماہر ع خبردار اوستاد کار صاحب علم و ہنر-

ماجُور ع اجر دیا گیا بدلا پہونچایا گیا-

ماثُور ع غزال چیلے جسے اثار جانتے ہین-

ماطِر ع برسنے والا بادل-

ماعِز ع بکری جو مشہور جانور ہے-

مالدار ف دولتمند صاحب مال-

مالگذار ف محصول دینی والا زمیندار-

ماہوار ف ہر مہینے جو مقرر ہو تنخواہ وغیرہ-

ماوراء النہر ع نام ملک کنارہ دریا

مادندر ف مادر غیر حقیقی یعنے باپ کی عورت-

ماحضر ع جو چیز حاضر ہو وشی قلیل و بے تکلف

مآثر ع آثار و نشانہای نیک کارہای پسندیدہ-

مار مہرہ ف وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکلتا ہے

مار نہ سر ف کنایۃ آسمان-

مأثور م ادعیہ پر تاثیر-

مالک دینار ع ایک ولی کا نام ہے

مادر ف والدہ-

مار ف سانپ-

میم با دال

مُدبِر ع دم بریدہ قبیلہ فرزند وخراب و دشمن

مُبَشِّر ع خوشخبری دینے والا۔
مُبَذِّر ع اسراف کرنیوالا بے محل بیدریغ خرچ کرنے والا۔
مَبْرُور ع نیکی کیا گیا۔
مُبَاشِر ع خود بخود کام کرنے والا اور جماع کرنے والا۔
مُبَادِر ع جلدی کرنیوالا جرات و دلیری کرنے والا۔
مَبْرُور ع نیکی کیا گیا بھلائی کیا گیا مجازاً جو آدمی مر گیا ہو
مُبْصِر ع دیکھنے والا صاحب بصیرت اور پہچاننے والا

میم با تاء

مُتَأَخِّر ع پیچھے آنیوالا پیچھے رہا ہوا شخص۔
مُتَبَخَّر ع بخارات بنایا گیا
مُتَحَیِّر ع حیرت ناک۔
مُتَصَوَّر ع خیال کیا گیا۔
مُتَوَاتِر ع پے در پے۔
مُتَوَافِر ع زیادہ ہونے والا۔
مُتَأَثِّر ع اثر قبول کرنے والا۔
مُتَکَبِّر ع صاحب تکبر و غرور خود پسند آدمی۔
مُتَکَسِّر ع توڑنے والا اور ٹوٹنے والا۔
مُتَبَحِّر ع بڑا عالم و صاحب فضیلت علم کا دریا۔
مُتَضَرِّر ع ضرر پہنچانیوالا دکھ دینے والا
مُتَشَاعِر ع اپنے آپ کو بزور شاعر کہلانے والا
مُتَعَسِّر ع دشوار و سخت و مشکل و ناممکن۔
مُتَعَذِّر ع صاحب عذر جو عذر رکھتا ہو۔
مُتَنَفِّر ع نفرت کرنے والا بھاگنے والا۔
مُتَبَادِر ع پیشے بکڑنے والا اور جلد سے دوڑنے والا۔

میم با ثاء

مُثْمِر ع میوہ دار درخت جو میوہ دیتا ہو۔

میم با جیم

مِجْمَر ع عود سوز و انگیٹھی جسمیں خوشبو جلائی جائے۔
مُجِیر ع دستگیر اور پناہ دینے والا حامی و مددگار۔
مُجَدَّر ع بروزن منور منقش صاحب آبلہ وہ بیمار جسکو چیچک کی بیماری ہو
مَجْذُور ع وہ عدد جو بعد ضرب حاصل ہو۔
مُجَاوِر ع ہمسایہ پاس رہنے والا مجازاً وہ شخص جو قبر پر بیٹھے یا کسی خانقاہ کا محافظ ہو۔
مَجْبُور ع ناچار کیا گیا بزور کسی کام پر چھوڑا گیا۔

میم با حاء

مَحْجُور ع منع کیا گیا حرام کیا گیا۔
مَحْصُور ع حصر کیا گیا۔
مُحَقَّر ع حقیر کیا گیا۔
مِحْوَر ع چرخ و دولاب کا تیر جسکے گرد وہ پھرتا ہے۔
مُحَیَّر ع نام پردہ موسیقی جو گایا جاتا ہے۔
مَحَلِّ نظر ع جائے نظر جو جگہ نظر کے نیچے ہو۔
مَحْرُور ع گرم مزاج آدمی صاحب غضب و غصہ
مُحْتَکِر ع وہ شخص جو بنیت گرانی غلہ خرید کر رکھے۔
مَحْشُور ع حشر کیا گیا اٹھایا گیا مستعد کیا گیا۔
مَحْضَر ع سجل قاضی حضور اور حاضر ہونا و جائے حاضر و دستخط مردم
مُحَرَّر ع لکھا گیا اور آزاد کیا گیا غلام اور برطرف کیا گیا نوکر
مُحَرِّر ع لکھنے والا اور آزاد کرنیوالا اور الگ کرنے والا۔
مَحْشَر ع جمع ہونیکا مقام در روز قیامت جس روز لوگ اٹھائے جائینگے
مَحْذُور ع مقام خوفناک و دہشت ناک جگہہ۔
مَحْظُور ع حرام کیا گیا منع کیا گیا باز رکھا گیا۔

میم با خاء

مَخْطُور ع خطرہ کیا گیا نزدیک ہلاک پہونچا ہوا مرنے کے قریب
مُخَدِّر ع سست کرنے والا پردہ میں بٹھانے والا۔
مُخْتَصَر ع چھوٹا کیا گیا چھوٹا بنایا گیا۔
مَخْمُور ع شرابی جسنے شراب پی ہو۔

مُقَدَّم ع نسبت کیا گیا اور پردہ مین رکہا گیا سب مین پہلا پایا گیا
مُخْبِر ع خبر دینے والا آگاہ کرنیوالا اطلاع پہونچانیوالا۔
مُخَیَّر ع اختیار دیا گیا نیکے پہونچایا گیا۔
مُخَیِّر ع اختیار دینی والا نیک مرد صاحب خیر
مُخَمَّر ع بروزن مشہور خمیر کیا گیا تار کیا گیا۔

میم با دال

مَدار ف جای دور و جاگردش و دائرہ و دورہ و حلقہ
مُدَوَّر ع دوردار چیز یعنے جو چیز گول ہو اور کوئی گوشہ اوس مین پایا نہ جائے۔
مُدِیر ع دور بنانیوالا گول حرکت دینے والا۔
مَدَر ع کلوخ و زمین یعنی ڈیلا مٹی کا اور دیہاتے
مُدِر ع روده دو جیسے بول جاری ہو جاری کرنیوالی چیز
مُدْبِر ع پشت دیا گیا اور برگشتہ بخت بے نصیب آدمی
مُدَبِّر ع صاحب تدبیر و عقلمند و صاحب لیاقت
مُدَبَّر ع تدبیر کیا گیا اور وہ غلام جو بعد مرگ مالک کے آزاد ہو
مِدْرار ع ابر بہت برسنی والا و باران اور وہ چیز جس سے پانی نکلے
مددگار ف مدد کرنیوالا حمایت کرنے والا۔

میم با ذال

مُذَکَّر ع نر و مرد ضد مادہ۔
مَذْکُور ع ذکر کیا گیا اور ذکر مطلق جو کیا جائے۔

میم با رای

مَرْمَر ف نام ایک پتہر کا ہے جو سفید و قیمتی ہوتا ہے۔
مُرُور ع گذرنا اور جانا عبور کرنا کسی مقام سے
مُرَّہ ع تلخ و مرہ و دید و قبیلہ قبائل عرب سے اور گوند ایک درخت کا جسکو ببول کہتے ہین۔
مَرَس ع ریسمان و کمند اور گزرنا اور جانا کسی مقام مین
مَرْز ف حد و پناہ و شمار و بے حد و بیشمار و خاص سبب بیہودہ

فائدہ معنی پر حصر کرتا ہے کبہی زائد بہی آتا ہے۔
مَرِیر ع مرد توانا و رسن تافتہ یعنے پر زور آدمی اور بانٹ دیے ہوئے رسی۔
مَرْغزار ف سبزہ زار اور مرغ ایک گہاس کا نام ہے جسکے سبز مطبوع ہوتی ہے
مرغ آتشخوار ف کبک بعض کے نزدیک یہہ مرغ اور ہے جو آگ کہا جاتا ہے۔
مرغ سحر ف بلبل یا خروس اور عام وہ مرغ جو صبح کو بولتی ہین
تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف تا اور اخیر مین صاد ہے

تا با حا

تَحرِیص ع رغبت دلانا برانگیختہ کرنا حرص مین ڈالنا ۔

تا با خا

تَخصِیص ع خاص کرنا اپنا بنانا کسیکو ۔

تَخَلُّص ع چھٹکارا پانا و مختصر نام شاعر کا ۔

تَخلِیص ع خلاص کرنا رہائی دینا چھوڑنا قید وغیرہ سے

تا با را

تَرصِیص ع استوار کرنا اور دعلی سے مستحکم بند کرنا کسی چیز کو ۔

تَرخِیص ع رخصت کرنا اجازت دینا کہین جانے کے لئے ۔

تَرَبُّص ع امید رکھنا توقف کرنا اور علانا امید گرانی رکھ کر چھوڑنا ۔

تا با شین

تَشخِیص ع معین کرنا اجارہ لینا مقرر کرنا کسی حساب وغیرہ کا ۔

تَشَخُّص ع تعین پانا معین ہونا مقرر ہونا کسی بات کا ۔

تا با فا

تَفَحُّص ع کھودنا ڈھونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا ۔

تا با قاف

تَقَلُّص ع اوٹھنا اور اودہہرنا اور اونچا ہونا بلند ہونا جامہ یا پانی کا اور آستین کھینچے جانا -

تا با لام

تَلْخِیص ع خلاصہ کرنا پاک صاف کرنا اور نام کتاب علم معانی مین

تا با نون

تَنْقِیص ع نقصان کرنا عیبدار کرنا زیان مین ڈالنا -
تَشْخِیص ع ظاہر کرنا کسی پوشیدہ چیز کا -

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین صاد ہے

جیم با صاد

جَصّ و جِصّ ع عمارت کا چونہ و گچ -

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین صاد ہے

حا با الف

حَارِص ع حرص رکہنیوالا خواہش و امید و طمع رکھنے والا -

حا با راے

حِرْص ع بے انتہا خواہش و طمع جو کسی چیز کے حاصل کرنیکے لیے ہو -
حَرِیص ع بے انتہا خواہش رکہنیوالا بہت سا خواہشمند آدمی اور لالچی

حا با صاد

حِصَص ع جمع حصہ کی یعنی بہت سے حصے جو بانٹے جائین

حا با فا

حَفْص ع آرام کرنا اور بچہ شیر درندہ اور فارغ ہونا کسی کام سے اور ابو حفص کنیت حضرت عمر بن خطاب کی تہی اور حفص نام ایک امام قرائت شاگرد امام عاصم کوفی کا تہا -

حا با میم

حِمِّص و حِمَّص ع غلہ نخود جسکو ہند مین چنا کہتے ہین -

حا با یاے

حَیْص بَیْص ع جنگ و غوغا و شور و فتنہ و فساد و لڑائی -
حَیْص ع رستہ سے ایکسو پڑنا رستہ بہول جانا -
بَیْص ع سختی و تنگی کی حالت اور حالت ناچاری کی

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین صاد ہے

خا با الف

خَاص ع مشہور لفظ ہے یعنی ایک چیز یا شخص سے لگاؤ رکہنیوالا -

خا با باے

خَبِیص ع وہ طعام جو روغن اور خرما سے بنایا جاوے

خا با راے

خَرْص ع تخمینہ کرنا میوہ کا درخت پر اور غلہ کا زراعت پر اور جہوٹ بولنا
خُرْص ع سنان و چوب نیزہ و نخل بیراستہ و حلقہ زر و نقرہ -
خِرْص ع شتر قوی یعنی وہ اونٹ جو فربہ اور بارکش ہو -
خَرَص ع گرسنہ ہونا بہوکہا و شکم خالی ہونا -

خا با صاد

خَصَائِص ع جمع خصیصہ خواص و آثار یعنی خوبیان و تین باتین
خُصُوص ع خاص ہونا ایک چیز کا ایک شخص سے خصوصیت رکہنا

خا با لام

خِلَاص ع خالص و برگزیدہ و صدق محبت و بوتہ زرگران جسمین سونا چاندی گلاتے ہین -
خَلَاص ع مصدر ہے یعنی رہائی پانا اور کبہی بمعنی مفعول کے

آتا ہے یعنی رہا و آزاد اور چھوٹا ہوا۔

خُلُوص ع سادہ و پاک ہونا اور دوستی و اخلاص جو کسیکے تئین ہو۔

خا با واو

خوابِ خرگوش ف۔ تغافل و فریب و سستی و کاہلی

خَوَاص ع جمع خاص و جمع خاصہ یعنے خدمتگاران و نوکران و خادمان و پرستاران ممتاز و مصاحب واحد کی معنی مین بھی آتا ہے یعنی ایک نوکر و خادم۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین صاد ہے

دال با لام

دِلَاص ع زرہ آہنی و روشن و تابندہ اور چمکتی ہوئی چیز

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین صاد ہی

رای با الف

رَاقِص ع رقص کرنیوالا ناچنے والا اور نام ستارہ کا

رای با خا

رَخِیص ع ارزان و کم قیمت چیز جو ہر ایک کو مِلجائے

رای با صاد

رَصَاص ع ارزیز قلعی رانگ جو برتنو پر لگائی جاتی ہے

رای با قاف

رَقص ع ناچنا کودنا حالت وجد مین یا کسی اور حالت مین

رَقَّاص ع ناچنے والا یعنے جو شخص حالت وجد وغیرہ مین ناچے جسطرح فقرا سرود سنکر رقص کرتے ہین۔

راے با میم

رَمَص ع سفید چرک جو آنکھ سے نکلتا ہے۔

زامی با ہا

رَہْص ع بیخ و بنیاد اور ابتدا و آغاز۔

رَہَص ع بنیاد دیوار و سنگریزہ یعنے کنکر۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف سین اور اخیر مین صاد سے ہے

سین با الف

سَامِ اَبْرَص ع گرگٹ جسکو چلپاسہ کہتے ہین

سین با واو

سُوْرَہ اِخلَاص ع نام سورت قرآن شریف کا۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف شین اور اخیر مین صاد ہی

شین با الف

شَاخِص ع حیران اور کھلی آنکھ والا متحیر آدمی۔

شین با خا

شَخْص ع کالبد و جسم انسان کا مجازاً ہر ایک آدمی

شُخُوص ع ظاہر ہونا و بر آنا باہر آنا نکلنا۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین صاد ہی

عین با صاد

عُصْعُص ع استخوان پائین سرین دم زیرین جو قریب مقعد کے ہین

عین با فا

عَفَص ع ایک دوا کا نام ہے جسکو مازو کہتے ہین۔

عین با میم

عُمَر قَاص ع لقب جرجیس پیغمبر کا جو چند بار کفار کے ہاتھ سے قتل ہوکر پہر زندہ ہوا تہا۔

عُمَر عَاص ع نام صحابی پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کا جو ضعیف ہوکر دوبارہ جوان ہوا تہا۔

عین با واو

عَوص ع دشواری وسختی وتنگی وحالت معذوری۔

عَوِیص ع دشوار ومشکل وسخت وتنگ۔

عین با یاء

عِیص ع درخت بہت پیچیدہ اور انبوہ اور نام اسحاق پیغمبر کے بیٹے کا جسکی اولاد سے رومی لوگ ہین۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین صاد ہے

غین با الف

غَائِص ع غوطہ مارنے والا پانی مین غواص کے بہی یہی معنے ہین۔

غین با باء

غَبن فَاحِش ع خسارہ صریح اور نقصان وزیان جو ظاہر معلوم ہو

غین با صاد

غُصَص ع یہہ لفظ جمع غصہ کی ہے جسکے معنے غضب کے ہین

غین با میم

غَمَص ع ژفک یعنی چرک چشم وپینچال چشم اور آنکہوں کا میل

غَمُوص ع قلاع خیبر سے ایک قلعہ کا نام ہے۔

غین با واو

غَوص ع پانی مین غوطہ لگانا اسکا فاعل غواص ہے۔

غَوَّاص ع غوطہ لگانیوالا پانی مین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین صاد ہے

فا با حاء

فَحص ع ڈہونڈنا تلاش کرنا جستجو کرنا۔

فا با رے

فُرَص ع جمع فرصت جسکے معنی مہلت کے ہین

فا با صاد

فَصّ و فِصّ ع نگینہ جو انگشتری پر لگایا جاتا ہے

فُصُوص ع نگینہا اور نام کتاب مصنفہ محی الدین ابن عربی

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف قاف اور اخیر مین صاد ہے

قاف با باء

قَبض ع ماخوذ ہے پکڑنا کسی چیز کا اور چنگلی بہرنا۔

قَبَض ع درد شکم و درد جگر و شادمانی و بزرگی۔

قَبِص ع خوش و مسرور جسکو کوئی غم و فکر نہو۔

قاف با رائے

قُرص ع ٹکیا اور گول چیز اور روٹی اور ہر چیز مدور

قاف با صاد

قِصَص ع جمع قصہ یعنے بہت سے قصے اور کہانیان

قصص ع قصہ کرنا کہانی کہنا یہہ لفظ مصدر ہے -
قصاص ع سزا جو عوض گناہ کے مجرم کو دیجائے
قص ع سینہ کی ہڈی اور کترنا اور کاٹنا کسی چیز کا -

قاف با لام

قلوص ع شتر مادہ جوان یعنی اونٹنی جو نوعمر ہو -

قاف با نون

قنص ع شکار کرنا و دام رکہنا جال بچہانا -

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف لام اور آخیر مین صاد ہے

لام با صاد

لص ع دزد و سارق جو کسی کا مال چرائے -
لصوص ع دزدان و سارقان یہہ لفظ جمع لص کی ہے -

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور آخیر مین صاد ہے

میم با تاء

متفحص ع کہودنے والا جستجو کرنیوالا تلاش کرنیوالا -
متخصص ع خصوصیت رکہنے والا کسی چیز سے -

میم با جیم

مجصص ع لہڑا کیا گیا گچ کیا گیا -

میم با حاء

محیص ع خلاصی پانا خلاص کرانا اور پہرنا -
محرِص ع حرص مین ڈالنیوالا طمع مین ڈالنیوالا -

محترص ع حرص مین ڈالا گیا طمع مین ڈالا گیا -

میم با خاء

مختص ع خاص کیا گیا دوست بنایا گیا -
مخصوص ع خاص کیا گیا علحدہ کیا گیا اپنے واسطے -
مخلِص ع اخلاص کرنیوالا محبت کرنے والا -
مخلَص ع خالص کیا گیا صرف کیا گیا -
مخلص ع جاے اخلاص و محل دوستی و رفاقت و محبت -

میم با راء

مرصوص ع استوار کیا گیا محکم و مضبوط کیا گیا -
مرخص ع رخصت کیا گیا علحدہ کیا گیا روانہ کیا گیا کسیطرف کو

میم با سین

مستخلص ع اخلاص کہا گیا رہا کیا گیا -

میم با شین

مشخص ع تشخیص کیا گیا اندازہ کیا گیا مقرر کیا گیا -

میم با صاد

مص ع مکیدن یعنی چوسنا لڑکے کا پستان کو دودہ کے واسطے یا صرف چوسنا کسی چیز کو -
مصوص ع مرغ بریان جو گرم مصالحہ ڈالکر سرکہ مین چہوڑا جاے تاکہ ترش و ذایقہ دار ہو جائے -

میم با عین

مغص ع پیچش شکم و ناف کی جو ایک بیماری ناف کی مشہور ہے

میم با قاف

مقتنِص ع شکار کرنیوالا قید کرنیوالا کسب کرنے والا -
مقص ع وہ رسی جسے دودہ دوہنے کے وقت چارپایہ کے پانو باندہتے ہین
مقنص گہوڑے کی باگ ڈور جسے اوسکو باندہتے ہین -

میم با لام

مُلَخَّص ع پاک و خلاصہ و خالص کیا گیا درست و بے عیب بنایا گیا۔

میم با نون

مَنَاص ع بھاگنا پیچھے ہٹنا اور گریزگاہ۔
مَنْصُوص ع جو بات آیت و حدیث سے ثابت ہو چکی ہو۔
مَنْقُوص ع ناقص کیا گیا کم کیا گیا۔
مُنَغَّص مکدر و تیرہ و نامطبوع و خراب۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین صاد ہے

نون با الف

نَامُتَفَحِّص ع بے تحقیق و نامعین اور وہ شخص جو ایک حالت پر نہو۔
نَاقِص ع کم ہونیوالا اور وہ حرف جسکے آخر حرف علت ہو

نون با صاد

نَصّ ع بلند کرنا تحقیق کرنا ظاہر کرنا و آیات قرآنی جو ظاہر و ممتاز کرین دوسکار متشابہ کو۔
نُصُوص ع جمع نص کی یہہ لفظ ہے۔

نون با قاف

نَقْص ع کم ہونا کم کرنا دیا نقصان مین ڈالنا یا پڑنا

نون با کاف

نُکُص ع بد دل ہونا خوف مین پڑنا خائف ہونا۔

نون با میم

نَمَص ع بال چکنے مو چینہ وغیرہ سے

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین صاد ہے

واو با یاء

وَبِیص ع درخشیدن یعنی چمکنا روشن ہونا جلوہ دینا۔

واو با قاف

وَقَّاص گردن توڑنے والا و جنگجو و نام ایک صحابی کا اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے۔

پندرہوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف ضاد ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اس مین چند فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین ضاد ہے

الف با باء

اَبْیَض ع سفید رنگ مجازاً تلوار و چاندی وغیرہ سفید چیزین

الف با حاء

اَحْمَض ع ترش مجازاً ناخوش و دشوار و نامطبوع۔

الف با راے

اِرْمَاض ع گرم ریگ سے جلنا کسی عضو وغیرہ کا۔
اَرْض ع زمین جسکو ہند مین دھرتی کہتے ہین۔

الف با عین

اِعْرَاض ع منہہ پھیرنا روگردانی کرنا انکار کرنا کسی سے
اَعْرَاض ع مندعہا و بیماریہا یعنی بہت سے مدعا و بیماریان۔
اِعْتِرَاض ع آگے آنا درمیان آنا حائل ہونا دو چیزون مین
اِعْتِیَاض ع عوض دینا بدلہ دینا کسی کو۔

الف با غین

اِغماض ع چشم پوشی کرنا آسان پکڑنا عیب پوشی کرنا۔

الف با میم

اَمراض ع بیماریاں جیسی شل تپ وغیرہ۔

الف با نون

اِنقباض ع گرفتگی یعنے پکڑا جانا قبض مین آنا۔

اِنتقاض ع شکستگی عہد یعنی عہد توڑنا اقرار سے پھر جانا۔

اِنتہاض ع اوٹھنا اور کوچ کرنا رحلت کرنا۔

اِنقراض ع کاٹا جانا آخر ہونا مدت کا جو مقرر ہو۔

اِنخفاض ع نشیب مین پڑنا اور کسرہ ہونا کلمہ کا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین ضاد ہے

با با عین

بَعوض ع اِسِّی یعنے مچھر جو شہور زہریلا جانور ہے۔

بَعض ع ٹکڑا یا جزو یا حصہ کسی چیز کا۔

با با غین

بُغض ع کینہ و دشمنی و عداوت جو کسی سے ہو۔

با با یائے

بَیض ع جمع بیضہ تخمہائے مرغ۔

بِیض ع سفید رنگ کی عورتین اور ہر چیز مؤنث جو سفید ہو جمع بیضا و نام تاریخ سیزدہم و چاردہم و پانزدہم ہر ایک مہینے قمری کا جسمین تمام رات چاند ہو۔

بیلش قبض ف ایک ہتیار کا نام ہی جو کمر سے باندہتے ہین

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین ضاد ہے

تا با باء

تَباغض ع باہم بغض و عداوت رکھنا دشمن ہونا۔

تا با رائے

تَراضی ع راضی ہونا اصل مین تراضی تھا۔

تا با عین

تَعریض ع سخن کہنا آگے لانا عوض کو ناحجت ظاہر کرنا۔

تَعرّض ع پیش آنا مزاحم ہونا حجت ظاہر کرنا۔

تا با فاء

تَفویض ع سپرد کرنا اپنا کام کسی پر چھوڑنا پھر و سالکرنا۔

تا با میم

تَمارُض ع اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرنا ایسی حالت مین کہ بیمار نہ ہو۔

تا با نون

تَناقُض ع ایکدوسرے کی ضد ہونا مخالف ایکدوسرے کا ہونا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین ضاد ہے

حا با الف

حامِض ع ترش یعنی کھٹا مزہ اور وہ چیز جو کھٹا مزہ دیوے

حا با راء

حَرَض ع بیماری اور غم جو عشق سے ہووے و فساد بدن و مرض مہلک و فساد مذہب و فساد عقل۔

حا با ضاد

حَضیض ع پستی و نشیب یعنے وہ زمین جو پست ہو۔

حُضَض ع ایک تلخ دوا کا نام ہے جسکو رسوت کہتے ہین۔
حُضّ ع تازہ اور نیا۔

حا با میم

حُمَّض ع ترشی یعنے کہٹا مزہ۔
حُمّاض ع ایک ترش ترکاری کا نام ہے۔

حا با یاء

حَیض ع وہ خون جو عورت کو ہر مہینے آتا ہے۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف خا اور آخیر مین ضاد ہے

خا با الف

خَافِض ع نام خداوند تعالے اور معنی خوار کرنیوالا جابرون کا اور ڈالنے والا اور حرکت کسرہ کی دینے والا۔

خا با فاء

خَفض ع ڈالنا کسیکو اوسکے رتبہ سے اور کسرہ دینا کلمہ کو و تن آسانی و عیش و عشرت و نرم رفتاری۔

خا با واو

خَوض ع پانی مین غوطہ لگانا کسی چیز مین فکر کرنا۔

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف راے اور آخیر مین ضاد ہے

رای با الف

رَائِض ع گہوڑونکو ریاضت سکہلانیوالا یعنی چابک سوار۔
رَابِض ع قلعہ دار و حاکم قلعہ جسکا کسی جگہہ پر اختیار ہو۔

رای با باء

رَبَض ع دیوار شہر پناہ و حصار قلعہ۔
رُبض و رُبُض ع زنان خانہ مثل زوجہ و ہمشیرہ و مادر وغیرہ۔

رای با فا

رَفض ع چہوڑنا ترک کرنا علیحدہ ہونا کسی رفیق کی رفاقت سے

رای با کاف

رَکض ع پانو ہلانا گہوڑا دوڑانا تیز رفتاری کرنا۔

رای با واو

رَوض ع جمع روضہ بہت سے باغ اور نخلستان میوہ دار۔
رَوَافِض ع جمع رافضی کی معنے اسکے چہوڑنے والے اہل سنت قوم شیعہ کو رافضی کہتے ہین اسواسطے کہ اونہون نے رفاقت امام زید شہید کی عین دشمن کے مقابلے کی وقت چہوڑ دی تہی

راے با یاء

رِیَاض ع جمع روضہ بہت سے باغ اور چمن۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف شین اور آخیر مین ضاد ہے

شین با قاف

شِقِّ نقیض ع صورت و طرز و طریق۔

شین با یاء

شیاف ابیض ع نام اودیہ چشم جو مرکب ہوتی ہے۔

آٹہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف صاد اور آخیر مین ضاد ہے

صاد با با

صباغ الارض ع رنگریز زمین کا یعنے آفتاب جسکے طلوع ہوتے ہی زمین روشن ہوجاتی ہے ۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین ضاد ہے

عین با الف

عارض ع شمار کرنیوالا فوج کا بخشی و سپہدار اور وہ چیز جو کسی چیز کے ساتھ لاحق ہو و رخسارہ و ابر پراگندہ و مطلق ابر ۔

عین با را

عرض ع ظاہر کرنا اور چوڑان کسی چیز کی اور اسباب گھر کا و ملامت و دیوانگی ۔

عرض ع وہ چیز جو دوسری چیز کے وسیلہ سے قائم ہو جسطرح رنگ کپڑے پر اور حروف کاغذ پر پس جامہ و کاغذ جوہر ہے اور حروف و رنگ عرض و یعنے بیماری و رنج جو بسبب کسی اور بیماری کے حادث ہو جسطرح درد بسبب تپ کے یا تپ بسبب کسی درد کے ۔

عروض ع علم بحور و قوافی نظم کا شاعری کا علم ۔

عریض ع چوڑا اور نام ایک بحر کا شعر مین ۔

عین با واو

عوض ع بدلہ جو کسی چیز کے بدلے مین لیا یا دیا جائے

عوارض ع جمع عارضہ یعنے بیماریان

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف غین اور اخیر مین ضاد ہے

غین با الف

غامض ع گہرا ڈھکا عمیق گہرا یا دریا کا پانی یا کوئی مغاک

غین با را

غرض ع ہدف و نشانہ و مطلب و مقصود و حاجت ۔

غین با ضاد

غضض ع چشم پوشی کرنا آواز کم کرنا تحمل کرنا نقصان اوٹھانا

غین با میم

غمض ع زمین پست و مغاک و رپوشیدہ و دور سمجھنے سے ۔

غمض ع غنودگی مین آنا سونیکے لیے آمادہ ہونا ۔

غموض ع پوشیدہ گیا و مشکلات و رموز علوم جو حل طلب ہون

غین با واو

غوامض ع پوشیدہ معانی و رموز باریک جو حل طلب ہون

غین با یا

غیض ع تھوڑا پانی و عطاے اندک و صحرا و بیشہ و جنگل ۔

غیض ع شگوفہ تازہ جو درخت سے نکلا ہو ۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا اور اخیر مین ضاد ہے

فا با الف

فائض ع فیض دینے والا فائدہ پہونچانے والا ۔

فا با رائے

فرض ع تعین کرنا وقت و اندازہ کا و حکم خدا جسکی لیے بعض الٰہی تعلق ہو

فرائض ع خدا کی عبادت جنکا ادا کرنا فرض عین ہے جمع فریضہ و نام علم تقسیم میراث جسکی روسے ورثہ تقسیم ہوتا ہے

فا با یا

فیض ع بہنا پانی کا اور زیادہ ہونا نیکی کرنا کسی کے ساتھ

فیوض ع جمع فیض کی یعنے بہت سی نیکیان -

فیاض ع فیض پہونچانیوالا نیکی کرنے والا شخص

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف قاف اور اخیر مین ضاد ہے

قاف باالف

قابض ع قبضہ کرنے والا اپنے اختیار مین لانے والا -

قاف بابا

قبض ع درد و گرفتگی شکم یعنے پیٹ کا درد اور پیچش شکم کی -

قبض ع پکڑنا اپنے اختیار مین لانا -

قاف باراء

قرض ع وام واجب الادا جو روپیہ اپنے ذمہ پر ہو -

قریض ع شعر یعنے کلام منظوم

قرب فرائض ع وہ قرب جو بسبب ادائے فرائض کے حاصل ہو -

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور اخیر مین ضاد ہے

میم باتاء

متعرض ع پیش آنے والا مزاحم ہونیوالا سوالی

میم باحا

محرض ع ورغلانے والا جنگ پر اوٹھانے والا -

محرض ع ورغلایا گیا بہکایا گیا کسی بات پر -

محیض ع حیض کی حالت مین جو عورت ہو -

محض ع خالص اور صرف

میم باخاء

مخیض ع دوغ جسمین سے مسکہ نکال لیا ہو

مخاض ع درد زہ یعنے درد جننے کا و شیر مادہ حاملہ و بچہ شتر دو سالہ اور کسی کام مین آنا اور مقام آنے کا -

میم باراء

مرتاض ع ریاضت کرنیوالا محنتی آدمی مشقت کرنیوالا

مربض ع جای گوسپندان جہان بکریان رہتی ہون

مروض ع ریاضت دیا گیا محنت و مشقت دیا گیا

مروض ع ریاضت دینے والا محنت و رنج پہونچانیوالا

مروض ع ریاضت دیا گیا محنت اوٹھایا گیا -

مرض ع بیماری جو کسی قسم کی کسیکو لاحق ہو -

مریض ع بیمار رنجور کہ جو کسی بیماری مین مبتلا ہو -

میم باسین

مستفیض ع فیض پایا گیا فائدہ پہونچایا گیا -

میم باعین

معراض ع تیر بے پر جسکو تیر گز کہتے ہین -

معرض ع ظاہر کرنے کی جگہہ عرض کا مقام -

معارض ع جھگڑنے والا اعتراض کرنے والا -

معترض ع اعتراض کرنے والا جھگڑنے والا -

معروض ع عرض کیا گیا بیان کیا گیا -

معرض ع روگردانی کرنے والا پیٹھ پھیرنے والا -

میم بافا

مفروض ع فرض کیا گیا اندازہ کیا گیا نقد ٹھہرایا گیا -

مفوض ع سپرد کرنیوالا کوئی چیز کسیکے حوالہ کرنیوالا -

مفیض ع فیض پہونچانیوالا فائدہ دینے والا -

مفوض ع سپرد کیا گیا یعنے وہ چیز جو سپرد کی گئی ہو -

میم باقاف

مقبوض ع قبضہ کیا گیا اپنے تحت مین لیا گیا -

مقرض ع مقراض کیا ہوا یعنے کتری ہوئی چیز -

مقروض

مُقرُوض ع قرضدار جسے کسیکا قرض دینا ہو۔
مِقرَاض ع کاٹنیکا آلہ قینچی جسکو کہتے ہین

میم با نون

مُنقرِض ع کٹ جانے والا الگ ہو جانیوالا۔
مُنخفِض ع نشیب مین پڑنے والا پست ہونیوالا۔
مُنقبِض ع تنگ باندہا ہوا قبض کیا ہوا۔
مُناقِض ع توڑنیوالا اور مخالف اور دشمن۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکو اول حرف نون اور اخیر مین ضاد ہے

نون با الف

نَاقِض ع چہاڑنیوالا ہلانیوالا اور تپ لرزہ جو بیماریکا نام ہے
نَاہِض ع بچہ پرندکا جو اوڑنے لگے اور پردار ہو جاے

نون با با

نَبَّاض ع نبض دیکہنیوالا طبیب و معالج انسان کا۔
نَبض ع رگ متحرک یعنے وہ رگ جو جنبش کرتی ہو۔

نون با فا

نَفض ع جہاڑنا لرزہ مین آنا کانپنا۔

نون با قاف

نَقض ع توڑنا کسی دستا دیز کا دشمنی و عداوت کرنا۔
نَقِیض ع توڑنیوالا عہد و اقرار کا مجازاً دشمن۔

نون با ہا

نُہوض ع کوچ کرنا رواں ہونا اوٹہنا ایک مقام سے

سولہوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف طا ہے

اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین بہی فصل ہیں

پہلی فصل

اون لغات کے بیان ہین جن کی اول حرف الف اور اخیر مین طا ہے

الف با با

اِبْط ع بغل۔

الف با حا

اِحتیاط ع حفاظت کرنا دورہ مین لینا مجازاً تامل کرنا۔

الف با خا

اِختِلَاط ع ملانا ملنا پیار کرنا محبت و دوستی کرنا۔
اَخلَاط ع جمع خلط اور نام شہر کا روم مین۔

الف با را

اِرتِبَاط ع ربط دینا ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ ملانا گانٹھ دینا

الف با سین

اَسبَاط ع جمع سبط اولاد کی جو دہوتے اور گروہ ہجوم قوم۔
اِستِنبَاط ع بات سے بات نکالنا کہینچنا بات کی مغز کو پہونچنا۔
اِسقَاط ع ڈالنا دور کرنا حمل کا اور خطا کرنا گنوانا۔

الف با شین

اِشتِرَاط ع شرط کرنا سبب نکالنا کسی بات مین۔

الف با غین

اَغلَط ع بہت غلط جو صحیح نہو یعنے عیب دار۔
اِغلَاط ع غلط کرنا نادرست و عیب دار کرنا۔
اَغلَاط ع جمع غلط کا غلطیان بہت سے نادرستیان۔

الف با فا

اِفرَاط ع زیادہ کرنا بڑہانا کسی چیز کو۔

افراط ع بہت سی زیادتیان اور ترقیان -

الف با قاف

اقط ع یعنی جو دہی کو خشک کرکے بنایا جاتا ہے اور نمک و سمین ملا لکر نان خورش بناتے ہین قرت اور کشک بہی اوسکو کہتے ہین ۔

الف با لام

التقاط ع ہر چیدن یعنے چگنا اور جمع کرنا کسی چیز کو -

الف با نون

انبساط ع گستاخی و فراخی و گشادگی اور خوشی اور فرحت و فارغبالی
انخراط ع کسی جماعت مین جانا کسی چیز مین آنا سوئی مین تاگا ڈالنا رشتہ مین کہینچا جانا پہیلا جانا -
انحطاط ع نیچے اوترنا کم ہونا کم درجہ و کم قدر ہونا -
انضباط ع مضبوطی کرنا مستحکمی کرنا -
انبان نفط ف وہ حقہ جسمی جو بارود سی بہر کر دشمنون پر پہینکتے ہین وہ دشمنونکو وہ جلا دیتا ہے -

الف با واو

اواسط ع جمع اوسط جسکے معنی درمیان کے ہین -

دوسری فصل

اون لغات کی بیانمین جنکے اول حرف با اور اخیر مین طا ہے

با با الف

باسط ع فراخی دینے والا یہ نام خدا کے نامونمین سی ہے جو ہر ایک کو رزق مین فراخی دیتا ہے -
باد مخرط خ باد موافق جس سے جہاز بامراد چلین -

با با رائے

بربط ف ایک باجا کا نام ہے جو طنبورہ کی طرح ہوتا ہے اور آواز اوسکی نہایت مطبوع ہوتی ہے -

با با سین

بسط ع فراخی دینا بچہانا پہیلانا کسی چیز کو -
بسط ع بچہانا -
بساط ع فرش و فراخی میدان و اسباب سرمایہ و سفرہ و عرصۂ شطرنج - یہ لفظ بلفظ انداختن و گشیدن و آراستن و گسترون و چیدن مستعمل ہے -
بسیط ع فراخ اور بچہا ہوا اور ہر چیز جو غیر مرکب ہو اور جزو اوسکا کل کے ساتھ تشبیہ نامہ رکہتا ہو جیسے آگ پانی خاک ہوا اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے -
بسائط ع جمع بسیط اور مجازاً ارکان عناصر -

با با طا

بط ع نام جانور معروف و مجازاً صراحی شراب

با با لام

بلوط ع نام درخت ہے جسکو سیتا و سیاری کہتے ہین -

تیسری فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین طا ہے

تا با با

تبسط ع فراخی دینا گشادگی مین لانا پہیلانا بچہانا کسی چیز کو -

تا با خا

تخلیط ع ملانا بیچ مین جوشے کو سخن سازی کرنا -

تا با سین

تسلط ع ہاتہ ڈالنا غلبہ کرنا غالب ہونا کسی پر قابض ہونا -

تا با فا

تفریط ع کوتاہی و کمی کرنا ضائع کرنا نادرست کرنا -

تفسطط ع احمقاپن حقائق سی انکار کرنا سچی بات کو نہ ماننا

تا با نون

تنشیط ع خوش کرنا اور خوشی کرنا غم سے علیحدہ ہونا

تا با واو

توسط ع میانہ روی و اعتدال نہ زیادہ نہ کم۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ثا اور اخیر مین طا ہے

ثا با را

ثرط ع ہر شئی جو مشہور چیز ہو اور دو لکڑیونکو جو اوس سے جوڑتے ہیں

پانچوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین طا ہے

حا با با

حبط ع ناچیز ہونا معدوم ہونا ضائع ہونا نابود ہونا

حبوط ع ناچیز و نابود ہونا ضائع ہونا۔

حا با نون

حنوط ع وہ خوشبو جو چند خوشبو ملا کر مردہ کو ملتے ہین

حناط ع گندم فروش و خوشبو فروش یعنے عطار

چھٹی فصل

اون لغات کی بیانمین جنکے اول حرف خا اور اخیر مین طا ہے

خا با با

خبط ع آمیختگی عقل کی جنون کے ساتھ مجازاً دیوانگی و نادانی

خباط ع دیوانگی و جنون و نادانی و احمقاپن۔

خا با را

خراط ع لکڑی کو چرخ پر چڑھانے والا تر کھان۔

خرط ع لکڑی چھیلنا اور ہر چیز تراشی ہوئی اور صفائی دینا لکڑی کو

خرلیط ع بط کلان و مرد ابلہ و احمق و بیوقوف و نادان۔

خا با طا

خط ع لکھنا اور لکھا ہوا کاغذ جو مشہور لفظ ہے۔

خطوط ع جمع خط کی یعنے بہت سے لکھے ہوئے کاغذ۔

خا با لام

خلط ع ہر چیز ملی ہوئی اور ایک خلط منجملہ چار جسم کی خلطونکی یعنے دم و بلغم و صفرا و سودا۔

خلط ع آپسمین ملانا دو یا بہت سی چیزونکو یکجا کرنا۔

خلیط ع شریک و سہیم و انباز اور ملا ہوا۔

خا با میم

خمط ع درخت اراک یعنے پیلو جسکو بقدر نخود میوہ لگتا ہے اور ہر چیز جو ترش و تلخ ہو و درخت خاردار

خا با یا

خیاط ع سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑا سیتے ہین

خیاط ع درزی کپڑے سینے والا شخص۔

خیط ع رشتہ یعنے تاگا جو سوئی مین ڈالتے ہین۔

ساتوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف را اور اخیر مین طا ہے

را با با

رباط ع مسافر خانہ سرائے جہان مسافر آرام کرین

رباط ع وہ چیز جس سے کسیکو باندہ لین مجازاً رسی وغیرہ

رَبْط ع پیوند و پیوستگی و ملاپ و الفت وگرہ۔

راے با واو

رَوَابِط ع جمع رابطہ یعنے بہت سے پیوند اور توسل باہمی

راے با یاء

رَیْطَہ ع چادر ایک پاٹ کی جسکو دوسرا پاٹ نہ لگے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور اخیر مین طا ہے

سین با الف

سَاقِط ع افتادہ و ناکس و فرومایہ و کمینہ و بے قدر

سین با باء

سِبْط ع آل و اولاد نبیرہ و دوہتا و خویش و قبیلہ یعنی رشتہ دار

سَبِط ع وہ بال جو گوندھے ہوئے نہون یعنی کھلے ہوے بال اور چھوڑے ہوئے زلفین۔

سین با خاء

سَخُوط ع مکروہ و ناپسند و نامطبوع و زشت و خراب۔

سَخَط ع خشم و غضب و غصہ اور جوش طبیعت کا

سین با راے

سِتْرِطْرَاط ع پالودہ جو میدہ کا بناکر اور شربت ملا کر بنیتے ہین

سَرْخَط ف ایک قسم کا تمسک و اقرارنامہ جو مشہور لفظ ہے۔

سین با قاف

سَقَط ع ہلاک و تلف ہونا جانور یا کا مرجانا اوسکا

سِقْط ع بچہ خام جو پیٹ سے نکلا ہو نو مہینے ہوا اول۔

سَقَطَات ع خطا کرنا حساب و کتاب مین غلطی کھانا۔

سُقْلَاطِ ع سقرلاط جانب جو مشہور کیرا ہے اور اونی ہوتا ہے

سُقْرَاط ع نام حکیم یونانی جو بڑا فاضل و طبیب تھا

سین با میم

سِمْط ع مروارید جسکو ہندی مین موتی کہتے ہین۔

سُمُوط ع موتیون کی لڑیان یعنی سلکہای مروارید

سَمِّ الخِیَاط ع سوراخ سوزن جسمین تاگا ڈالا جاتا ہے

سِمَاط ع صف و دسترخوان و سفرہ و قطار و جماعت

سین با واو

سَوْط ع تازیانہ اور تازیانہ سے مارنا کسی کو۔

سین با یاء

سِیَاط ع تازیانہ ہا یعنے بہت سے تازیانے۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین طا ہے

شین با باء

شُبَاط ع نام ماہ رومی تقریباً ماہ پھاگن جو اخیر شمسی مہینہ ہے

شین با طاء

شَتَرْغَلَط ف کشتی کا داؤ ہے جس سے حریف کو پہلو پر لٹا دیتے ہین

شین با راے

شَرْط ف باد موافق و نشان و علامت اور نشتر مارنا واسطے خون نکالنے کے

شَرْط ع لازم کرنا کسی خیر کا اور عہد و پیمان باہمی۔

شَرَط ع نشان و علامت جو کسی کا قائم کیا جائے۔

شین با طاء

شَطّ ع رود اور کنارہ دریا و نہر کا یا پانی کا کنارہ

شَطَط ع اندازہ سے گذرنا ظلم کرنا حد سے بڑھنا دست درازی و زبردستی کرنا۔

شین با واو

شَوْط ع دوڑنا گشت کرنا دورہ کرنا تیز چال چلنا۔

شین با بائے

شبر غلط فا ایک کشتی کا داؤ ہے -

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین طا ہی

صاد با رے

صِراط ع راہ اور وہ پل جو دوزخ کے سیر ہوگا اور ہر ایک آدمی سے اوسپر سے اترنا ہوگا

صاد با لام

صلیبی خط چار گوشہ خط اس شکل پر + یعنی سولی کی شکل

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ضاد اور اخیر مین طا ہے

ضاد با الف

ضَماغِط ع ایک بیماری کا نام ہی اور وہ ایک درد ہوتا ہے جیسے بیمار جانتا ہی کہ اوسکے عضو کو کوئی نچوڑتا ہی اصل معنے اسکے نچوڑنے والا -

ضاغوط ع یہ ایک حالت ہی اور خواب مین انسان الیسا جانتا ہی کہ اوسکے گلے کو کوئی گھونٹتا ہے -

ضَابِط ع ضبط کرنیوالا گھونٹنے والا پنجہ مین لینے والا اپنے قبضے مین کرنے والا -

ضاد با را

ضُراط ع تیز اور وہ ریح جو ذیجان کی مقعد سے با آواز نکلے ہندی پاد اوسکو کہتے ہین -

ضاد با واد

ضَوابِط ع جمع ضابطہ کی بہت سے دستور و طریق

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور اخیر مین طا ہے

عین با ضاد

عَضرَفُوط ع جانور آبی مشہور ہے جسکو بہو کہتی ہین

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین طا ہے

غین با الف

غَائِط ع سرگین آدمی و دشمنی نسبت دمغاک و گل ولای

غین با لام

غَلَط ع خطا اور خطا کرنے والا اور خطا کیا گیا اور بھولنا تحریر و حساب وغیرہ مین پھسلنا کسی جگہ سے -

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین ہے

فا با رے

فَرط ع زیادتی و غلبہ و ترقی جو کسیکو حاصل ہو -

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین طا ہے

قاف با را

قُرط ع گوشوارہ اور فرو لیجانا آواز گلے مین

قرواط ع سفینہ کشتی و جہاز جسکو ہونک کر پانی پر تیرتے ہین سرنا سے ہی اوسکو کہتے ہین۔

قاف با سین

قِسط ع داد و عدل حصہ و نصیب اور پارہ ہر چیز کا۔

قَسط ع ظلم و جور و تعدی و زبردستی کرنا کسی سے۔

قُسط ع نام چوب جسکو کُٹ کہتے ہین۔

قاف با طا

قَط ع کسی سخت چیز کو کاٹنا اور بمعنے بس۔

قِط ع گربہ نر یعنے بلا جو مشہور جانور ہے۔

قَط و قَطّ ہرگز و ہمیشہ۔

قاف با میم

قِماط ع وہ کپڑا جسمین نوزاد لڑکے کو لپیٹتے ہین ہندی پوتڑا

قاف با نون

قُنوط ع ناامید اور ناامید ہونا کسی سے۔

قاف با یا

قیراط ع وزن نیم دانگ یا چار جو کا وزن۔

سولہوین فصل

اون لغات کی بیانمین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین طا ہے

لام با قاف

لقیط ع وہ بچہ جو راستہ مین گرا ہوا اوٹھایا ہو۔

لام با واو

لُوط ع نام پیغمبر کا جسکی قوم کی شہر آسمان پر لیجا کر اولٹا دیگئے

سترہوین فصل

اون لغات کی بیانمین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین طا ہے

میم با با

مَبسُوط ع فراخ کیا گیا اور نام کتاب بعلم فقہ جو مشہور ہے

میم با تا

مُتَسلَّط ع چہوڑا گیا اور وہ شخص جسپر ہاتہ ڈالا گیا ہو۔

مُتَسلِّط ع غلبہ کرنیوالا کسی پر ہاتہ ڈالنے والا۔

مُتَساقِط ع فرو ریزندہ یعنی ٹپکنے والا گرنے والا۔

میم با حا

مُحاط ع احاطہ کیا گیا گہیر اگیا چار طرف۔

مُحتاط ع احتیاط کیا گیا احاطہ کیا گیا دری مین لیا گیا۔

مُحیط ع پکڑنے والا احاطہ کرنے والا اور دریاے شور جس نے تمام زمین کو احاطہ کیا ہے اور نام کتاب فقہ مین اور نام خداوند تعالی کا۔

میم با خا

مُخلِط ع ملانے والا بہت کسی چیزونکو آپس مین و دوستونکی دوستی بڑہانے والا۔

مُختلِط ع ملایا گیا اپنے آپ مین لیا گیا۔

مَخلُوط ع ملایا گیا کسی چیز مین پیوست کیا گیا۔

مِخیَط ع سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑے سیے جاتے ہین

مَخیط ع دوختہ یعنے سیا ہوا کپڑا وغیرہ۔

مُختبِط ع بیوسیلہ مانگنے والا اپنی معرفت سے اور راتکو سوال کرنے والا بسبب شرم کے۔

مُخطِّط ع صاحب خط و صاحب تحریر۔

مُخیط ع آب سمین ملا ہوا اور فاسد و تباہ و خرابی جو مزاج مین واقع ہو۔

مُخاط ع آب بینی و تقضا یعنی جو ناک سے نکلے۔

مَخرُوط ع تراشیدہ اور وہ چیز جو ایک طرف سے موٹی

اور دوسری طرف سے پہلی کا جز کی طرح ہو-

میم با را

مِرط ع گودڑی اور چادر اوپر اوڑھنے کی-
مُرَبِط ع جسکان پر چارپایونکو باندھتے ہین-
مِرْبَط ع وہ چیز جسسے چوپایونکو باندہین رسی یا لکڑی یا کوئی اور چیز
مَرْبُوط ع ربط دیا گیا باندہا ہوا پیوند کیا ہوا ملایا ہوا
مُرْتَبِط ع ربط دیا گیا باندھا گیا پیوند کیا گیا ملایا ہوا-

میم با سین

مُسْتَنْبِط ع باہر کی والا نکالنے والا پانی یا علم کا-
مُسْتَنْبَط ع نکالا گیا جاری کیا گیا باہر لایا گیا-
مُسَمَّط ع موتی پرویا ہوا اور لڑی موتیون کی اور نام ایک صنعت کا شعر مین-
مُسَلِّط ع غالب ور آور و زبردست شخص-
مُسَلَّط ع مغلوب یعنے جسپر کسی نے غلبہ پایا ہو-

میم با شین

مِشْرَط ع نشتر جسسے خون نکالتے ہین-
مُشط و مشط ع شانہ یعنے کنگھی جو بالون مین پہیرتے ہین-

میم با ضاد

مَضْبُوط ع جو چیز مستحکم اور ضبط کی ہوئی ہو-

میم با غین

مُغْتَبِط ع محسود جسکو لوگ دیکھکر حسد کرین-
مَغْبُوط ع محسود جسکا زوال نعمت حاسد چاہے-

میم با فا

مُفْرِط ع حد سے بڑہنے والا زیادہ اور بہت بے اندازہ-

میم با قاف

مُنَقَّط ع نقطہ دار نقطہ لگی جسپر قلم کو نقط لگائین-
مُتَقَرِّط ع گوشوارہ پہنے ہوئی شخص یعنی جسنے گوشوارہ پہنا ہوا ہو-

میم با لام

مُلْتَقَط ع چنا ہوا رفو کیا ہوا اوٹھایا ہوا سیا ہوا-
مُلْتَقِط ع چننے والا رفو کرنے والا اوٹھانے والا-

میم با میم

مُمْشُوط ع کنگھی کیا گیا سنوارا گیا-

میم با نون

مَناط ع دراو کنگی وپیچیدگی وجاے آویختن وپیچیدن
مَنُوط ع باندہا ہوا لٹکا ہوا کسی چیز سے-
مُنْخَرِط ع آراستہ و درست اور صاف کی ہوئی لکڑی خراد پر چڑہائی ہوئی
مُنْبَسِط ع کہل جانے والا پہیل جانے والا خوش ہونیوالا خوشی لانے والا-

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین طا ہے

نون با شین

نَشاط ع خوشی وشادمانی وعیش وعشرت-
نِشاط ع جمع نشط جسکے معنے خوش کے ہین چنانچہ کرام کریم کی

نون با فا

نِفْط و نَفط ع ایک قسم کا تیل ہے جو زمین شروان مین سے نکلتا ہے مجازاً بارود-

نون با قاف

نُقَط ع جمع نقطہ جسکو ہندی مین بندی کہتے ہین-
نِقاط ع جمع نقطہ یعنے بہت سے نقطے-

نون با میم

نمط ۔ فرش و بساط رنگین و روش و دستور و طریق۔

نون با واو

نوط ۔ آویختن یعنے لٹکنا کسی چیز کے ساتھہ۔
نوخط ۔ نوجوان و نوعمر و نابالغ لڑکا۔

انیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف واو اور آخیر مین طا ہے

واو با سین

وسط ۔ درمیان یعنے بیچون بیچ کسی چیز کے۔
وسط ۔ درمیانہ چیز یعنے متوسط۔
وسائط ۔ جمع واسطہ وسیلہ یعنے بہت سے وسیلے
وسیط ۔ جو نسبت مین میانہ اور درجہ مین بلند ہو۔

واو با طاء

وطواط ۔ ابابیل اور نام شاعر کا۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف ہا اور اخیر مین طا ہے

ہا با الف

ہابط ۔ نیچے اوترنے والا بلندی سے تنزل کرنے والا

ہا با باء

ہبط ۔ نیچے اوترنا نقصان کرنا تنزل کرنا کم قدر کرنا۔
ہبوط ۔ نیچے اوترنا نقصان مین آنا تنزل کرنا مصدر سفر کرنے کا

ستر ہوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکا اخیر مین حرف ظا ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین گیارہ فصل مین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف الف اور اخیر مین ظا ہے

الف با غین

اغلاظ ۔ چیز نامی درشت و سطبر یعنے سخت و موٹی چیزین۔

الف با لام

الفاظ ۔ جمع لفظ کی یعنے بہت سے بول زبان کے۔

الف با یاء

ایقاظ ۔ بیدار جاگنے والے لوگ جو کم سوئین۔
ایقاظ ۔ بیدار کرنا جگانا کسیکو نیند سے۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف تا اور اخیر مین ظا ہے

تا با یاء

تیقیظ ۔ بوزن تجدید بیداری اور بیدار کرنا کسیکو نیند سے
تیقظ ۔ بیداری اور بیدار کرنا نیند سے کسیکو

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف جیم اور اخیر مین ظا ہے

جیم با الف

جاحظ ۔ وہ شخص جسکی آنکھہ کا حدقہ باہر کو نکلا ہوا ہو اور نام ایک عالم کا

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف حا اور اخیر مین ظا ہے

حا با الف

حافظ ء نگہبان پاسبان اور قرآن کا یاد رکھنے والا

حا با ظا

حظ ء نصیب بہرہ خوشی اسکی جمع حظوظ ہے۔

حا با فا

حفظ ء نگہبانی و حفاظت اور قرآن کو یاد کرنا۔
حفیظ ء نگہبان اور ایک نام خدا کے ناموں سے۔
حفاظ ء عار و حمیت و مروت و نگہبانی و مواظبت
حفاظ ء حافظان یعنے بہت سے نگہبانان۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین ظا ہے

شین با واو

شواظ ء شعلہ آتش آگ کا پرکالہ۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف عین اور اخیر مین ظا ہے

عین با کاف

عکاظ نام بازار یا مین نخلہ وطائف کے۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف غین اور اخیر مین ظا ہے

غین با لام

غلاظ ء سطبر و درشت یعنے سخت اور موٹی چیز۔
غلاظ ء جمع غلیظ یعنے سخت و موٹی چیزین۔
غلیظ ء ضد رقیق سطبر و درشت و ناپاک۔
غلظ ء سطبری و درشتی و ناپاکی۔

غین با یاء

غیظ ء غصہ و کینہ جو دل مین ہو۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف لام اور اخیر مین ظا ہے

لام با حا

لحاظ ء نگاہ رکھنا کسی چیز کا آنکھہ سے دیکھنا۔
لحاظ ء دنبالہ آنکھہ کا آنکھہ پھیر کر دیکھنا۔

لام با فا

لفظ ء منہ سے نکالنا سخن کہنا اور ڈالنا۔

لام با واو

لواحظ دنبالہائے چشم یہہ لفظ جمع لحاظ کی ہے۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور اخیر مین ظا ہے

میم با حا

مُحافِظ ع حفاظت کرنیوالا نگہبان کسی چیز کا۔
مَحْظُوظ ع بہرہ مند و بخت ور و صاحب نصیب و قسمت
مُحْتَظ ع بہرہ مند و صاحب نصیب صاحب قسمت

میم با سین

مُسْتَیْقِظ ع بیدار جو شخص سویا ہوا نہو۔

میم با لام

مَلحُوظ ع لحاظ کیا گیا آنکھ کے دنبالہ سے دیکھا گیا۔

میم با واو

مَواعِظ ع نصیحتیں جو کسیکو کی جائین

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف نون اور اخیر مین ظا ہے

نون با الف

ناحفاظ ع بے شرم و فاسق و بے احتیاط۔

نون با عین

نَعُوظ ع استادگی ذکر شہوت کی حالت مین۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف واو اور اخیر مین ظا ہے

واو با الف

وَاعِظ ع نصیحت و پند کرنیوالا بدیسے باز رکھنے والا۔

واو با عین

وَعْظ ع پند و نصایح جو کسیکو کیجائین
وُعَاظ ع جمع ہے واعظ کی یعنی بہت سے نصیحت کرنیوالے

اٹھارہوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف عین ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین چھبیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین عین ہے

الف با با

اِبْداع ع پیدا کرنا کسی چیز کا جو نئی اور تازہ ہو اور ظاہر کرنا
اِبْتِلاع ع حلق مین اوتار لینا کسی لقمہ وغیرہ کا۔

الف با تا

اِتْباع ع بروزن انواع پیروان و خدام یعنے نوکر و خدمتگار
اِتِّساع ع فراخ ہونا اور نام مرض چشم جیسے آنکھ چڑھتی یا پھیل جاتی ہے
اِتِّباع ع پیروی کرنا متابعت کرنا کسی کا۔

الف با جیم

اِجْماع ع اتفاق کرنا جماعت کا ایک کام پر۔
اِجْتِماع ع جمع ہونا اور باصطلاح منجم جمع ہونا آفتاب اور چاند کا ایک برج مین ایک درجہ اور ایک دقیقہ پر اور ایسے وقت مین چاند نظر سے گم ہو جاتا ہے اور یہہ موقع نہایت منحوس ہوتا ہے۔

الف با خا

اِخْتِراع ع نئی چیز کا پیدا کرنا مشتق خرع سے جسکے معنے کھود نے کے ہین۔

الف با رے

اِرجاع ۶ متوجہ کرنا کسی کو کسیکی طرف توجہ دلانا۔
اِرتجاع ۶ موڑنا پھیرنا دوبارہ متوجہ ہونا۔
اِرتفاع ۶ بلندی اور بلند ہونا اور اوٹھانا مجازاً محصول و فائدہ و محصول زراعت اور دفع اور دور کرنا اور علیحدہ کرنا۔
اَرباع ۶ جمع رَبع منزلہا و خانہا و جمع ربع

الف با سین

اَسابع ۶ جمع اسبوع معنے اسکے ہفتے اٹھوارے
اِستمتاع ۶ نفع چاہنا فائدہ مانگنا سود طلب کرنا۔
اِسماع ۶ سنوانا گالی دینا سرود کہنا۔
اَسماع ۶ جمع سمع یعنے بہت سے کان۔
اِسترجاع ۶ واپس لینا رجوع کرنا۔
اِستشفاع ۶ شفاعت چاہنا سپارش مانگنا۔
اِسجاع ۶ سخن میں قافیہ لانا و آواز کبوتر و فاختہ
اُسبُوع ۶ ہفتہ و ہفت روز یعنے سات دن۔
اِستدفاع ۶ دفع کرنا کسی چیز کو کسی چیز سے الگ کرنا
اِستطلاع ۶ آگاہی ڈھونڈنا اطلاع چاہنا خبر پوچھنا
اِستنقاع ۶ نقوع لینا یعنے ادویہ کو جو خشک ہوں پانی میں بگھو کر اوسکا پانی لینا۔

الف با شین

اَشیاع ۶ گروہ ہاے دوستان و دوستونکی جماعتیں
اِشباع ۶ سیر کرنا اور حرکت زیر زبر پیش کو ایسا پُر پڑھنا کہ حروف علت اوس سے ظاہر ہوں چنانچہ فتح سے الف کسرہ سے یا ضمہ سے واو پیدا ہوں۔
اَشنع ۶ بہت قبیح اور بہت بد اور بہت مکروہ
اَشجع ۶ بہت دلیر اور بہادر اور نام ایک [illegible]

الف با صاد

اِصطناع ۶ نکوئی کرنا اور پرورجانا۔
اَصلع ۶ کل یعنے گنجا وہ شخص جسکے سر کے بال اوڑ جائیں
اَصابع ۶ و انگشتان یعنے انگلیاں ہاتھ پاؤں کی
اِصبع ۶ انگلی انسان کے ہاتھ پاؤں کی

الف با ضاد

اَضیع ۶ بہت ضائع کرنیوالا تلف کرنیوالا۔
اَضلاع ۶ جمع ضلع معنی پہلو و گوشہ و طرف و جانب
اِضطجاع ۶ پہلو پر سونا ایک طرف سونا۔

الف با طاء

اِطماع ۶ کسیکو طمع میں ڈالنا امید میں ڈالنا۔
اَطماع ۶ جمع طمع یعنے بہت سی امیدیں۔
اِطلاع ۶ خبر دینا خبر پہونچانا آگاہ کرنا کسی کو۔

الف با قاف

اَقطاع ۶ جاگیریں و پرگنے جو کسیکو بادشاہ سے ملیں۔
اَقرع ۶ کل یعنے گنجا جسکے سر بال نہوں۔
اَقطع ۶ بریدہ دست یعنے ہاتھ کٹا ہوا آدمی۔
اِقماع ۶ شکستہ کرنا توڑنا ناقص کرنا کسی چیز کو۔
اَقماع ۶ بہت سے توڑے اور کوہان اونٹ کی
اِقتناع ۶ قناعت کرنا تھوڑے پر صبر کرنا۔

الف با کاف

اَکارع ۶ پاے گاو و گوسپند یعنی گاے و بکری کی سم

الف با لام

اِلتیاع ۶ سوزش دل جو عشق سے ہو یعنی محبت کی جلن
اِلتماع ۶ چمکنا چمکار دینا روشن ہونا۔

الف با میم

اِمْتَاع نفع پہونچانا فائدہ دینا کسی کو۔
اِمْتِنَاع منع کرنا باز رکہنا بُرے کام سے

الف با نون

اِنْتِزَاع باہر کہینچنا اوکہاڑنا اوکہاڑے جانا۔
اِنْدِفَاع دور ہونا الگ ہوئے نا علحدہ ہونا کسی سے
اِنْصِدَاع پہٹنا شگافتہ ہونا چرجانا۔
اِنْتِفَاع نفع لینا فائدہ حاصل کرنا سود لینا۔
اِنْخِلَاع اوکہڑنا علحدہ ہونا کسی سے۔
اِنْقِطَاع قطع کرنا کاٹنا علحدگی کرنا۔
اَنْوَاع قسم قسم کی چیز طرح طرح کی چیز۔
اِنْطِبَاع نقش ہونا چہپ جانا ثبت ہونا۔
اِنْقِلَاع اوکہڑنا۔

الف با واو

اَوْجَاع جمع وجع کی درد ہاے جسمی جو انسانکو ہوتی ہین
اَوْضَاع جمع وضع کی طور و طریق ڈہنگ چال چلن
اَوْتَاد طالع منجین طالع کی جو منجومیون کے نزدیک چار ہین اول خانہ اول بروج جو متعلق تن و جان و عمر و زندگانی ہے دوم خانہ چہارم جو متعلق معاش و روزی و ملک و مقام ہے تیسرے ساتوان خانہ جو متعلق بہ تزویج و مراد و مقصود ہے چوتہے دسوان گہر جو متعلق بحکومت و شغل و عمل و دولت ہے۔

الف با یاء

اِیْقَاع واقع کرانا جنگ مین ڈالنا لڑانا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکو اول حرف با اور اخیر مین عین ہے

با با الف

بَائِع بیع کرنیوالا یعنے بیچنے والا کسی چیز کا۔
بَاع دونو ہاتہہ کی لمبائی کا مقدار جسقدر رہو۔

با با دال

بَدِیْع نیا پیدا ہوا ہوا اور عجائب چیز و مطبوع
بِدْع نیا پیدا ہونا ظاہر ہونا ظہور مین آنا کسی چیز کا
بِدَع نئی پیدا ہوئی ہوئی چیزین جمع بدعت
بَدَائِع جمع بدیع مجازاً عجائبات اور تعجب کی چیزین

با با راے

بَرْدَع توابع ایران سے ایک ملک ہے جہان سکندر کے وقت نوشابہ کی بادشاہت تہی۔

با با قاف

بِقَاع جمع بقعہ بمعنی جا اور مکانہا یعنی بہت سی جگہین اور مقام

با با لام

بَلْعَم گلے مین اوتار لینا کسی چیز کا نگل جانا لقمہ کا۔
بُلْع منازل قمر سے تیئسوین منزل کا نام ہے۔

با با نون

بَنِی نوع ایک باپ کے بیٹے یا ایک جنس کی پیدایش اور ایک قسم کے

با با واو

بُوْنَاع ایک مرکب معجون کا نام ہے جو مقوی دل ہے

با با یاء

بَیَّاع خریدنیوالا اور بیچنے والا یعنے یہ لفظ دو معنی رکہتا ہے
بَیْع خریدنا اور بیچنا یعنے خرید و فروخت کرنا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف تا اور اخیر مین عین ہے

تا با الف

تابع ع فرمانبردار خادم نوکر چاکر حکم ماننے والا۔
تاسع ع شمار مین نوان اور نوان حصہ کسی چیز کا۔
تاج شمع ع شعلہ شمع کا جو بتی کے اوپر ہوتا ہے۔

تا با باء

تبیع ع گاو یکسالہ یعنی ایک برس کی عمر کی گائے۔
تتبع ع پیروی کرنا اور پیروی کرنیوالے اور پیروی کرنیوالا۔
تبرع ع کسی کو اصل مال سے زیادہ دینا اور بخشنا اور وہ کام کرنا جو اسکے ذمہ پر فرض یا واجب تھا مثلاً نماز کے فرض ادا کرکے مزید بران نماز نفل پڑھنا حکم سے زیادہ خدمت مالک کی کرنا۔ واضح ہو کہ عبادت چار قسم منقسم ہے فرض واجب سنت مستحب اور عبادت نوافل مستحب ہے۔

تا با تاء

تتابع ع پے در پے ہونا بار بار ہونا بہت مرتبہ ہونا۔
تتبع ع پیروی کرنا متابعت کرنا اطاعت کرنا۔

تا با جیم

تجرع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا کسی پینے کی چیز کا۔

تا با حا

تحت الشعاع ع وہ دن جن میں آخر مہینے قمری کے جنمین چاند نظر نہین آتا

تا با خاء

تخشع ع فروتنی و عجز و خاکساری ظاہر کرنا۔

تا با راء

ترجیع ع رجوع کرنا کسیکی طرف متوجہ ہونا۔
ترفع ع بلندی چاہنا و غرور و تکبر و فخر ظاہر کرنا۔
تراجع ع پھرنا اور الٹنا منقلب ہونا رجوع ہونا اور رجعت کرنا اکثر کواکب کا مغرب سے مشرق کو۔
ترع ع سبزہ زار جمع ترعہ بوستان سے سرسبز۔
ترعرع ع پھولنا اور نشو و نما پکڑنا۔
تربیع ع درمیان قمر اور دیگر ستاروں کے چار برج کا فرق مثلاً قمر حمل مین ہوا اور زہرہ سرطان مین اور چارگوشہ کرنا کسی چیز کو۔
ترصیع ع مرصع کرنا جڑاؤ کرنا شعر با قافیہ و ردیف کہنا یا مقفی عبارت کا لکھنا۔

تا با زاء

تزعزع ع جنبش کرنا حرکت مین آنا ہلنا اپنی مقام سے

تا با سین

تسرع ع تیزی کرنا جلدی کرنا سرعت کرنا۔
تسع ع نو عدد مین یعنے ۹ نو۔

تا با شین

تشییع ع رخصت کرنا مسافر کو راہ تک پہونچانا۔
تشنیع ع برا کہنا ملامت کرنا کسیکو کسی جرم پر۔
تشیع ع اپنے آپ کو شیعہ کہنا اور شیعہ بننا۔

تا با صاد

تصنع ع آراستگی و سنگار کرنا خوشامد و چاپلوسی سے پیش آنا۔
تصدیع ع درد سر و تکلیف رنج و بلا و آفت۔

تا با طاء

تطوع ع وہ حکم بجا لانا جو واجب نہو عبادت نافلہ ادا کرنا

تا با فاء

تفجع ع دردمند ہونا دکھیا ہونا
تفزیع ع ڈرانا دہمکانا خوف دلانا۔

تا با قاف

تقطیع ع ٹکڑے ٹکڑے کرنا پارہ پارہ کرنا وزن پر لانا کسی مصرع کا چنانچہ خدایا جہان پادشاہی تراست اسکا وزن ہے۔ فعولن فعولن فعولن فعول جنت ایک

یک فعولن کو بیت کے علحدہ علحدہ ٹکڑون پر تقسیم کرینگے تو اوسکا نام تقطیع ہے چنانچہ خدایا فعولن بیان با فعولن دشاہی فعولن تراست فعول۔

تقصیریع ع بدکہنا ملامت کرنا بیقرار ہونا پہلو بپہلو پھرنا۔

تقاطع ع ایک دوسرے سے قطع کرنا علحدگی کرنا۔

تا با کاف

تکسر ع وضو کرنا منہ ہاتھ دہونا ماخوذ اکارع سے

تا با لام

تلمیع ع روشن ہونا چمکنا جلوہ دینا۔

تا با میم

تمتیع ع برخورداری فائدہ مستعمل بلفظ گرفتن و یافتن

تا با نون

تنوع ع قسم قسم ہونا طرح طرح ہونا جنس جنس ہونا۔

تنازع ع خصومت کرنا جھگڑنا لڑنا آپس مین

تا با واو

توقع ع امید و طمع جو کسی سے رکھی جاے

تواضع ع فروتنی و کسر نفسی اپنی دوسرے کے مقابلہ پر

توزیع ع پراگندگی و پریشان حالی و پشیمانی۔

توقیع ع نشان بادشاہ کا جو نامہ و منشور کی پیشانی پہ ہوتا ہے

تودیع ع وداع کرنا سپرد کرنا رخصت کرنا کسی کو۔

توزیع ع پراگندہ کرنا حصہ کرنا کسی ایک چیز کو۔

توقیع ع حرص کرنا طمع کرنا امیدوار ہونا۔

توسیع ع فراخی کرنا فراخ ہونا کسی معاملہ مین۔

تورع ع پرہیزگاری کرنا گناہ سے بچنا متقی ہونا۔

توسیع ع فراخ کرنا کشادہ کرنا۔

توجع ع دردمند ہونا اور بیماری درد کی۔

تا با یا

تہوع ع بشدت قے کرنا بہت ساقی کرنا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف جیم اور آخیر مین عین ہے

جیم با الف

جائع ع گرسنہ یعنی بھوکھا شکم خالی۔

جامع ع وہ مسجد جسمین جمعہ کی نماز ادا کرین اور جمع کرنیوالا۔

جیم با دال

جذع ع تنہ درخت یا درخت کی شاخ۔

جذع ع گاو و اسپ جو سالہ ہو یعنی تین برس کا بیل

جذوع ع شاخہا و تنہای درخت یہہ لفظ جذع کی جمع ہے

جیم با زاے

جزع ع بے صبری بے آرامی و نالہ جنی و بیقراری۔

جزع ع سنگ سلیمانی جو سفید و سیاہ ہوتا ہے۔

جیم با میم

جمع ع تمام اور گروہ اور یکجا اور مجلس و میوون کی

جماع ع صحبت عورت و مرد کی اختلاط دونو کا۔

جموع ع جمع جمع کے لفظ کی جماعتین اور گروہ۔

جمیع ع تمام اور بالکل اور سرتاپا۔

جیم با واو

جوع ع گرسنگی بھوکھ یعنے طعام کی خواہش۔

جوامع ع جمع جامع تمام و ہمہ و بالکل و سرتاپا۔

جواہر تسع ع نو آسمان یا نو جواہر یعنے لعل مروارید — الماس — زمرد — یاقوت — فیروزہ — مرجان — لہسنیا — عقیق — یا لہسنیا سنہری مین ان کو نورتن کہتے ہین۔

پانچوین فصل

ادن لغات کی بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین عین ہے

حا با سین

حسن مطلع ۴ دوسرا بیت غزل و قصیدہ سی جو پہلے بیت مطلع کی طرح پر ہو۔

چھٹی فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین عین ہے

خا با الف

خاضع ۴ فروتنی و تواضع کرنیوالا خاکسار ظاہر کرنیوالا
خاشع ۴ عاجزی کرنیوالا منت و خوشامد کرنیوالا۔
خادع ۴ فریبی مکار دغاباز آدمی۔
خاطر جمع ۴ دل کی تسلی ضد پریشانی کی۔

خا با دال

خدع و خداع ۴ فریب دینا دغا سی پیش آنا داؤ دینا۔
خدیع ۴ فریب دینا دغا دینا داؤ مین لانا۔
خدائع ۴ جمع خدیعت کی مکر و فریب و دغابازی۔

خا با رای

خرنع ۴ بچہ خرگوش جو ایک مشہور جانور ہے۔

خا با شین

خشوع ۴ عجز و فروتنی و خوف و رعب جو کسی پر غالب ہو۔

خا با ضاد

خضوع ۴ عاجزی کرنا۔

خا با لام

خلع ۴ نکلنا اور نکلنا عضو کا بند و پیوند سی اور اوتارنا کپڑے سے اور موزہ کا اور خلعت دینا۔
خلع ۴ طلاق لینا عورت کا بعوض بخشنے حق مہر یا بعوض دینے اولاد اور مال نقد و جنس کے۔

خا با میم

خمع ۴ گرگ درندہ یعنی بھیڑیا جو مشہور درندہ ہی۔

ساتوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین عین ہے

دال با رای

درع ۴ زرہ جو پہلوان جنگ کے وقت پہنتا ہے

دال با عین

دعای قدح ۴ نام دعا ہی جو عربی زبان مین ہی۔
دع ۴ صیغہ امر یعنی بگذار اور چھوڑ دفع کر در گذر۔
دع ۴ مصدر ہے بمعنے دفع کرنا چھوڑنا در گذر کرنا۔

دال با میم

دمع و دموع ۴ اشک چشم اور نام بیماری چشم جس سی آنکھون سے پانی جاری رہتا ہے۔
دموع ۴ اشکہای چشم یعنے آنکھون کے آنسو۔

دال با واو

دوافع ۴ جمع دافع دفع کرنیوالے دور کرنیوالے۔

آٹھوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین عین ہے

ذال با الف

ذَائِع ؏ آشکارا و فاش و پراگندہ و ظاہر سب کے روبرو

ذال با رائے

ذِرَاع ؏ ہاتھ یا زو بالشت اور فاصلہ سر انگشت انسان سے کہنی تک اور گز یا پنی کا اور داغ ران شتر جو واسطے نشان کے دیا جاتا ہی اور نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے -

ذَرَائِع ؏ جمع ذریعہ وسیلہ یا یعنی بہت سے ذریعے اور وسیلے

ذَرْع ؏ طاقت اور بالشت سے ماپنا کسی کپڑے وغیرہ کو -

ذَرَع ؏ طمع و بچہ گاو وحشی -

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین عین ہے

رای با الف

رَاتِع ؏ چرنے والا بلند ہونیوالا -

رَابِع ؏ چوتہا یعنے کسی چیز کا چوتہا حصہ چار مین سے ایک

رَاجِع ؏ رجوع کرنیوالا توجہ کرنیوالا متوجہ ہونیوالا -

رَاكِع ؏ رکوع کرنے والا جہک جانے والا -

رَاتِع ؏ پہولنی والا بڑہنے والا اور وہ مال جو کہیتی سے ملے

رَادِع ؏ ہٹلنے والا موڑ دینے والا واپس کرنیوالا

رَافِع ؏ اوٹہانیوالا بلند کرنیوالا پیش کے حرکت دینے والا فریاد کرنیوالا عدالت جانے والا -

رَاقِع ؏ کپڑے کو پیوند لگانیوالا گودڑی سینے والا

رای با بای

رَبُّ النَّوع ؏ ایک فرشتہ کا نام ہی جو ہر ایک مخلوق کی پرورش و حفاظت پر موکل ہے -

رُبع ؏ چوتہا حصہ اور نام ایک علم نجوم کا جو نجومی کہتی مین

رِبع ؏ وہ تپ جو تہی روز عود کرے یعنی تپ چارم بعد کا

رَبِیع ؏ موسم بہار یعنے ماہ چیت و بیساکہ جس مین موسم سرما نکلکر بہار کا موسم آجاتا ہے اور باغ سبز ہو جاتے ہین پہول پہولنی پر آجاتے ہین اور نام ایک مرد سخی کا جسکو ربیع بن فضل کہتے ہین

رائے با جیم

رَجِیع ؏ جو چیز رد کی جائی مجازاً سرگین آدمی و ستور و شتر لاغر یعنے دبلا اونٹ -

رُجْع ؏ رجوع کرنا لوٹنا پہر آنا متوجہ ہونا -

رُجُوع ؏ متوجہ ہونا عود کرنا واپس پہر آنا لوٹنا -

رائے با ضاد

رَضِیع ؏ طفل شیر خوار اور ہمشیر جن دونون نے عالم شیر خواری مین ایک دایہ یا والدہ کا دودہ پیا ہو یعنے دودہ کا بہائی یا بہن

رَضَاع ؏ دودہ پینا بچہ کا اور زمانہ شیر خواری یعنی جبتک بچہ دودہ پیے

رائے با فا

رَفْع ؏ اوٹہانا بلند کرنا فریاد کرنا دعوی کرنا الصاف مانگنا دور کرنا پیش کی حرکت دینا معزول ہونا کسی عہدہ سے

رَفِیع ؏ بلند عزتدار اور چڑہا ہوا امیر دولتمند -

رائے با قاف

رِقَاع ؏ ٹکڑے اور رقعہ ہای مختصر جمع رقعہ کے لفظ کی -

رائے با یائے

رَیْع ؏ کہیتی کا بڑہنا اور اوسکی آمدنی یعنی جو روپیہ اوس سے ملے

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زای اور اخیر مین عین ہے

زای با رای

مزرع ؏ اوگنا اوگانا بونا اور کہیتی جو بوئی ہوئی ہو۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف سین اور اخیر مین عین ہے

سین با الف

ساجع ؏ گانیوالا پرند بلبل وغیرہ قافیہ دار بولنے والا
سابع ؏ ساتوان یعنی ساتوان حصہ ایک عدد کا ساتون مین سے ایک
ساطع ؏ بلند اور چڑہا ہوا امیر غنی مالدار۔
سامع ؏ سننے والا کسی بات کا کان سے۔

سین با با

سبع ؏ ہفت یعنے سات عدد ہین۔
سبع ؏ جانور درندہ مثل گرگ و سگ وغیرہ۔
سبع ؏ ساتوان حصہ اور ساتوان حصہ قران کا جو سات منزل مین منقسم ہے اور سات عدد مین سے ایک
سباع ؏ درندگان یعنے درندی چارپایہ مثل شیر گرگ و پلنگ و سگ وغیرہ جمع سبع کے لفظ کی۔

سین با جیم

سجع ؏ آواز طبیعہ خوش آواز جانورونکی جو مطبوع ہو۔

سین با را

سراع ؏ شاخین تازہ درخت انگور کی اور میوہ دار شاخین
سرع ؏ شاخ تازہ درخت انگور کی جو سبز ہو
سریع ؏ شتاب کرنے والا اور جلدباز آدمی اور نام ایک بحر کا عروض سے جسکا وزن یہ ہے جو لکھا گیا ہے مفتعلن مفتعلن فاعلان۔

سین با طا

سطوع ؏ بلند ہونا اوپر کو چڑہنا عزت دار ہونا۔

سین با میم

سماع ؏ سرود راگ اور سننا کسی تقریر یا بات کا
سمع ؏ کان اور سننا۔
سمع ؏ بچہ گرگ جو کفتار سے ہو یعنے مادہ گرگ ہو اور نر کفتار یا برخلاف اسکے۔

سین با واو

سواع ؏ نام بت جسکو قوم نوح ؑ کی پوجتی تہی۔
سواطع ؏ جمع ساطع کی لفظ کی جسکے معنی روشن کے ہین

سین با ہا

سہ نوع ؏ موالید ثلاثہ یعنے نباتات جمادات حیوانات

سین با یا

سیاع ؏ کہگل جو دیوار اور چہت کو کرتے ہین

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین غین ہے

شین با الف

شافع ؏ شفاعت کرنے والا سفارش کرنیوالا یہہ لقب جناب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے۔
شائع ؏ فاش ظاہر آشکارا روشن مشہور۔
شاع ؏ آشکارا و فاش و ظاہر و مشہور۔
شارع ؏ راہ راست و راہ بزرگ و صاحب شرع۔

شین با با

شبع ؏ سیر ہونا طعام سی بخلاف گرسنگی یعنی پیٹ بہر کے کہانا

شین با جیم

شجاع ؏ بہادر دلیر آدمی جنگ آور شخص اور وہ شخص جو ہر ایک کام مین چست و چالاک ہو۔

شین با رے

شرع ۶ طریق و دین و مذہب اور راستہ -

شراع ۶ بادبان کشتی کا -

شرح مطالع ۶ علم منطق مین ایک کتاب کا نام ہے

شرائع ۶ جمع شریعت کی یعنی بہت سی شریعتین -

شین با میم

شمع و شمع ۶ موم اور موم کی بتی جو رات کو روشن کیجاتی ہے

شموع ۶ جمع شمع یعنے بہت سی بتیان جلانے کی -

شین با نون

شنیع ۶ بد و زشت و ناپسندیدہ و مکروہ و نامطبوع

شنائع ۶ جمع شنیع کی لفظ کی بہت سے بد و زشت چیزین

شین با واو

شوارع ۶ بڑی اور سیدھی راستے لیکن یہ لفظ جمع شارع کی ہے

شین با یاے

شیوع ۶ ظاہر ہونا آشکارا ہونا مشہور ہونا کسی چیز کا -

تیرہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف صاد اور آخیر مین عین ہے

صاد با الف

صانع ۶ کاریگر کسی چیز کا بنانیوالا اور نام خدا تعالے کا

صاع ۶ نام پیمانہ بقدر دو سو چونتیس تولہ کے ہندی تول ہے

صاد با دال

صداع ۶ چیر نا مجازاً درد سر جو مشہور بیماری ہے -

صدع ۶ چیرنا کہودنا پہاڑنا کسی چیز کو -

صاد با را

صرع ۶ زمین پر گرانا اور نام بیماری مرگی کا جسکو مرگی کہتے مین

صاد با فار

صفع ۶ تمسکا لگانا گہونسا مارنا کسی کو -

صاد با لام

صلع ۶ بیماری گنج کی اور اوترنا سر کے بالون کا

صاد با نون

صنع ۶ کام کرنا پیدا کرنا نیکی کرنا جمع اسکی صنائع ہے

صاد با واو

صوامع ۶ جمع صومعہ عبادت خانہ خدا پرستون کا

چودہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ضاد اور آخیر مین عین ہے

ضاد با الف

ضائع ۶ تلف و برباد ہوا ہوا خراب ہوا ہوئی چیز -

ضاد با باء

ضبع ۶ کفتار ۔ چارپایہ مشہور ہے ہندی مین اوسکو بجو کہتے مین -

ضاد با جیم

ضجیع ۶ ہمخوابہ و ہم بستر دوست رفیق ہم صحبت -

ضاد با را

ضرع ۶ پستان گائے و گوسفند وغیرہ جانورونکا جو دودہ دیتے ہین

ضرع ۶ زاری و فروتنی و خاکساری و عجز و نیاز -

ضریع ۶ ایک گہاس کا نام ہے جو دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے اوسکی بدمزگی اور سمیت سے کوئی جانور اوسکو نہین کہاتا اور جو کہاتا ہے مرجاتا ہے -

ضاد با فاء

ضفدع ۶ غوک یعنے مینڈک جو مشہور آبی جانور ہے

ضفادع ع جمع ضفدع عکے یعنے بہت سے مینڈک۔

ضاد با لام

ضلع ع استخوان پہلو وحصہ مین ضلوع اسکی جمع ہے

ضاد با یاء

ضیاع ع جمع ضیعہ اراضی مزروعہ۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف طا اور آخر مین عین ہے

طا با الف

طالع ع نکلنے والا چڑھنے والا استعارہ مجازاً نصیب

طامع ع حرص کرنے والا۔

طائع ع فرمان بردار اطاعت کرنیوالا شخص۔

طا با با

طبع ع سرشت آدمی کی مہر لگانا نقش کرنا چھاپنا سکہ لگانا روپیہ پیسہ مضروب کرنا درہم و دینار کو۔

طبائع ع جمع طبع کی یعنی بہت سے طبیعتین اور مہرو چھاپے

طباع ع صاحب طبیعت ذکی و کوزہ گر اور چھاپنے والا

طباع ع سرشت اور خوی آدمیون کی جو زائل نہو جمع طبع و جمع طبیعت چنانچہ سجار جمع بحر کی۔

طا با لام

طلع ع شگوفہ درخت خرما کا جو نیا نکلا ہو۔

طلوع ع نکلنا اور چڑھنا ستارے کا اور بہار پر چڑھنا بلند ہونا

طا با میم

طمع و طمع ع امید حرص زیادہ طلبی۔

طماع ع بہت حرص کرنیوالا اور امید رکھنے والا۔

طماع ع طمع کرنیوالا شخص بہت طامع۔

طا با واو

طوالع ع جمع طالع کی اور نام ایک کتاب کا۔

طوع ع رغبت و خواہش و توجہ جو کسی طرف ہو۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف فا اور آخر مین عین ہے

فا با الف

فاقع ع جو چیز بہت زرد ہو بسنتی رنگ کی۔

فا با رائے

فرع ع شاخ درخت کی۔

فروع ع شاخہای درخت و باصطلاح علماء علم فقہ جو باتین سوائے اصول کے ہین اور نام علم کا۔

فا با زائے

فزع ع خوف و ترس و بیم و ہیبت و رعب۔

فزع ع ڈرنیوالا خوف کرنیوالا ڈرپوک آدمی۔

فا با صاد

فصل ربیع ع بہار کا موسم چیت و بیساکھ کا مہینہ۔

فا با ضاد

فضل ربیع ع نام وزیر ہارون رشید کا جو بہت ہوشیار تھا۔

فا با طا

فظیع ع شنیع و قبیح جو زیادہ تر مکروہ ہو۔

فا با قاف

فقاع ع بوزہ جو جو اور لوبیے سے بناتے ہین اور اسکے پینے کا نشہ آتا ہے و شراب غیر مسکر و شیشہ و حباب پیالہ و کوزہ و شربت۔

فقع ع شراب بے نشہ مخفف فقاع کے لفظ کا۔

فا با لام

فلع ع چیرنے والا مجازاً کولہاڑ لکڑی چیرنے کا۔

فا با یاء

فی الواقع ع حقیقت مین۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف قاف اور اخیر مین عین ہے

قاف با الف

قَامِع ع توڑنے والا برباد کرنیوالا خراب کرنیوالا۔

قَانِع ع قناعت کرنیوالا تھوڑی چیز پر صبر کرنیوالا۔

قَاطِع ع کاٹنے والا جدا کرنے والا قطع کرنیوالا۔

قَاع ع زمین ہموار و فراخ و میدان فراخ۔

قَارِع ع فال و قرعہ دیکھنے والا اور ستور یعنے جانور کشتی کرنیوالا اور وہ شخص جسکی سر کے بال کسی علت کے گر گئے ہون اور مشورت قبول کرنیوالا کسیکے منع کرنیسے منع ہو جانے والا۔

قاف با رای

قَرع ع کدو سبز تر اور ٹھوکنا اور مارنا۔

قَرَع ع گرنا سر کے بالون کا بسبب کسی بیماری کے

قُرَع ع جمع قرعہ یعنے بہت سے قرعے فال دیکھنے کے۔

قاف با طای

قَطع ع کاٹنا جدا کرنا قطع کرنا الگ کرنا۔

قاف با لام

قِلَاع ع جمع قلعہ کی یعنی وہ عمارتین جو لڑنیکو بنائین۔

قُلَاع ع نام بیماری جو منہہ مین چھالے پڑ جاتے ہین۔

قَلع ع اوکھاڑنا اور نام معدن ارزیز یعنی قلعی کے کان کا

قاف با میم

قَمع ع عمود مارنا توڑنا خوار کرنا خراب کرنا۔

قاف با نون

قُنُوع ع قانع ہونا قناعت کرنا تھوڑی پر راضی ہونا

قِنَاع ع مقنعہ و پردہ پوش اوڑھنی عورتون کے پہننے کی

قاف با واو

قَوارِع ع جمع قارع حوادث زمانہ یعنے زمانی کی سختیان

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف کاف اور اخیر مین غین ہے

کاف با الف

کاکل شمع ف دہوان جو شمع کے سر سے نکلتا ہے بعض اسکو تاج شمع کہتے ہین۔

کاف با رای

کُرَاع ع پایچہ گوسپند و گاو و ساق حیوانات و بعضی گروہ اسپان اور وہ لفظ جسے گھوڑون کو جمع کرتے ہین

کَرُوع ع بارش کا پانی جو کھڑا ہوا اور منہ لگا کر پانی پینا نہر سے بلا ذریعہ ہاتھون کے اور باریک ساق ہونا۔

کاف با یای

کَید قاطع ع نام ستارہ منحوس دم دار جسکی لمبی پونچھ ہوتی ہے

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین عین ہے

لام با الف

لَامِع ع روشن و درخشان یعنے چمکتا ہوا۔

لَاذِع ع جلنے والا اور جلانیوالا کسی چیز کو۔

لام با ذال

لَذع ع سوزش دینا جلانا آگ سے۔

لَذَّاع ع جلانیوالا آگ سے یا آگ جو جلانیوالی ہو۔

لام با سین
لسع ع کاٹنا سانپ و بچھو وغیرہ کا ڈنک مارنا۔

لام با میم
لموع ع جمع لمعہ روشنیان اور چمکاری اور جلوے۔

لام با واو
لوامع ع جمع لامع پرتوے چمکتے ہوئی اور روشنیان۔

بیسوین فصل
اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور آخیر مین عین ہے

میم با الف
مائع ع جو چیز رقیق ہو مثل آب و روغن وغیرہ۔
ماہ مقنع ع ماہ نخشب شعبدہ مقنع حکیم کا۔

میم با با
مبدع ع اپنی آپ سے کوئی چیز پیدا کرنیوالا۔
مبتدع ع بدعت کرنیوالا نئی بات کرنیوالا نئی رسم نکالنیوالا
مبضع ع نشتر خون نکالنی کا جسسے فصد لیتے ہین۔
مبیع ع کوئی چیز خریدی ہوئی یا بیچی ہوئی چیز۔
مبرقع ع نام نغمہ موسیقی مین یعنے ایک راگ کا نام ہے

میم با تا
متورع ع پرہیزگار اور پارسا گناہ سی بچنے والا۔
متوزع ع پراگندہ و پریشان و بے انتظام۔
متاع ع اسباب جسمی نفع لیتین سوداگر کیا مال۔
متقشع ع متناخ بننے والا۔
متبع ع متابعت کیا گیا فرمانبرداری کیا گیا۔
متمتع ع برخوردار فائدہ مند اور وہ شخص جو فائدہ پائے
متواضع ع فروتنی کرنیوالا عجز ظاہر کرنے والا۔
متوقع ع امیدوار جسکو کسی سے کچھ طمع ہو۔
متصدع ع دردسر پانیوالا تکلیف اوٹھانیوالا۔
متسع ع فراخ ہونیوالا چوڑا ہونیوالا کچھ جا پانیوالا۔
متدرع ع زرہ پوش جسنے زرہ پہنی ہوئی ہو۔
متضرع ع زاری کرنیوالا عاجزی ظاہر کرنیوالا۔
متبوع ع پیروی کیا گیا یعنی جسکی رسم پر چلین
متنوع ع گوناگون رنگ برنگ طرح طرح قسم قسم

میم با ثا
مثلث متساوی الاضلاع ع ہندسہ کی ایک شکل ہے

میم با جیم
مجمع ع جمع کیا گیا اکٹھا کیا گیا یکجا کیا گیا۔
مجمع ع مجلس و جای قیام جہان سب لوگ جمع ہون
مجموع ع جمع کیا گیا اور تمام و کمال اور پورا۔
مجامع ع جمع مجمع جمع ہونیکے مقام مجلس کے مقام

میم با خا
مخلع ع خلعت دیا گیا لباس پہنایا گیا۔
مخلوع ع باہر نکالا گیا الگ کیا گیا۔
مخترع ع اختراع کرنیوالا نیا کام کرنیوالا۔
مخادع ع مکر و فریب کرنیوالا فریبی آدمی۔
مخلی بالطبع ع فارغ بے اندیشہ بے تکلف بے غم۔

میم با دال
مدافع ع دفع کرنیوالا دور کرنیوالا علیحدہ کرنیوالا

میم با را
مرتع ع چراگاہ ستوران و سبزہ زار جہان چارپائے چرین
مراتع ع جمع مرتع بہت سے سبزہ زار اور چرنے کے مقام
مرقع ع کتاب اور وہ خرقہ درویشان اور وہ چیز پارہ پارہ اور ٹکڑے ٹکڑے سی گئی ہو۔

مَرَبَّع ع چار گوشہ چیز جسکا عرض و طول برابر ہو اور ایک طرح کی نشست اور ایک طرح کا تعویذ۔
مَرَابِع ع منزلہا و مکانہا یعنی بہت منزلین اور مقام
مُرَصَّع ع جڑاؤ نگینون سے ماخوذ رصع سے جنکی معنی چمکنے یا چپکانے کے ہین اور وہ نظم و نثر جسکے فقرے اور قافیہ درست ہون۔
مَرْجُوع ع رجوع کیا گیا متوجہ کیا گیا۔
مَرْصُوع ع جڑاؤ زیور جو نگینہ دار ہو۔
مُرْتَفِع ع بلند ہونیوالا کسی جگہہ سے نکلنے والا۔
مُرَفَّع ع اوٹھایا گیا بلند کیا گیا اوپر چڑھایا گیا۔
مَرْجِع ع جای رجوع جسطرف سب کا رجوع ہو۔
مَرْفُوع ع بلند کیا گیا اوٹھایا گیا حرکت پیش کی دیا گیا۔
مُرَوَّع ع ڈرایا گیا نگاہ رکھا گیا خوف دلایا گیا۔
مَرْتَبہ جَمْعُ الْجَمْع ع مقام وحدت و ظہور اول یعنی وحدت کا مقام اور پہلا ظہور۔

میم با زاے

مُزَارِع ع زراعت کرنیوالا زمیندار کھیتی کرنیوالا۔
مَزَارِع ع جمع مزرع یعنی بہت سی کھیتیان۔
مَزْرَع ع جای کاشت یعنی کھیتی جہان کوئی چیز بوئین
مزاد کردن متاع ع نرخ بڑہانا کسی چیز کا۔

میم با سین

مُسْرِع ع شتاب کرنیوالا تیز رفتار تیز چلنے والا۔
مُسْتَوْدَع ع امانت گاہ جہان امانت رکھین۔
مُسْتَوْدِع ع امانتگاہ رکھنے والا یعنی امین۔
مُسَمَّع ع گوش اور دستہ سیانہ و لوجسسے رسی باندہین۔
مُسْتَبْدَع ع بدیع و عجیب گنا گیا خوبصورت بنایا گیا۔
مَسَامِع ع گوشہا یعنی بہت سے کان۔
مُسْتَطِيع ع صاحب استطاعت و صاحب قدرت مالدار و دولتمند۔
مُسْتَتْبِع ع پیروی کرنیوالا فرمانبردار تابع۔
مُسْتَطَاع ع فرمانبردار و مطیع اطاعت کرنیوالا۔
مُسْتَوْسِع ع فراخ چیز جو چوڑی ہو۔
مُتَسَاوِی الْاَضْلَاع ع چیز مثلث یا مربع جسکی گوشی برابر ہون
مَسْمُوع ع سنا گیا یعنے جو بات سنین۔
مُسْتَجْمِع ع جمع کرنے والا اکٹھا کرنے والا۔
مُسَجَّع ع سخن با قافیہ و ردیف و کلام مقفی۔

میم با شین

مُشَاع ع مشترک و غیر منقسم و آشکارا و ظاہر اور یہ لفظ زمین کے ذکر مین مستعمل ہوتا ہے۔
مَشَارِع ع جمع مشرع راہہا یعنے رستی جاری۔
مُشَبَّع ع سیر کیا گیا اور بہت بڑہا ہوا۔
مُشَعْشَع و مُشَعْشَعہ ع روشن اور شراب جسمین پانی ملا ہوا ہو۔
مُشْتَاع ع ظاہر کیا گیا روشن کیا گیا چمکایا گیا۔
مُشَنَّع ع بد و زشت اور ملامت کیا گیا۔
مَشْرُوع ع جو شرع مین جائز ہو او ز نام کپڑی کا جسمین آدہا ریشم اور آدہا سوت ہو۔

میم با صاد

مُصَدَّع ع دردسر پہنچایا گیا جدا جدا کیا گیا۔
مِصْرَع و مِصْرَاع ع دروازہ کا تختہ اور آدہا بیت نظم مین
مُصَرَّع ع مصرع لایا گیا مصرع بنایا گیا بیت مین سے
مَصْنَع ع قلعہ کا زیرو آبگیر و حوض جسمین پانی ہو۔
مُصْطَنَع ع بنایا ہوا درست کیا ہوا۔
مَصْنُوع ع بنایا گیا درست کیا گیا۔
مِصْقَع ع فصیح و بلیغ شخص جسکی کلام مین فصاحت و بلاغت ہو
مَصَاقِع ع جمع مصقع بہت سے فصیح و بلیغ۔

میم با ضاد

مَضجَع ع خوابگاہ سونے کی جگہہ آرام کی جگہہ۔
مَضاجِع ع جمع مضجع بہت سے سونے کے مقام۔
مُضَیِّع ع ضایع کرنیوالا تلف کرنیوالا۔
مُضارِع ع شریک و شبیہ و مانند ہونیوالا اور اسم فاعل مضارعت سے بمعنی مشابہت اور وہ صیغہ جسکا زمانہ حال و استقبال کے درمیان ہو اور مضارعت ماخوذ ضرع سے بمعنی پستان گاؤ و گوسپند اور مضارع اون بچہ کو کہتے ہین جو دوسرے بچہ کے ساتہہ ایک پستان سے دودہ پیے۔

میم با طاء

مَطلَع ع ستارون کے نکلنے کی جگہہ اور پہلا بیت غزل اور قصیدہ سے جو دونون مصرعون مین قافیہ و ردیف رکہتا ہو۔
مُطلِع ع خبر دینے والا آگاہ کرنے والا۔
مَطبوع ع مطبع ع جو چیز طبیعت کو پسند ہو۔
مَطمُوع ع لالچ دیا گیا طمع دیا گیا امیدوار کیا گیا۔
مُطیع ع فرمانبردار اطاعت کرنے والا۔
مُطَّلَع ع خبر دیا گیا یعنے جسکو خبر دی گئی ہو۔
مَطالِع ع جمع مطلع ع اور نام کتاب علم منطق مین۔
مَطامِع ع جمع طمع علاقہ قیاس جیسے طرح محاسن جمع حسن
مَطمَع ع جای طمع امید و لالچ کا مقام۔
مطبوع ع دلپسند اور جیسا ہو کہا غذا اور چیز پسند
مُطاوِع ع فرمانبرداری کرنیوالا اطاعت کرنیوالا۔
مُطاع ع فرمانبرداری کیا گیا اطاعت کیا گیا۔

میم با عین

مَع ع ہمراہ اور ساتہہ ملا ہوا۔

میم با غین

مَغ ع عمیق و ژرف و رود و خانہ جو عمیق ہو۔
مُغ ع آتش پرست جو آگ کو پوجتا ہے۔

میم با فاء

مُفَرَّع ع شاخ شاخ کیا گیا ڈالی ڈالی کیا گیا۔
مَفزَع ع جای پناہ مقام بیخوفی۔

میم با قاف

مُقَنَّع ع نام شخص جسکے بیٹے کا نام ابن مقنع تہا۔
مُقاطِع ع قطع کرنیوالا اجارہ لینے والا ٹہیکہ لینے والا۔
مَقاطِع ع جمع مقطع کی اور مقطع غزل کے آخر بیت کو کہتے ہین جس مین مصنف کا نام ہوتا ہے۔
مَقطوع ع قطع کیا گیا جدا کیا گیا کاٹ دیا گیا۔
مُقَطِّع ع قطع کرنیوالا اور معاملات و دعاوی لوگون کے
مُقَطَّع ع کاٹا گیا قطع و درست کیا گیا۔
مِقطَع ع مقراض قطع کرنے کا آلہ یعنے قینچی۔
مَقطَع ع محل انتہا و اتمام و آخر بیت غزل و قصیدہ۔

میم با لام

مُلَمَّع ع روشن کیا گیا چاندی یا سونے کے ساتہہ اور وہ نظم جسکا ایک مصرع فارسی اور ایک عربی ہو۔
مُلتاع ع سوزندہ و عاشق و مشتاق جو جدائی کی حالت مین جلتا ہو۔

میم با میم

مُمتَنِع ع منع کیا گیا باز رکہا گیا کسی برے کام سے
مَمنوع ع نامشروع چیزین جو شرعاً اور حکماً منع ہے

میم با نون

مَنیع ع محکم و استوار و باز دارندہ یعنی باز رکہنیوالا
مَنّاع ع بہت منع کرنیوالا باز رکہنے والا۔

منقلع ع اوکھاڑا گیا بیخ سے نکالا گیا۔
منوع ع بازداشتہ باز رکھنے والا منع کرنیوالا۔
منقنع ع قناعت کرنیوالا تھوڑی پر صبر کرنیوالا۔
منتجع ع جای آب وگیاہ یعنی جس میں گھاس پانی ہو
منتزع ع کھینچکر نکالنے والا زبردستی سے کام لینے والا۔
منتفع ع فائدہ مند چیز اور نفع پہونچانے والی۔
منع ع باز رکھنا ہٹانا الگ کرنا برے کام سے
منتزع ع کھینچا گیا کشش سے نکالا گیا۔
منبع ع چشمہ پانی کا جسسے پانی جاری ہو۔
منابع ع جمع منبع یعنی بہت سے چشمے پانی کے
منقطع ع قطع ہونیوالا جدا ہونیوالا
منتجع ع نیکوکار وجای آب وگیاہ سبز زمین
منطبع ع نقش ہونیوالا چھپا ہونیوالا۔
منافع ع جمع منفعت بہت سی منفعت
مندفع ع دفع ہونیوالا جدا ہونیوالا دور ہونیوالا۔
منازع ع نزاع کرنیوالا جھگڑنیوالا کسی بات پر
منتھے الجموع ع وہ جمع جسکو جمع نکر سکیں

میم با واو

موقع ع دام ہونے اور گرنے کا مقام
موقع ع توقیع کیا گیا بلند کیا گیا اوپر چڑھایا گیا۔
مواقع ع جمع موقع کے لفظ کی۔
موجع ع دردناک اور درد میں لانیوالا جیسے درد پیدا
مودع ع رخصت کرنے والا وداع کرنے والا۔
مودع ع وداع کیا گیا رخصت کیا گیا۔
موزع ع پراگندہ کرنیوالا تقسیم کرنیوالا بانٹنے والا
موانع ع جمع مانع کی بہت سے منع کرنیوالے۔
موضع ع جگہہ مقام مجازاً قریہ گانو۔
مولع ع حریص کیا گیا حرص دلایا گیا۔
موضوع ع رکھا گیا بنایا گیا۔

اکیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کی اول حرف نون اور اخیر میں غین ہے

نون با الف

نافع ع نفع پہونچانیوالا فائدہ دینے والا۔
ناصع ع خالص جس میں دوسری چیز کی آمیزش نہو۔

نون با باء

نبع ع نکلنا پانی کا چشمہ سے اجرا پانی کا۔
نبوع ع اُبھرنا جوش کرنا پانی کا چشمہ سے اجرا پانا

نون با خاء

نخاع ع حرام مغز یعنے مغز مہرہائی پشت ملتجیت میں ہوتا ہے
نخع ع آب بینی یعنی ناک کا فضلہ جو نکلتا ہے

نون با راے

نزع ع کھینچنا کسی چیز کا اوسکی جگہہ سے اور جان کندن
نزاع ع آرزومندی وکشاکش مجازاً خصومت

نون با سین

نسروقع ع نام ستارہ ہے

نون با صاد

نصع ع چمڑا جلد جو بدن کے اوپر ہے

نون با طاء

نطع ع بساط فرش چرم یعنی جو فرش چمڑے کا بنا ہوا ہو۔

نون با عین

نعناع و نعنع ع پودینہ جو ایک مشہور چیز ہے۔

نون با فاء

نفع ع فائدہ سود جو انسان کی تجارت وغیرہ سے حاصل ہو

لفاع ۶ بہت فائدہ پہونچانیوالا مال۔

نون با قاف

نقع ۶ گرد و غبار اور تاریکی جو اندھیری کے سبب سے ہو۔

نقوع ۶ میوہ داد ویہ کو پانی مین بھگونا اور تر نکالنا

نون با واو

نوع ۶ گونہ و قسم و جنس۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف واو اور آخر مین عین ہی

واو با الف

وازع ۶ بازدارندہ یعنی سردار لشکر و حاکم و بادشاہ۔

واضع ۶ رکھنیوالا پیدا کرنیوالا بنانیوالا۔

وادع ۶ رخصت کرنیوالا وداع کرنیوالا۔

واسع ۶ پھیلنے والا پھیلانیوالا فراخ کرنیوالا۔

واقع ۶ وقوع مین آنیوالا ظاہر ہونیوالا۔

واو با جیم

وجع ۶ درد جو جسم مین پیدا ہو۔

وجیع ۶ دردناک یا درد دینے والا جس سے درد پیدا ہو۔

واو با دال

وداع ۶ پدرود کرنا رخصت کرنا چھوڑ دینا۔

ودع ۶ مہرہ سفید یعنے سنکھہ جسکو کفار پرستش کے وقت بجاتے مین۔

ودائع ۶ امانتین جو کسی کے پاس رکھی جائین۔

واو با رے

ورع ۶ پرہیزگاری اور بچنا گناہ سے۔

وریع ۶ پرہیزگار جو شخص گنہ سے بچے۔

واو با سین

وسع ۶ فراخی و دسترس و توانائی و قوت و زور

وسیع ۶ فراخ یعنے جو چیز بڑی اور لمبی ہو۔

واو با ضاد

وضع ۶ رکھنا تربیت کرنا اور طرز و طریق۔

وضیع ۶ نالائق پاجی جو شخص اشراف نہو۔

واو با عین

وعوع ۶ آواز سگ یعنے کتے کی آواز۔

واو با قاف

وقاع ۶ جماع و جنگ و لڑائی و اجتماع لوگون کا

وقع ۶ جای بلند و عزت و حرمت و اعتبار و آبرو و سنگ ناہموار

وقائع ۶ رودادین حوادث و احوال و اخبار و مکار ... جمع وقعہ و جمع واقعہ۔

وقوع ۶ گرنا و اوترنا مرغ کا و ظاہر ہونا کسی بات کا

وقیع ۶ بلند و رفیع مقام اونچی جگہہ بلند محل۔

واو با لام

ولع ۶ حرص و فریفتگی و آرزو و میل جو کسیکے دل مین ہو

ولع ۶ دروغ یعنے جھوٹ جسکو عربی مین کذب کہتے مین

ولوع ۶ حریص یعنے جو شخص لالچی ہو۔

تیئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف ہا اور آخر مین عین ہے

ہا با الف

ہاع ۶ بد دل و بزدل و کم حوصلہ کم ہمت

ہائع ۶ مرد بد دل و بزدل و کم حوصلہ

ہا با جیم

تجشّع ع خواب آرام و آسایش۔
تخیّع ع مدہوش و بے خود بیوقوف و نادان۔

ها با دال

ہِذاع ع ضعیف و ناتوان و کمزور و کم قوت۔

ها با زاے

ہزاع ع مرد ضعیف و بزدل و کم ہمت و کم زور

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف یا اور اخیر مین عین ہے

یا با الف

یافع ع میوہ رسیدہ و پختہ و جوان۔

یا با تا

یتّوع ع ہر درخت شیردار جیسے بڑ و پیپل وغیرہ جنسے دودہ نکلتا ہی۔

یا با شین

یُوشع ع نام پیغمبر علیہ السلام جو موسی کے خلفا مین سے تہی

یا با فا

یَفاع ع زمین بلند یعنے اونچی زمین کریوہ و کمر کوہ

یا با نون

ینبوع ع چشمہ بزرگ یعنے بڑا چشمہ پانی کا۔
ینابیع ع چشمہای بزرگ جمع ینبوع کی لفظ کی۔

اونیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف غین اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اسمین

مین اٹھارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف الف اور اخیر مین غین ہے

الف با با

اِبلاغ ع پہونچانا بہیجنا خط وغیرہ اشیا کا کسی امیر یا دولتمند کے پاس۔

الف با را

اَروغ ت ڈکار یعنی وہ ہوا جو منہہ سے کہانا کہانے کی بعد نکلتی ہی

الف با زا

اَزیغ ع نفرت و کینہ و غصہ و غضب جو دل مین ہو۔

الف با سین

اِستفراغ ع فراغت چاہنا خالی ہونا قے کرنا۔
اِسباغ ع تمام کرنا کامل کرنا پورا کرنا۔

الف با صاد

اَصباغ ع جمع صبغ بمعنے رنگہا بہت سے رنگ۔

الف با لام

اُلغ ت کلان و بزرگ اور ہر چیز بڑی۔
الثغ ت وہ شخص جو حروف اپنی زبان سے اون کے مخرج کے ساتہہ ادا نہ کرسکے۔
الپ ارغ ت دلیر و بزرگ و جوانمرد آدمی۔
اُلاغ ت قاصد و سپید ڈاک چوکی و سواری مرکب۔

الف با میم

اُمّ الدماغ ع وہ غشا اور استخوان جو محیط جوہر دماغ ہے

الف با نون

اَنباغ ع وہ عورتین جو ایک خاوند کی منکوحہ ہون۔

ہندی مین اوسکو سوت کہتے ہین -

اِنْفاغ ع شوخ و نافرمان باغی و سرکش آدمی -

اِنْزِیاغ ع حق کو چھوڑ کر باطل کی طرف مائل ہونا -

اِنْصِباغ ع رنگین ہونا رنگدار ہونا کسی چیز کا -

اِنْدِباغ ع دباغت دینا چمڑے کو پکانا -

الف با واو

اولاغ ت بواو غیر ملفوظ یعنی گدہا جسکو عربی مین حمار کہتے ہین

اوتاغ ت خانہ و حجرہ ایک حصہ گہر کا یعنی کوٹہری -

اوجاغ ت دیگدان یعنی چولہہ جسپر طعام پکاتی ہین -

الف با یاء

ایاغ ت شراب کا پیالہ جس مین شراب پیتے ہین -

ایغاغ ت غماز و شنودہ یعنی اور وہ شخص جو کچہہ سویا اور کچہہ جاگتا ہو -

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی ابتدا مین حرف با اور اخیر مین غین ہے

با با الف

باغ ع عربی و فارسی مین مشترک ہے بمعنی نخلستان و عربی مین بمعنی بند جسسے کسی چیز کو باندہین -

بالغ ع پہونچنے والا اور وہ مرد جو بلوغت کے حد کو پہونچ جائے اور پیمانہ شراب کا -

بازغ ع روشن اور طلوع ہونیوالا -

بای کلاغ کنایہ قلم و خط بدنما و تحریر نامطبوع -

با با دال

بدغ ت شاخ درخت و شمشیر یعنے تلوار -

با با را

بزوغ ع روشنی و حالت طلوع سیارگان آسمانی -

با با لام

بلبل بوستان بلاغ کنایہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم -

بلاغ ع پہونچانا و تحمل و کفایت جو کسی کام مین منظور ہو

بلیغ ع پہونچنے والا اور پہونچانے والا و صاحب بلاغت

بلغ ع پہونچا منزل مقصود پر آگیا -

بلوغ ع پہونچا ہوا ہونا بالغ ہونا بلوغت کی عمر تک پہونچنا

با با نون

بناغ ع ایک قسم کا سوت اور سبزہ یعنی خشک و تر کا سوت

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف تا اور اخیر مین غین ہے

تا با الف

تاغ ع درخت آزاد جسکی آگ بعد جلانے کے دس روز تک رہ سکتی ہے

تا با باء

تبلیغ ع پہونچانا کسی چیز کو اوسکی منزل مقصود تک

تا با را

ترداغ ت سرخوش نیم مست و عقیل و دانا شخص -

تا با سین

تسویغ ع روان کرنا جاری کرنا چلانا کسی چیز کو -

تا با واو

توغ ت بواو مجہول علم و نشان جو لشکر مین کہڑا کیا جاتا ہے

تا با یاء

تیغ ف مبدل تیز تلوار چہری خنجر وغیرہ اس لفظ مین حرف زا غین کے ساتھ بدل گیا ہے -

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف جیم اور اخیر مین غین ہے

جیم با الف

جاتلغ ت کلیچہ خیمہ بادشاہ۔

جاہ مغ ف کنایۂ چاہ عمیق یعنے گہرا کنوان۔

جیم با دال

جدع ع بینی و گوش و دست کاٹنا اور بند کرنا قید مین ڈالنا

جیم با رائے

چراغ ف دیا بتی جلتی ہوئی مجازاً وہ چراغ جو روشن ہو

چخرغ ت ایک شکاری جانور کا نام ہے

جیم با سین

جبستہ کلاغ ف کشتی کے ایک داو کا نام ہے

جیم با شین

چشم و چراغ ف پیارا بیٹا کی رونق خاندان [illegible]

چشم زاغ ف بیحیا بے مروت بیشرم دغاباز آدمی

جیم با میم

چمچغ ف جو ایک [illegible] گردن [illegible]

چمغ ف [illegible] جو [illegible] نکالتے ہیں۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف دال اور اخیر مین غین ہے

دال با الف

داغ ف وہ جو کسی چیز پر کسی سبب سے پڑ جائے

دامغ ع سر توڑنیوالا مجازاً زبردست و زور آور آدمی

دال با رائے

دریغ ف افسوس حسرت و غم جو کسی واقعہ پر ہو۔

دروغ ف جھوٹ یعنے جو بات سچ نہو۔

دال با میم

دماغ ع مغز کا او تکبر و غرور و فخر و بڑائی

دال با واو

دوغ ف چھاچھ مسکہ نکلا ہوا دودھ فارسی مین جسکو ماست کہتے ہیں

دال با ہا

دہن تیغ ف دم تیغ تلوار کی تیز دھار۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف رای اور اخیر مین غین ہے

رای با الف

راغ ف دامن کوہ مرغزار و چراگاہ مویشی کی۔

راد غ ف فریبی و حیلہ گرو مکار و دغاباز آدمی

رای با سین

رسغ و رسغ پہونچا ساعد کف دست کو بنی جو ایک عضو کا نام ہے

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زای اور اخیر مین غین ہے

زای با الف

زاغ ف نام طایر سیاہ رنگ و گوشہ کمان و نام [illegible] صیغہ ماضی یعنے گشت و میل نمود۔

زای با غین

زغزغ ف آواز دندان جو بوقت چابنے کسی سخت چیز یا سردی کے نکلتی ہے۔

زای با یا

زیغ ع حق کو چھوڑ کر کسی اور کی طرف مائل ہونا۔

تریغ ف ترنگ ترنگ یعنے قطرہ قطرہ بوند بوند

آٹھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف سین اور آخیر مین غین ہے

سین با الف

سابغ ع گاؤ و گوسپند جو شش سالہ عمر رکھتی ہو۔

سابغ ع پورا کامل وسیع چوڑا فراخ

سائغ ع گوارندہ طعام سطبوع طبع کھانا۔

سین با رے

سراغ ت نقش پے ونشان پا و تلاش کسی چیز کی

سین با واو

سوغ ع جواز و روانگی و گوارائی۔

سوء دماغ ع مرض دماغ یعنے دماغ کی بیماری۔

سین با یا

سیمرغ ف فرضی نام ایک مرغ کا ہے مجازاً بہت بڑا مرغ

نوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف شین اور آخیر مین غین ہے

شین با الف

شاغ ت دستار یعنے پگڑی جو سر پر باندھتے ہین

شین با با

شبچراغ ف ایک قسم کا یاقوت ہوتا ہے جو رات کو روشن نظر آتا ہے

شین با ہا

شترمرغ ف ایک مرغ کا نام ہے جو شترمرغ سے مشابہ ہے شتر آگ بھی کھا لیتا ہے۔

شین با عین

شغغ ع شاخ جو سیاہی سے خالی ہو۔

شین با یا

شیرمرغ ف فرزندون کا دودھ یعنے چیز نایاب

دسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف صاد اور آخیر مین غین ہے

صاد با الف

صائغ ع زرگر یعنے سنار زیور بنانیوالا۔

صالغ ع گاؤ و گوسفند جو شش سالہ عمر رکھتی ہو۔

صاد با با

صبغ ع رنگ جو کپڑا وغیرہ اشیاء کو اوس سے رنگین کریں

صبغ ع رنگ کرنا کسی چیز کو رنگین بنانا۔

صباغ ع رنگریز جو کپڑے رنگتا ہے۔

صاد با دال

صدغ ع شقیقہ یعنے وہ جگہہ جو کان اور گوشہ ابرو کے درمیان ہے۔

صاد با میم

صمغ ع درختون کا گوند جو درختون سے نکلتا ہے۔

صاد با یا

صیاغ ع زرگر یعنے سنار زیور بنانے والا۔

گیارہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف

طا اور اخیر مین غین ہے

طا با واو

طوغ ت نشان فوج کا جو فوج مین کھڑا کرتے ہین

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین غین ہے

فا با الف

فارغ ع صاحب فراغت جسکو کسی کام سے تعلق نہو۔

فا با را

فروغ ف روشنی چراغ یا شمع وغیرہ کی۔

فراغ ع فراغت یعنی ہر ایک کام سے الگ ہونا۔

فا با غین

فغ ت بت پتھر کا پتھر کی صورت جو بناتے ہین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف کاف اور اخیر مین غین ہے

کاف با الف

کاغ ع نام طائر و آواز زاغ و نالہ و فریاد و آتش و شعلہ و جانوران

کاف با را

کریغ بمعنی گریز یعنے بھاگنا نفرت کرنا علحدہ ہونا
گرفتن چراغ ف گل ہونا چراغ کا بجھ جانا چراغ کا

کاف با لام

کلاغ ف زاغ دشتی یعنے جنگلی کوا جو شہری کوے سے بڑا ہوتا ہے۔

گل مرغ ف قسم کرکس جسکا سر سرخ اور بے مو ہوتا ہے یعنی اسکے سر پر نہین ہوتے اسواسطے اوسکو گل یعنی گنجہ کہتے ہین۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین غین ہے

لام با الف

لاغ ع ہزل و ظرافت و خوش طبعی و مسخری و ہنسی

لادغ ع نام بیماری اور کاٹنے والا مثل گزدم مار وغیرہ کے

لام با دال

لدغ ع کاٹنا مار و گزدم کا اور وضع ہو کہ جو جانور دم کی طرف سے کاٹے اوسکو لدغ کہتے ہین اور جو دانت سے کاٹے اوسکو لسع کہتے ہین۔

لدیغ ع وہ شخص جسکو گزدم وغیرہ کاٹے۔

لام با غین

لغ ت ترکی مین بمعنی ہست یعنے ہے۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین غین ہے

میم با الف

مائع ع رقیق چیز جیسے پانی دودھ وغیرہ اور طعام رقیق مثل آش

ماغ ف نام طائر سیاہ جو اکثر پانی پر بیٹھتا ہے اور بادل اور وہ بخار جو سردی کے موسم مین صبح کو ظاہر ہوتا ہے اور ہندی مین اوسکو کوہل کہتے ہین اور ایک قسم کا کبوتر اور رنگ ابلق۔

مانراغ ف شہ کجی کی اور نہ میل۔

میم با باء

مَبلَغ ع پہونچنے کا مقام و حد و نہایت و بمعنی مقدار اندک و بسیار و مقدار زر جو کسی قدر ہو۔

مُبَلَّغ ع پہونچا یا گیا کسی حد و نہایت و منزل مقصود تک

مُبَلِّغ ع پہونچانے والا کسی کو کسی مقام و منزل تک۔

مُبلَغ ع پہونچا یا گیا صیغہ اسم مفعول ابلاغ سے۔

میم با راء

مُرغ ف اڑنے والا جانور جسکو عربی مین طائر کہتے ہین

مُرغ ع ایک گہاس کا نام ہے جسکو دوب کہتے ہین۔

میم با سین

مساغ روان ہونا اور جاری ہونیکا مقام وجای اجرا

میم با ضاد

مضغ ع جائیدن یعنے چبانا کسی چیز کا دانتون مین

میم با غین

مُغ ت کافر و مشرک و بت پرست جو مورت کو پوجے

مُغ ع عمیق و ژرف یعنے جو چیز گہری ہو۔

میم با فاء

مَفرَغ ع جای ریختن آب یعنے پانی کے گرنے کا مقام و جای فراغت۔

مُفرَغ ع گرا ہوا اور فرغت پایا ہوا کام سے۔

میم با میم

مَمضوغ ع چبایا ہوا دانتون مین پیسا ہوا دانتون مین

میم با نون

مُنصبغ ع رنگین کیے ہوا لا کپڑا وغیرہ اشیاء

میم با یاء

میغ ف مطلق و ابر سیاہ کالی گہٹا جیسے بارش ہو۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف نون اور اخیر مین غین ہے

نون با الف

نان کلاغ ف ایک گہاس کا نام ہے۔

نون با فاء

نِفاغ ع قدح بزرگ یعنے بڑا پیالہ پانی پینے کا۔

نون با واو

نوفاغ نام ایک شہر کا ہے۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف واو اور اخیر مین غین ہے

واو با راء

وَرَغ و بَرَغ ع حرباء یعنے گرگٹ نزدیک غوک ادرچلپاسا کا یہ نام ہے

واو با لام

وُلوغ ع کتے کا پانی پینا۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف یا اور اخیر مین غین ہے

یا با الف

یاغ ت روغن گہی ہو یا تیل یا کسی اور چیز کا تیل

یا با راء

یَرلیغ ت فرمان بادشاہی جو کسی امر مین جاری ہو۔

یا با واو

یَوغ ع ت جو لکڑی کا جو بیل کی گردن پر باندہ کر چلاتے ہیں

بیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر حرف مین فا ہے اور پہلی حروف برعایت حروف تہجی ہین اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اس مین چھبیس ۲۶ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین فا ہی

الف باتاء

اِتحاف ع تحفہ دینا پیشکش کرنا کسی چیز کا۔
اِتّصاف ع کوئی صفت اختیار کرنا یا موصوف ہونا صفات اوصاف ہونا
اِتلاف ع تلف کرنا ہلاک کرنا نابود کرنا کسی چیز کو۔

الف باجیم

اَجلاف ع مردمان فرومایہ ستمگاران جمع جلف کی۔
اَجوَف ع پولی چیز اور سوراخ دار چیز
اِجحاف ع نقصان کرنا زیان پہونچانا کسی کو۔

الف باحاء

اَحرُف ع جمع حرف یعنے بہت سے لکہی ہوئی حرف۔
اَحنَف ع کج پا یعنے جسکا پانو ٹیڑہا ہو۔

الف باخاء

اَخلاف ع پس ماندگان مردہ و فرزندان صعادتمند جمع خلف
اِختطاف ع بجلی کیطرح چلنا یا چلانا اونچی آواز سے

اَخَفّ ع سبک تر یعنے جو چیز بار دار نہو بہت خفیف ہو

الف بازاء

اَرعاف ع بیہودگان یعنے بیہودہ لوگ نکمی لوگ
اَراجیف ع جمع ارجاف بہت سے بیہودہ نکمے لوگ۔
اِرتشاف ع چوسنا کسی چیز کو منہ مین لیکر۔

الف بازے

اِزلاف ع نزدیک کرنا جمع کرنا و جب ہونا۔
ازاحیف ع تغیرات ارکان بحور شعر جمع ازحاف و ازحاف جمع زحاف

الف باسین

اَسَف ع غم و افسوس و حسرت و دریغ۔
اِستنکاف ع ننگ و عار رکہنا نفرت رکہنا کسی سے
اُسقُف ع دانشمند و فاضل جو فرقہ نصارا مین سے ہو۔
اِسعاف ع حاجت روائی و مشکلکشائی کسیکی
اِستعطاف ع مہربانی چاہنا عاطفت چاہنا کسی سے۔
اِستیناف ع آغاز کرنا ابتدا کرنا کسی چیز مین
اَسلاف ع اگلے زمانہ کے لوگ قدیمی و پیرانے لوگ۔
اِسلاف ع آگے بہیجنا کسی چیز کا——
اِستیلاف ع طلب الفت یعنے کسی سے الفت چاہنا۔
اِستخفاف ع سبکی و حقارت و بیعزتی و تہتک۔
اِسراف ع بیجا خرچ کرنا فضول خرچ کرنا روپیہ کا
اَسِیف ع بروزن بخیل غمناک اندوہگین و دلگیر
اِسکاف ع کفشگر یعنے موچی جو جوتیان سیتا ہے
اَسیاف ع جمع سیف بہت سے تلوارین جو مشہور ہتہیار ہے

الف باشین

اَشرَف ع بزرگ و عظیم و نیکوکار اور اچہا آدمی۔
اَشراف ع بہت شریف اور بہلا آدمی نیکوکار شخص۔
اِشراف ع قومی و شان و شوکت و عزت و آبرو۔

اِشراف ع بلند ہونا کہڑے ہونا قصد ہونا نزدیک ہونا

الف با صاد

آصَف ع نام وزیر سلیمان علیہ السلام کا جو عالم و عاقل کامل تہا
آصَف ع ایک پہل کا نام ہی جو ہیاری سی دراز ہوتا ہی
اصحاب کہف ع صاحبان غار جو سات کس حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تہے اور دقیانوس بادشاہ کافر کے ظلم سے بہاگ ایک غار مین معہ ایک کتے کے جا چہپے تین سو برس سوتے رہی ایک مرتبہ بیدار ہوکر پہر سو گئے قیامت تک سوتے رہینگے کتا بہی اون کے ساتہ سوتا ہے اون کے نام یہہ ہین - تملیخا - مکسلمینا - کشفوطط - بتیونس - کشا فطیونس - اذر فطیونس - اور ساتوین کتے کا نام قطمیر تہا -

الف با صاد

اَصداف ع جمع صدف کی بہت سی سیپین جن سے موتی نکلتی ہین
اِصراف ع خرچ کرنا کسی چیز کا -
اَصناف ع جمع صنف قسم کسی قسم کی چیزین طرح طرح کی چیزین

الف با ضاد

اِضعاف ع دو چند کرنا دوگنا کرنا پہلے سی ایک حصہ زیادہ کرنا
اَضائف ع مہمان لوگ جمع ضیف خلاف قیاس -
اَضیاف ع جمع ضیف مہمان بہت سے مہمان -
اَضعف ع بہت ضعیف نہایت کمزور و ناتوان

الف با طاء

اَطراف ع جمع طرف کی کنارہ و جانبہا یعنے کنارے اور جانب

الف با عین

اِعتساف ع بے راہ چلنا ظلم کرنا بے انصافی کرنا -
اَعراف ع نام مقام درمیان دوزخ اور بہشت کے
اِعتراف ع اقرار کرنا اپنے گناہ پر اور پہچاننا -

اِعتکاف ع گوشہ نشین ہونا خلوت مین بیٹہنا الگ رہنا
اَعطاف ع مہربانیان اور زیادہ محبت و پیار -

الف با غین

اِغتراف ع ہاتہ سے پانی پینا

الف با فاء

اُف ف سورج جو ستارہ ہے -
اُف ف غم و افسوس و دریغ و اندیشہ -

الف با قاف

اَقطاف ع میوہ چکنا درخت سے -

الف با کاف

اَکناف ع جمع کنف طرفین اور کنارے اور پناہ -
اِکتناف ع پناہ پکڑنا کسیکی حمایت مین آنا -
اِکاف ع پالان خر و اسب یعنی جہول گدہے اور گہوڑے کی

الف با لام

آلاف ع جمع الف کی ہزاران بہت سے ہزار -
اِلطاف ع مہربانی کرنا محبت سے پیش آنا -
اِلتفاف ع آپسمین لپٹنا پیچ در پیچ ہونا -
اَلفاف ع وہ درخت جو آپسمین لپٹے ہون پیچ در پیچ درخت
اَلطف ع بہت نازک بہت پاکیزہ اور مطبوع
اُلوف ع جمع الف ہزارون بیشمار و بے تعداد
اَلطاف ع جمع لطف مہربانیان اور محبت و پیار -
اَلیفہ ع الفت پکڑا گیا محبت پکڑا گیا -
اَلف ع ہزار جو دس سیکڑون کا عدد ہے -
اِلف ع خوگیر ہونا دیار و دوست ہونا رفیق ہونا -
اَلف ع یار و دوست و دوستی جو آپس مین ہو
اَلف ع مرد جواد و سخی و مرد بے زن و نام حرف اول حروف تہجی سے -

الف با میم

امر معروف ع نیک کام کے لئے امر کرنا اچھی عمل کے لئے حکم دینا

الف با نون

انصراف ع پھر آنا مراجعت کرنا انقلاب کرنا کسی جگہ سے۔
انعطاف ع خم پکڑنا ٹیڑھا ہونا واپس آنا پھرنا۔
انکشاف ع ظاہر ہونا پردہ سے نکلنا ز برو آنا۔
انکساف ع آفتاب کا گرہن مین آنا کسوف واقع ہونا۔
اننکاف ع عار و ننگ و عزت و آبرو و شرم و حیا۔
انصاف ع عدل کرنا برابر کرنا آدھا کرنا انصف کرنا
انف ع بینی یعنے ناک جو مشہور عضو ہی
انتصاف ع انصاف پانا آدھا ہونا برابر ہونا۔
انوف ع جمع انف کی بہت سی ناک
انحراف ع ٹیڑھا ہونا پھر جانا گستاخ و نافرمان ہونا
آنف ع مطیع و فرمانبردار و صاحب اطاعت

الف با واو

اوقاف ع وہ مال جو کسیکا ملک ہو جمع وقف کی لفظ کی

الف با یا

ایتلاف ع الفت و آمیختگی و محبت و پیار و رفاقت

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکی اول حرف با اور اخیر مین فا ہے

با با الف

باف ف بُننے والا جیسا بچہ بوریا باف و جامہ باف وغیرہ۔

با با رے

برف مشہور لفظ ہی فرق درمیان یخ اور برف کے
یہ ہی کہ برف غبیر سفید اور غبار کی طرح برستا ہے اور یخ
گلی ہوئی موم کی طرح گرتا ہے۔

با با واو

بوخلاف ع کنیت ابلیس علیہ اللعنت۔

با با یا

بیت اللطف ع تولیون کا مکان
بیت الشرف ع خانہ بلندی و بزرگی یعنے وہ برج کہ اوس
مین کسی ستارے کو سعادت و شرف حاصل ہو چنانچہ آفتاب
کا شرف برج حمل اور چاند کا شرف برج ثور اور مشتری کا
شرف سرطان اور زہرہ کا شرف حوت مین عطارد کا
شرف سنبلہ اور مریخ کا شرف جدی اور زحل کا شرف
میزان مین ہوتا ہے۔

تیسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکی اول حرف تا اور اخیر مین فا ہے

تا با الف

تاہی تشریف اصطلاحاً ایک خلعت جو کسیکو پہنایا جاے
تالیف ع دو چیزون کو آپسمین ربط دینا اور جمع کرنا
اور کبھی بمعنے اسم مفعول کے یعنے وہ کتاب جو چند
کتابون سے جمع کی گئی ہو
تالف ع دوستی و سازگاری و الفت و محبت و پیار
تانف ع ننگ و عار و شرم و حیا و عزت و آبرو۔
تاسف ع افسوس کرنا غم کرنا کسیکی بدحالت پر

تا با جیم

تجویف ع خالی کرنا اور جو چیز اندر سے خالی ہو یعنی پولی چیز
تجفیف ع خشک کرنا تری دور کرنا سکھانا کسی چیز کو

تا با حا

تحف ع جمع تحفہ کی لفظ کی بہت سی نذرین و پیشکش
تحریف ع بدلانا اور پھیرنا کسی حرف یا عبارت کا اپنی جگہ سے

تا با خا

تخفیف ع ہلکا کرنا بوجہ اوتارنا کسیکے سر سے کم کرنا
تخویف ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا کسی کو۔
تخاوف ع خوف کرنا ڈرنا کسی دہشت ناک چیز سے
تخالف ع مخالفت کرنا دشمنی کرنا۔
تخلف ع خلاف کرنا وعدہ مین اور پیچھے رہنا۔

تا با را

ترادیف ع دو چیز کا باہم مشابہ ہونا۔
ترف ع جغرات خشک یعنی پنیر جو جغرات سے پانی نکالکر بناتے ہین

تا با زای

تزئیف ع زبون یا چیز ناسرہ کرنا ناکارہ کرنا۔
تزعیف ع ہلاک کرنا مار دینا قتل کرنا جان سے مارنا۔

تا با سین

تسویف ع تاخیر کرنا درنگ و توقف مین ڈالنا دیر لگانا

تا با شین

تشریف ع بزرگ کرنا بزرگ کہنا عزت دینا [illegible]

تا با صاد

تصلف ع لاف زنی اپنے اصل بڑائی ظاہر کرنا۔
تصرف ع خرچ کرنا خرچ مین لانا گردانتا دخل دینا۔
تصاریف ع یہہ لفظ جمع تصریف کی ہے یعنی بہت سی گردانین اور
تصوف ع پشمینہ پہننا اور باصطلاح خواہش نفسانی سے بری ہونا درویش و فقیر بننا۔
تصحیف ع خطا کرنا کتابت مین اور بغیر نقطے ایک لفظ کی صورت کو بدل دینا چنانچہ بوسہ کے لفظ کو توشہ پڑھنا ورد رد کو درد بیان کرنا۔

تصنیف ع بنائی ہوئی کتاب دل سے۔
تصانیف ع جمع تصنیف کی بہت سی بنائی ہوئی کتابین
تصریف ع گردان کرنا گردانتا اولٹ پلٹ کرنا۔

تا با ضاد

تضعیف ع دوچند کرنا دوگنا کرنا ایک حصہ پہلی سی بڑھا دینا
تضاعف ع دوچند کرنا دوگنا کرنا یعنی دو کو چار کر دینا

تا با عین

تعطف ع مہربانی کرنا نرمی سے پیش آنا۔
تعسف ع بے راہ چلنا خلاف دستور کام کرنا۔
تعفف ع پرہیزگاری کرنا عفت مین رہنا۔
تعارف ع پہچاننا واقف ہونا کسیکی شکل و صورت سے
تعریف ع پہچاننا واقف ہونا عرفان حاصل کرنا۔
تعاطف ع مہربانی کرنا نرم دل ہونا کسیکے حال پر۔
تعنف ع سرزنش کرنا طعنہ دینا ملالت کرنا کسی کو
تعرف ع پہچاننا واقف ہونا کسی دوسرے کے حال سے

تا با فا

تفلسف ع علم حکمت کا جسکو علم فلسفہ و حکمت الٰہی کہتے ہین
تف فا بخار حرارت روشنی بدبو گرمی اور دھوان۔
تف ع تھوک جو انسان منہ سے ڈالتا ہے۔

تا با قاف

تقشف ع درویشی و فقیری و مفلسی و ناداری و محتاجی

تا با کاف

تکلف ع رنج اوٹھانا محنت مین پڑنا اپنے اندازے سے زیادہ کام دینا
تکلیف ع کسیکو رنج مین ڈالنا اندازے سے زیادہ کام لینا
تکیف ع حقیقت پانا کیفیت دریافت کرنا واقف ہونا۔
تکاثف ع سطبر و غلیظ ہونا موٹا اور بے وضع ہونا۔
تکثیف ع سطبر و غلیظ کرنا موٹا و مکروہ ہونا۔

تکالیف ع جمع تکلیف کے لفظا کی ہے جسکے معنی رنج دہی کے ہین

تا با لام

تلف ع ہلاک ہونا ضایع و برباد ہونا کسیکا

تلفیف ع لپیٹنا اور لپیٹنا الفاظ کا خط کے اوپر

تلطف مہربانی کرنا محبت سے پیش آنا نرم دل ہونا

تلقف ع چالاکی کرنا دوڑنا کودنا جولان دینا

تلافیف ع جمع تلفیف جسکے معنی لفافہ کرنے کے ہین

تلہف ع دریغ و اندوہ وغم و افسوس و حسرت

تا با نون

تنصیف ع نصف نصف کرنا آدہا آدہا کرنا

تا با واو

توقف ع دیر کرنا کسی کام مین ڈھیل لگانا

توظیف ع ہر روزہ کام کرنا وظیفہ کرنا

توصیف ع وصف کرنا کسیکو سراہنا اور صفت بیان کرنا

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف جیم اور آخیر مین فا ہے

جیم با الف

جاف خشک یعنے سوکی چیز جسمین تری نہو

جیم با را

جرف ع وہ مکان جسکو دریا کے پانی نے گرا دیا ہو یعنی سیلاب نے گرا دیا ہو اور پانی اوسکی بنیاد مین گہس گیا ہو

جیم با فا

جفاف ع خشک ہونا سوکہا ہونا بے آب ہونا

جفف ع پژمردہ و محو و خشک بے آب

جیم با لام

جلف ع کاٹنا اور اوکہاڑنا کسی چیز کو

جلف ع ظلم کرنیوالا حیوان پوست کندہ اور خالی مشکا

جیم با نون

جنف ع ظلم کی طرف مائل ہونا ظلم کا ارادہ کرنا

جیم با واو

جوف ع شکم خالی و جا خالی اور وہ چیز جو اندر سے پولی و خالی ہے

جوف ع ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے جو لذیذ ہوتی ہے

جیم با یا

جیف ع حیوان مردہ و بودار و مردار بدبو

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف حا اور آخیر مین فا ہے

حا با تا

حتف ع موت و مرگ یعنے مرنا و نابود ہونا

حا با دال

حذف ع گرانا اور دور کرنا کسی حرف کا اوسکے موقع سے

حا با رے

حریف ع ہم پیشہ و ہم کار اور وہ شخص جو مقابلہ پر ہو

حریف ع تیز مزہ اور زبان کو کاٹنے والی چیز

حرف ع سرے و طرف و کنارہ و لب شمشیر وغیرہ اور وہ لفظ جسکے معنے سوا ملنے دوسرے لفظ کے نہ نکلین جیسے من والے عربی مین فارسی مین از و بر و در و تا اور اردو مین سے و تک وغیرہ

حروف ع جمع حرف کی یعنی بہت سے حرف جو لکہے ہوئے ہون

حرف ع کسب کرنا و پیسہ کمانا جیسے روزی ملے

حرف ع حب الرشاد جسکو فارسی مین سپندان اور ہندی مین ہالون کہتے ہین

خا با فا

حف کسی چیز کے گرد ہونا ہڑی اور موچھون کو سوارنا خدمت ومہربانی کرنا اور مرغ کے پرون کی آواز -

خا با لام

حلف ع سوگند کہانا قسم کہانا کسی بات مین -

حلاف ع قسم کہانیوالا اور حلف اوٹہانیوالا الا انحصر

خا با نون

حنیف ع راست رو تابع دین ابراہیم اور ہندا سچا آدمی

خا با یائ

حیف ع ظلم وستم وجور اور افسوس جو کسیکے حال پر ہو -

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف خا اور اخیر مین فا ہے

خا با الف

خاطف ع لیجانیوالا اور یہہ لفظ برق یعنی بجلی کی صفت ہے اسلئے کہ وہ بہی بینائی کو لیجاتی ہے اور نظر اوسکی روبرو نہین ٹہیرتی

خائف ع خوف کرنیوالا ڈرنے والا کسی سے -

خا با رائ

خرف ع نہایت ضعیف آدمی مسلوب الحواس و بیمار و ناتوان

خرف ع تباہی عقل کی بسبب ضعیفی و ناتوانی و کمزوری کی

خروف ع برہ گوسپند و بچہ خرگوش یعنی بکری اور خرگوش کا بچہ

خریف ع موسم خریف مقابل ربیع کی ابتدا دستان کا -

خرف ع میوہ چکھنا درختون سے میوہ اوتارنا -

خا با زائ

خزف ع سفال یعنی مٹی کا برتن مجازا انسان کا وجود

خا با سین

خسوف ع زمین مین دب جانا پکڑا جانا چاند گرہن ہونا چہپ جانا نظر سے -

خسف ع زمین مین دب جانا پکڑا جانا چہپ جانا -

خا با ضاد

خضف ع جانب وطرف وکنارہ ہر چیز کا -

خا با طاء

خطف ع بردن یعنی لیجانا اور خیرہ کر دینا بجلی کا آنکھون کو بسبب چمکنے اور روشنی کے -

خطاف ع نام مرغ جسکو ابابیل کہتے ہین -

خا با فاء

خف ع موزہ چقماق یعنی وہ جلا ہوا کپڑا جس سے چقماق جہاڑتے ہین

خفاف ع موزہ دوز وموزہ فروش -

خفیف ع ہلکا کم وزن بے عزت بے آبرو بے شرم وبیحیا

خا با لام

خلف ع پس ماندہ وفرزند بداطوار یعنی نالائق بیٹا -

خلف ع فرزند نیک اطوار یعنی لائق بیٹا -

خلف ع خلاف کرنا عہد واقرار کے برعکس کام کرنا -

خلف ع پستان چارپایان مثل اونٹ وغیرہ کے چیز مختلف دمرو ستیزندہ وجنگجو وبدخو -

خلفف ع شتر مادہ حاملہ آبستن یعنی حاملہ اونٹنیان

خلاف ع پیچہے کہڑا ہونا درخت بید ناسازگاری ومخالفت ودشمنی وعداوت -

خا با واو

خوف ع ڈر -

خوش غلاف مذ وہ تلوار جو کم اسباب [illegible] نکل آوے -

خواطف ع لیجانیوالا اور صدمہ بجلی کے -

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف دال اور آخیر مین فا ہی

دال با بے

دُرنجف ع یہہ ایک سفید سنگ بلور کیطرح ہوتا ہے اوس مین کالی بال نظر آتے ہین اون بالون کو علی المرتضے سے منسوب کرتے ہین۔

دال با سین

دست باف ف کنایۂ آسان ہے اور آسان کام جو فوراً ہو جاے

دال با فا

دف ف نام ساز جو بطور دایرہ کی ہوتا ہے گا کر وقت اوسکو بجاتے ہین۔

دَف ع نام ایک باجے کا ہی جسکو اہل عرب بجاتے ہین

دَفّ ع یہہ اور طرف اور کنارہ و جانب

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور آخیر مین فا ہی

ذال با عین

ذعاف ع زہر قاتل جسکے کہانیسے ذی جان مرجاتا ہے

ذال با فا

ذفیف ع زود و سبک و جلدی و شتاب

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور آخیر مین فا ہے

راے با الف

رآف ف بسا یعنے بلوتری جو ایک مشہور دوا ہے اور جیوترہ

رآفف ع درخشندہ چمکتا ہوا۔

رای با جیم

رجف زلزلہ بہونچال اور ہلنا اور کانپنا زمین کا۔

رای با دال

ردیف ع وہ سوار جو کسی سوار کے پیچھے بیٹھا ہوا و لفظ مکرر جو غزل کے ہر بیت کے پیچھے آتا ہو۔

رذف ع سرین یعنی چوتڑ اور پے در پے آنا بار بار آنا۔

راے با شین

رشف ع مکیدن یعنے چوسنا۔

راے با عین

رعاف ع جو خون دماغ سے ناک کے رستہ آتا ہے اور یہہ ایک مشہور بیماری ہے۔

رغیف ر دٹی جسکو عربی مین قرص بہی کہتے ہین اور فارسی مین نان۔

راے با فا

رفرف پر ملا نام مرغ کا پیچھے آنے کے لئے و جامہ سبز و بالش و طاق و نام مقام اسرافیل۔

رف وہ نشستگاہ جو بطور طاق کسی دیوار مین بنایا جاوے اور رستہ اوسکا دیوار کے اندر سے ہو۔

راے با واو

رؤف ع بہت مہربان نہایت رحم دل و نرم دل۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زائی اور آخیر مین فا ہے

زاے باحا

زحف ع چلنا لڑکے کا زانو کے زور سے اور شکم سے چلنا حیوان کا اور خطا ہونا تیر کا نشانہ سے۔

زاے باخا

زخرف ع سونا اور ہر چیز آراستہ و آسائش و زینت و خوبی
زخارف ع جمع زخرف کے لفظ کی جو مذکور ہوا۔

زاے باراے

ژرف ف عمیق اور گہرا چاہ یا تالاب یا دریا۔
زراف ع چار پایہ جانور سر اسکا ونٹ و پلنگ وغیرہ اور بعض کے نزدیک یہ نام ایک خاص چار پایہ کا ہے۔

زاے باعین

زعاف ع قاتل و کشندہ یعنی قتل کرنیوالا مار دینے والا۔

زاے بافا

زفاف ع ہم بستری عروس و داماد کی پہلی صحبت عروس و خاوند کی جو بعد نکاح و شادی کے میسر ہو۔

زاے بالام

زلف ف سر کے بال جو کان کے پاس ہوں۔
زلف ع جمع زلفہ جسکے معنے ایک حصہ رات کے ہیں اسی اعتبار سے زلف سیاہ بالوں کے معنے ہیں۔

زاے بانون

زندباف ف بلبل و قمری و فاختہ جو مشہور پرند ہیں۔
زندلاف ف مرغان خوش آواز یعنی مرغ اچھی بولی والے۔

زاے باہا

زہف ع سبک ہونا اور دوڑنا تیز رفتاری کرنا۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف سین اور اخیر مین فا ہے۔

سین باالف

سالف ع پیشتر رفتہ آگے گیا ہوا جو پہلے گذر چکا ہو۔

سین باجیم

سجف ع پردہ اور پردہ لٹکانا پردہ ڈالنا کسی چیز پر۔
سجاف جو کپڑا کسی کپڑے کے چاروں طرف جو گریبان وغیرہ کو زیب کے لئے لگایا جاوے۔

سین باخا

سخف ع سبک ہونا کم ظرف ہونا بے عزت ہونا۔
سخیف ع نانک سبک تنگ ظرف اور کپڑا تنک بنا ہوا

سین باراے

سری صاف ایک قسم کی باریک کپڑے سفید کا نام ہے
سرشف ف سرسون جسکا تیل نکلتا ہے اور جلانیکے کام آتا ہے
سرف ع بیہودہ خرچ جو غیر ضروری ہو نا حق کا خرچ و غفلت و خطا
سرزلف ف زلف سر کا لفظ اس میں ایسا ہے جو اہل فارس زینت لفظی و حسن محاورہ کے لئے لے آتے ہیں۔

سین بافا

سفوف ع پھانکا ہوا آٹا اور خشک دوا پیسی ہوئی۔

سین باقاف

سقف ع مکان کی چھت سقوف اسکی جمع ہے۔

سین بالام

سلف ع گزرنا اور گزرے ہوئے لوگ باپ دادا وغیرہ جو مرچکے ہوں
سلاحف ع جمع سلحفات یعنی کچھوا۔
سلاف ع شیرہ انگور جو نچوڑنے سے اول ٹپکے اور شراب انگوری جو انگور سے بنائی جاوے

سین باواو

سَوَالِف ع جمع سالفہ اگلی لوگ جو زمانہ حال سے اول ہوچکے ہیں

سُوف یونانی زبان کی لغت مین حکمت کو کہتے ہین اور جو علم حکمت سے واقف ہو اوس کا خطاب فیلسوف ہوتا ہے۔

سَوف ع عنقریب زود باشد یعنی یہہ بات جلد ہو گی۔

سین با ہا

سَہ قرقف تین کتابین ترسا مذہب کی جو اصل اصول مذہب کی ہین

سین با یا

سَیف ع تلوار جسکو فارسی مین تیغ کہتے ہین۔

سُیُوف ع بہت سی تلوارین یہہ لفظ سیف کی جمع ہے

سَیَّاف ع شمشیرزن تلوریا بہادر جوانمرد پہلوان۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف شین اور اخیر مین فا ہے

شین با الف

شَارِف ع شتر مادہ پیر یعنے اونٹنی جو بڑی عمر کی ہو۔

شین با دال

شَدِ مُخَالِف ع بلند آواز اور فریاد و فغان اور چلا کر بولنا

شین با را

شَرَف ع بزرگی حرمت عزت اور شرف ستارہ کا برج مین

شَرِیف ع بزرگ عزت دار و اصیل و نجیب ذات کا اچھا شخص

شُرسُوف ع سر استخوان پہلو جو شکم کی طرف ہو اونکو نرم ہڈیان پہلو کی

شَرَاسِیف ع جمع شرسوف بہت سی پہلو کی ہڈیان۔

شین با عین

شَعَف ع شیفتہ کرنا رجوع کرنا مایل کرنا متوجہ کرنا۔

شین با غین

شَغَف ع عشق کی شدت اور محبت کا جوش جو عاشق کے دل مین ہو

شَغَاف ع غلاف قلب و پردہ دل و حجاب دل جو دل پر ہے

شَغَف ع دوستی کرنا دل کے پردہ تک پہونچنا کسی کے دل مین جگہ کرنا اور پہونچنا کسی کا پردہ دل مین اور لگنا۔

شین با کاف

شِگَرف زیبا و عجیب و نیکو و بزرگ و تعجب خیز چیز

شین با لام

شَلَف ع زن فاحشہ بدکار عورت فاسقہ فاجرہ عورت

شین با نون

شَنجَرف و شَنگَرف مشہور پتھر ہے جو سرخ رنگ دیتا ہے

شین با یا

شِیَاف بتی دوائی کی جو قبل یا دبر یا کان وغیرہ مقاما مین رکھین۔

شِیرین باف نام پارچہ جسکو سری صاف کہتے ہین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف صاد اور اخیر مین فا ہے

صاد با الف

صَافّ ع صف کھینچنے والا قطار باندھنے والا۔

صَاف ف درست و صفا سے ملا اور درست و صحیح۔

صاد با حا

صِحَاف ع کاسہ ہای بزرگ و جای جمع شدن آب مثل تالاب وغیرہ۔

صَحَّاف ع کتاب فروش و جلدگر شخص۔

صُحُف ع جمع صحیفہ و صحف اہل فارس کی استعمال مین بمعنی کتاب ہے

صَحَایِف ع جمع ہے صحیفہ کی بہت سی کتابین۔

صاد با دال

صَدَف سیپ اور ایک قسم پیالہ کو جو کہ اشراب کا پیالہ۔

صاد با رائے

صَرف ع ہر شی خالص جس مین اور چیز کا ملاؤ نہو۔
صَرف ع خرچ کرنا اور ساولنا نام علم و حادثہ و صدمہ۔
صُروف ع حوادث و آفات اور بہت سے خرچ۔
صَرّاف ع پرکہنے والا روپیہ کا یہہ مشہور لفظ ہی۔

صاد با فار

صَفصاف م درخت بید اور نام ایک قسم کے درخت کا۔
صَفصَف ع زمین ہموار او میدان ہموار۔
صَف ع قطار جمع اسکی صفوف ہے۔

صاد بالام

صَلف ع لاف مارنا جہوٹہ بولنا جہوٹا اعزاز ظاہر کرنا۔

صاد با نون

صِنف ع قسم و نوع و جنس کسی چیز کی۔
صُنوف ع جمع صنف بہت سے قسم و نوع و جنس۔

صاد با واو

صَوارِف ع حوادثہا و صدمہا یعنی بہت سے حادثی و صدمے۔
صَواف ع گاوان و ایان و شتران فربہ چالاک چارپای۔
صُوف ع پشم یعنے اون چارپایہ کی جیسے کمبل وغیرہ بنتی ہین

صاد با یار

صَیف ع موسم گرما یعنے تابستان گرمی کا موسم۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ضاد اور اخیر مین فا ہی

ضاد با عین

ضُعف ع کم طاقتی و ناتوانی و کمزوری و لاغرتنی و کہن سالی۔
ضَعیف ع کم طاقت اور ناتوان و کمزور و کہن سال۔
ضِعف ع دو چندان یعنی دوگنا پہلے سے ایک حصہ زیادہ۔
ضِعاف ع جمع ضعیف کی لفظ کی یعنی بہت سے ضعیف و کمزور
ضُعف التالیف ع جو شعر برخلاف محاورہ ہو۔

ضاد با یار

ضَیف ع مہمان جو کہانا کہلانیکی لئی اپنی گہر بلایا جاسکے
ضُیوف ع مہمانان بہت سے مہمان جمع ضیف کے لفظ کی

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف طا اور اخیر مین فا ہے

طا با الف

طارِف ع وہ مال جو تازہ اور نیا ہو یعنی ہر ایک چیز نئی۔
طائف ع طوف کرنیوالا اور وہ خیال دماغی انسان کا جو خواب مین نظر آئے و نام خطہ قریب مکہ معظمہ کے جو نہایت سرسبز ہے

طا با رائے

طَرف ع جانب کنارہ و پارہ و حصہ و وقت و موقع کسی بات کا
طَرف آنکہہ اور پلک کا ملانا اور دیکہنا اور نظر کرنا و گوشہ و کنارہ و بند زر و نقرہ جو کمر پر باندہتے ہین و شتا اسپ و حریف
طَرف ع معشوق و محبوب اور دوست و رفیق۔
طُرف ع طرفہ و عجیب و غریب و تعجب خیز چیز۔
طِرف ع اسپ گرانمایہ و خوش رفتار و خوش اصل۔
طَریف ع غریب و تازہ و نادر و نوزادہ۔
طَرائف ع اچھی چیزیں یا اچھی تحفے اور عجائبات پیش۔

طا با واو

طَوف ع گرد پہرنا سیر کرنا گشت کرنا چار طرف پہرنا۔
طَواف ع گرد کسی چیز کے پہرنا سیر کرنا۔
طَوّاف م گرد پہرنیوالا مجازاً خادم و نوکر و مجاور

طا با یای

طیف ع خیال جو خواب مین نظر آوی نیند کی حالت کا تصور

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف ظا اور اخیر مین فا ہے

ظا با رائے

ظریف ع زیرک دانا و خوش طبع و خوش مزاج۔

ظراف ع بہت دانا اور زیرک خوش طبع و خوش مزاج

ظرف ع زیرکی اور برتن اور حوصلہ و ہمت۔

ظروف ع جمع ظرف کی برتن بہت سے۔

ظا با لام

ظلف ع چارپایہ کا سم جو شگافتہ ہو مثلاً سم گاو و گوسپند و آہو وغیرہ بخلاف سم گھوڑے و گدہے و خچر و گورخر وغیرہ کے۔

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف عین اور اخیر مین فا ہے

عین با الف

عاطف ع مہربانی کرنیوالا نرم دل ارنیوالا۔

عاکف ع گوشہ نشین و خلوت مین بیٹھنے والا۔

عارف ع پہچاننے والا خدا کا ولی عابد و زاہد

عین با با

عبد المناف ع نام جد جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسطرح ہے کہ محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد المناف

عین با جیم

عجف ع لاغر جسم و کمزور و ناتوان آدمی۔

عجف ع لاغری و کمزوری و ناتوانی و ضعیفی۔

عجاف ع لاغران یعنی لاغر و کمزور و ناتوان لوگ

عین با رائے

عرف ع بوی خوش مثل بوی عطر و مشک و گلاب وغیرہا

عرف ع شناختگی و نکوئی و احسان مشہور نام۔

عین با طا

عطف ع پہیرنا اور لپٹینا اور میل کرنا و مہربانی وسجاف دامن جامے کا۔

عین با فا

عفاف ع تقوی و پارسائی و پرہیزگاری نیک بختی

عفیف ع پارسا و پرہیزگار و متقی گناہ سے بچنے والا۔

عفعف ع آواز سگ یعنی کتے کے آواز۔

عفوف ع مہربان شفیق دوست پیارا۔

عین با قاف

عقد زفاف ع نکاح عورت و مرد کا بیاہ و شادی۔

عین با لام

علف ع گہاس وغیرہ خوراک چارپایون کی۔

علاف ع کاہ فروش جو گہاس بیچنے والا ہو۔

عین با نون

عنف ع درشتی و تندی و ستیزہ روی و جنگجوئی۔

عنیف ع بد مزاج و تندخو و جنگجو و بدخلق آدمی۔

عین با واو

عواصف ع سخت و تند ہوائین یعنے اندہیریان۔

عواطف ع مہربانیان محبت و بخشش و شفقت۔

عَوارِف ع پہچاننے والا اور خوشبوئیان۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف غین اور اخیر مین فا ہے

غین با را

غُرَف ع جمع غرفہ بہت سے دریچے اور روزن۔

غین با ضاد

غُضرُوف ع نرم ہڈی غضاریف اسکی جمع ہے۔

غین با طا

غِطرِیف ع بہتر و شریف و جوانمرد۔

غین با لام

غِلاف ع اوپر کا پردہ جو کسی چیز پر پڑا ہو۔

اونیسوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکا اول حرف فا اور اخیر مین بھی فا ہے

فا با فا

فَفَف ع پھونک اور دم انسان کا اور سانس۔

فا با کاف

فَکَیف ع پس کیونکر پھر کسطرح پھر کیونکر۔

فا با یا

فَیلسُوف حکیم دوست دار علم کیونکہ فیل بزبان یونانی دوست کو کہتے ہین اور سوف علم کو اور جمع اس لفظ کی فلاسفہ ہے۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین فا ہے

قاف با الف

قاصِراتُ الطَّرف ع وہ عورتین جو سوا ہی خاوند کے اور کسی کی طرف نہین دیکھتین۔

قاف م ایک پہاڑ کا نام ہے جو بہت بڑا ہے۔

قاف با حا

قِحف ع کاسہ سر اور استخوان فوق دماغ۔

قاف با ذال

قَذف ع پتھر مارنا گالی دینا زنا کے ساتھ نسبت دینا اور قے کرنا۔

قَذَف ع بیابان فراخ بہت چوڑی میدان

قاف با را

قَرقَف ع شراب و نام تین کتاب ترساؤن کا

قاف با شین

قَشف ع رنگ تغیر ہوا ہوا اور اوڑا ہوا رنگ۔

قَشَف ع جلنا مونہہ کا دھوپ سے اور جسکی چہرہ کی بسبب آزار و مفلسی و غم و اندوہ کی رنگت اوڑ گئی ہو۔

قاف با طا

قَطف ع میوہ چکنا اور چننا اور آہستہ چلنا جانور کا راستہ مین۔

قِطف ع میوہ درخت کا جو پختہ ہو چکا ہو۔

قَطَف ع پالک کا ساگ جسکو اسفاناخ رومی اور سرمن بھی کہتے ہین ہندی مین اوسکو بتھوہ بھی نام ہے۔

قُطُوف ع جمع قطف کی میوہ ہا یعنے بہت سے میوے

قِطاف ع میوہ چکھنے کا وقت میوہ اوتارنے کا موسم۔

قَطایِف ع جمع قطیفہ چادرین اور حلوا و نان حلوا

اور رشتہ مبدہ یعنے سو یان ۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین فا ہے

کاف با الف

کاف ع نام ایک جزیرہ کا دریای محیط مین ۔
کاشف ع کہولنی والا ظاہر کرنیوالا پیدا کرنیوالا ۔
کاسف ع صاحب کسوف اور گھٹنی والا سورج گرہن ہونیوالا

کاف با تاء

کتف ع شانہ مردم اور نام ایک ہڈی کا جسم مین ۔

کاف با ثاء

کثیف ع سطبر و تیرہ و غلیظ ضد لطیف ۔
کثف ع گروہ آدمیون کا اور ہجوم لوگون کا ۔

کاف با ذال

کذاف ف بیہودہ باتین اور بیہودہ و بیحساب بے حد بعض کے نزدیک گزاف بفتح زاے فارسی کے ساتھہ ۔

کاف با سین

کسوف ع سورج گرہن اور بدحال ہونا ۔
کسیف ع پوشیدہ و بدحال و ترشرو ۔

کاف با شین

کشف ع پردہ اوٹھانا برہنہ کرنا ظاہر کرنا ۔
کشف ع سنگ پشت جسکا نام ہندی مین کچھوا اور فارسی مین باخہ کہتے ہین ۔
کشاف ع پیدا کرنے والا ظاہر کرنیوالا اور نام ایک تفسیر کا جو قرآن کی شرح ہے

کاف با فاء

کف ع کف دست اور کھڑا کرنا اور دو ٹکڑے کپڑے کے الگ دوسرے پر سینا اندھا کرنا ساقط کرنا ۔
کف ف کف دست و پا اور جھاگ دریا و صابون کی اور سوختہ چقماق کا ۔
کفاف ع انداز معاش گزران کا اندازہ ۔

کاف با لام

کلف ع سیہ داغ جو سونہہ پر پڑجاتے ہین اور عشق

کاف با نون

کنف ع جانب و کنارہ و پناہ و حمایت اور جانبداری

کاف با واو

کوف ع بوم اور الو جو مشہور جانور ہے

کاف با ہاء

کہف ع غار جو پہاڑون مین ہوتا ہے ۔

کاف با یاء

کیف ع نشہ و مستی و شراب و چگونہ یعنے کسطرح ۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف لام اور اخیر مین فا ہے

لام با الف

لاف ف شیخی بڑائی جو جہوٹ ہو
لاتکلف ع مت کہڑا ہو مت کہڑا کر مت ٹھر مت ٹھرا ۔

لام با حاء

لحاف ع جامہ پنبہ دار شبیہ رضائی جو جاڑون مین رات کو اوڑھتے ہین

لام با طاء

لطف ع نرمی و تازگی و مہربانی و محبت و پیار ۔
لطیف ع نیکو کار و پاکیزہ شخص اور مطبوع چیز
لطائف ع لطیفہ یا و نیکی یا یعنی بہت سی لطیفے اور رنگیلیان اور خوش کلامیان

لام با فاء

لَفّ ع لپیٹنا کسی چیز کو یا خط کا لفافہ کرنا۔
لَفِیف ع ہر چیز پیچیدہ و درہم و دوست اور وہ کلمہ جس مین دو حرف علت کے ہون۔

لام با ہاء

لَہَف ع غمناک ہونا اندوہگین ہونا دلگیر ہونا۔

لام با یاء

لِیف ریشہ درخت خرما اور بوریا وغیرہ جو اوس سے بناتے ہین

تئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور آخیر مین فا ہے

میم با الف

مَاْوُف ع آفت رسیدہ تنگ حال مبتلائے بلا۔
مَاْلُوف ع خو پکڑا گیا دوستی کیا گیا رفیق بنایا گیا۔
مَاْعُرف ع متاع خانہ گہر کا اسباب جسکی پہچان ہو۔

میم با تاء

مُتَضَعِّف ع بہت ضعیف ہونیوالا سخت ناتوان و کمزور
مُتَکَلِّف ع غلیظ و سطبر ہونا نامطبوع و مکروہ ہونا۔
مُتَصَنِّف ع صفت کیا گیا تعریف کیا گیا۔
مُتَلِّف ع تلف کرنیوالا ضائع کرنیوالا کسی چیز کا۔
مُتَحَف ع تحفہ دینے والا پیشکش کرنے والا۔
مُتحَف ع تحفہ کیا گیا یعنے جو چیز تحفہ کیجائے۔
مُتَعَفِّف ع متقی و پارسا و صاحب عفت۔
مُتَضَائِف ع ایک دوسرے ساتھ نسبت رکھنے والا۔
مُتَرَادِف ع ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونیوالا اور لفظ مترادف وہ ہین کہ دو تین لفظون کے ایک معنے ہون

چنانچہ قلب و فواد و جان کے ایک معنے ہین۔
مُتَلَہِّف ع افسوس کہانیوالا و غمناک۔
مُتَوَقِّف ع دیر کرنے والا ڈہیل لگانے والا۔
مُتَعَنِّف ع سرزنش کرنیوالا درشت خو لعن کرنیوالا۔
مُتَاَسِّف ع افسوس کرنیوالا کسیکی حال پر غم کہانیوالا۔

میم با جیم

مِجْدَاف ع بہلو لکڑی جو کشتی کے پہلو پر لگاتی ہین اور کشتی کو اوس سے چلاتی ہین نام اوسکا پتہ ہے۔
مُجَوَّف ع پولی چیز جو اندر سے خالی ہو جیسے بانس۔
مُجَفِّف ع خشک کرنیوالا سوکہا کرنیوالا۔

میم با حاء

مَحْفُوف ع گردا گرد پکڑا گیا چاروں طرف سے گہیرا گیا
مَحْذُوف ع گہوڑا دم کٹا اور کاٹا گیا اور حرف جو دور کیا جائے۔
مُحَرِّف ع راستی سے پہیرنے والا گمراہ کرنے والا۔
مُحَرَّف ع راستی سے پہیرا ہوا گمراہ و بدکار

میم با خاء

مُخَالِف ع نام ایک راگ کا ہے جو گایا جاتا ہے۔
مُخَالِف ع دشمن عداوتی بیری بدخواہ
مُخَلَّف ع واپس چھوڑا گیا پیچھے چھوڑا گیا۔
مُخْلِف ع نو سال کی عمر کا اونٹ۔
مُخْتَلَف ع اختلاف کیا گیا اور وہ روایت جو کئی طرح سے سنی جاوے
مُخَوِّف ع خوفناک ڈرنے والا کسی سے۔
مَخَاوِف ع جائے خوف جس مقام سے خوف ہو۔

میم با راء

مُرَادِف ع ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا اور جہان لفظ ایک معنے کے جیسے ماء اور آب اور آتش اور نار

میم با زای

مزلّف ع معشوق صاحب زلف بتصرف فارسیان -

مزالف ع جای انبوہ و مجمع و ہجوم مردمان و گروہ

مزاحف ع باصطلاح عروض رکن غیر سالم

مزخرف ع آراستہ و زر اندودہ و دروغ جو بسبب [illegible] آراستہ ہو

میم با سین

مستحیف ع ظلم کرنیوالا زور و تعدی کرنے والا -

مستخیف ع خوفناک ڈرپوک آدمی -

مسرف ع بیجا خرچ کرنیوالا فضول خرچ آدمی -

میم با شین

مشترف ع منسوب نکا افسر بلندی کو چڑہنے والا -

مشرف ع جای بلند و محل بلند اونچی جگہہ

مشعوف ع شیفتہ و عاشق دیوانہ دلدادہ

مشغوف ع چہپی ہوئی بات دل اپن بہید کی بات

میم با صاد

مصاف ع جنگ لڑائی ماخوذ مصف سی جسکے معنی لڑائی کا مقام ہے -

مصحف ع صحیفونکا مجموعہ مجازاً قرآن -

مصحّف ع وہ لفظ جو تغیر نقاط اور معنی دنیا ہو چنانچہ عبد و عید و محبت و محنت و مخنث -

مصنّف ع تصنیف کیا گیا کوئی نسخہ کتاب کا -

مصنِّف ع تصنیف کرنیوالا کوئی مضمون یا کتاب بنانیوالا -

مصاحف ع جمع مصحف بہت سے قرآن و کتابیں -

مصرف ع اسم ظرف جای خرچ و مقام خرچ

مصرِّف ع اسم فاعل ہے صرف کرنیوالا خرچ کرنیوالا

مصارف ع جمع مصرف بہت سے خرچ کے مقام -

مصروف ع پہیرا ہوا مشغول کسی کام مین -

میم با ضاد

مضاف ع منسوب متعلق جو دوسرے سے علاقہ رکہتی ہوں -

مضاعف ع دو چند اور اصطلاح صرفیان میں وہ کلمہ جسکی آخر میں دو حرف ایکجنس سے ہوں

میم با طاء

مطرف ع وہ گہوڑا جسکا سر اور دم سپید یا سیاہ ہو ماخوذ طرف سے جسکے معنے بند نقرہ و زر کے ہین -

مطرف ع چادر علم وغیرہ -

مطاف ع جای طواف -

میم با عین

معرِّف ع تعریف کرنیوالا پہچاننے والا اور پیادہ کچہری کا -

معروف ع پہچانا گیا اور مشہور وکوئی وہ نام ایک ولی اللہ کا جو کرخ مین رہتا تہا -

معارف ع آشنایان و علماء و فضلا اور پہچاننے کی مقام

معلف ع چارہ اور آخور گہوڑونکا -

معتکف ع گوشہ نشین -

معاف ع اصل مین معافی تہا معاف کرنا -

معطوف ع پلٹا یا گیا پہیر گیا ایکطرف سے دوسری طرف

معترف ع اقرار کرنیوالا وعدہ کرنے والا -

میم با غین

مغرف ع ہاتھ سے پینے والا آدمی -

میم با کاف

مکشوف ع کہلا ہوا اور کہولا ہوا -

مکلّف ع تکلیف دیا گیا تاب کیا گیا -

مکتنف ع پناہ ڈہونڈنے والا ایکسو ہونیوالا ایکطرفہ -

ملفوف ع پیراہن لپیٹا ہوا تہہ کیا ہوا -

میم با لام

ملہوف ع اندوہگین و مظلوم و رنج کشیدہ -

ملاطف ع مہربانی کرنیوالا نرم دل -

مُلَفَّف ع لپٹا ہوا لفافہ کیا ہوا۔

میم با نون

مُنِیف ع بروزن مقیم یک بزرگ بلند زیادہ۔
مُنزَحِف ع دور ہونیوالا پرے کو جانے والا۔
مُنکَشِف ع ظاہر ہونیوالا سب کے روبرو آنیوالا۔
مُنحَرِف ع خمیدہ و برگشتہ ہونیوالا نافرمان سرکش
مُنعَطِف ع خم پکڑنے والا اور پہرنے والا۔
مُنصَرِف ع ایک حال سے دوسری حال مین بدلنی والا۔
مُنَافِ ع نفی کرنیوالا دور و نابود کرنے والا۔
مُنصِف ع انصاف کرنے والا عادل و داد گر۔
مُنکَشَف ع کہولا گیا ظاہر کیا گیا سب کو دکہلایا گیا۔
مَوقِف ع کہڑی ہونیکا مقام رہنی کی جگہہ جای سکونت
مَوَاقِف ع جمع موقف کے لفظ کی کہڑے ہونیکا مقام
مُؤَلِّف ع الفت دینے والا جمع کرنیوالا کسی کتاب کو۔
مُوَظِّف ع وظیفہ کرنیوالا وظیفہ دینی والا روزینہ دینی والا
مُوَظَّف ع وظیفہ کیا گیا روزینہ دیا گیا۔
مُوَصَّف ع صفت کیا گیا تعریف کیا گیا۔
مَوصُوف ع توصیف کیا گیا تعریف کیا گیا۔
مَوقُوف ع کہڑا کیا گیا ٹہرایا گیا قائم کیا گیا۔
مُوتَلِف ع جو پکڑا گیا الفت پکڑا گیا۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف نون اور اخیر مین فا ہی

نون با الف

نَاف ع مشہور لفظ ہے یعنے انسان کی ناف۔
ناصف ع آدہون آدہ کرنیوالا نصف نصف کرنیوالا

نون با تا

نَتف ع اوکہڑنا بال کا جسم سے۔

نون با جیم

نَجَف ع نام شہر جس مین مزار مرتضی علی کا ہے۔

نون با حا

نَحف ع چوڑے سر کا تیر جو ایک ہتیار ہے۔
نَحِیف ع دبلا لاغر ناتوان۔

نون با دال

نَدف ع روئی کا دہنکنا۔
نَدَّاف ع دہنیا روئی کا دہنکنے والا۔

نون با زا

نَزف ع تمام پانی چاہ سے نکالنا۔
نَزِیف ع تپ زدہ بیہوش اور جسکا خون بہ کے نکل گیا ہوا اور وہ پیاسا جسکی زبان خشک ہو۔

نون با سین

نَسف ع اوکہاڑنا بنیاد کا بیخ سے نکالنا۔
نَسَف ع نام ایک شہر کا جو مشہور ہے۔

نون با شین

زال ف زن پیر مرد پیر و نام پدر رستم اسلئے کہ وہ سفید بالون کے ساتھہ پیدا ہوا تہا۔

زاے با با

زبل ع سرگین اسپ و اشتر و خر وغیرہ۔

زاے با حا

زحل ع نام ستارہ جو آسمان ہفتم پر نحس اکبر ہے۔
اور ساتوین آسمان اوسکا مقام ہے۔
زکال و زغال کوئلہ جو لکڑی جلا کر بناتے ہین

زاے با لام

زلزال لرزانیدن یعنی کنپانا لرزہ دینا کسی چیز کو۔
زلازل جمع زلزلہ یعنی بہت سے زلزلے۔
زلل ع لغزش و نقصان و کمی تراز و میل و لغزش کا مقام
زلال ع نام کرم جو برف مین پیدا ہوتا ہے و بمعنے آب سرد و شیرین۔

زاے با نون

زندہ پیل ف بڑا ہاتہی اور لقب شیخ احمد جام کا۔
زنجبیل ع سونٹھہ جو ایک مشہور چیز اور معروف دوا ہے۔
زنبیل ع گدائی کرنی کا تہیلا جس مین فقیر روٹی کے ٹکڑے جمع کرتے ہین۔

زاے با واو

زوال ع ایک حال سے دوسرے حال پر ہونا پست ہونا کم ہونا۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور آخیر مین لام ہے

سین با الف

سادہ دل ف مرد نادان احمق و کم عقل۔
ساحل ع کنارہ دریا کا۔
سافل ع نیچے والا زیرین یعنی منزل زیرین و مکان زیرین
سائل ع پوچہنے والا مانگنے والا جاری ہونیوالا روان ہونیوالا۔
سال ت برس یونانی زبان مین کشتی و بزبان ہندی نام درخت جسکی لکڑی کار آمد ہوتی ہے۔

سین با با

سبل ع بیماری شوق سرخی چشم و موے وانگون جو آنکہون کے اندر پیدا ہوتی یعنی مقام پلک اور اوسکے سے پلکین ورم کر جاتی ہین
سبل ع راہہا یعنی رستے جمع سبیل کی۔
سبیل رہستہ و آب و شیرنی وقف۔
سبال ع جمع سبلت یعنی موچہین
سبال ع وہ شخص جسکو بیماری سبل کی ہو

سین با میم

سجیل ع کچا پتہر جو نہ کا جسکو جلا کر عمارت مین لگاتی ہین
سجل ع وہ سند جسپر قاضی یا حاکم کی مہر ہو یا دستخط۔
سجال ع ڈولہا بہت سے ڈول جمع سجل
سجنجل ع رومی زبان مین آئینہ کو کہتے ہین۔
سچقان ئیل ت بارہ سالون سے پہلے سال کا نام ہے۔

سین با حا

سحبان بن وائل ع نام مرد فصیح و بلیغ جو اپنی زمانہ مین مشہور تہا

سحر حلال شعر و سخن فصیح و نام مثنوی جسکا مصنف اہلی شیرازی تہا۔

سحیل ع رشتہ یعنے تاگا سوت کا۔

سین با را

سراویل ع پاجامہ جو مشہور کپڑا ہے

سرافیل ع نام فرشتہ حامل صور۔

سر حلقہ عقل ع کنایۃ عقل اول و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

سرخیل ف سردار افسر گروہ و سپاہ۔

سرغل ف نام سردار مغل جو بڑا امیر تہا۔

سرمای کل ف سرمای خفیف آغاز بہار جب تہوڑی سردی ہو

سربال ع پیراہن اور ہر چیز پوشیدہ۔

سین با زا

سزاول ف تحصیل کنندہ یعنے حاصل کرنے والا۔

سین با طا

سطل ع ایک قسم کا طشت ہوتا ہی جو مشہور برتن ہے

سین با عین

سعال ع سرفہ کہانسی جو مشہور بیماری ہے۔

سین با فا

سفال ع آوند گلی مٹی کا برتن کمہار کا بنایا ہوا برتن۔

سفل ع پستی اور وہ مکان جو سب سے نیچے ہو۔

سفرجل ع وہ میوہ جسکو بہی کہتے ہین۔

سفول ع پستی یعنے پست ہونا نیچے ہونا۔

سین با قاف

سقال ت محاسن لحیہ ریش ڈاڑہی آدمی کی۔

سقای نیل ف کنایۃ ابر سحاب بادل جو برستا ہے

سین با کاف

سگال ف خیال و اندیشہ و وہم و گمان اور خیال و اندیشہ کرنیوالا

سین با لام

سل ع نکالنا تلوار یا چہری اور فصد کرنا یعنے خون نکالنا

سل ع باہر نکالا گیا و بمعنے نطفہ و نام مرض مہلک او فارسی مین کشتی نے جسکو تکہ کہتی ہین اور ایک قسم کا ہتہیار جسکو سیل کہتے ہین۔

سلاسل ع جمع سلسلہ زنجیرہا یعنے لوہی کی زنجیرین

سلسال ع آب شیرین خوشگوار سرد اور میٹہا پانی۔

سلسبیل ع نام چشمہ کا جو بہشت مین جاری رہتا ہے

سلیل ع فرزند بچہ و اولاد لڑکی ہو یا لڑکا۔

سلقل ت دست چپ یعنے بایان ہاتہ چپ

سل ت چپ یعنے بایان طرف اگر اسکے ساتہ قل کا لفظ ملا دین تو بایین ہاتہ کے معنی دیتا ہی کیونکہ قل ترکی مین ہاتہ کو کہتے ہین۔

سلامان و ابسال ع نام عاشق و معشوق و نام کتاب جس مین اون کا قصہ مذکور ہے۔

سلس البول ع نام مرض جسمین بیمار کا بول بے ارادہ نکلجاتا ہے

سین با نون

سنبل ف گیاہ خوشبو جسکو بالچہڑ کہتے ہین و خوشہ جو و گندم جسکو سنبلہ کہتے ہین

سین با واو

سواحل ع جمع ساحل کنارہ ہای دریا ندی کے کنارے

سوال ع مانگنا پوچہنا طلب کرنا کسی سے۔

سؤال ع بوزن فعول بہت سوال کرنیوالا سوالی۔

سوزن پال ف بچہ مرغ جو چہوٹی چہوٹی پر ہوتے ہین

سین با ہا

سہیل ع نام ستارہ کا جسکو اگستہ کہتے ہین

سہل ع آسان و زمین نرم و ہموار و میدان

سین با یاء

سیال ف قحط سال جس سال غلہ گران ہو-

سیل ع طغیانی پانی کے رو دریا کا جو بہت سا آئے

سیول ع جمع سیل کی چڑھاو پانی کے-

سیجال ف چاہ بے آب جس مین قیدیونکو قید کرتے مین

سیال ع رقیق اور جاری ہونیوالا روان ہونیوالا-

سیر حاصل ف اچھی زراعت و زمین جس سے غلہ حاصل ہو-

سیورغال ت مدد معاش و انعام در وزینہ و درماہ-

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین لام ہے

شین با الف

شاخل ع قسم غلہ جسکو ارہر کہتے ہین اکثر اسکی دال ہوتی ہے

شاغل ع شغل کرنے والا و مانع و باز رکہنے والا کسی کام سے

شال ع قسم جامہ پشمین جسکو دوشالہ کہتے ہین-

شاخ گل ف کنایہ معشوق و محبوب-

شاقول علولہ آہن در رشتہ جیسے معمار کام سیدہا کرتے ہین

شین با باء

شبل ع بچہ شیر درندہ کا اور شیر مشہور جانور ہے-

شین با تاء

شتل ف وہ حصہ جو قمار باز غالب اہل مجلس کو دیوے

شین با حاء

شحم حنظل ع مغز حنظل ہندی مین اوسکو تمّا کہتے ہین-

شین با خاء

شخول و شخیل و شخل ف صفیر و بانگ و فریاد ناخون سے اوکہاڑنا اور کاٹنا جانور کا چونچ سے-

سین با طاء

سطل معرب شتل جسکے معنی تحریر ہو چکے ہین یعنی وہ حصہ جو قمار باز حاضرین کو دیتے ہین-

شین با غین

شغال ع گیدڑ معروف چارپایہ ہے-

شغل ع مصروف ہونا متوجہ ہونا کسی کام مین-

شین با کاف

شکیل ع رسن اسپ و مکر و فریب دغا اور داؤ دینا-

شکال ع ریسمان اسپ و شتر و مکر و فریب و دغا-

شکل ع صورت شباہت انسان کی-

شکیل ع صاحب شکل و خوبصورت و حسین آدمی-

شین با لام

شلیل ع قسم شفتالو و نام میوہ و نام جامہ-

شلل ع وہ شخص جسکے ہاتھ پانو حرکت نہ کر سکین اور مارے سستی و نرمی

شلل ع نیزہ کو چاک یعنی چھوٹی برچھی جو مشہور ہتھیار ہے

شلل ع نام میوہ شفتالو-

شین با میم

شمول ع شامل ہونا ہمراہ ہونا محیط ہونا ساتھ ہونا-

شمل ع پریشانی و پراگندہ اور جمع ہونا اور شامل ہونا ساتھ ہونا

شمال ع وہ ہوا جو قطب کیطرف سے آئے-

شمال ع دست چپ و عادت و جانب قطب-

شمائل ع شکل اور تازہ شاخ درخت خصلتین و عادتین

شین با نون

شنگول ف شوخ و خوبصورت اور حسین معشوق و محبوب-

شنگل ف شوخ و عیار و رہزن اور ڈاکہ مارنیوالا-

شین با واو

سین با واو

شَوْل ع اوٹھایا جانا سیر و شکار کرنا کسی باغ یا جنگل میں
شَوَّال ع نام ماہ عید اور مہینہ سیر و شکار کا یعنی خوشی کا مہینہ
شَوَاغِل ع جمع شغل یعنے بہت سے شغل اور کام
شُوْرَہ غال ف انعام در روزینہ در ماہ جو مقرر ہو-

شین با یاء

شیشہ دل ف نامرد و بیدل و ڈرپوک آدمی کم حوصلہ آدمی جو کسی معرکہ جنگ وغیرہ میں نہ جا سکے-
شیر دل ف پہلوان جوانمرد جنگ آور لڑویہ

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف صاد اور اخیر مین لام ہے

صاد با فاء

صَفِّ نعال ع اخیر کی صف جو جوتیون کے پاس ہو-

صاد با لام

صَلْصَل ع فاختہ و بقیہ آب حوض مین اور گہوڑے کی پیشانی کے بال و نام موضع و نام دریا-
صَلْصَال ع باریک مٹی اور خشک مٹی اور کچی مٹی کہ جب اوس پر ہاتھ مارین آواز نکلے اور ایسی ہی مٹی سے خمیر آدم علیہ السلام کا ہوا تہا-
صَلِیْل ع لوہے کی آواز تلوار کی ضرب کی آواز-
صَلَاصِل ع جمع صُلْصُل فاختہ ہا یعنی بہت سی قمریان
صُلْحِ کُل ف خیر خواہ کل مردبی تعصب جو کسی سے دشمنی نہ رکہے

صاد با نون

صَنْدَل ع خوشبودار لکڑی کا نام ہے جو مشہور ہے-

صاد با واو

صَوْل ع حملہ کرنا دہاوا کرنا دشمن پر-

صاد با ہاء

صَہِیْل ع آواز اسپ یعنے گہوڑے کی آواز-

صاد با یاء

صَیْقَل ع چمکانیوالا صیقل کرنیوالا روشن کرنیوالا اور اسباب صیقل کرنیکا اور صیقل کرنا و شمشیر کا

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف ضاد اور اخیر مین لام ہے

ضاد با الف

ضَالّ ع گمراہ جو بے بد راستے پر ہو-

ضاد با حاء

ضَحْل ع آب اندک تہوڑا پانی جو کسی نشیب مین کہڑا ہو-

ضاد با راء

ضَرْبُ الْمَثَل ع مثال و تمثیل جو کسی بات مین کہی جائے

ضاد با لام

ضُلّ ع گمراہ فاسق فاجر-
ضِلِّیْل ع گمراہ فاسق فاجر-
ضَلَال ع گمراہی بے دینی فسق و فجور

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ط اور اخیر مین لام ہے

طا با الف

طَابَقَ النَّعْلَ بِالنَّعْلِ ع قدم بقدم چلنا پیروی کرنا-
طَائِل ع فائدہ و نفع و سود جو کسی سے حاصل ہو
طَال ع دراز ہوا بڑہ گیا لمبا ہوا-

طا با با

طبنل ع بڑا نقارہ اور تری جو بجایا جاتا ہے -

طا با حا

طحال ع سپرز یعنے تلی جو اندرونی عضو کا نام ہے

طا با را

طِربال ع بلند منیار جو مسجد وغیرہ مقامات مین بناتے ہین

طا با فا

طِفل ع آدمی کا بچہ لڑکا جو خورد سال ہو -

طُفیل ع نام شاعر کوفی اور وہ شخص جو ناخواندہ دعوت مین جاوی ہمراہ مدعو کے و مجازاً وسیلہ و ذریعہ -

طا با لام

طِلق محلول ع ابرق حل کیا ہوا عمل کیمیاگران -

طل ع شبنم اور قطرے پانی کے جو خورد ہون -

طَلَل ع جسم و کالبد و تن و جثہ و نشانہای خانہای ویران طلال اسکی جمع ہے -

طا با واو

طول ع دراز جسکو ہندی مین لمبا کہتے ہین -

طویل ع دراز اور نام بحر بحور نظم سے جو لمبا بحر ہوتا ہے

طول امل ع حرص ہوا و امید دراز آیندہ کی امید -

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ظا اور اخیر مین لام ہے

ظا با لام

ظل ع سایہ خیال و نمونہ و سایہ اول روز یعنی ابتدا دن کا سایہ -

ظل ع سایہ آخر روز جو بعد زوال کے غروب تک سایہ ہو -

ظل ظلیل ع سایہ دائمی و سایہ دراز و سایہ کامل و پناہ و حمایت

ظلال ع سایہ ابر و جامی سایہ یعنی جسجگہ پر سایہ پڑے

ظِلال ع جمع ظل بہت سایے -

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف عین اور اخیر مین لام ہے

عین با الف

عاجل ع جلدی کرنیوالا تیزی و تندی کرنے والا -

عاطِل ع برہنہ و خالی و بیکار و معطل و موقوف -

عالم مثال ع عالم جسم و موجودات و کائنات و پیدائش

عائل ع فقیر و درویش و مفلس و تنگ دست -

عادِل ع برابر تولنے والا منصف انصاف کرنے والا -

عامل ع کام کرنیوالا عمل کرنیوالا کام کا آدمی -

عاقل ع صاحب عقل ہوش و ہشیار آدمی -

عاذِل ع ملامت کرنے والا کسی بدکام پر کسی کو -

عین با تا

عَتیل ع تشنہ و خشک لب جو پانی کی خواہش رکھے -

عُتُل ع درشت آواز و ستمگار و سطبر و فربہ اندام -

عین با جیم

عجول ع شتابندہ و حیران و پریشان در بدر خراب

عِجل ع بچہ گاؤ گوسالہ و نام قبیلہ عرب ہے -

عجیل جلد باز تیز و تند خو آدمی -

عین با دال

عدول ع برگشتگی و روگردانی و نافرمانی و بغاوت

عُدول ع گواہ معتبر و مقبول و راست گو و عادل -

عَدیل ع برابر در قدر و مرتبہ و ہم وزن و ہمتا -

عِدل ع ایک طرفہ بار جو گھوڑے کی پیٹھ پر لادین -

عِدال ع مانند و نظیر او برابر کرنا انصاف کرنا و ذرگی بار کے برابر لادا گیا

عین بازاے

عَزَّوَجَلَّ ع غالب ہوا اور بزرگ ہوا صاحب رتبہ و عزت دار

عِزرَائیل ع نام فرشتہ مالفضل مراح جو لوگونکی جان لیتا ہے

عَزَازِیل ع نام اصلی شیطان کا جب مردود ہوا تو ابلیس نام رکھا گیا

عُزَال ع نام پردہ موسیقی یعنے قسم راگ کا ہے۔

عَزل ع بیکار ہونا اور بیکار کرنا معطل و برطرف ہونا

عین باسین

عَسَل ع شہد جو مشہور چیز ہے انگبین بہی اوسکو کہتے ہین

عین باطاء

عَطَل ع زن بے زیور و حروف مہملہ یعنے بی نقطہ و معشوق سادہ

عین باقاف

عَقِیل ع مرد بزرگ و دانا و زانو بند شتر و نام پسر ابیطالب

عَقل ع خرد و دانش اور نام ایک قوت کا قوای انسانی سے

عَقول ع دانا و ہشیار و عقلمند آدمی۔

عُقُول ع جمع عقل و فرشتگان مقرب یعنی مقرب فرشتے

عَقلِ فَعَّال ع عقل عاشر جو دسوین فرشتہ کا نام ہی جبرائیل ہی اوسکو کہتے ہین۔

عَقلِ کُل ع اول پیدائش نور محمدی یا عرش۔

عِقَال ع وہ رسن جس سے اونٹ باندہین۔

عقد انامل ع اونگلیون پر گننا کسی حساب کا۔

عین بالام

عِلَل ع بیماریان و مرض یہہ لفظ جمع علت کی ہے

عَلِیل ع بیمار جسکو کوئی بیماری ہو۔

علت اصل ع عقل اول نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

عَلَے الحَال ع زود و شتاب اور اسیوقت۔

عین بامیم

عَمَل ع کام ہر ایک طرح کا جو انسان کرے

عُمَّال ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والا۔

عین بانون

عَنَادِل ع جمع عندلیب یعنے بلبلین جو مشہور پرند ہے۔

عین باواو

عَول ع کسیکو اپنا عیال کرنا عیالدار ہونا بخشش و قیمت زیادہ کرنا غلبہ کرنا ظلم کرنا نفقہ دینا بلند آوازہ کرنا رونا میل کرنا سخت ہونا۔

عِوَل ع اعتماد و تکیہ کرنا بہروسا کرنا کسی پر۔

عَوِیل ع رونا آواز کے ساتہہ چلاکر رونا۔

عَوَامِل ع جمع عامل یعنے بہت سے کام کرنے والے۔

عین بایاء

عِیَال ع زن و فرزند وغیرہ گہر کے لوگ۔

عَینُ الکَمَال ع چشم زخم یعنے بد نظر۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین لام ہے

غین باالف

غَافِل ع بے خبر نادان و بے وقوف و جاہل۔

غین بارائے

غِربَال ع پرویزن چھلنی آٹا چہاننے کی۔

غُردَل ف بددل ضد غنی کی یعنے کم حوصلہ

غین بازائے

غَزَال ف آہو بره و آفتاب یعنے سورج۔

غَزَل ع کہیلنا محبوب کے ساتہہ اور حکایت کرنا کسی جوان سے و حدیث صحبت و عشق زنان۔

غَزل ف رشتہ و ریسمان رسن اور باٹنا رشتہ وغیرہ کا

سین باسین

غُسل و غُسل ع تمام بدن کو دہونا نہانا-
غَسل ع مطلق دہونا کسی چیز کو پانی سے-
غِسل ع وہ پانی جسسے کسی چیز کو دہویا جائے-

غین با لام

غُلُول ع خیانت کرنا غنیمت مین اور آب دوان درختون مین
غَلُول ع زود ہضم طعام جسکو پیر ناتوان بہی ہضم کرلے
غُل ع طوق آہنی و بند و تشنگی اور پیاس-
غِل ع کینہ و خیانت و کدورت جو دل مین ہو-
غلیل ع تشنگی و تشنہ و کینہ-
غَلَل ع تشنگی و سوزش-
غِلَل ع تشنگان جمع غلیل

غین با واو

غَوائل ع سختیان اور برایان جمع غائلہ-
غُول ع ایک قسم کی پیدایش جنی ہی اور جنگلی-
غِیل ع جنگل و ویرانہ و نیستان-
غَیل ع عورت کا دودہ جو بچہ پیتا ہی ایسی حالت مین کہ عورت حاملہ ہوا اور وہ بچہ کو نہایت مضر ہی اور آب روان و نام رود جو کوہ ابو قبیس کے نیچے جاری ہے
غیم ہاطل ع ابر برسنے والا-

بیسوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین لام ہے

فا با الف

فال ف شگون لینا قرعہ و غیرہ کی ذریعہ سے-
فارغ البال ع بے تعلق خالی بیکار-
فاصل ع حد کرنے والا فاصلہ کرنے والا-
فاضِل ع صاحب فضیلت و علم-
فاعِل ع کام کرنے والا کام کا آدمی-

فا با جیم

فُجل و فُجل ع ترب یعنے مولی-
فَجل و فَجَل ع سست ہونا موٹا ہونا جسیم فراخ اندام ہونا
فِجل ع مرد سست و نامرد و خراب شکم ہمت و کم حوصلہ

فا با حا

فَحل ع خلاف مادہ کے یعنے مذکر
فُحول ع بہت سے نر اور بہت سے مرد-

فا با را

فَرگل ف پیراہن سردی کا جو جاڑے مین پہنا جای-

فا با سین

فِشکل ت تمام قطار سے بارہوان گہوڑا

فا با صاد

فُصول ع جمع فصل کی-
فِصال ع جدائی اور دودہ چہوڑانا بچہ کا جدا کرنا الگ کرنا
فَصّال ع جدا کرنیوالا و دربان پردہ دار جو بچہ کا دودہ چہوڑاوے
فصیل ع دیوار قلعہ و حصار و شہر و بچہ جسکا دودہ چہوڑایا ہو
فَصل ع موسم اور ایک حصہ اور ایک ٹکڑا اور جدا کرنا و جدا ہونا و پردہ و حجاب دو چیزون مین اور باز رکہنا اور کاٹنا-

فا با ضاد

فَضل ع زیادتی و بخشش و غلبہ اور فاضل ہونا صاحب علم و ہنر ہونا
فَضائل ع جمع فضیلت افزونیہا و ہنرہا یعنے بہت سے علم
فُضیل ع نام ایک ولی کامل کا جنکے مرید سلطان ابراہیم بن ادہم تہے
فُضول ع مصدر ہے افزون گردن یعنے بڑہانا اور نیز جمع فضل کی یعنے بہت سی بزرگیان ::

فضول ع زیادہ گو اور وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے

فا با طا

فطرت اولیٰ ع پیدائش ارواح جو سب سے پہلے ہوئی ہے

فا با عین

فعّال ع بہت سے کام کرنیوالا کام کا آدمی محنتی و جفاکش

فِعال ع جمع فعل کی یعنی بہت سے کام

فِعل ع کام کار۔

فا با قاف

فقید المثل ع بے مثل لاثانی جسکے ساتھ کا دوسرا نہو۔

فا با لام

فِلفِل ع معرب پلپل مشہور پھل ہے جسکو مرچ کہتے ہیں

فا با واو

فواضل ع بخششیں و عطایات و علوم و ہنر و عزت و حرمت و بزرگیاں۔

فواصل ع کلمہ ہای آخر آیات قران بمنزلہ قوافی جسکو ... بھی کہتے ہیں

فوفل ع معرب پوپل سپاری جو پان کے ساتھ کھاتے ہیں

فا با یا

فیصل ع حاکم و حکم جو فیصل کرے درمیان حق و باطل کے

فی الحال ع اسیوقت فوراً بہت جلد اسی دم۔

فی المثل ع مثلاً جسکی مثال یہہ ہے

فیل ع ہاتھی جو مشہور جانور سواری کا ہے۔

فیل تن ف تودہ کسی چیز جو بقدر قامت فیل کے ہو۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف اور آخر مین لام ہے

قاف با الف

قائل ع قیلولہ کرنے والا اقرار کرنے والا اپنے گناہ پر دوپہر کو سونے والا۔

قابل ع پیش آنیوالا قبول کرنیوالا و سال آئندہ و سزاوار اور پسندیدہ۔

قال ع گفتگو بات تقریر جو کسی سے کیجائے۔

قاتل ع قتل کرنے والا مار دینے والا جان سے

قال مقال ع بہت گفتگو بات چیت تقریر۔

قاف با با

قبول ع مان لینا مصدر شاذ ہے۔

قبول ع پیش آنا و بمعنی مقبول یعنے مانا گیا۔

قُبُل ع عورت کی شرمگاہ ضد دُبر جو مقعد کو کہتے ہین۔

قِبَل ع طرف جہت و جانب و طریق و طرز و روش

قبل ع پیش آگے ضد بعد کی جسکے پیچھے کے معنی ہین۔

قبل ع بلندی زمین کی اور اونچائی کریوہ کی

قبائل ع جمع قبیلہ جماعتین قومین اور بہت سے گروہ اور ایک جدی لوگ۔

قبیل ع ہمشیرہ و گروہ مردم یعنے ہمراہی اور جماعتین لوگون کی

قاف با تا

قتیل ع کشتہ قتل ہوا ہوا عورت یا مرد مارا ہوا۔

قِتال ع جنگ لڑائی و معرکہ اور میدان لڑائی کا۔

قتّال ع بہادر لڑنے والا جوانمرد پہلوان۔

قتل ع مار ڈالنا کسیکو جان سے خون کرنا۔

قاف با ذال

قذعمل ع شتر فربہ یعنے موٹا اور جسیم اونٹ۔

قذال ع پس سر و دنبال گوش اسپ یعنے سر کی پشت اور گھوڑے کے کانون کا پیچھا

قاف با رای

قرنفل ع لونگ جو مشہور سیاہ رنگ پھل ہے۔

قراول ت برق انداز و پیشرو لشکر اور وہ فوج جو واسطے تعین مکان جنگ کے مقرر ہو۔

قرب نوافل ع وہ قرب جو عبادت سے حاصل ہو۔

قرل ت بچہ شتر بختی یعنے بغدادی اونٹ کا بچہ۔

قاف با زای

قزل ت رنگ سرخ جو مشہور رنگ ہے۔

قزل ع لنگی زشت۔

قزل ع لنگ۔

قاف با صاد

قصیل ع غلہ جو سبز یعنے خوید جو گہوڑون کو کہلاتے ہین

قاف با عین

قعل ع جانور ان شکاری کو ایک ہی دفعہ چہوڑنا۔

قاف با فاء

قفل ع تالا مشہور آہنی آلہ دروازہ بند کرنے کا ہے۔

قاف با لام

قل ت ترکی مین بمعنی غلام اور عربی مین بمعنی کہو۔

قلقل ع آواز شراب نکلنے کی صراحی سے اور کلام مہمل و نام دوا جسکو حب القل کہتے ہین۔

قلل ع جمع قلہ سرہای کوہ پہاڑونکی چوٹیان۔

قلیل ع کم تہوڑا تہوڑا مقدار کسی چیز کا۔

قاف با میم

قمل م سپش جمع قملہ مشہور کرم جو انسان کے کپڑون اور بالون مین پڑ جاتی ہے۔

قمل ع جونبع تا بہ پیٹ والا ہونا بزرگ شکم ہونا۔

قمل ع بیچیر ملخ جمع قملہ یہ دونوں مشہور جانور ہین۔

قاف با نون

قندیل معرب کندیل وہ ظرف جس مین چراغ جلاتی ہین اور وہ ظرف جس مین تیر رکھتی ہین قنادیل اسکی جمع ہے۔

قاف با واو

قوافل جمع قافلہ بہت سے کاروان بہت سے قافلے۔

قوال ع مرد زبان ور و سخنگو و سرودگو اور گانے والا۔

قول ع گفتار بات چیت گفتگو زبانی تقریر۔

قاف با یاء

قیفال ع نام رگ جسکو سر رو کہتی ہین اور اوسکی چہوڑنے سے سر اور چہرہ کا خون آتا ہے۔

قیل ع نام ایک جنگل کا و کلام و سخن و زبانی تقریر۔

قیل و قال ع گفتگو بات چیت اور آپس کی تقریر۔

بائیسوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کا اول حرف کاف اور اخیر مین لام ہے

کاف با الف

کابل ف نام شہر جو مشہور ہے اور افغانستان کا وہ دار السلطنت ہے۔

کامل ع صاحب کمال اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔

کاکل ع موئی میان سر مجازاً زلفین معشوق کی۔

کافل ع ضامن و سردار صاحب کفالت۔

کاہل ع سست آدمی و میانہ دو کتف بستور۔

کاف با تاء

کتل ع زمین بلند جنگل مین یعنی پشتہ زمین کا۔

کاف با جیم

کحل ہ بدرفتار و فراخ چال چلنے والا۔

کچکول ف۔ فقیر و گدا کا کاسہ گدائی کی زنبیل

کاف با حاء

کحل ع سرمہ مشہور چیز ہے جو آنکھوں میں لگایا جاتا ہے۔
کحال ع سرمہ کش آنکھوں کا طبیب سرمہ بنانے والا۔
کحیل ع جس کی آنکھوں میں سرمہ کیا ہو۔

کاف با سین

کسل ع کاہلی و سستی و سست اندامی۔
کسال ع دورہ و جدا و علیحدہ و الگ۔
گسیل تر دفع کرنا بھیجنا کسی چیز کا۔
گسل ف گسیختن توڑنا اور توڑنے والا۔

کاف با شین

کشکول ع فقیر و گدا کا کاسہ جسکو کچکول بھی کہتے ہیں

کاف با عین

کعب الغزال ع قسم شیرینی یعنی بتاشہ جو مشہور شیرینی ہے

کاف با فاء

کفل ع سرین آدمی یا حیوان کے سرین یعنی چوتڑ۔
کفل ع بہرہ و حصہ و جزو و قسمت و نصیب۔
کفیل ع ضامن و ضامن کام اپنے ذمہ پر لینے والا۔

کاف با لام

کلال ع ماندگی اعضاء خیرگی و کندی جسم کی۔
کلال ع مٹی کے برتن بنانیوالا کمہار۔
کل ت گنجا جسکے سر کے بال بیماری سے اڑ گئے ہوں۔
کل ع گنگ و لال یعنی جو شخص زبان سے بات نہ کر سکے
کل ع تمام و کمال پوری چیز
گل ف پھول و داغ آگ کا۔
گلگل ف شگفتگی اور عربی میں شگفتگی گلزار و سبزہ
کلکل ع گنگی و بستہ زبانی یعنی گونگا ہونا یا بے زبان ہونا
کلکل ف ہرزہ گو لچی و بیہودہ آدمی۔
کلکل ف شور و غوغا فتنہ و فساد جوش و خروش۔
کلیل ع کند و سست و ماندہ و گنگ و بے زبان
گل ف مٹی پانی کے ساتھ ملی ہوئی و خاک منجمد۔

کاف با میم

کمال ع پورا جس میں نقصان نہ ہو و شخص بے عیب و تخلص ایک شاعر کا
گمبدگل ف غنچہ جسکو کلی کہتے ہیں
کنگال ف سخن و ہزل و ظرافت و ہنسی مسخری۔

کاف با واو

کول ت تالاب و تالاب کہ جس میں پانی بھرا ہو۔
کول ف پوستین پوست میش اور گودڑی کہنہ اور ہندی میں گل نیلوفر کو کہتے ہیں۔
کوچک ابدال ف قلندر چھوٹا مرید کو کہتے ہیں۔
کوتوال ف صاحب قلعہ و حاکم و خبرگیر شہر کا۔
کوتل ت اسپ سواری جس پر کوئی سوار نہ ہو۔
کوپال ف گرز آہنی جو جنگ کا ہتھیار ہے۔
کول ف بواو مجہول احمق و مکر و فریب و دغابازی۔
کول ت بواو غیر ملفوظ تالاب کوچک یعنی حوض پانی کا۔
گوال ف جوال یعنی گون غلہ لادنے کی جس میں غلہ ڈالکر چارپایہ پر لاد دیتے ہیں۔

کاف با ہاء

کہل ع مرد میانہ نہ پیر و نہ جوان مرد دو موی
کہول ع مرد دو موی یعنی سیاہ و سفید جسکے بال ہوں۔

کاف با یاء

کیل ع پیمانہ اور ماپنے والا پیمانے سے۔
کیال ع ماپنے والا اور پیمائش کرنے والا۔
گیل ف نام ملک جسکو گیلان کہتے ہیں۔

تیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین لام ہے

لام با الف

لال ف گنگ بے زبان و رنگ سرخ جو مشہور رنگ ہے

لاحول ع نہین قوت و باز گشت۔

لاحل ع مشکل بات جو حل نہو سکے۔

لازال و لازوال ع ہمیشہ رہنے والی چیز اور جسکو زوال نہو

لایعقل ع بے عقل بے وقوف نادان احمق آدمی۔

لاطائل ع بیفائدہ و بے سود جس مین نفع نہو۔

لایزال ع بے زوال یہہ نام خدا تعالے کا ہے۔

لام با سین

لسان الحمل ع نام تخم جسکو بارتنگ کہتے ہین۔

لام با طاء

لطائف الحیل ع حیلہای خوب یعنے بہت سے حیلے اور بہانے

لام با عین

لعل معرب لال سرخ و نام جوہر جو سرخ ہوتا ہے۔

لعل ع شاید قریب ہے یہہ بات ہونیکو ہے۔

لام با واو

لوی گل ت نام شہر اور نام ایک سال کا۔

لول ف بیحیا و بیشرم و بیشرمی و بیحیائی

لام با یاء

لیل ع شب و رات شام سے صبح تک کا وقت۔

چوبیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین لام ہے

میم با الف

مال ع وہ چیز جسکو دیکہہ کر انسان کو میل کرے مثل زر و سیم وغیرہ سامان جو انسان کو دنیاداری مین مطلوب ہوتا ہے

مآل ع بر وزن متعال جای باز گشت و انجام و اخیر۔

مالامال ع کثیر و بسیار و پر و مملو مین یہہ لفظ مال مال تہا

ماکول ع کہانے کی چیز اور کہائی ہوئی چیز۔

ماول ع بوزن مقول تاویل کیا گیا۔

ماثل ع نشان مکان کا جسکے آثار باقی ہون۔

ماحصل ع جو چیز حاصل ہو فائدہ نفع سود۔

مامول ع امید کیا گیا طمع کیا گیا آرزو کیا گیا۔

مائل ع میل کرنیوالا رغبت کرنیوالا توجہ کرنیوالا۔

مالاینحل ع جو چیز لائق کہلنے کے نہو یعنے حل نہو سکے۔

ماکل ع مصدر میمی یعنی خوردن یعنی کہانا تناول کرنا۔

ماقل و دل ع وہ تہوڑی چیز جو دلالت بہت کرے اور تہوڑی عبارت جس سے بہت سے معانی حاصل ہون

میم با باء

مبال ع جائی بول یعنے قضیب مرد و شرمگاہ زن۔

مباقل ع وہ زمین جہان ساگ بویا ہوا ہو۔

متبذل ع ذلیل و خوار و بے عزت و بے آبرو۔

مبطل ع باطل کرنیوالا دور کرنے والا۔

مبل م ریزندہ و صحت یافتہ و تر کنندہ و اشکبار

مستبدل ع بدلا گیا عوض مین لایا گیا۔

مبذول ع خرچ کیا گیا تصرف مین لایا گیا۔

میم با تاء

متکفل ع ضامن یعنے ذمہ وار کسی بات کا۔

متزلزل ع کلسنے والا ہلنے والا بیقرار و بیچین

مُتَخَلِّل ؑ او خلل انداز یعنی جو شخص کسی بات مین خلل ڈالے

مُتَمَاثِل ؑ متشابہ و مانند و مثل و شبیہ و ہم صورت۔

مُتَفَائِل ؑ فال لینے والا شگون لینے والا۔

مُتَأَہِّل ؑ عیالدار اور وہ شخص جسکی شادی ہو چکی ہو

مُتَأَمِّل ؑ غور کرنے والا تامل کرنے والا کسی کام مین

مُتَبَدَّل ؑ تبدیل کیا گیا بدلا یا گیا۔

مُتَجَاہِل ؑ جان بوجھ کر بے خبر بننے والا۔

مُتَخَیَّل ؑ خیال کیا گیا۔

مُتَّصِل ؑ ملا ہوا قریب پاس لی ہوں۔

مُتَوَسِّل ؑ وسیلہ ڈھونڈھنے والا ذریعہ ڈھونڈھنیوالا

مُتَوَصِّل ؑ ملاپ کرنے والا پیوند کرنیوالا۔

مُتَوَکِّل ؑ بہروسا رکھنے والا توکل کرنیوالا۔

مُتَخَلْخَل ؑ پولا جو اندر سے خالی ہو۔

مُتَشَکِّل ؑ شکل اختیار کرنیوالا صورت پکڑنے والا۔

مُتَمَایِل ؑ خواہشمند آرزومند۔

مُتَدَاوَل ؑ نوبت بنوبت لیا گیا دست بدست پھر آگیا۔

مُتَرَسِّل ؑ خط بھیجنے والا ایلچی بھیجنے والا۔

مُتَحَمِّل ؑ باربردار و صاحب تحمل نرم مزاج

مُتَعَالِ ؑ بلند ہونے والا اوپر کو چڑھنے والا۔

میم با ثاء

مِثْقَال ؑ وزن ساڑھے چار ماشہ کا۔

مِثَال ؑ شبیہ و نظیر و تصویر و فرمان قاضی مانند پروانہ وحکمنامہ و عالم مثال یعنے عالم خواب۔

مُثِیل ؑ مانند مثال چنانچہ کہتے ہیں لا کتاب

مِثْل ؑ مانند یہ لفظ تشبیہ مین مستعمل ہے

مَثَل ؑ وصف حال و داستان و قصہ و حکایت۔

میم با جیم

مَجْہُول ؑ نجانا گیا مجازاً بے عقل و بے وقوف آدمی

مَجَال ؑ جولان کرنے کا مقام و قدرت و طاقت۔

مُجْمَل ؑ جمع کیا گیا طول داستان کو مختصر بیان کیا گیا۔

مَجْبُول ؑ پیدا کیا گیا ظاہر کیا گیا نکالا گیا۔

مُجَادِل ؑ لڑنے والا جنگ و جدل کرنے والا۔

میم با حاء

مَحْفِل ؑ جمع ہونیکا مقام جسجگہہ بہت لوگ جمع ہون۔

مَحَافِل ؑ جمع محفل کے لفظ کی یعنے بہت سی مجلسین۔

مُحَال ؑ غیر ممکن بات جسکا وقوع مین آنا مشکل ہو۔

مَحَال ؑ جای محل اور ترنیکا مقام و جمع محل یعنے بہت سے مقام اترنے اور رہنے کے۔

مِحَال ؑ مکر و حیلہ و فریب و دغا۔

مَحْلُول ؑ حل کیا گیا باریک کیا گیا پتلا بنایا گیا۔

مُحْتَمَل ؑ احتمال کیا گیا گمان کیا گیا کسی بات مین

مَحْمِل ؑ کجاوہ اونٹ کا جسپر مسافر بیٹھتے ہین۔

مُحَاوِل ؑ حوالہ کرنے والا سپرد کرنے والا۔

مُحَجَّل ؑ اسپ سرخ رنگ جسکے چار پانو سفید ہو۔

مُحَصِّل ؑ تحصیل کرنیوالا یعنے پیادہ حاکم کا جو روپیہ وصول کرنے پر مامور ہو

مُحَصَّل ؑ حاصل کیا گیا یعنے جو روپیہ حاصل ہوا ہو۔

مُحْتَال ؑ حیلہ گر و مکار و فریبی آدمی۔

مُحَوِّل ؑ سپرد کرنیوالا حوالہ کرنے والا۔

مُحَوَّل ؑ سپرد کیا گیا حوالے کیا گیا تفویض کیا گیا۔

مَحْصُول ؑ حاصل کیا گیا لے لیا گیا وصول کیا گیا۔

مَحْمُول ؑ گمان کیا گیا بار اوٹھایا گیا وہم کیا گیا۔

میم با خاء

مَخْذُول ؑ خوار کیا گیا خرابی مین ڈالا گیا۔

مَخْمَل ؑ مشہور نام کپڑے کا جو ریشمی ہوتا ہے۔

مُتَخَیَّل ع خیال کیا گیا بیان کیا گیا کسی بات مین -
مَخَاذِیل ع خوار کئے گئے یہہ لفظ جمع مخذول کی ہے
مُختَلّ ع خلل پایا ہوا رخنہ پایا ہوا -
مُخِلّ ع خلل ڈالنے والا رخنہ ڈالنے والا -
مُتَخَلخِل ع جو چیز آپس مین چپان ہو الگ الگ ہو -
مُختَال ع متکبر و مغرور آدمی -
مَخَایِل ع جمع مخیلہ جاہای خیال یعنے آثار و علامات کسی چیز کے

میم با دال

مَدخَل ع دخل کرنا داخل ہونا اور مقام دخل کا قصد [illegible]
مُدخَل ع بخیل و ممسک آدمی جو کچھہ خرچ نہ کرے -
مُدخَل ع داخل کرنے کا مقام اور داخل کیا گیا -
مَدَاخِل ع مقامات دخل و آمدنی زر اور پیوند کرنا سینا
بُننا اور حنا بوٹہ دار جو عورتین ہاتھون پر لگاتی
ہین اور گہر کے مکان -
مَدخُول ع داخل کیا گیا اندر لایا گیا -
مُدَلبَل ف نغمہ بلبل کا اور آواز بلبل کی -
مُدِلّ ع دلیل سے ثابت کرنے والا صاحب حجت -
مُدَلَّل ع دلیل سے ثابت کیا گیا جو بات دلیل سے ثابت ہو
مُدَمِّل ع جو چیز زخم کو پاک کرکے اچھا کر دیوے -
مَدلُول ع دلالت کیا گیا اشارہ کیا گیا راہ دکہلایا گیا

میم با رای

مِرجَل ع دیگ مسی جس مین کہانا پکاتے ہین -
مُرتَجَل ع شعر بدیہہ کہا گیا اور وہ لفظ جو ایک معنی سے
دوسرے معنی مین بلا مناسبت کہا جاوے -
مُرغُول ف پیچ و تاب اور بال پیچیدہ و آواز مرغان اور بالا
مغنیون کا اور وہ آواز جو پیچدار ہو -
مُرسَل ع بہیجا گیا اور نبی رسول پیغمبر
مَرسُول ع بہیجا گیا یعنے بخلاف قیاس مشہور ہے -
مُرَفَّہ الحال ع آسودہ حال و خوش معاش مالدار دولتمند آدمی
مَرَاحِل ع منزلین جمع مرحلہ کے لفظ کی -
مربع مستطیل ع چار گوشہ مائل بطوالت مثل تقطیع کتاب
مُرَاسِل ع وہ عورت جس کی خط کتابت مردون سے ہو -

میم با زاے

مَزَال ع لغزش و جای لغزش یعنے پہسلنے کی جگہہ -
مُزِیل ع دور کرنیوالا ازائل کرنے والا کم کرنیوالا -

میم با سین

مُستَاصِل ع بیخ سے اوکہاڑا گیا نابود کیا گیا
مُستَاہِل ع سزاوار و لائق کیا گیا -
مُستَذَل ع ذلیل و خوار رکہا گیا بیعزت کیا گیا -
مَسَال ع جمع مسلہ جوال دوز لوگ اور سوزن کلان
جسسے جوال سیتے ہین -
مُستَحِیل ع محال و ناممکن و حیلہ گر مکار -
مُستَمَال ع مائل کیا گیا تسلی دیا گیا اطمینان کیا گیا -
مُستَقِل ع صاحب استقلال و محکم و مضبوط -
مُستَقبِل ع پیش آنے والا زمانہ آئندہ
مُستَقبَل ع تصویر و چشمی جسکی دونو آنکہین نظر آوین
مُستَعجِل ع دوڑنیوالا جلدی کرنے والا -
مَسِیل ع پانی جاری ہونیکا مقام چشمہ وغیرہ -
مُستَجَل ع سجل کیا ہوا درست و آراستہ مہر کیا گیا -
مُستَطِیل ع جسم دراز جسکا طول و عرض برابر نہو -
مَسَائِل ع مسئلہ کی جمع ہی بہت سے مسئلے -
مُستَعمَل ع استعمال کیا گیا کام مین لایا گیا -
مُستَہِل ع نیا چاند دیکہنے والا ہلال کا دیکہنے والا -
مُستَحِل ع گوند جو مستعمل ہو رجانور سے -

مَسْئُول ع سوال کیا گیا مانگا گیا طلب کیا گیا۔
مَسْلُول ع کھینچا گیا باہر نکالا گیا اور یہہ لفظ سیف کے ساتہہ مستعمل ہے چنانچہ سیف مسلول۔
مُسْتَدِل ع دلیل طلب کرنیوالا حجت مانگنی والا۔
مُسْتَبْدِل ع بدلنی والا کسی چیز کو کسی کے ساتہہ۔
مُسْتَبْدَل ع بدلا گیا عوض مین لیا گیا۔
مُسْہِل ع آسان کرنیوالا دوا دست لانیوالی جسکی کہانیسی دست آئین۔
مُسَلْسَل ع زنجیر مین باندہا گیا زنجیرہ دار پیچ در پیچ

میم با شین

مَشَاعِل ع جمع مشعل کی بہت سی مشعلین۔
مَشَاغِل ع جمع ہی شغل کی بہت سے کام۔
مُشَاکِل ع ہم شکل ہونیوالا شخص۔
مَشْعَل ع مشعل بارنے والا روشن۔
مَشْغُول ع کام مین رو کا ہوا۔
مُشْکِل ع کٹھن و دشوار بات
مشلول ع جسکے ہاتہہ پیر رہ گئی ہون اور شل ہو گیا ہو۔
مُشْتَمِل ع حاطہ کرنیوالا شامل ہونیوالا ہمراہ ہونیوالا۔
مُشْتَعِل ع شعلہ زن آگ روشن آگ۔
مُشْتَغِل ع مشغول ہونیوالا کسی کام مین۔
مُشْتَمَال ف ویندش ہیلوانون کی۔
مَشْمُول ع حاطہ کیا گیا شامل ہوا ہوا ہمراہ ہوا ہوا کسی چیز کے

میم با صاد

مَصْقُول ع صیقل کیا گیا روشن و صاف کیا گیا۔
مُصْقِل ع روشن کیا گیا اور روشن کرنے والا۔
مَصَاقِل ع جمع ہی مصقلہ کی لفظ کی۔

میم با ضاد

مُضِل ع بگراہ کرنیوالا بدی کیطرف لانیوالا۔

مُضْمَحِل ع نیست و محو نا چیز و سست ہونے والا۔

میم با ظاء

مُظَلَّل ع سائبان جسکے سایہ مین بیٹہین۔

میم با عین

مَعْوُل ع اعتماد کیا گیا اسم مفعول عول سے۔
مَعَوَّل ع جای تکیہ و اعتماد اور بہروسی کا مقام۔
مُعَوَّل ع اعتماد کرنا اور اعتماد کیا گیا۔
مِعْوَل ع کلنگ آہنی جسسے لوہا کان سے نکالتے ہین۔
مَعَاقِل ع جاہای پناہ و سرحد ہا و مقامات مشکل۔
مُعَامِل ع معاملہ کرنے والا مشتاق و آرزو مند و خرید و فروخت کرنے والا۔
مُعْضِل ع دشوار و مشکل کرنے والا۔
مَعْقُول ع پسندیدہ جسکو عقل مانے۔
مُعَادِل ع برابر و مساوی۔
مُعْتَدِل ع برابر تاثیر مین۔
مُعْتَزِل ع گوشہ نشین خلوت مین بیٹہنے والا۔
مَعْمُول ع عمل کیا گیا عادت روزمرہ۔
مُعِیل ع مرد عیالدار جسکے گہر کے لوگ بہت ہون۔
مُعَطَّل ع بیکار کیا گیا توقف مین ڈالا گیا۔
مُعَقَّل ع وہ اونٹ جسکے بازو باندہی ہوئی ہون۔
مُعَجِّل ع پیشی گیرندہ و شتابی کرنے والا۔
مَعْلُول ع سبب ہای ضروری اور ضروری علتین۔
مُعَلِّم اول ع لقب حکیم ارسطو حکیم الٰہی کا ہے۔

میم با غین

مَغْلُول ع طوق گردن مین ڈالا گیا قید کیا گیا باندہا گیا۔
مِغْزَل ع دوک تکلا جسسے سوت کاتتے ہین۔
مُغُول ت نام قوم جو مغل کہلاتی ہین معنی شیر و جنگ آور و جنگلی لوگ

مُغَسَّل ع غسل دیا گیا نہلایا گیا دہویا گیا۔
مَغسُول ع دہویا ہوا غسل دیا ہوا نہلایا ہوا۔

میم با فا

مُفَضَّل ع فضیلت دیا گیا بڑہایا گیا بزرگی دیا گیا۔
مُفَضِّل ع فضیلت دینے والا بزرگ بنانیوالا
مُفضِل ع افزونی کرنے والا بڑہنے والا۔
مَفضُول ع فضیلت دیا گیا بزرگی دیا گیا۔
مَفصِل ع بوزن منزل پیوندگاہ اندام یعنے انسان کے جسم کے جوڑون کی جگہہ
مَفصُول ع فصل کیا گیا جدا کیا گیا الگ کیا گیا۔
مَفعُول ع فعل کیا گیا یعنے جسکے ساتہہ فعل کرین
مُفتَل ع بٹے ہوئی رسی یا ڈورا بٹا ہوا تاگا۔
مُفَصَّل ع بوزن منور تفصیل کردہ شدہ ونام کتاب
مَفَاصِل ع بدن کے جوڑ یعنے ہاتہہ پانو وغیرہ۔
مَفتُول ع تار بافتہ و تار پیچیدہ اور سوت کاتا ہوا۔

میم با قاف

مَقَال ع مصدر میمی گفتگو کرنا بات چیت کرنا۔
مُقبِل ع قبول کرنے والا وصاحب اقبال
مُقبَل ع قبول کیا گیا اور مانا گیا۔
مُقتَبَل ع بوسیدہ ہوا ہوا کہنا ہوا پرانا ہوا ہوا۔
مَقتَل ع جای قتل جہان کوئی شخص قتل ہو۔
مُقَاتِل ع جنگ کرنے والا اور جنگ کیا گیا۔
مُقَل ع سخن چینی کرنا برا ہونا کسی شخص کو دیکہنا اور نکل جانا پانی کا کسی در روستی
مُقل ع گوگل جو ایک مشہور چیز ہے آگ پر جلایا جاتا ہے
مُقِل ع مکم کرنیوالا اور دست و فقیر و مفلس و نادار
مَقل ع جمع مقال و گرز جو ایک مشہور ہتہیار ہے۔

مُقَلقِل ع شتاب رو اور بے قرار و مضطرب آدمی۔
مَقُول ع جای گفتگو یعنے زبان جس سے گفتگو کرین۔
مُقَابِل ع روبرو اور سامنے اور آگے۔
مَقبُول ع قبول کیا گیا مانا گیا۔
مَقتُول ع قتل کیا ہوا مارا ہوا شخص۔
مَقِیل ع دوپہر کو سونا اور جای نشست کو شتر سپنا قیلولہ بہی کہتے ہین جسکے معنی دوپہر کو سونے کے ہین۔

میم با کاف

مَکبُول ع بند کیا گیا قید کیا گیا باندہا گیا۔
مُکَلَّل ع ملمع کیا ہوا جڑاؤ روشن اور چمکتا ہوا اور جوہر کیا گیا
مُکَحَّل ع سرناک وہ آنکہین جن مین سرمہ کیا ہوا ہو۔
مُکحُل ع سرمہ دان جس مین سرمہ رکہتے ہین۔
مَکحُول ع سرمہ کیا ہوا یعنی اپنی آنکہون مین سرمہ لگایا ہوا ہو۔
مَکِیل ع مایا گیا پیمانہ سے وزن کیا ہوا۔
مِکیَال ع پیمانہ جس سے کوئی غلہ وغیرہ شیا پایا مین
مَکَائِیل ع جمع مکیال بہت سے پیمانے ماپنے کے۔
مُکَمَّل ع کامل کیا گیا تمام کیا گیا پورا کیا گیا۔

میم با لام

مُلّا جلال ع نام کتاب منطق مین جو شرح تہذیب کی ہے۔
مِلَل ع جمع ملت بہت سے دین و مذہب طریق۔
مَلال ع دلگیری و غمگینی و فکر و اندیشہ۔
مُل ف شراب کو عربی مین خمر کہتے ہین۔
مَلُول ع غمگین و دلگیر و اندیشناک و فکرمند آدمی۔

میم با میم

مُمَاثِل ع مانند ہونیوالا کسی کی صورت بننے والا
مُمَثَّل ع ہم مثل کیا گیا صورت سے صورت ملایا گیا۔
مُمِل ع ملول کرتے والا و دلگیر کرنے والا۔

میم با نون

مَنْهَل ع چشمہ جو چراگاہ مین ہو اور جاڑ پانی او سے پانی پیئین اور روان پانی بہتا ہوا۔
مَنَاہِل ع جمع منہل کی یعنی بہت سے چشمے۔
مَنْزِل ع اوترنے کی جگہہ جای نزول وخانہ وگہر
مُنَزَّل ع اوتارا گیا کسیکو کسی مکان مین
مَنَازِل ع جمع منزل بہت سے مقام اوترنے کے۔
مُنْجَلِی ع واتنی جیسے زرا عمیث کا مٹی مین ہیچ ایک آنکہ نہی ہوتا ہے
مُنْجَلی ع کسی چیز کے ڈالنیکا مقام۔
مُنْدَمِل ع زخم بہرا ہوا جو اچہا ہونے والا ہو۔
مُنْعَل ع جو نعل کی شکل ہو مجازاً ماہ نو۔
مُنْجَلی ع کہلنے والا ظاہر ہونے والا۔
مُنْخَل ع پرویزن غربال چہلنی۔
مُنْفَصِل ع فیصل شدہ علیحدہ جدا الگ۔
مَنْقُول ع نقل کیا گیا ہو بہو صورت سے اوتارا گیا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ رکہا گیا۔
مَنْقَل ع انگیٹہی جس مین آگ جلاتے ہین۔
مَنْدِیل م دستار جمع اسکی منادیل ہے یعنے پگڑی
مَنْدَل ق دائرہ افسون گران جادوگرون کا دائرہ۔
مَنْحُول ع کسی اور کا شعر جو اپنا کہہ کر پڑہتا ہو۔
مِنْوَال ع جولاہے کی لکڑی جسپر بنا ہوا کپڑا لپیٹا جاتا ہے دستور و طور و طریق۔
مَنَال ع حاصل کرنے کا مقام جای امید و آرزو۔
مُنْبَل ع کاہل سست و بد اعتقاد و محل زخم و نام دوا جو زخم پر لگاتے ہین۔
مُنْفَعِل ع شرمندہ اثر قبول کرنے والا۔
مُنْتَقِل ع نقل کرنیوالا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجانیوالا

میم با واو

مُوْصِل ع نام شہر عراق مین و نام خربزہ و جای وصل و مقام پیوند اور جوڑ کی جگہہ۔
مُوْصِل ع پہونچانیوالا وصل کرنیوالا۔
مُوَصَّل ع پیوند کیا گیا جوڑ لگایا گیا۔
مورچال و مورچل ف مغاک جو قلعہ کے گرد کہود کر اوسکی اوٹ مین قلعہ والون سے لڑتے ہین۔
مُؤَمِّل ع امیدوار و صاحب امید و آرزو۔
مُؤَجَّل ع فرصت دیا گیا مہلت دیا گیا دیر مین ڈالا گیا۔
مُوَکَّل ع جسکو کوئی کام سپرد ہو یعنی وکیل و مختار۔
مُوَکِّل ع کام سپرد کرنیوالا وکیل بنانیوالا۔
مُؤَل ع معشوق زن فتانہ و حرامزادہ و دور نگ و تاخیر دام یعنے باش و غمزہ و کرشمہ۔
مَوْصُول ع ملا ہوا پیوند کیا ہوا جوڑا ہوا۔

میم با ہا

مُہْمَل ع چہوڑا گیا بیکار کیا گیا مہلت دیا گیا۔
مَہْبِل ع فرج عورت کا شرمگاہ عورت کی۔
مُہْمَل ع متروک و بیکار و معطل و نکما آدمی۔
مَہَل ع آہستگی و توقف و مہلت و فرصت۔
مُحْصَل ع مس گداختہ یعنے گلایا ہوا تانبا۔
مَہِل ع مگذار یعنے نہ چہوڑ۔
مُہَلْہَل ع زہر دیا گیا اور باریک کپڑا بنا ہوا۔

میم با یا

مَیْل ع خواہش و توجہ و خمیدگی اور ملنا و محبت کرنا۔
مِیْل ع سرمچہ سرمہ کرنے کا و اندازہ مسافت یعنے کروہ بقدر چہار ہزار قدم اور مگدر پہلوانون کا جسسے ورزش کرتے ہین۔

میکائیل و میکائیل ع نام فرشتہ جو رزق پر موکل ہے

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف
نون اور آخیر مین لام ہے

نون با الف

نال ف رشتہ جو قلم سے نکلتا ہے و نیشکر و رود خانہ و نی میان تہی
ناقل ع نقل کرنے والا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لیجانیوالا
نارجیل ع ناریل کھوپرا جو مشہور چیز ہے
نازل ع اوترنے والا نزول کرنے والا
ناقابل ع نالائق اور نکما آدمی
نامعقول ع نامناسب و خراب
ناہل ع چشمے سے پانی بہنے والا پانی جاری
نائل ع دریافت کرنیوالا جستجو کرنیوالا کسی خبر کو

نون با باء

نبیل ع بزرگ و دانا و نیکو و فربہ
نبائل ع بزرگان و نیکو کاران
نبل تیر اندازی و تیر و نکو کاری و آگاہی

نون با جیم

نجل و نسل و اولاد و فرزند اور رد کرنا

نون با حاء

نحول ع لاغر ہونا گل جانا گداختہ ہونا
نحل ع شہد کی مکھی جو مشہور جانور ہے
نحل ع مذہب باطلہ جمع نحلہ یعنے جہوٹے مذہب

نون با خاء

نخل ع درخت خرما اور آٹا چھاننا چھلنی سے
نخیل ع درخت خرما و درختہای خرما یعنے جمع نخل [illegible] ہے

نخلہ بنی ہلال ع مکہ کے راہ مین ایک نخلستان کا نام ہے منسوب بنی ہلال سے

نون با زاء

نزل ع ضیافت جو مہمان کو دین سامان مہمانداری
نزول ع اترنا کسی جگہہ مقام پر ٹھہرنا
نزیل ع مہمان جو اپنے گھر مین آکر اوترے

نون با سین

نسل ع اولاد و شاخ درخت کی اور بڑھنے والی شاخ

نون با صاد

نصل ع پیکان تیر نیزہ جو مشہور ہتھیار ہے
نصول ع جمع نصل ہے تیر و تیزی
نصال ع جمع نصل تیر و تیزی جو بہت سی ہون

نون با طاء

نطول ع پانی کسی دوا کا عضو پر ڈالنا اور دوا سے دہونا
نطول ع وہ پانی جو دوا سے نکالا جاوے

نون با عین

نعال ع جمع نعل بمعنے پاپوش ہندی جوتی
نعل ع کفش جوتا اور نعل آہنی جو گھوڑے کے پاؤن مین لگاتے ہین
نعم البدل ع بہتر بدلہ نیک عوض جو مل جائے

نون با غین

نغول ع قیام گاہ مویشی جو ویرانہ مین ہو
نغول ع عمیق و ژرف و دور و بعید
نغول ع نردبان یعنے لکڑی کی پوڑی
نغل ع حرامی نسب یا شی چار پایان جو جنگل مین واقع ہوا ہو اور ہونا بدنسب و کینہ ور و غضبناک
نغل ع تباہ ہونا خراب و برباد ہونا

نون با فاء

نفل ع وہ عبادت جو بندہ پر واجب و فرض نہو اور بنظر حصول ثواب وہ عبادت کرتا ہو۔
نقول ع دور و بعید و عمیق و فہید گی و عوز۔
نفس کل ع ذات بحت و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

نون با قاف

نقل ع ایک مقام سے دوسرے مقام پر لیجانا۔
نقل ع وہ چیز جو شراب پی کر کہائیں
نقال ع نقل کرنیوالا ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہونچانیوالا
نقول ع جمع نقل کی لفظ کی ہے۔
نقطہ مقابل ع ہمسر و ہمرتبہ و برابر

نون با کاف

نکال ع عقوبت و رنج و غم و اندوہ و آفت و بلا۔
نکل ع زنجیر و بند آہنی جو قیدیوں کو پہناتے ہین
نکول ع سوگند کہانیسے باز رہنا و بددلی و اعراض

نون با میم

نمل ع مور چیونٹی اور نام بیماری کا۔

نون با واو

نول عربی مین عطا و بخشش و مہربانی و سخاوت۔
نول ع منقار مرغان اور کوزہ اور کوزہ کی ٹوٹی۔
نوع سافل ع کنایۃً انسان یعنی زمین کی پیدائش۔
نوازل ع جمع نازلہ کی مصیبتین و رنج و آفتین
نونہال ف نیا پودہ درخت کا مجازاً نوجوان لڑکا۔
نوافل ع جمع نفل جسکے معنی عبادت کے ہین۔
نوال ع عطا و بخشش و سخاوت و مہربانی۔

نون با ہا

نہال ف درخت موزون و بستر و توشک و فرش و چارپائی

نون با یا

نیل ع یافتن یعنی پانا مجازاً مطلب و مقصود و مراد۔
نیم بسمل ف نیم مردہ جو مرنے کے نزدیک ہو۔
نیل ع نام دریا جو مصر کے نیچے بہتا ہے مشہور دریا ہے۔
نیال ع نام بادشاہ و نام غلام سلطان سنجر سلجوقی کا۔
نیم ہلال ف کنایۃً لب معشوق کی۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین لام ہے

واو با الف

واصل ع ملنے والا اور وصل کرنیوالا پیوند جوڑنے والا شخص
وابل ع وہ مینہ جسکے قطرے بڑے ہون و نام قبیلہ عرب یعنی عرب کے قوم کا نام ہے۔
وائل ع نام قوم عرب نام موضع جو عرب مین ہے۔
وال ف قسم ماہی اور عربی مین پناہ لیجانا

واو با با

وبال ع ویرانی سختی و گرانی و خرابی و بربادی

واو با جیم

وجل ع وہ شخص جو وہم سے ڈرتا ہو یعنی وہمی خوف رکھتا ہو
وجل ع ترسیدن یعنی ڈرنا اپنے خیال سے۔

واو با حا

وحی منزل ع قرآن شریف و کلام مجید
وحل ع کیچڑ یعنے گل و لای

واو با را

ورل ع نام جانور جو مثل سوسمار کی ہوتا ہے
ورق الخیال ع بہنگ جو نشہ لاتی ہے

واو با شین

وشل ع آب اندک یعنے تھوڑا پانی

واو با صاد

وَصل پیوند اور جوڑ ملنا کسی سے۔

وُصُول ع ملنا ایک جا لگ جانا کسی چیز کا۔

وَصّال ع پیوند کرنیوالا جوڑنیوالا کسی چیز کو۔

وُصّال ع جمع واصل یعنے بہت سے جوڑنیوالے۔

وِصَال ع ملنا مجازاً مرنا فوت ہونا وصل ہونا۔

واو با کاف

وَکل ع وہ شخص جو اپنا کام دوسرے پر چھوڑ دے۔

وَکیل ع وہ جسپر کام چھوڑا جاے یعنی مختار کیا جاے۔

وَیل ع وای کلمہ افسوس ہے جو غم مین بولا جاتا ہے۔

ستائیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہاے اور اخیر مین لام ہے

ہا با الف

ہَاطِل ع بادل بہت برسنیوالا جوش سے برسنے والا۔

ہَابِیل ع نام فرزند آدم علیہ السلام کا جسکو قابیل اوسکی حقیقی بہائی نے قتل کر دیا تہا۔

ہَائِل ع ہولناک و شدید و سخت و دشوار۔

ہَال غ الاچی سفید و قرار و آرام و صبر و تحمل۔

ہا با باے

ہُبَل نام بت جو کعبہ مین رکھا تہا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکو توڑا۔

ہَبِیل ع کسابل و گران تن

ہا با جیم

ہَجل ع زمین پست میان دو کوہ یعنی نشیب دو پہاڑون مین۔

ہا با راے

ہِراول ع جو فوج سب سے آگے ہو اور فوج اوسکے پیچھے چلے۔

ہِرَقل و ہِرِقل ع نام بادشاہ نصارا کا جو روم و شام مین بادشاہ تہا اور عمر خلیفہ ثانی اوس پر غالب آئے۔

ہا با زاے

ہُزال ع لاغری ناتوانی کمزوری ضعیفی۔

ہَزل ع سخن بیہودہ و مسخری و بیفایدہ تقریر۔

ہا با طاے

ہَطل ع برابر اور آہستہ برسنا مینہہ کا قطرہ قطرہ ٹپکنا یا ٹیکنا۔

ہا با لام

ہَلاہِل ع نام زہر قاتل اور نام کوہ جس جگہہ وہ زہر پیدا ہوتا ہے اور وہ پہاڑ چین مین ہے۔

ہَل ع الاچی خورد اور صیغہ امر ہلیدن سے یعنی چھوڑ دے و کنجد یعنے تخم کنجد [illegible]۔

ہَل ع آغوش یعنے بغل

ہَل ع کلمہ استفہام بمعنی آیا۔

ہِلال ع تراش ناخن مجازاً نیا چاند پہلی رات کا چاند۔

ہلال ملال ف پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔

ہا با میم

ہَمال ف انباز و ہمتا و شریک و سہیم و ساجی۔

ہم بغل ف ہمخوابہ ہم آغوش و ہم بستر۔

ہا با واو

ہَول ف ڈرانا ڈرنا اور گیند جسمی کھیلتے ہین۔

ہا با یاے

ہَیاکل ع جمع ہیکل جسکے معنے شکل و صورت کے ہین۔

ہَیکل ع جثہ بزرگ و اسپ دراز جسم و جسکو عظمت سے بنا ہے بلند و بتخانہ و صورت و شکل و حمائل و تعویذ۔

ہِیل ع الاچی سفید و قافلہ صغار یعنی چھوٹی الاچی۔

ہیولائی اول ع ذات بحت و نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف یا اور اخیر مین لام ہے

یا با الف

یال م گردن اور گھوڑے کی گردن۔
یال گو یال ف شان شوکت و عزت و افتخار۔

یا با سین

یساول ت میر توزک و نقیب جو امیرون کی سواری کے ساتھ ہوتے ہین۔
یسل و یسال ت پتر و فوج

یا با لام

یل ف پہلوان و شجاع و آزاد اور ترکی مین راستہ اور گذرگاہ کو کہتے ہین۔

یا با واو

یونت ییل ف نام سال۔

چوبیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف میم ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنی اپنی موقع پر پہ لیتے جاتی ہین اسمین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

لغات کے بیان مین جنکی اول حرف الف اور اخیر مین میم ہے

الف با با

اِبہام ع پوشیدہ کہنا پوشیدہ چھوڑنا اور انگشت اور دروازہ بند کرنا۔
اِبرام ع تنگ کرنا ملول کرنا دق کرنا استوار کرنا دوہرا کرنا رسن کا۔
اِبتسام ع تھوڑا ہنسنا کھلنا شگفتہ ہونا۔
اَبریشم ف مشہور چیز ہے جس سے پارچا بنائی جاتے ہین۔
اَبکم ع گونگا بے زبان وہ شخص جو بات نہ کر سکتا ہو۔
اِبراہیم ع پیغمبر مرسل کا نام ہی جنکا خطاب خلیل اللہ تھا۔
ابراہیم ادہم ع ایک ولی کا نام ہی جو پہلے بادشاہ بلخ کا تھا پھر تارک ہو کر بدرجہ ولایت پہونچا ادہم اوسکے باپ کا نام ہے
ابوالقاسم ع کنیت محمد صلے اللہ علیہ وسلم۔

الف با تا

اَتم ع کامل اور پوری چیز
اِتہام ع تہمت لگانا بہتان باندھنا۔
اِتمام ع تمام کرنا پورا کرنا کامل کرنا۔

الف با ثا

اِثم ع گناہ و تقصیر جو کسی سے سرزد ہو۔
آثیم ع گنہ گار جو خلاف حکم شرع کے کام کرے
آثم ع گنہ گار گنہ کرنیوالا خطاوار
آثام ع جمع اثم بہت سے گناہ بہت سی خطائین۔

الف با جیم

اِجمام ع سنوارنا گھوڑی کو سواری کے لیے سی ...
اِحجام ع باز رہنا نزدیک پہونچنا نزع کی حالت مین ہونا
آجم ع نیستان و انبوہی درختان یعنی درختونکا ہجوم
اِجرام ع جسم جواہرات اور ستارون کے جسم
اَجسام ع جسم آدمیون حیوانون کے اور اون کے بدن
آجام ع جمع اجم انبوہی درختان و باغ وغیرہ۔

الف با خا

اَخرم ع بہت ہوشیار بہت دانا و لئیق

اِحْتِشَام ع صاحب شکوہ ہونا صاحب شان و شوکت ہونا۔

اِحْرَام ع حرام کرنا اور احرام جو حاجی حج کی پہلے باندہتے ہین اور بہت باتین حرک کردیتے ہین اور بھی بمعنی حرم مین جانے کے معنی رکھتا ہے۔

اِحْتِلَام ع خواب مین ناپاک ہونا اور انزال کرنا۔

اَحْسَنِ تَقْوِیم بخوبی درست کرنا کنایۃ پیدائیش انسان کی

اِحْتِجَام ع نشتر مارنا فصد لینی خون نکالنا۔

اَحْمَر اَتَم ع نہایت سرخ اور نہایت لال چیز۔

اِحْشَام ع نوکران خادمان خدمتگاران۔

اِحْلَام ع خوابہا و عقلہا و بردباریہا۔

الف با خا

اِخْتِتَام ع ختم کرنا پورا کرنا تمام کرنا۔

اِخْرَم ع زرسانید نام جد حاتم طائی جو مشہور سخی ہے۔

اَخْرَم ع بینی بریدہ ناک کٹا آدمی۔

اَخْمَم ع چین پیشانی ذابروکا چین۔

اَخْشَم ع جسکو قوت شامہ نہو یعنے خوشبو و بدبو کی تمیز کرسکے

الف با دال

آدَم ع نام ابوالبشر علیہ السلام کا ہے جسکی نسل سے آدمی پیدا ہوئے و بمعنی شتر سفید و آہوی سفید جسکی پشت پر سیاہ خط ہون۔

اَدْہَم ع سیاہ و اسپ سیاہ و مار سیاہ و زنجیر آہنی جو قیدیونکو ڈالتی ہین اور نام پدر ابراہیم بلخی کا جو کامل ولی ہئے۔

اَدِیم ع پوست دباغت دیا ہوا اور پوست خوشبو و تہ کلا ہے ہر چیز و چہرہ ہر چیز و طعام با نان خورش۔

اِدَام ع نان خورش یعنی سالن جو روٹی کیساتھ کہاتے ہین۔

اِدْغَام ع کہانا بیجا دیکہنا گہوڑے کو لگام دینا و حرف کو حرف مین ملانا۔

الف با رای

اِثْرَام ع خوار کرنا رسوا کرنا خراب کرنا۔

اِرْتِطَام ع پست ہونا مٹی مین ڈالنا ذلیل کرنا۔

اَرْحَام ع جمع رحم خویشیان رشتہ داریان

اَرْقَام ع خطوط۔

اَرْحَم ع بیرا رحم والا اِرْقَام ع لکہنا۔

اِرْتِسَام ع نقش باندہنا۔

اِرَم ع نام شہر و نام پدر عاد اور نام اوس باغ کا جو شداد ابن عاد نے بنایا تہا۔

آرَام ف خوش حالی و آسودگی اور عربی مین جمع ریم جسکے معنی آہو سپید کے ہین۔

آرَزم ف جنگ و کارزار۔

الف با زا

آزَرْم ف شرم و حیا و شفقت و مہربانی و بزرگی و عزت و عدل و راحت و آشتی و طاقت و غضب و آشکار و غم و اندوہ گناہ اور نام دختر خسرو پرویز کا۔

اِزْدِحَام ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا ماخوذ زحم سے اور جو لوگ اژدہام لکہتی ہین غلط ہے۔

اِزْحَام ع انبوہ کرنا ہجوم کرنا اجتماع کرنا۔

آزَرْم ت انگور جو ایک مشہور میوہ ہے۔

الف با سین

اِسْتَم ف ظلم و جفا و زبردستی جو کسی پر کیجائے۔

اِسْتِحْمَام ع حمام مین جانا سنجار گرم لینا نہانا حمام مین۔

اِسْتِعْلَام ع خبر جاننا آگاہی جاننا اطلاع۔

اَسْقَام ع بیماریان جو انسان کے جسم مین پیدا ہون

اِسْم ع نام جو کسی کا رکہا جائے۔

اِسْتِسْلَام ع سلامتی اور فرمان برداری و تسلیم و تعظیم۔

اِسمِ اَعظم م اللہ جو خدا کا نام ہے۔
اُسَیلِم ع تصغیر لفظ اسلم اور نام ایک رگ کا جو خنصر و بنصر کے درمیان ہے۔
اِستِفہام ع کسی چیز کی سمجھ کو چاہنا یعنی ارادہ سمجھنے کا۔
اِستِلام ع چھونا پتھر کو ہاتھ یا مونہہ سے مجازاً بوسہ دینا کسی صاحب تعظیم مقام کو چنانچہ حجر الاسود خانہ کعبہ کو چومنا۔
اِستِحکام ع مضبوطی کرنا محکمی کرنا استواری کرنا۔
اِستِشمام ع سونگھنا کسی بو دار چیز کو۔
اِستِقدام ع استقبال کرنا پیش آنا آگے آنا۔
اِسلام ع دین اسلام اور مان لینا تسلیم کرنا۔
اَسلَم ع تسلیم کرنے والا اور سچا ہوا سلامت رہا ہوا۔

الف با شین

اُشتُلُم ع غلبہ و تندی و زور و تعدی وجور و جفا۔
اِشمام ع سونگھنا کسی بو دار چیز کو۔
آشام ف پی اور پینا اور پینے والا پانی وغیرہ کا و نام ملک نیپال و مشرق بنگالہ۔

الف با صاد

اَصنام ع جمع صنم بہت سے بت پتھر کے جنکو کفار پوجتے ہیں
اَصَم ع کر بہرا نہ سننے والا یعنی جو شخص کسیکی بات نہ سن سکے

الف با طاء

اِطعام ع کھانا دینا طعام پہونچانا کسیکے پاس۔

الف با عین

اِعتِصام ع پنجہ مارنا مضبوط پکڑنا محکم پکڑنا۔
اِعظام ع بزرگ بکڑنا بزرگ کرنا عزت دینا بڑا بنانا عظمت دینا باآبرو کرنا کسی کو۔
اَعاظِم ع بزرگان و سرداران و رئیسان یہ لفظ اعظم کی جمع ہے
اَعظَم ع بزرگ و امیر و سردار و دولتمند و ولی و مرد صاحب عظمت
اِعلام ع خبر دینا آگاہ کرنا اطلاع پہونچانا۔
اَعلام ع جمع علم نشانہا یعنی وہ علم جو لشکر میں برپا کئے جاتے ہیں
اِعدام ع نابود کرنا فنا کرنا نیست کرنا کسیکو۔
اَعَم ع سب پر متصرف ہونیوالا عام دخل کرنیوالا۔
اَعجَم ع جسکی زبان بات کرنے میں پہسلتی ہو لفظ صاف بات نہ کر سکے
اَعمام ع جمع عم جسکے معنی چچا کے ہیں یعنی بہت سے بھائی باپ کے
اَعوام ع سالہا جمع عام کے لفظ کی بہت سے برس۔

الف با غین

اَغنام ع بکریاں جمع غنم کی لفظ کی جسکے معنی بکری کے ہیں
اِغلام ع بچہ بازی کرنا کسی بچہ کے ساتھ بد فعل کرنا۔

الف با فاء

افعیِ آتشین دم ف کنایہ بندوق جسمیں گولی چلاتے ہیں
اِفحام ع خاموش کرانا چپ کرانا گفتگو سے۔
افگندہ سُم ف جو گھوڑے کے جو شخص چلنے سے رہجاوے
اَفریشم معرب ابریشم مشہور چیز ہے۔
اِفہام ع سمجھانا اصل بات سے آگاہ کرنا۔
آفتابِ لبِ بام ف قریب المرگ آدمی جو مرنے کو ہو۔

الف با قاف

اِقتِحام ع اختیار کرنا ظلم کرنا خوار کرنا بے آبرو کرنا کسیکو
اَقسام ع حصہا یعنی کئی قسم کئی طرح کئی نوع۔
اُقنُوم ع اصل ہر چیز کی بنیاد ہر ایک چیز کی۔
اِقتِسام ع قسمت کرنا بانٹنا حصہ کرنا۔
اَقدَم ع بہت آگے یہ صیغہ تفضیل کا ہے۔
اَقانیم ع جمع اقنوم کی یعنی بنیادیں
اِقحام ع ڈالنا۔
اَقوام ع جمع قوم یعنی بہت سی قومیں اور گروہ۔

اِقدام ع ارادہ کرنا آگے چلنا پیشروی کرنا -
اَقدام ع جمع قدم کی یعنے بیشمار پانو -
اِقلیم ع ولایت جمع اسکی اقالیم ہے یعنی بہت سی ولایتین

الف با کاف

اَکرم ع بزرگ اکارم اسکی جمع ہے جسکے معنی بہت سے بزرگونکی ہین
اَکارِم ع بہت سے سخی اور بہت سے بزرگ اور امرا و دولتمند -
اِکتِتام ع چھپانا خضاب کرنا رنگ کرنا -
اَکمام م آستینہا اور غلاف شگوفہ کے -

الف با لام

اِلہام ع جو بات دل سے اوسکے خدا کی طرف سے یعنی دل کے خیالات جو سچے ہون -
اِلتیام ع آپسمین ملنا اچھا ہونا زخم کا بھر آنا -
اُلی العزم ع صاحبان عزم و پیغمبران مرسل -
اِلزام ع لازم کرنا اپنے یا غیر پر کوئی جرم کسی پر لگانا -
اِلتزام ع اپنی اوپر لازم پکڑنا کسی بات کا -
اَلزَم ع بہت لازم اور نہایت ضروری بات
اَلَم ع رنج و درد و غم و پریشانی و فکر و اندیشہ -
اَلیم ع دردناک اور وہ بیماری جس سے تکلیف ہو -
اِلتِثام ع بوسہ دینا ماخوذ لثم سے چومنا -
اَللّٰھُمّ ع یا الٰہی اے میرے پروردگار اے معبود -
اَلِم ع رنج پہونچانیوالا دکھ دینے والا -
آلام ع جمع الم کی رنجہا یعنی بہت سی تکلیفین و مصیبتین

الف با میم

اَم ع عربی مین حرف عطف ہے بمعنے یا -
اُمّ ع مادر یعنی ماں جسکو والدہ بھی کہتے ہین -
اُمّ العلوم ع علم صرف جسسے قواعد ہر ایک علم کے نکلتے ہین
اُمّ مِلدَم ع تپ دائمی یعنی وہ بخار جو ہمیشہ رہے -
اُمَم ع گروہہای مردم یعنے بہت سی جماعتین اور قومین اور ملتین
اَمام ع پیش یعنے آگے -
اِمام ع پیشرو و سرگروہ و پیر و مرشد -

الف با نون

اِنتقام ع بدلہ لینا عوض لینا کسی سے -
اِنہدام ع ویران ہونا گر جانا عمارت کا مسمار ہونا -
اِنصرام ع سرانجام پانا آخر ہونا انجام کو پہونچنا -
اِنہزام ع شکست کہانا لشکر کا اور بہاگ جانا -
اِنقسام ع بانٹنا تقسیم کرنا حصہ حصہ کرنا -
اِنضمام ع جمع ہونا پیوند ہونا وصل ہونا -
اِنعام ع نعمت دینا نازک کرنا زیادہ ہونا بڑہنا
اَنعام ع چہارپایہ جمع نعم و نام سورہ قرآن کا -
اَنجُم ع جمع نجم ستارہ ہا یعنے بہت سے آسمانی ستارے
اِنتظام ع آراستہ و مرتب کرنا بندوبست کرنا پرونا کسی چیز کو -
اَنام ع مخلوقات الٰہی جن و انس -
اِنعدام ع نابود ہونا گم ہونا فنا ہونا مر جانا -
اِنفصام ع شکستہ ہونا ٹوٹا ہوا ہونا -
اَندام ف عضو مجازاً تمام بدن انسان کا -
اِنتسام ع خوشبو لینا ہوا لینا ہوا کہانا -
اِنتجام ع انتہا و اخیر ہر ایک چیز کی -
اِنتظام ع بندوبست کرنا مرتب کرنا پرونا پیوند کرنا -

الف با واو

اَوزم ت لوبادمیر ملفوظ انگور جو ایک مشہور میوہ ہے
اَورام ع جمع ورم کی بہت سی سوج جو جسم پر پڑ جاتے ہین
اَوہام ع جمع وہم کی یعنی بہت سی خیالات دماغی -

الف با ہا

اَہرَمَن ف شیطان دیکھیو بار یعنے سانپ کفچہ

اِہتمام ع غمخواری و کوشش و بندوبست و انتظام
اَہَمّ ع مشکل تر و ضرور تر اور بہت ضروری کام۔

الف با واو

اَبیَم ع ا سفید یعنی سفید سانپ جو ایک قسم کا سانپ ہوتا ہے
اِیلام ع دردمند کرنا و دکھ دینا تکلیف پہونچانا۔
اَیتام ع جمع یتیم یعنی بہت سے بے پدر لڑکے۔
اِیہام ع شک اور غلطی میں ڈالنا وہم میں ڈالنا کسیکو
اَیّام ع روزہا و وقت و زمانہ بلفظ یوم کی جمع ہے

دوسری فصل

اون لغات کے بیان میں جنکی اول حرف با اور آخیر میں میم ہے

با با الف

باغِ نسیم ف کشمیر میں ایک باغ کا نام ہے
بادام ف مشہور میوہ ہے اور اسکی مغز کو مغز بادام کہتے ہین۔
بام ف مکان بلند اور چھت مکان کا اور صبح کا وقت۔
بادام ف قسم دام یعنی ایک قسم کی جالی شکار یون کی
باردم ف گھوڑے کی دُمچی جو مشہور چیز ہے
باہم ف آپس میں ایک دوسرے کی اتفاق سے

با با دال

بدرام ف توسن سرکش چالاک گھوڑا تیز رفتار۔
بدنام ف مشہور لفظ ہے یعنے وہ شخص جسکا نام بد ہو۔
بدرام ف آہستہ و خوش و قبول مورت و مطیع

با با را

برسام ف نام بیماری جسکو ذات الجنب کہتے ہین اور اصل میں ورم کرنا اوس پردہ کا ہے جو زیر بغل ہے کیونکہ بر بمعنی بغل اور سام بمعنے ورم ہے۔

بَرَاہام ع نام یہود جو کمال بخیل تہا۔
بَرچَم ف علم کا پرچم جو ابریشم سیاہ سے بناکر اوسکے سر رکہتے ہین مجازاً زلف۔
بِرَشم ف وہ آرد خشک جو گوندہی ہوئی آٹے کو لگاکر روٹی بیلتے ہین ہندی میں اوسکو پلیتھن کہتے ہین۔
بَرِیشم ف ریشم جو مشہور چیز ہے۔
بَرَہم ف الٹ پلٹ اور بحالت غضب و غصہ کے۔
بُرخَم ف پیچدار پیچ در پیچ زنجیرہ دار سلسل
بَرچَشم ف کلمہ قبولیت کا ہے یعنی مجھکو یہ بات منظور ہے
بُرجُم ع بند انگشت یعنے انگلیون کا جوڑ
بَرَاجِم ع انگلیون کے جوڑ جمع برجم کی۔

با با زے

بزم ف مجلس جہان بہت سے آدمی جمع ہون۔

با با سین

بُسطام ف نام شہر جہان بایزید رہتا تہا۔
بَسِیم ع تبسم کرنے والا ہنسنے والا شخص۔
بَسّام ع خندان و شگفتہ یعنے ہنستا اور کہیلتا ہوا

با با شین

بِشم ف اون جو بھیڑی اور دنبہ کے بدن سے اوتارتے ہین

با با صاد

بُصْم ع وہ فاصلہ جو درمیان خنصر و بنصر انگلیون کے ہو

با با قاف

بَقَّم ع وہ لکڑی جسسے کپڑے سرخ رنگتے ہین۔

با با کاف

بُکم ع جمع اَبکَم کی یعنے گونگے لوگ اور گنگ ہونا بے زبان ہونا

با با لام

بَلعَم ع نام درویش جسنے موسی پر بددعا کی تہی

با با میم

بَم ف بلند آواز سرود کی اور پست آواز کو زیر کہتی ہین-

با با نون

بنی تمیم ع نام قبیلہ عرب کے ملک مین رہتا ہے-
بنت الکرم ع نام شراب انگوری کیونکہ کرم انگور کو کہتی ہین-

با با واو

بُوتَم ف بچہ و طفل خرد سال چھوٹی عمر کا لڑکا-
ابو الحکم ع کنیت ابو جہل کی جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا دشمن تہا
بُوم ف زمین و ولایت اور الّو جو مشہور پرند ہے-

با با ہا

بہرام ف نام بادشاہ جو گورخر کا شکار کھیلتا تہا ف نام ستارہ مریخ جو پانچوین آسمان پر ہے-
بہائم ع جمع بہیمہ چار پایہ یعنے بہت سے چار پاے اور مویشی

با با یا

بیم ف خوف ڈر دہشت رعب-
بیلچم ف بمعنی دانگا نا روپے دمپے و بار بار د گھڑی گھڑی
بیت الحرام ع خانہ کعبہ یعنے مقام حرمت و عزت کا-
بیرم ع ترکی زبان کا بیرام اور ایک قسم کپڑے کا جو قیمتی ہوتا ہے اور ترکی مین عید و جشن و خوشنودی اور بیاہ و شادی کا روز-
بیگم ف زن عمدہ و زن امیر یعنے خوبصورت و امیر کی عورت-
اَرْزَن عربی مین نام درخت فارسی مین نام غلہ جسکو چینا کہتی ہین و نام موضع متصل شیراز۔
اَرْدَوان ع نام ایک بادشہ کا جسکا نوکر اردشیر بابکان بادشاہ ابتدا مین تہا اوسکو مارکر بادشہ ہوا۔
اَرْتَنْگ ف نام ولایت جہان چاندی سونی کی کان ہے۔
اَرْسلان ت شیر درندہ و بندہ و غلام و خدمتگزار۔
اَرْکان ع جمع رکن یعنی ستون کسی عمارت کے۔
اَرْغَوان ع نام درخت جو بہار کی موسم مین سرتاپا پہول جاتا ہے
اردشیر بابکان ف نام ایک بادشاہ جو مشہور بادشاہ ہی
اَرزان ف سستا کم قیمت مال و مفت۔
ارزیدن ف قیمت پانا لائق ہونا سزاوار ہونا۔

آزْوِین ف امتحان آزمایش کسی چیز کی
آرْوغیدن ف ڈکارنا ڈکار نکالنا۔
اَرْمُغان ع تحفہ و پیشکش و نذرانہ جو دیا جائے۔
اَرْضِین ع جمع ارض زمینین اور دہرتیان۔
آراستن ف خوشنما کرنا آراستہ کرنا سنوارنا

الف بازای

اِزمان ع کہنہ ہونا پرانا ہونا۔
ازاردن ف دکہہ دینا رنج پہونچانا
آزردن ف سولی چہانا یحینہ لگانا۔

الف با سین

اَسْتَرْدَن ف صفا کرنا سر مونڈنا پاک کرنا۔
اَسْتَرْوَن ف عورت عقیمہ بے اولاد عورت۔
اُسْتُخوان ف ہڈی اور ایک قسم کا گزر
اَساطِین ع جمع اسطوانہ یعنی ستون۔
اَسْنان ع جمع سن بہت سے دانت
اِسْتِحْسان ع پسند کرنا آفرین کرنا شاباش کہنا۔
آسمان ف فلک مرکب لفظ آس اور مان سے یعنے آس معنی چکی اور مان کے معنی مانند بلحاظ گردش کے۔
آستین افشاندن ف روکرنا منع کرنا۔
آستین ف مشہور لفظ ہی یعنی قبا وغیرہ کی آستین
آسان ف سہج ہولا بے وزن۔
آستان ف دہلیز دروازے کی لکڑی۔

الف با شین

آشیان ف خانہ جانوران جس مین وہ رہتے ہین۔
اُشنان ع ایک نہال کا نام ہی جسکو جلا کر سجی بناتے ہین۔
آشیختن ف بمعنے پاشیدن پانی چہڑکنا۔
آشامیدن ف پینا پانی یا شراب وغیرہ کا۔

آشفتن ف۔ پریشان و غضبناک ہونا۔
اشراقیان ع گروہ حکما مثل افلاطون وغیرہ بسبب روشنی باطن کے اونکو اشراقی کہتے ہین۔

الف با صاد

اصفہان ف۔ ایران مین ایک شہر مشہور ہے۔

الف با طا

اطمینان ع تسلی و دلاسا و خاطر جمع

الف با عین

اعلان ع ظاہر کرنا اشتہار دینا مشہور کرنا۔
اعلن ع بہت ظاہر و ہویدا سب کے روبرو۔
اعوان ع مددگاران و رشتہ داران و حامی لوگ۔
اعیان ع آنکھیں و بزرگان و امیران و دولتمندان۔

الف با غین

آغازیدن ف۔ شروع کرنا ابتدا کرنا۔
آغالیدن ف۔ بہڑکانا جوش دلانا۔
اغصان ع جمع غصن معنی شاخ درخت
آغشتن ف۔ لانا تر کرنا گوندہنا کسی چیز کو۔

الف با فا

آفلین ع نیچے جانا ڈوب جانا چہپ جانا۔
افتادن ف۔ گر پڑنا۔
افراختن ف۔ بلند کرنا افراشتن کے بہی یہی معنے ہین
افروختن ف۔ روشن کرنا بہڑکانا۔
آفریدن ف۔ پیدا کرنا موجود کرنا۔
آفریدگان ف۔ پیدا کی ہوئی چیزین۔
آفرین ف۔ شاباش تحسین و پیدا کرنے والا۔
افزودن و افزائیدن ف۔ بڑہانا زیادہ کرنا۔
افزون ف۔ زیادہ اور بڑہا ہوا

افسردن ف۔ مرجہانا پژمردہ ہونا۔
افشان ف۔ بوندین قطرے ذرے۔
افشاندن ف۔ جہاڑنا پاک کرنا۔
افسون ف۔ منتر جادو۔
افشردن ف۔ نچوڑنا کسی چیز کو۔
افگندن ف۔ ڈالنا گرانا پہینکنا۔
افلاطون ع نام حکیم جو سکندر رومی کا ہم عہد تہا۔
افیون ف۔ افیم تریاک ایک مشہور چیز ہے۔
افدیدن ف۔ تعجب کرنا اچنبہی مین آنا۔
افانین ع درخت کی شاخین و ہنرہا و انواع سخن۔
افنان ع جمع فنن بمعنے شاخ۔
افسان ف۔ وہ پتہر جس پر چہری و تلوار تیز کرتے ہین
افغان ف۔ آہ و نالہ و فریاد نام قوم۔
افتتان ع فتنہ انگیزی فتنہ مین پڑنا۔

الف با قاف

اقحوان ع بابونہ جو مشہور دوا ہے۔
اقتران ع نزدیکان و ہمسایگان اور نزدیک ہونا
اقتراب ع نزدیک ہونا پاس ہونا۔

الف با کاف

اکنون ف۔ اب اس وقت ابہی۔
اکوان ع نام دیو جس نے رستم کو دریا مین ڈال دیا تہا اور جو مارا گیا اور عربی مین جمع کون بمعنے موجودات
آگندن ف۔ بہرنا پر کرنا۔
اکنان ع جمع لفظ کن بمعنے پردہا و پوششہا۔
اکسون ع قسم دیباے سیاہ۔
آگین ف۔ جو چیز قسم پنبہ پر مرغ تکیہ مین پر کرین۔

الف با لام

الوان ع جمع لون کے بہت سے رنگ ۔
آلودن ف لتھڑنا آلودہ ہونا ۔
آلتون ت زر سرخ و نام زن طمغان شاہ و بمعنے کنیزک
الحان ع خوشخوانی و خوشنوائی و خوش آوازی ۔
آلحان ع آوازہا یعنے بہت سے آوازیں ۔
الکن ع وہ شخص جسکی زبان بات نہین پہلتی ہے ۔
آلان ع نام ایک ملک کا ممالک روس سے ۔
آلآن ع اکنون یعنی اب اس وقت ابہی ۔
الب ارسلان ت شیر دلیر و نام بادشاہ کا ۔
الی الآن ع ہنوز تا اکنون ابہی ۔
السن ع جمع لسان زبانہا یعنی بہت سی زبانین ۔
آلفتن ف آشفتن بکھرنا پریشان ہونا یا کرنا ۔

الف با میم

آمن ع بیخوف ہونا کسے دشمن سے ۔
امان ع بیخوفی و پناہ و حمایت ۔
امین ع امانت دار خزانچی جسکے پاس روپیہ رکھا جاوے ۔
امعان ع غور کرنا متوجہ ہونا ۔
ام الصبیان ع ایک بیماری جو لڑکونکو ہوتی ہے ۔
ام غیلان ع ویرانہ جنگل و مقام غولان و مغیلان ۔
آماسیدن ف سوجنا ورم آجانا کسی عضو کا ۔
امتحان ع آزمانا آزمائش کرنا کسیکی
امتنان ع احسان رکہنا منت کرنا ۔
آمودن ف بہرنا پر کرنا الماس کرنا ۔
امکان ع ہوسکنا کسی امر کا ممکن ہونا ۔
آمرزیدن ف بخشنا عفو کرنا گناہ کا ۔
آموختن ف سیکہنا اور سکہلانا علم و ہنر کا ۔
آمین ع قبول کن دعا را دعا قبول کر ۔

آموی ف دریای ایران و توران مین ایک نہر کا نام ہے ۔

الف با نون

اندگان و اندجان سمرقند اور چین کے بیچ ایک شہر ہے
انسان ع آدمی اور مردمک چشم یعنی آنکہہ کے پتلے
انسان العین پتلی آنکہہ کے و مردمک چشم ۔
انجمن ع مجلس جسمین آدمی بہت ہون ۔
انگاردن و انگاشتن جاننا سمجہنا کسی چیز کو ۔
اندائیدن ف کہگل کرنا کسے دیوار یا چہت کو ۔
اندہگین ف غمگین و دلگیر و اندیشہ ناک ۔
آنیدن ف نالہ اور نالہ کرنا رونا زاری کرنا ۔
انجیدن ف استرہ مارنا ریزگری کرنا ۔
انجیدگان ف زخمی لوگ مجروح لوگ ۔
انیران ف تیسوان روز ہر ماہ شمسی کا ۔
انثیان انثیین ع بر دو یعنے دونو
انبان ف پوست پختہ و زنبیل فقیران ۔
انباشتن و انباردن ف باٹنا ڈہیر کرنا ۔
انداختن ف ڈالنا پہینکنا ۔
انجامیدن ف آخر ہونا تمام ہونا ۔
اندرون ف درمیان و اندر ۔
اندوختن ف جمع کرنا اکٹہا کرنا ۔
انگیختن ف اوٹہانا برانگیختہ کرنا ۔
اندیشیدن ف سوچنا فکر کرنا کسی بات مین ۔
اندودن ف لیپنا ۔
اندوہگین ف غمناک و فکرمند اندیشناک ۔
انگلیون ت انجیل عیسےٰ و نام کتاب مانی نقاش کا اور
نیز جامہ ہفت رنگ اور ہر شے عجیب ۔
آن ع ف ہی مین یعنے وقت و ہنگام اور تہوڑا وقت

اور فارسی مین بمعنی مال و ملکیت لفظ اشاره -

الف با واو

آذَنان ف جمع وثن بمعنی بت جنکو کفار پوجتے ہین -

آوردن ف لانا -

اُوفتادن ف گرنا -

آویختن ف لٹکنا اور لٹکانا -

اوطان ع جمع وطن کی یعنی بہت سے وطن -

آوان ف ایوان و کوشک و وقت و ہنگامہ -

اوّلین ف نخست و نخستین پہلی چیز -

اوژدن ف صیغہ امر اوژیدن سے یعنے ڈال -

اولان ت بمعنی ہونے والا اور ممکن بات -

آوان ف جمع اوان بمعنی وقت اور زمانہ -

الف با ہا

آہیختن ف کہینچنا تلوار کا میان کے موقع مین -

آہن سرد کوفتن ف کوشش بیفایدہ کرنا -

آہرمن ف شیطان اور باعتقاد مجوس خداوند قسم ہے ایک یزدان جو نیکوئی کرتا ہے دوسرے اہرمن فاعل بدی کا -

آہن ف لوہا جو مشہور چیز ہے -

آہنین ف لوہے کی چیز اور نہایت سخت

الف با یاء

اِیمنی ع امان آمن مرد بیخوف بیدہشت امن کی جا سلیمان

اَیمن ع بہت مبارک و جانب راست یعنے داہنی طرف -

ایوان ع محل و کوشک و مکان بلند اونچا محل -

اِیگین ت بمعنی بوده یعنے ہوا اور ہوگیا -

ایلیان ع گوشہ زمین میان مشرق و شمال کے -

ایدون ف اب ایسا اسوقت ابہی -

ایرمان ف مرد طفیلی جو مہمان کے ساتھ آئے یعنے مہمان ناخوانده طفیلی

حسرت و ندامت و عار یعنے ناحق لینا -

اِیقان ع یقین کرنا تسلی کرنا کسی بات پر -

اِیمان ع امان دینا بیخوف کرنا پناه مین لینا -

اَیمان ع سوگند یا قسمین جو لوگ کہاتے ہین -

ایتگین ت نام غلام ترک یعنے ترک کے ملک کا غلام

اَیّان ع کس وقت اور کس موقع پر کس زمانہ مین -

اِیران ف نام ملک جس مین عراق و خراسان و طبرستان و فارس و سیستان و آذربادگان و کرمان وغیره شامل ہین -

ایستادن ف کہڑا ہونا قائم ہونا کسی مقام پر -

ایشان ف وہ لوگ یہہ لوگ اور تم لوگ -

آئین ف قاعده طریقہ طرز و روش -

آئین ع کہاں اور کدہر کس وقت اور کہاں -

ایسوان ف نام ایک شہر کا ہے -

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کی اول حرف با اور آخر مین نون ہے

با با الف

بان ع نام درخت خوشبو جو عرب مین ہوتا ہے اور فارسی مین رنگ و لون اور بمعنی دارنده مثل فیلبان و مہربان وغیره و قسم آتشبازی -

باستان ف کہنہ پرانا قدیمی اگلے زمانہ کا -

بابزن ف سیخ کباب بھوننے کی

بازرگان ف سوداگر مخفف بازارگان -

باقلان ع ایک مقام کا نام -

بابکان ف منسوب به بابک جو نانا اردشیر بادشاه کا تہا

باذنجان ع بادنجان ف ترکاری ہے جسکو بیگن بتاوین -

باردان ف جوال و خرجی و گون -

باغستان ف جس جگہہ باغ بہت ہون -

بافتن ف بننا کپڑے وغیرہ کا -

بالیدن ف بڑہنا درخت وغیرہ کا -

باوین ف وہ ٹوکری جس مین عورتین روئی رکہہ کر کاتتی ہین

بالین ف تکیہ جو سر کے نیچے رکہہ کے سوتے ہین

بامدادان ف صبح کا وقت فجر کا وقت -

بادبان ف پہنکہا اور جہاز کی پال -

بادیان ف سونف جو مشہور ہے دوا ہے -

باراین ف مینہہ برسنا بارش کا ہونا -

باریدن ف برسنا مینہ کا بارش کا ہونا -

باطن ع پیٹ اور اندر اور دل اور ضد ظاہر کی -

بازیدن ف کہیلنا کسی بازی کا -

بازیافتن ف پانا حاصل کرنا کسی چیز کا -

بادزن ف بادبان یعنی پنکہا جس سے ہوا لیتی ہین -

پاسبان ف چوکیدار محافظ کسی چیز کا -

پاشیدن ف چہڑکنا پانی وغیرہ کا -

پان ف مشہور پتی ہین جسکو اہل ہند کہاتے ہین -

پایان ف انتہا و آخیر کسی چیز کا -

پایین ف نیچے اور منزل زیرین -

باختن ف کہیلنا کسی بازی شطرنج وغیرہ کا -

پاکوفتن ف رقص کرنا ناچنا کودنا وجد کی حالت مین -

پالاییدن ف صاف کرنا میل نکالنا درست کرنا -

پابرنجن ف خلخال پانو کا زیور جسکو جہانجر کہتی ہین

پالودن ف صاف کرنا فضلہ نکالنا کسی چیز سے -

پارگین ف حوض کو کہتے جسمین گندہ پانی جمع ہو -

پایدان ف جوتیو نکا مقام جہان جوتیان اوتارین -

پاریدن اوڑنا بلند چڑہنا اوپر کو جانا

پالان ف پلاسی جو گدہے پر باندہتے ہین -

پاییدن ف پائداری کرنا مضبوطی و پختگی کرنا -

پاگرفتن ف قائم ہونا کہڑے ہونا مضبوط ہونا -

با با حاء

بحرین ع دو دریا بحر روم و فارس و نام شہر کا -

بحران ع دن جوش طبیعت کا بیماری تپ مین اور چند روز مقرر

با با خاء

بخشودن و بخشیدن ف بخشنا گناہ معاف کرنا

پختن ف پکانا کسی طعام وغیرہ کا -

بخیہ از روی کار افتادن ف راز ظاہر ہونا بہید کہل جانا برملا ہونا -

با با دال

بدن ف آدمی کا جسم -

بدون ف سوائے و بغیر -

بدرود شدن ف وداع ہونا رخصت ہونا -

بدخشان ف ایک ملک کا نام ہے جو مشہور ہے -

با با راے

برون ف مخفف بیرون باہر گہر سے باہر

برزن ف کوچہ یعنی گلی

براہین ع دلیلین اور حجتین اور اسناد و ثبوت -

برہان ع دلیل و حجت و سند و ثبوت -

برین ف برتر و بلند اور اونچا مکان -

برگستوان ف گہوڑے کا لحاف یعنی پاکہر -

برثن ع نام قبیلہ و انگشت چارپایہ و چنگال شیر وچنگال ہر جانور -

برہمن ف مشہور قوم ہے -

برزین ف نام آتشکدہ مجازاً آگ -

برآمدن ف باہر آنا نکلنا

بران ف کاٹنے والا

برآوردن ف نکالنا

برتافتن ف موڑنا -

برخاستن ف کہڑا ہونا کسی مقام سے -

برچیدن ف چگنا کسی چیز کا
برخاستن ف اوٹھنا بخلاف نشستن کے ۔
برداشتن ف اوٹھانا کسی چیز کا ۔
بُردن ف لیجانا ۔
برشتن ف بھونا آگ مین
برسخن ہاتھہ کا زیور کسی چوڑی ۔
برگشتن ف پھر جانا ۔
بریان ف بھونی ہوئی چیز جو آگ مین رکھی ہوئی ہو ۔
بریدن ف کاٹنا قطع کرنا کسی چیز کو ۔
پرانگیدن ف تتر بتر ہونا ۔
پرداختن ف بسنوارنا خالی کرنا ۔
پرستن و پرستیدن ف پوجنا بندگی کرنا ۔
پرسیدن ف پوچھنا ۔
پرسان ف پوچھنے والا جو کچھہ بات پوچھے ۔
پرنیون خرما بولنا جو ایک مشہور چیز ہے
پرنگان ت گانا گوڑی نقدی
پرنا غلیدن ف کسی کو جناب تر بتر کرنا ۔
پرناسیدن ف کسی عضو کو ملنا مالش کرنا ۔
برکردن ف روشن کرنا ظاہر کرنا ۔
پرچین ف کانٹون کی باڑ جو گہر کے گرد یا زراعت کے گرد بناتے ہین ۔
پرہیزیدن ف بچنا ۔
پُریدن ف بھرنا ۔
پَریدن ف اوڑنا ۔
پریشان ف پراگندہ اور بکھرا ہوا ۔
پرداختن ف مشغول ہونا فارغ ہونا خالی کرنا ترک کرنا تمام ہونا آراستہ کرنا ۔
پریدن ف فخر و تکبر کرنا اور پھرکنا عضو کا ۔
پرتابیان ف تیر اندازان جو تیر چلاتے ہین ۔
پرنیان ف حریر چینی جو منقش ہوتی ہے ۔
پرن و پروین ف ثریا چہہ ستارے چھوٹے جو آپس مین ملے ہوئے ہوتے ہین ۔
پرویزن غربال یعنے چھلنی آٹا چھاننے کی

باب زاے

پژمریدن ف ہکانا ۔
پژانیدن ف ہکوانا ۔
پژمردن ف مرجھانا پژمردہ ہونا ۔
بُزآن ف لفظ مفرد شہوت زنان
بزم سنگین ف بڑی مجلس جس مین بہت لوگ جمع ہون
پژمان ف فسردہ ترش رو غمگین صورت پریشان شکل و سرد غمگین و ہر چیز افسردہ بے رونق ۔
پژوہیدن ف ڈہونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا ۔

باب سین

بسیجیدن ف ارادہ کرنا
بستن ف باندہنا پیوند کرنا بنا کرنا تعمیر کرنا ۔
بُستان ف معرب بوستان باغ ۔
پستان ف عورت کی چھاتیان ۔
پسندیدن ف پسند کرنا
پسین ف پچھلا اخیر کا ۔
بساتین ع جمع بستان ہے یعنے باغ ۔
بُشدین ع مرجان مشہور چیز ہے جسکو مونگا کہتے ہین
بسر شدن ف اخیر ہونا انجام پانا ۔
بسان ف مانند یہہ لفظ تشبیہہ ہے ۔

باب شین

بشولیدن ف خراب کرنا پریشان کرنا بکھیرنا ۔
بشخودن ف خراشیدن یعنی چھیلنا کسی چیز کو ۔
بشکولیدن ف چالاکی کرنا کسی بات مین ۔
پشنگ نام پسر کیقباد جو مشہور بادشاہ تھا
پشتیبان ف مددگار و حمایتی اور قوت دینے والا
پشیمان ف پچھتا ہوا اور ندامت کی حالت مین ۔
پشتری ف نام ایک مقام اور سرزمین کا ہے ۔

با با طاء

بطن ع شکم جسکو ہندی مین پیٹ کہتے ہین-
بطین ع تصغیر بطن نام منزل دوم منازل قمر سے
بطین ع بزرگ شکم یعنے جسکا بڑا پیٹ ہو-
بطون ع پوشیدگی و جمع بطن یعنے بہت پیٹ-
بطلان ع ناچیز ہونا ضایع ہونا خراب و تلف ہونا-

با با عین

بعد المشرقین ع سلطنت دو مشرق باعتبار افق زمین
ایک کنارہ سے دوسرے کنارے تک-

با با کاف

بکران ع تہہ دیگی یعنے جو طعام دیگ کے تہہ مین ہوتا ہی
بکتیمان ف بروزن سکیمان نام قوم سلاطین

با با لام

بل شکستن ف محروم کرنا نا امید کرنا مایوس کرنا-
بالنگان ف نردبان چوبی یعنے لکڑی کی پوڑی-
بلاگردان ف صدقہ و قربان و تصدق-
بلدان ع بہت سے شہر اور بستیان وو آبادیان
بلبان ف نام ایک ساز کا جسکو منہ چنگ کہتے ہین
اور منہ سے بجاتے ہین-
بلسان ع نام درخت جو سوا قریہ عین الشمس علاقہ
مصر کے کہین پیدا نہین ہوتا اور روغن اوس سے ٹپکتا ہی-

با با نون

بنایان ف معماران یعنے راج جو عمارت بناتے ہین-
بن ع بیٹا جسکے نطفہ سے ہو-
بنہ بستن ف سفر کرنا رخصت ہونا-
بند بستن ف امیدوار ہونا امید رکہنا کسی سے-
بنون بیٹے اور اولاد اور نسل و کنبہ-
بنین ع بیٹے اور اولاد و پوتے اور پوتے-
بنگران ف تہہ دیگی جو طعام ہنڈیا کی تہہ کے ساتھہ لگ جاتا ہی
بنیان ف بنیاد خانہ بنیو دیوار کی آغاز کام کا-
بنان ع ف سرہای انگشتان یعنے انگلیون کے سرے
بن ف بیخ درخت کی اور ابتدا اور اصل ہر چیز کا-
بنیامین ع بوزن اسرافیل نام پسر یعقوب پیغمبر علیہ السلام
برادر حقیقی یوسف علیہم السلام و نام شاعر جو عرب مین تہا تہا-
بنہان ف پوشیدہ چہپا ہوا یعنے جو چیز پردہ مین ہو-
بنہ دہان ف کمگو و کم سخن جسکی عادت خاموشی کی ہو-
بنہ کردن ف نرم و عاجز کرنا پامال کرنا-
بنگان ف وہ کٹورا سی جسکو پانی مین رکہہ کر اندازہ ساعت
کا کرتے ہین اور اوسکے نیچے سوراخ ہوتا ہے
پنج ارکان ف پنج رکن مسلمانی کے یعنے کلمہ و نماز
و روزہ و حج و زکوٰۃ-
پنج نوبت زدن ف اظہار جاہ و جلال کرنا اپنے آپکی
دولتمندی مشہور کرنا-

با با واو

بوقلمون ع قسم دیبای رومی جو ہر لحظہ نیا رنگ کہلاتا ہے
مجازاً رنگا رنگ-
بواطن ع جمع باطن کے لفظ کی-
بودن ف ہونا ٹہرنا-
بوئیدن ف سونگہنا کسی بو کا-
پوشیدن ف پہننا-
پوشانیدن ف پہنانا-
پوئیدن ف دوڑنا تلاش کرنا-
پوزیدن ف عذر خواستن یعنے عذر چاہنا-
بوستان ف باغ و خوشبو کا مقام-

پوغداران ف ۔ کاسہ گدائی جس میں فقیر گدائی کے ٹکڑے رکھتے ہیں۔
پوستین ف ۔ قبائی چرمی جسکے اوپر بال ہوں۔
پوست کندن ف ۔ ظاہر کرنا کسی چھپی ہوئی بات کا۔
پوشیدن ف ۔ چھپانا چھپنا پردہ میں لانا کسی چیز کو۔
پوسیدن ف ۔ سڑنا ہونا گھسا ہوا ہونا ناکارہ ہونا۔

با با ہائے

بہین ف ۔ بہت بہتر بہت مناسب بہت اچھا۔
پہلوان ف ۔ بہادر زورآور جسیم وفربہ وجوامرد۔
پہلستان ف ۔ نام ایک ملک کا جسکو پہلہ بھی کہتے ہیں۔
بہرام چوبین ف ۔ نام ایک امیر کا جو ہرمز بن نوشیروان کے دربار میں تھا سبب لاغر جسمی کے اوسکو چوبین کہتے ہیں۔
بہاران ف ۔ موسم بہار کا جب سبزہ تازہ پیدا ہوتا ہے
بہرمان ف ۔ گل معصفر یعنے کسنبہ جیسے کپڑے رنگتے ہیں دو قسم تافتہ ابریشمی و قسم یاقوت سرخ۔
بہترین ف ۔ بہت بہتر بہت مناسب بہت اچھی چیز
بہتان ع ۔ افترا اور جھونٹھ باندہنا کسی پر۔
بہمن ف ۔ نام ماہ و نام بادشاہ بن اسفندیار و نام ادویہ بہمن سرخ و بہمن سفید مشہور ہے اور نام راگ کا و نام
بحقلان ع ۔ جو ایک فرشتہ ہے
پہن ف ۔ فراخ اور چوڑی چیز یا چوڑا میدان۔
پہلو تہی کردن ۔ الگ ہونا جدا ہونا کسی بات سے۔
پہلو زدن ف ۔ برابری کرنا ہمسری کرنا برابر ہونا۔
پہلو دادن ف ۔ مدد کرنا حمایت کرنا پناہ دینا۔

با با یائے

پیژن ف ۔ نام پہلوان ایران کا خواہر زادہ رستم جو منیژہ دختر افراسیاب پر عاشق تھا۔
بیابان ف ۔ جنگل بے آب و گیاہ جہاں پانی نہو۔

بے چون ف ۔ بے مانند خدا تعالیٰ جسکے ہم شکل کوئی چیز نہیں ہے
بے ستون ف ۔ نام کوہ جسکو فرہاد نے گرایا تھا۔
بیلقان ف ۔ نام شہر کا ہے۔
بیت الحزن ع ۔ گھر غم کا نام حجرہ یعقوب علیہ السلام جسمیں بعد گم ہونے یوسف کے بیٹھتے تھے
بیگاہان ف ۔ ناوقت و وقت شب بے موقع
بیقرین ف ۔ بے مثل و بے نظیر و بے مانند۔
بے سکون ف ۔ بیقرار و طناز و شوخ و چنچل
بیران ف ۔ نام وزیر افراسیاب بادشاہ کا ہے
بین ع ۔ درمیان اور بیچوں بیچ کسی چیز کے۔
بین ع ۔ ظاہر و آشکار اور نام ایک ساز کا۔
بیان ع ۔ ظاہر کرنا کسی پوشیدہ بات کا تقریر کرنا۔
بیلزن ف ۔ زمیندار مزدور محنتی مٹی کہودنے والا۔
بیاغالیدن ف ۔ ملانا ملانا اور غلانا کسی کو۔
بئس القرین ع ۔ مصاحب بد و ہمنشین ناکارہ۔
بید مجنون ف ۔ نام درخت مشہور ہے جسکی سب شاخیں سرنگوں ہوتی ہیں
بیرون ۔ باہر زیادہ اندازہ سے۔
بینی زدن ف ۔ انکار کرنا ناک ٹھہرا کے بات کرنا۔
بیضہ فکندن ف ۔ ڈرنا خوف کرنا دہشت میں آنا۔
پیچیدن ف ۔ لپٹنا اور لپیٹنا مروڑنا بٹ چڑہانا۔
پیر مغان ف ۔ آگ کا پوجاری
پیزیدن ف ۔ چھانتا آٹا وغیرہ کا۔
پیشین ف ۔ اگلا پہلا زمانہ اور وقت جو گزر چکا ہو اور پہلی جماعت اور امام و پیشوا جو سب کے آگے چلے۔
پیشینیان ف ۔ اگلے لوگ جو گزر چکے ہیں۔
پیکان ف ۔ تیر کا پھل جو لوہے کا ہوتا ہے۔
پیلبان ف ۔ ہاتھی چلانے والا جسکو ہندی میں مہاوت کہتے ہیں

پیمودن ف ناپنا اندازہ کرنا۔
پیوستن ف ملنا وصل ہونا۔
پیراستن ف کم کرنا کاٹنا آرائش دنیا سنوارنا۔
پیرامون ف گرداگرد چاروں طرف
پیرامن ف مخفف پیرامون آس پاس۔
پیشین ہیں ف دانا آل اندیش آدمی۔
پیختن ف چھاننا صاف کرنا کسی چیز کا۔
پیر کنعان ف یعقوب علیہ السلام کا خطاب ہے۔
پیمان ف قول اقرار وعہد جو کسی سے کیا جائے۔
پے کردن ف عاجز کرنا سراغ ڈھونڈنا تعاقب کرنا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان میں جن کا اول حرف تا اور آخیر مین نون ہے

تا با الف

تابین ع کسی چیز کے در پے ہونا اور پیروی کرنا۔
تابدان ف روشندان جو کسی حجرہ مین ہو۔
تازیان ف دوڑنے والا تیز چلنے والا۔
تابعین ع جماعۃ تابعدار رسول مقبول علیہ السلام
تابان ف چمکتا ہوا روشن چمکدار چیز۔
تابستان ف گرمی کا موسم مقابل زمستان کے۔
تابیدن ف چمکنا روشن ہونا چمکارہ دینا۔
تاختن ف دوڑنا تیز رفتاری سے چلنا۔
تازیدن ف دوڑنا تیز چلنا حملہ کرنا۔
تافتن ف تپنا چمکنا روشن ہونا۔

تا با باء

تبیان ع روشن وہویدا وظاہر وبرملا۔

تبن ع خشک سیر اور گھاس خشک لکڑی وغیرہ۔
تبیین ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسی مضمون کا زبان سے۔
تبرخون وطبرخون ف قسم چوب جو سرخ رنگ ہوتا ہے بعض کے نزدیک یہی نام صندل سرخ کا ہے۔
تباین ع فرق وجدائی ومخالفت وضد وعداوت۔
تبرزین ف مقسم تبر جو دو جزین مین رکھتی ہین۔
تپیدن ف گرم ہونا اضطراب بیقراری وجوش غضب۔

تا با تاء

تتن ترکی مین تنباکو کو کہتے ہین جسکا دہوان لوگ پیتے ہین

تا با حا

تحزن ع غمناک ہونا فکر واندیشے مین پڑنا۔
تحسین ع آفرین کہنا شاباش کہنا نیک کہنا۔
تحصن ع حصار مین ہونا قلع بند ہونا۔
تحنن ع مہربانی کرنا رحم کرنا نرمی کرنا۔

تا با خاء

تخشیدن ف بلند بیٹھنا سے اونچی مکان مین رہنا۔
تخت سلیمان ف نام کوہ جو کشمیر مین ہے۔
تخمین ع اندازہ کرنا کسی چیز کا وزن یا شمار مین۔

تا با دال

تدفین ع دفن کرنا زمین مین دبانا کسی مردے یا خزانہ کو۔
تدوین ع جمع کرنا تالیف کرنا مجموعہ بنانا۔
تدین ع دیندار ہونا نیک راستی پر چلنا۔
تدہین ع روغن ملنا چرب کرنا کسی چیز کو تیل کی مالش مین تر کرنا۔

تا با راء

ترشدن ف شرمندہ ہونا عرق عرق ہونا شرمندگی کی حالت
تردامن ف بدکار وفاسق وفاجر وگنہگار۔

ترزبان ف فصیح زبان و تیز زبان مرد صاحب تقریر۔

ترقیدن و ترکیدن ف پھٹنا شگفتہ ہونا۔

ترجمان ع زباندان ترجمہ کرنیوالا ایک زبان کا دوسری مین

ترکمان ت نام قوم ترک جو بڑے جوانمرد ہوتے ہین

ترقین ع سطرون کو پاس پاس لکھنا بغیر بین السطور کے

آرایش و بناو خضاب کرنا رنگنا اصلاح دینا۔

ترک ف گل نسرین جسکو چمیلی کہتی ہین۔

ترنگبین ف ترنجبین مشہور دوا ہی اور شیرین ہوتی ہے

ترمیدن ف بمعنے کشیدن و رسیدن یعنی کھینچنا اور پہونچنا

ترکان ف لقب خاتان ترک یعنے ترکی عورتونکا خطاب

ترک چین ف آفتاب باعتبار اسکے کہ چین کیطرف نکلتا ہی

تراشیدن ف چھیلنا کاٹنا ٹکڑے کرنا۔

تراویدن ف ٹپکنا قطرہ قطرہ ہوکر گرنا۔

ترنجبین ع مشہور دوا ہے جسکو ترنگبین بھی کہتے ہین

ترازوی پولاد سنجان ف نیزہ پہلوانون کا

ترخان ف وہ شخص جسکو بادشاہ نے ہر خدمت سے بری کیا ہو و قسم پودینہ کا اور نام قوم ختا کی و رئیس و سردار و سرگروہ۔

تا با زے

تزئین ع زینت دینا سنوارنا سنگار کرنا خوبصورت بنانا۔

تا با سین

تسخین ع گرم کرنا آگ یا دھوپ وغیرہ سے۔

تسخین ع پاپوش یعنی کفش

تسمین ع فربہ کرنا روغن کہلانا

تساوی الطرفین برابر ہونا دونو طرفون سے

تسعین ع عدد نو یعنے نوے ۹۰

تسکین ع تسلی دینا آرام دینا خاطر جمع کرنا۔

تا با شین

تشرین ع بزبان رومی نام ماہ کاتک کا ہے۔

تشخص ع شان یا عزت و آبرو یا صاحب رتبہ ہونا۔

تا با ضاد

تضمن و تضمین ع قبول کرنا ضامن کرنا اپنی پناہ مین لانا اور دوسرے شاعر کے شعر کو اپنے شعر مین لانا۔

تا با عین

تعیین ع معین کرنا خاص کرنا مقرر کرنا۔

تعفن ع بدبو جو مردار وغیرہ سے آئے۔

تعدیل ارکان ع اچھی طرح نماز پڑھنا ادا سے قیام و رکوع و سجود و قعدہ۔

تعاون ع مددگاری کرنا حمایت کرنا کسی کی۔

تعین ع مخصوص ہونا مقرر ہونا کسی بات پر۔

تا با غین

تغابن ع نقصان و زیانکاری مین ڈالنا [illegible] و محنت بیجا [illegible] مجازاً افسوس و حسرت۔

تا با فا

تفنن ع گوناگون و شاخ شاخ ہونا طرح طرح کی حالتون مین ہونا

تفسیدن ف و تفتیدن ف گرم ہونا غضب مین آنا۔

تفسان ف گرم اور گرمی کی حالت مین۔

تفتان ف جو چیز آفتاب مین گرم ہو اور قسم نان یعنی روغنی جسکو پراٹھا کہتے ہین۔

تا با کاف

تگین ت نام بادشاہ پدر سلطان محمود غزنوی جو مشہور بادشاہ ہے

تگین ت پہلوان آتش و حوض خورد پانی کا تالاب۔

تکفین ع کفن پہنانا مردہ کو پردے مین لانا۔

تکون ع ہو جانا وجود پانا ہستی مین آنا۔

تکوین ع پیدا کرنا وجود دینا ظاہر کرنا بنانا۔

تا با لام

تلقین ع سمجھانا تعلیم دینا ماخوذ لقن سے بمعنی فہمیدن۔
تلوین ع رنگا رنگ کرنا طرح طرح کا بنانا۔
تلوّن ع رنگا رنگ ہونا طرح طرح کا ہونا۔
تلخ حرامان کافر نعمتان یعنے ناشکر لوگ۔

تا با میم

ثمرستان ف باغ جسمین باغ مین کھجور کے درخت ہون
تمکین ع قرار پانا ٹھہرنا مجازاً قدر و منزلت و عزت و رتبہ
تمکّن ع جگہہ پکڑنا قائم ہونا مکان لینا۔
تُمن ف دہ ہزار آدمی اور دس ہزار فوج کا دستہ
تمدن ع شہر مین بود و باش کرنا شہر مین بنا
تمرّن ع نرم ہونا عادت کرنا کسیکی مہربان عادی ہونا۔

تا با نون

تن زدن ع خاموش ہونا دل چرانا علیحدگی کرنا۔
تنبان ت پاجامہ غرارہ کمر مین پہننے کا کپڑا۔
تنیدہ ریسمان ف اٹیا سوت کی۔
تن ف بدن و تنخواہ اور امر تنیدن سے۔
تنوین ع نون پیدا کرنا دو حرکتون کے ساتھہ۔
تِنّین ع اژدہا بڑا سانپ ایک قسم بڑے سانپ کا۔
تنانین ع جمع تنین یعنے بہت سے سانپ اور اژدہا۔
تنیدن ف کپڑا بننا پیدا کرنا گرد پھرنا اور سوت کا تننا۔
تن در دادن ف قبول کرنا مان لینا کسی بات کا۔
تنگ ترکان ف نام مقام

تا با واو

توامان ف بروزن تو جوان دو بچے جو ایک حمل سے پیدا ہون

توران ت نام ملک جو مشہور و معروف ہے
توسن ف چالاک گھوڑا اور تیز رفتار۔
توختن ف حاصل کرنا جمع کرنا ادا کرنا گزارنا۔
توشقان ت خرگوش جو مشہور جانور ہے۔
تولیدان ف بمعنی رمیدن یعنے بھاگنا۔
توہین ع اہانت کرنا کسی کو برا کہنا بے عزت کرنا۔
تون ف بچہ دان حمام و سوراخ حمام و گلخن و جائے سرگین۔
تومان ت دو ہزار زر نقد و گروہ و پرگنہ۔
توان ف زور و قوت و طاقت
توقان ع شہوت و آرزو و خواہش۔
توشدان ف تھیلا خوراک رکھنے کا۔
توطن ع وطن اختیار کرنا سکونت کرنا۔
توزین ع وزن کرنا تولنا کسی چیز کو۔
توانستن ف سکنا طاقت رکھنا کسی بات پر۔
توپ زمان ف توپ چلانیوالا نشانہ لگانے والا۔
توپ زدن ف توپ چلانا گولا مارنا۔

تا با ہا

تہجین ع ذلیل کرنا بے عزت و خوار رکھنا کسیکو۔
تہمتن ف لقب رستم کا ہے۔
تہاون ف خوار و ذلیل رکھنا بے عزت رکھنا۔
تہ نشین ف دب جانیوالا نیچے بیٹھ جانے والا۔

تا با یا

تین ع انجیر جو درخت و میوہ مشہور ہے۔
تیمن ع بارکت ہونا مین والا ہونا۔
تیر دان ف ترکش جسمین تیر رکھتے ہین۔
تیقن ع یقین کرنا تسلی پانا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ثا اور اخیر مین نون ہے

ثا با الف

ثانی اثنین ف مثل و مانند و نظیر و تشبیہ
ثامن ع آٹھواں اور آٹھواں حصہ یعنے آٹھ مین سے ایک

ثا با خا

ثخین ع محکم و سطبر و مضبوط و قوی و پر قوت۔
ثخن ع حجم و سطبری و مضبوطی و موٹاپن کسی چیز کا۔

ثا با عین

ثعبان ع بڑا سانپ یعنے اژدہا جو ایک قسم کا سانپ مشہور ہے
ثعابین ع بڑا سانپ یہہ لفظ ثعبان کی جمع ہے۔

ثا با قاف

ثقلین ع دو گروہ عالم جن و انس مجازاً دو جہان۔

ثا با لام

ثلثان ع دو حصے تین حصوں مین سے یعنے چھ مین سے چار
ثلاثین و ثلاثون ع تیس ع عدد مین جسکو فارسی مین سی کہتے ہین

ثا با میم

ثمن ع قیمت اور مول اور بہا کسی چیز کا۔
ثمان ع آٹھ ۸۔ عدد مین جسکو فارسی مین ہشت کہتے ہین
ثمن و ثمن ع آٹھواں حصہ کسی چیز کا یعنے آٹھ مین سے ایک
ثمین ع گران قیمت چیز جو ارزان نہو۔

ثا با واو

ثوران ع جوش و فتنہ اور غبار اوٹھنا اندھیری آنا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف جیم اور اخیر مین نون ہے

جیم با الف

جان ع نام ابو الجن کا یعنے قوم جن و پری کا بڑا باپ جیسے آدم نوع انسان کا باپ ہے۔
جان ف روح و قوت و طاقت و دل و مدد و قوت حیوانی جیسے انسان جیتا ہے۔
جان جان ف ذات ربانی جسکے متعلق ہر ایک شی کی جان کی زندگی ہے۔
جام جہان بین ف جام کیخسرو جسمین از روی نجوم کے حال ایک سال آیندہ کا معلوم ہو جاتا تہا کہ آیا آیندہ سال مین کون کون واقعہ وقوع مین آنے والا ہے۔
جانان ف معشوق بہت پیارا اور محبوب جسکے ساتھ محبت ہے
جانشین ف قائم مقام و مسند نشین و وارث کسیکے مال و املاک کا
جاثمین ع ہلاک ہونیوالے بیحرکت ہونیوالے مرجانیوالے لوگ
جانبین ع دونو طرف آگے پیچھے داہنے بائین
جان کندن ف جان توڑنا نزع کی حالت مین ہونا۔
جاودان ف ہمیشہ اور نت اور مدام۔
جامیدن ف شاشیدن بول کرنا پیشاب کرنا۔
جامین ف بول و براز نکلنا موتنا۔
جاویدن ف فریاد کرنا نالہ و زاری کرنا۔
جاکران ف نوکر لوگ خدمتگار لوگ۔
جارتکبیر گفتن ف تارک ہونا جنازہ پڑہنا۔
جاسیدن ف سر وشنن یعنی سرد ہونا ٹہنڈا ہونا۔
جارزبان ف بزرگ آدمی و فضول گو شخص
جارمیخ شدن ف محکم ہونا مضبوط ہونا۔

چاذخوان ف چار جوی جو بہشت مین جاری ہین۔
چار طوفان ف یعنے طوفان آب قوم نوح پراور ہوا کا طوفان قوم ہود پرا ور طوفان آگ کا قوم لوط پر وطوفان خاک کا قوم صالح پر۔
چار ارکان ف اربع عناصر آگ پانی خاک ہوا۔
جاہ کن ف ظلم دکار وبدی کرنے والا۔

جیم با با

جبین ع پیشانی ماتہا انسان کا۔
جبن ع پنیر اور سفید ہی دودہ کی جو پانی سے الگ کیجائے اور بزدلی یعنے لڑائی سے ڈرنا بزدلی۔
چپسیدن یا چفسیدن۔ پیوستن بچیزی یعنے ملنا اور پیوند پانا کسی چیز کے ساتہہ۔
چپکن ع انگہ انگرکہ جو گلے مین پہنا جاتا ہے۔
چپیدن ف میل کرنا بجانب چپ اور ایک طرف سے دوسری طرف پہرنا
جبان ع بددل بزدل یعنے ضد بہادر۔
جبان ع صحرا وجنگل و ویرانہ زمین۔

جیم با تا

چترزدن ف گشتی گیرون کی ایک ورزش کا نام ہے۔
چتر سیمین ف چودہوین کا چاند جس رات چاند پورا ہوتا ہے
چتر عنبرین ف کنایہ رات جسکو فارسی مین شب اور عربی مین لیل کہتے ہین

جیم با ثا

جثمان ف بدن تن وجسم آدمی کا۔

جیم با حا

جحیدن ف یا نحیدن کوشش وستیزہ کرنا سے ونکلیف کرنا

جیم با دال

جدران ف جمع جدر دیوار یعنے بہت سی دیوارین
جدیدان روز وشب دن رات۔

جیم با ذال

جذلان ع خوش وخورم وخوشی کی حالت مین۔

جیم با رے

جرین ع جس جگہہ کہجورون کو خشک کرین۔
جریان و جریان ع جاری ہونا پانی کا ونام مرض ایک بیماری
چربیدن ف غالب آنا فتح پانا۔
چرخ کمان ف حلقہ کمان کا جسپر چلہ ہوتا ہے۔
چرمدان ف کیسہ چرمی۔
چرانیدن ف چرانا گہاس کا۔
چرب زبان ف خوشامدگو
چرخ زرین ف چوتہا آسمان مقام آفتاب۔
چرخ زدن ف ناچنا رقص کرنا
چرگین ف سیلا وخراب۔

جیم با سین

جستن ف کودنا رعند مارنا۔
جُستن ف ڈہونڈہنا جستجو کرنا تلاش کرنا۔
چسپانیدن ف چپکانا۔
چسپیدن ف چپکنا پیوند ہونا۔

جیم با شین

جشن ف مجلس شادی کی محفل کا مقام۔
چشم رسیدن ف نظر لگنا۔
چشم سیاہ کردن ف حسد کرنا کسی کا مال و دولت کو دیکہہ کر
چشم سرخ کردن غضبناک ہونا غصہ کرنا۔
چشم بندان ف ساحران جادوگران۔
چشیدن ف چشانیدن ف چکہنا چکہانا کسی ذائقہ دار چیز کا

جیم با عین

چعیدن ف کہینچنا دم مارنا۔
جغرافیان ف وتقغان علم ہئیت واشکال ارضو

جیم با فا

جفته زدن ف غلام کرنا جفته کے معنی سرین کے ہین -
جفت شدن ف جماع کرنا ہم صحبت ہونا -
جفت ران ف ہل چلانیوالا کہیتی کرنے والا -
جفن ع آنکھون کی پلکین اور پردے آنکھون کے -
جفن ع تلوار کا میان جو تلوار کے اوپر ہوتا ہے -
جفان کاسہ بزرگ و شاخہاے انگور -
جفیدن و جفسیدن ف بمعنی چسپیدن یعنے چپکنا ملنا اور پیوند پانا کسی کے ساتھ -

جیم با کاف

جگر بندپیش زاغ نہادن ف اختیار کرنا محبت و بلا کا مشقت کرنا -
جگر داشتن ف تاب و طاقت رکہنا کسی بات پر قائم رہنا
جگر باختن ف ڈرنا خوف کرنا دہشت مین آنا -
چکیدن ف ٹپکنا پانی وغیرہ کا قطرہ قطرہ ہوکر -
چکان ف ٹپکنے والا قطرہ قطرہ ہوکر گرنے والا -
چکن ف قسم جامہ کا اور ایک طرح کا کشیدہ کپڑا -

جیم با لام

جلاوطن ف پردیس جانا اپنا وطن چھوڑنا -
جلجان ع کشنیز یعنے دہنیان -
جلبان ع ماش سبز یعنے مونگ جو ایک قسم کا غلہ ہے
جلیدن ف چلنا سزاوار ہونا لائق ہونا یہہ لفظ فارسی
جلبستان ت دشت کے آخر مین پیدا ہوتے ہین -

جیم با میم

چمیدن ف خرامیدن یعنے لٹک کر چلنا اکڑ کر چلنا
چمان ف نازسے چلتا ہوا اکڑ کر چلنے والا -
چمن ف جای خرامیدن مجازا باغ و گلزار جس جگہہ لوگ سیر کو جائین -

جمین ف بول و غائط جھاڑا پیشاب -
جمان ع مروارید اور چاندی کی موتی مصنوعی -

جیم با نون

جنان ع جمع جنت جسکے معنی بہشت کے ہین -
جنبیدن ف ہلنا جنبش کرنا -
چندین ف کسی قدر کسی مقدار تک -
جن ع اسم جنس قوم پری جو مشہور پیدایش ہے
جنن ع سپر یعنے ڈہال جو مشہور ہتہیار ہے -
جنین ع وہ بچہ جو ماں کے پیٹ مین ہو -
چندان ف کسی قدر کسی مقدار تک -
چنان ف کلمہ اشارت ہے
چنین ف اسطرح اصل مین چو نین تہا -
چنگیز خان ت نام بادشاہ ظالم جو لامذہب تہا -
چنبر جہاندن ف گرداگرد پہرانا نیزہ پہرانا -
چناچن ف آواز تیر کی جو چلانیکے وقت نکلتی ہے -
چندن ف صندل یہہ لفظ فارسی و ہندی مین مشترک ہے

جیم با واو

جوزن ف جادوگر سحرساز آدمی -
جولستان ف ہموار جنگل جہان نشیب و فراز نہو -
جوان ف گبرو بالغ آدمی -
جوشاندن ف جوش دینا -
جوعان ع بہوکہا گرسنہ -
جویان ف ڈہونڈنے والا -
جوئیدن ف ڈہونڈہنا جستجو کرنا -
چوبین ف لکڑی کی چیز جو لکڑی ہی کی بنائی گئی ہو -
جوشن ف سینہ بند و نوع لباس و حلقہ -
جولان ف دوڑنا دوڑانا گہوڑے دوڑانا اور گرد پہرنا اور

وہ زنجیر جو قیدیون کو پہناتے ہین۔

چوپان ف گلہ بان مویشی کو چرانے والا شخص۔

جوشیدن ف غضب مین آنا اُبلنا اوبلانا جوش دینا۔

چشیدن ف چوسنا کسی چیز کو۔

چوبک زن ف پاسبان چوکیدار اور نقارہ بجانیوالا۔

چون ف جب جسوقت مانند مثل۔

چخیدن ف لغزیدن یعنے پہسلنا کسی مقام سے۔

چوگان ف صولجان یعنی کہونڈی وہ لکڑی جسکا سر خمیدہ ہو

جیم با ہا

جہانیدن ف کودانا اور جلان مینا گہوڑے کو۔

جہانیان ف جہان کے لوگ تمام مخلوقات۔

جہان ف کودنے والا اور زمانہ۔

چہار رکن ف چار رکن کعبہ یعنے منیار شامی و یمانی و عراقی و حجراسود

چہل تنان ف چہل ابدال وہ چالیس اولیا ہین جو خدا نے پاسبانی تمام سطح زمین کی اون کے متعلق کی ہے۔

جیم با یا

جیحون ف نام ایک رود کا ہے نزدیک بلخ کے۔

جیران ع جمع جار ہمسایگان دیوار بدیوار

جیلان ع نام ایک ملک کا ہے جسکو گیلان بہی کہتی ہین

چیدن ف چننا

چیستان ف معما پہیلی۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف حا اور اخیر مین نون ہے

حا با الف

حال گردیدن ف متغیر ہونا ایک حالت سے دوسرے حال مین

حال کردن ف وجد کرنا رقص کرنا مستی کی حالت مین

حا با با

حبل المتین ف رسن استوار مجازاً قرآن مجید کلام ربانی

حا با دال

حدثان ع جو واقع و وقوع مین آئے وحادثہ۔

حداثت سن ع نوجوانی و خوردسالی۔

حا با را

حرمین ع دو حرم ایک کعبہ دوسرے روضہ رسول۔

حرمان ع نا امیدی محرومی بے نصیبی کم قسمتی تنگی و افلاس

حران ع مرد تشنہ و نام شہر شام مین جو مولد زردشت آتش پرست تہا۔

حرامیان ف چور و رہزنان یعنی ڈاکو لوگ جو راستہ لوٹتے ہین

حرون ع سرکش و نافرمان و شوخ و تنگ مزاج آدمی۔

حرف زدن ف سخن کہنا بات چیت کرنا تقریر کرنا۔

حا با زا

حزین ع غمناک جو کسی اندیشے دکہ مین ہو۔

حزیران رومی بان مین ماہ اسادہ کا نام ہے جو شہر ... ہے

حزن و حزن ع غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

حا با سین

حسن ع خوب و نیکو و نام امام دوم از ائمہ اثنا عشر یہہ حضرت بڑے دہوتے پیغمبر علیہ السلام کی اور فرزند علی المرتضے کے تہے

حسن ع خوبی و نیکوئی و بہتری۔

حسین ع تصغیر حسن نام امام سوم ائمہ اثنا عشر سے یہہ حضرت چہوٹے دہوتے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے فرزند خورد علی المرتضے کے تہے

حسن لسن ع بہت نیک نہایت اچہا بہت خوبصورت۔

حسان ع بہت خوب لوگ و نام شاعر جو عرب کا رہنے والا تہا اور مداح رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کا تہا۔

حُسبان ع شمار کرنا اندازہ کرنا و عذاب -
حِسبان م پنداشتن جاننا پہچاننا
حساب نگرفتن ف معتبر سمجھنا حساب لینا -

حا با صاد

حِصن ع قلعہ و جا پناہ و چار دیواری سخت و مضبوط -
حُصن ع عفت ن یعنی عورت کے پارسائی و نیک چلنی -
حُصون ع قلعہ یعنے بہت سے قلعے جمع حصن کی -
حَصون ع مرد پرہیزگار و صاحب عفت و پارسا -
حَصین ع محکم و استوار و قیدخانہ و مضبوط مکان -
حِصان ع اسپ نر جسکی نسل رکھی جاسکے گھوڑا نسل رکھنی کا

حا با قاف

حقن ع باز رکھنا بند رکھنا ٹھہرا رکھنا -

حا با کاف

حکمت العین ع نام کتاب جو علم حکمت مین ہے -
حکمران ف حاکم بادشاہ فرمان فرما عدالتی -

حا با لام

حُلّان ع بچہ بز و گوسپند جو شکم چارپایہ میں ہو -
حلقہ بر در زدن ف آگاہ کرنا خبردار کرنا -
حلوان ف بکری کا بچہ جسکا گوشت نہایت نرم ہو -

حا با میم

حمدان و حمدون ع آلت تناسل اصطلاحا -

حا با نون

حَنین ع آرزومندی گریہ و نالہ اور چلا کر رونا نوحہ کرنا -
حُنین ع نام مقام درمیان مکہ و طائف جو نہایت سرسبز ہے و نام مرد علامہ و نام مرد کفش دوز -
حَنّان ع بخشنے والا رحمت کرنے والا اور نام خدا کا -

حا با واو

حواریان ع دوستان عیسیٰ علیہ السلام و گازران یعنے دھوبی لوگ
حُوریان ف حوریں یعنے نہایت خوبصورت پیدائش بہشت مین ہے
حُورُ العین ع قسم حوریان بہشت جو نہایت خوبصورت ہے -

حا با یاء

حِین ع وقت اور زمانہ جو ماضی یا حال و استقبال کے متعلق ہو -
حَین ع مرگ موت ہلاکت -
حَیوان ع زندہ ہونا مجازاً ہر شخص زندہ و جاندار -
حَیطان ع چار دیواری مکان جمع حائط جسکے معنی چار دیواری کے مین
حِیتان ع جمع حوت ماہیان یعنے مچھلیاں دریا کی -
حیزبون ت زن پیر یعنے بوڑھی عورت نہایت ضعیفہ و کم طاقت عورت -

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف خا اور اخیر مین نون ہی

خا با الف

خافقین ع دو طرف مشرق و مغرب یشت در دو سد اونہیں
خاتون ت بی بی یعنی نذار عورت امیر کی بی بی شاہزادی
خان ف ت اصل اسکا قاآن تھا لقب بزرگان و بادشاہان و امیران قوم مغول تھا -
خان و مان ف گھر بار خاندان گھر کے متعلق لوگ و سامان -
خایۂ غلامان ف ایک قسم کا انگور کابل مین ہوتا ہے -
خاطر نشان ف تسلی و اطمینان و خاطر جمع -
خازِن ع خزانچی جسکے پاس روپیہ اور نقد مال رہے -
خاقان ت بادشاہ بزرگ و لقب بادشاہ چین و ترکستان
خاندان ف بڑا گھر بڑا خاندان امیر کا گھر اور گھر کے لوگ
خائن ع خیانت کرنے والا بخلاف امین کے -

خاکدان ف کنایۃ زمین و جہان اور تمام دنیا۔
خارقان ف نام موضع نزدیک شہر بسطام کے۔
خانہ کن م گھر اجاڑنے والا ویران کر ڈالا اپنے آپ کو
خاریدن ف کھجلانا خارش کرنا۔
خاستن ف اوٹھنا کھڑا ہونا قایم ہونا۔
خاصدان ف ضروری چیزین رکھنے کا برتن۔
خاصان ف خاص لوگ رشتہ دار لوگ۔
خان خانان ف یہہ ایک بادشاہی خطاب ہے۔
خانسامان ف داروغہ جو کسی کام پر مختار ہو۔
خائیدن ف چبانا طعام کا دانتون سے واسطے کہانے کے
خارچینین ف کانٹوں کی باڑ جو کہیت کے گرد واسطے حفاظت کی لگاتی ہین
خایہ نہادن بیضہ دینا جانور کا انڈا دینا آدمی کا کسی مصیبت سے

خا با با

خبن ع کپڑے مین چیز الٹا سی کر کوتاہ کرنا کسی جامہ کا۔

خا با تا

ختن ت نام شہر کا جو حد چین مین واقع ہے۔
ختن ع داماد یعنی لوگ عورت کے محارم وہ شخص جو دختر کا شوہر ہو

خا با دال

خدایگان ف بادشاہ و صاحب و مالک و ولی نعمت۔

خا با ذال

خذلان بے نصیبی خرابی و ویرانی و کم قسمتی۔

خا با را

خرمن ف تودہ غلہ جیسے ابہی بہوسہ باقی ہو و غلہ کو فقط
جدا ابہی خوشہ مین ہو۔
خراشیدن ف چہیلنا کسی چیز کو۔
خرامیدن ف ناز سے چلنا شتاب کر چلنا۔
خرچین ف چار جامہ کا تہیلا۔
خروشیدن ف شور کرنا فریاد کرنا چلانا رونا۔
خریدن ف مول لینا کسی چیز کو دام دیکر۔
خراسان ف نام ایک ملک کا جو مشہور ہے۔
خرامان ف خوش رفتار آدمی۔
خراطین ع خراتین ج کرم دراز جو زمین نمناک مین ہوتے ہین
خرزن ف تازیانہ یعنے گہوڑے کا چابک۔

خا با زا

خزاین ع جمع خزانہ یعنے بہت سے خزانے دولت کے۔
خزیدن ف گہسنا چیز یا مقام مین۔
خزان ف موسم ضد بہار جاڑے کا موسم۔
خزران ت نام ولایت کا جو قریب ترکستان کے ہے۔

خا با سین

خسران ع زیان و نقصان جو کسی تجارت مین واقع ہو۔
خساندن و خسانیدن ف تر کرنا داڑہی کو دہونے مین
خسپیدن ف سونا آرام کرنا۔
خستن ف توڑنا زخمی کرنا پارہ پارہ کرنا۔
خسیدن ف دانتون مین چبانا کسی چیز کا واسطے کہانے کے

خا با شین

خشن بلاس یعنے ٹاٹ اور عربی مین ہر چیز سخت
اور نام بیماری جس سے چمڑا سخت ہو جاتا ہے۔
خشمگین ف غضبناک و غصہ کی حالت مین۔

خا با صاد

خصین تر جیسے لکڑیان چیرتے ہین ہندی کو ٹھارا

خا با ضاد

خضرخان ف ایک شاہ ہند کا نام ہے جو شاہ تیمور کا نائب تھا

خا با طا

خط ریحان م ایک قسم کا خط نستعلیق کا نام ہے
خط کشیدن ف ترک کرنا دور کرنا محو کرنا۔

خطبرآگشیدن ف بے فائدہ کام کرنا اور وہ کام کرنا جو ناپائدار ہو۔

خا با فا

خفقان ع گہبرانا دل کا دہڑکنا چہاتی کا۔
خفتان ع جامہ سپاہیان جسکو چلتہ کہتے ہین۔
خفتن ع سونا آرام کرنا نیند مین ہونا۔

خا با لام

خلجان ع تردد و تفکر و آشفتہ منی۔
خلاشان ع حاسدان و دشمنان عداوتی لوگ
خلقان ع جامہ کہنہ جمع خلق کی
خلع بدن اپنا قالب چہوڑکر روح کو دوسرے قالب مین لے جانا جو ایک عمل جوگیون کا ہے نام اس عمل کا سیمیا ہے۔
خلان ع دوستان جمع خلیل کے لفظ کی ہے۔
خلانیدن ف چہبانا کسی کانٹے یا نشتر کا۔
خلیدن ف چہبنا کسی کانٹے یا نشتر کا۔

خا با میم

خموشیدن ف چپ رہنا بات چیت کرنے سے
خمیدن ف ٹیڑہا ہونا کوز پشت ہونا کبڑا ہونا۔

خا با نون

خنبیدن ف تالی بجانا تال دینا گانے کے وقت
خندان ف وہ شخص جو ہنستا ہو
خندیدن و خندانیدن ف ہنسنا اور ہنسانا۔

خا با واو

خوش عنان ف گہوڑا اسکی رفتار جسکی ہموار سبک تیز ہو
خوشیدن ف خشک ہونا بے آب ہونا بے رونق ہونا۔
خوشانیدن ف خشک کرنا بے آب بے رونق کرنا۔

خوشدامن ف ساس مرد یا عورت کی۔
خوان ف خوانچہ طعام کا جسمین بہت سے کہانے رکہے ہون
خواستن ف چاہنا طلب کرنا خواہشمند ہونا۔
خواندن ف پڑہنا کسی کتاب و خط کا۔
خورجین ف چمڑے کا تہیلا جسمین اسباب رکہا جاے
خوردن ف کہانا طعام وغیرہ چیزون کا۔
خویشتن ف آپ و اپنا۔
خویشان ف رشتہ دار قریبی لوگ۔
خوانین ف جمع خان کے لفظ کی یعنی بہت سے سردار۔
خواقین ف جمع خاقان یعنی بہت سے بادشاہ۔
خواتین ف بی بیان جمع خاتون کے لفظ کی ہے۔
خوردان ف بچے اور لڑکے جو کم عمر ہون۔
خورانیدن ف کہلانا کسی چیز یا طعام کا۔
خوزستان ف نام ملک جو فارس کی ولایت مین واقع ہے
خولنجان ف نام دوا یعنی برگ سنبل پان کے پتے ہندی مین کلیجن اسکا نام ہے۔

خا با یا

خیابان ف چمن کیاری جو باغون مین بناتے ہین۔
خیون ف گرد و غبار جو گہوڑے و لشکر وغیرہ۔
خیسیدن و خیسانیدن ف تر کرنا کسی چیز کا پانی سے۔
خیزران ف ایک قسم درخت بید کا ہے
خیروان ف نام تعبیہ جائی ظہور امام مہدی علیہ السلام۔

آٹہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف دال اور آخر مین نون ہے

دال با الف

دائن ع قرض دینے والا جو کسیکو قرض دیوے-

دادن ف دینا بخلاف گرفتن کے-

داجن ع ابر گہنا گہنگھور پوشیدہ کرنیوالا اسانہ دار-

دار الامان ع خانہ کعبہ و بہشت اور امان کا گھر

دارین ع دو جہان یعنی دنیا زندگی موت-

داشتن ف رکھنا کسی چیز کا اپنے قبضہ مین-

دانستن ف جاننا علم حاصل کرنا آگاہ ہونا خبردار ہونا-

دامن و دامان ف کنارہ کپڑے کا آنچل

داستان ف قصہ حکایت و سرگذشت کسی کا-

دالان ف مشہور لفظ ہے نام گھر کا جسمین بہت سے آدمی بیٹھ سکین

دامغان ف نام ایک شہر کا ہے-

دامن افشاندن ف ناز کرنا ترک کرنا انکار کرنا کسی بات سے

دامن چیدن ف کنارہ کرنا الگ ہونا تارک ہونا-

دال با بار

دبستان ف مدرسہ یعنی مکتب و ادب و بستان سکا اصل ہے-

دال با خاء

دخان ع دود یعنی دہوان جو آگ سے نکلتا ہے-

دخن ع غلہ ارزن جسکو چینا کہتے ہین-

دال با راء

درمان ف علاج بیماری کا معالجہ کسی درد کا-

درن ف زلو یعنی جونک جو مشہور کرم سیاہ ہے-

درزن ف سوزن اصل مین درزن بند تہا سندی سوئی

درخشیدن ف چمکنا جلوہ گر ہونا روشن ہونا-

درودن ف کاٹنا لکڑی اور کہیتی کا

درخشان و درفشان ف روشن و چمکتا ہوا-

دراز شدن ف سونا لیٹ جانا-

دربان ف چوکیدار دربان پاسبان محافظ-

درآمدن ف آنا کسی مقام سے

درآویختن ف لٹکنا لڑنا دشمن سے-

درباختن ف ضائع کرنا کھیلنا ہار دینا-

درماندن ف عاجز ہونا مجبور ہونا رہ جانا-

درمیان ف بیچون بیچ دو حصے کے بیچ مین-

دریدن ف پھاڑنا پارہ کرنا کسی کپڑے یا کاغذ یا چمڑے کو

درون ف درمیان اور اندر کسی چیز کے-

درائیدن ف آواز کرنا جرس کا اوسکے بجانے کی وقت

دروغ زن ف جھوٹا آدمی کاذب-

در پوست افتادن و در پوستین افتادن ف کسیکی عیب جوئی مین غور کرنا عیب لگانا-

دال با زاء

دژان ف ہر چیز جسکا مزہ تیز ہو ہر ایک مزے مین-

دزدیدن ف چورانا سرقہ کرنا کسی چیز کا-

دژمان ف افسوس حسرت و دریغ-

دژ روئین ف نام قلعہ جو بہت مضبوط ہے-

دال با سین

دستان ف نام پدر رستم جسکو زال بھی کہتے ہین و مکر و حیلہ و فریب و سرود و نغمہ-

دست برنجن ف کنگن عورتون کے پہننے کی چیز مشہور زیور ہے

دستر خوان ف سفرہ خوانچہ و خوان طعام-

دست شستن ف نا امید ہونا ہاتھ دہونا-

دست یافتن ف غالب ہونا حاصل کرنا کسی چیز کا-

دست افشاندن ف ترک کرنا الگ ہونا کسی چیز سے-

دال با شین

دشمن ف مشہور لفظ ہے جسکے علاوہ بود مردمنا بغض و عداوت

دال با فاء

دفین

دفن ع زمین میں چھپانا داب دینا کسی چیز کو۔
دفائن ع جمع دفینہ یعنے بہت خزانے دبے ہوئے۔
دفین ع زمین میں گڑا ہوا مال دفن کیا ہوا مردہ۔
دفتین ع جولاہے کی کنگھی اور نقاشوں اور مصاحبوں کا
معقوفہ جس پر کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں۔

دال با کاف

دُکان و دُکّان مشہور لفظ ہے وہ مکان جس
میں بیٹھ کر سودا فروخت کریں۔
دکاکین ع جمع دکان کے لفظ کی ہے
دکن ہندمیں ایک ملک کا نام ہے۔

دال با لام

دلفین ع ایک قسم کی مچھلی ہے جسکا یہ نام ہے۔

دال با میم

دمیدن ف پھونکنا پیدا ہونا نکلنا کسی جگہ پر سبزہ
جوش مارنا طلوع ہونا روشن ہونا ظاہر ہونا۔
دماغ سوختن ف محنت کرنا ریاضت میں مصروف رہنا۔
دم سیاوشان ف ایک سرخ رنگ دوا کا نام ہے۔
دمان ف جوش کرنے والا غضبناک سخت سانس لینے والا
یہ لفظ اکثر سیل و اژدہا و شیر کی تعریف میں لکھا جاتا ہے۔
دمشق ع سرسبز اور نجاست گاہ جہاں سبز گیاہ خس و خاشاک جمع ہو۔
دم خوردن ف فریب کھانا کسیکے داؤ میں آنا۔
دم بستن ف چپ رہنا خاموشی اختیار کرنا۔
دماغ بیہودہ پختن ف محنت ناحق کرنا ایسے کام میں جس سے فائدہ
کی امید نہو۔

دال با نون

دن ف خم بزرگ و خم دراز نیل گران جسکو زمین میں گاڑ
کر کام کرتے ہیں ہندی میں مٹکا۔
دن ت ترکی میں لفظ سے کے معنی دیتا ہے جیسے کہ فارسی میں از

اور عربی میں مِن و عن۔
دندان بکام فرو بردن ف کامیاب ہونا غضب میں آنا
غصہ کرنا جوش میں آنا۔
دندان تیز کردن ف طمع اور کینہ کرنا غضب پر آمادہ ہونا۔
دندان ف دانت جس سے کھانے چبائے جاتے ہیں۔
دندان نمودن ف ہنسنا اور لاجواب ہونا کسیکی تقریر سے

دال با واو

دودمان ف خاندان و قبیلہ اور گھرانا ہم قوم لوگ۔
دوان ف دوڑتا ہوا تیز رفتاری کی حالت میں۔
دوانیدن ف دوڑانا کسی گھوڑے وغیرہ کو۔
دواوین ف جمع دیوان کی بہت سی کچہریان۔
دوربین ف ایک اوزار جس سے دور کی چیز دیکھ لیتے ہیں
دوکان ف مشہور لفظ ہے جس میں بیٹھ کر سودا بیچیں
دوختن ف سینا کسی کپڑے وغیرہ کا۔
دویدن ف دوڑنا تیز چلنا۔
دوجہان ف دین و دنیا زندگی موت پہلا اخیر انتہا ابتدا
دوکدان ف چرخہ سوت کاتنے کا۔
دوشیدن ف دودھ دوہنا جانوران شیر دار سے۔
دُون ع کمینہ و خسیس و سفلہ و سوا کے معنی عربی میں
دُونان ف کمینے لوگ خسیس آدمی سفلے۔
دوزبان ف منافق جو منہ پر دوست اور دل میں دشمن ہو۔
دوران ف گردش آسمان و گردش سپہر مجازاً زمانہ۔

دال با ہا

دہقان م معرب دہگان جسکے معنی حراثت کے ہیں
دہانیدن ف دلانا کسی چیز کا کسی کو۔
دہاقین ع جمع دہقان کی یعنی بہت سے زمیندار لوگ۔
دہستان ف ایک ملک کا نام ہے۔

دہن و دہان ف منہہ جسسے بولتے ہین۔
دہن ع تیل و گھی وغیرہ چرب چیزین۔

دال با یای

دیان ع بدلہ دینے والا قہر کرنے والا حساب لینے والا اور یہہ نام خدا اسکے نامون مین سے ہے۔
دیدن ہ خو و عادت۔
دیدن مص ملاقات کرنا دیکھنا ایک دوسرے کو۔
دیگدان ف جو لہہ طعام پکانے کا جسپر ہنڈیا رکھتے ہین۔
دیون ع جمع دین بمعنی قرض جسکو دام بہی کہتے ہین
دین ع مذہب مصاحب طریق اور فارسی مین نام چوبیسوین تاریخ ماہ شمسی کا۔
دین ع دام یعنے وہ قرض جسکے ادا کے لیئے میعاد مقرر ہوا در بے میعاد کی لیے قرض نام ہے۔
دیبان ف جاسوس حال کہنے والا خبر گیر۔
دیرمان ف دیر تک رہنے والا ٹہرنے والا۔
دیدان ع جمع دودہ جسکے معنی کرم کے ہین۔
دیوان ف کچہری کی جگہہ و داد و فریاد و حساب کچہری و کتاب غزلیات اصلی معنی اسکے جمع کرنیکے ہین اور مصدر اسکا تدوین بہی ہے

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف ذال اور اخیر مین نون ہے

ذال با الف

ذات البین ع مقدمہ در میان دو شخص و کیل ہیچ دونو کے درمیان ہو
ذات الیمین ع جانب دست راست یعنے مردان صالح

ذال با قاف

ذقن ع زنخدان جسکو ٹہوڈی کہتے ہین۔

ذال با لام

ذلق بیان ف فصیح و بلیغ آدمی جسکی کلام مین کوئی عیب نہو

ذال با واو

ذوالنون ع لقب یونس پیغمبر و نام مرد ولی جو مصر مین تہا۔
ذوالقرنین ع لقب سکندر رومی جو شرق سے غرب تک گیا۔
ذوالنورین ع لقب عثمان تیسرے خلیفہ کا جسکے نکاح مین دو لڑکیان پیغمبر صاحب کی آئین۔
ذوالمنن ع صاحب احسانہا نام خداوند تعالے۔
ذوالیزن نام ایک بادشاہ مین کا ہے۔
ذوفنون ع صاحب ہنر و فن۔
ذوبان ع گداختن یعنے گلانا و بیقراری۔

ذال با ہا

ذہن ع فہمیدگی و ہوش و ادراک۔
ذہین ع دانا یاد رکھنے والا صاحب حافظ و عقل و ہوش۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف رای اور اخیر مین نون ہے

رای با الف

رائیمندن ف مرد دانا صاحب عقل و ہوش و ادراک۔
رائیگان ف مفت بے عوض اور وہ چیز جو راستہ مین گر جائے کوئی اٹہا لے اصل مین یہہ لفظ راہگان تہا۔
رازدان ف محرم دوست بہید کا واقف۔
راس السرطان ع وہ نقطہ جب آفتاب اسپر پہونچتا ہے گرمی شروع ہوجاتی ہے۔

راہبر ع گرو رکھنے والا جسنے کوئی چیز گرو کی ہو۔
راہ دادن فح اجازت دینا رضامند ہونا کسی کام مین
راہ بریدن ف سفر کرنا رستہ چلنا کسی کے کام مین حارج ہونا
راندن ف چلانا ہانکنا بیل وغیرہ کا۔
رائی العین ع آنکھہ دیکھی بات جو روبرو گذری ہو۔
رامین ع نام عاشق اور نام ایک چنگ نوازی کا۔
رانین ف حاشیہ شلوار جسکو ازار بھی کہتے ہین۔
راسن ع نام گیاہ جو خوشبودار لطیف ہوتا ہے۔
ران ف عضو معروف انسان و حیوان کے اعضا سے ہے

راے با با

ربودن ف لیجانا زبردستی سے چھین لینا کسی چیز کا۔
ربع مسکون ع آبادی زمین کی جو چہارم حصہ ہے اور تین حصے دریاؤن اور پہاڑون کے نیچے ہے۔

راے با جیم

رجم شیاطین ع جلانا شیطان یعنی ٹوٹنا ستارہ کا۔
رجحان ع زیادتی و فوقیت و بلندی و عزت۔

راے با حا

رحمان ع بخشنے والا یہہ نام خدا تعالیٰ کا ہی۔

راے با خا

رخشان ف روشن و چمکتا ہوا سورج و چاند وغیرہ۔
رخیدن ف دم تند لینا بسبب دوڑنے کے ہانپنا
رخت بستن فح سفر کرنا رخصت ہونا کسی جگہہ سے۔
رخشیدن ف چمکنا طلوع دینا روشن ہونا۔
رخت افگندن ف مقیم ہونا ٹھہرنا مقام کرنا۔

راے با زا

رزین ف محکم و استوار و مضبوط و سخت چیز۔
رزیدن ف رنگنا۔

راے با سین

رسیدن ف پہونچنا پختہ ہونا میوہ کا کمال کو پہونچنا۔
رسانیدن فح پہونچانا کسی کو کسی مقام تک۔
رستن ف چھوٹنا خلاص ہونا۔
رستن ف پیدا ہونا اوگنا بڑھنا۔
رسن ف رسی جو مونج و سوت وغیرہ سے بناکر کام مین لاتے ہین
رسان پہونچنے والا کسی رتبے و مقام کو۔

راے با شین

رشتہ زدن ف ماپنا اندازہ کرنا کسی چیز کا۔
رشتہ درازدادن فح مہلت دینا فرصت دینا۔
رشکین فح صاحب رشک جیسا کہ چرکین صاحب چرک۔
رشتن ف کاتنا اور باٹنا سوت وغیرہ کا۔

راے با ضاد

رضوان ع خوشنودی و نام فرشتہ جو موکل بہشت رہے

راے با طا

رطل گران پیمانہ بزرگ جسسے کوئی چیز غلہ وغیرہ کا اندازہ کرین۔

راے با فا

رفتن ف جانا مرنا گذرنا کسی مقام سے۔
رفتن ف جھاڑنا جھاڑ دینا صاف کرنا کسی جگہہ و مقام کا۔
رفیع الشان ع صاحب جاہ و دولت و عزت و آبرو صاحب رتبہ و مرتب۔

راے با کاف

رکیدن ف خود بخود قہر مین آکر بولنا جوش مین آنا غضبناک ہونا
رکون ع آرام کرنا میل کرنا رغبت ہونا آسائش مین آنا
رکن ع خویش قریب جزو اعظم ہر چیز و پارہ کوہ و قوت و گوشہ دیوار مجاز استون۔
رکین ع محکم و استوار و مضبوط و سخت صاحب قدر و منزلت
رگ جان ف شریان جو بلتی ہو رگ جسم انسان و حیوان مین

اور اوسکی حرکت سے بیماری کا حال معلوم ہوتا ہے-

راے با میم

رمان ع انار جو ایک شہور و معروف میوہ ہے-
رمانیدن ف بھگانا ہزیمت دلانا کسی دشمن کو-
رمیدن ف بھاگنا کسی دشمن کے مقابلے سے لڑائی مین
رمضان ع نام ماہ صیام اصلی معنے اسکے جلنے کے مین کیونکہ یہہ مہینہ گناہون کو جلا دیتا ہے مشتق رمض سے جسکے معنی جلنے کی ہین یا سبب گرم ہونے زمین یا پتہر کے بعض کے نزدیک رمضان گرم پتہر کے معنی رکھتا ہے-

راے با نون

رنجانیدن ف دکھ دینا رنج پہونچانا آزردہ کرنا-
رنجیدن ف آزردہ ہونا رنج پانا-
رنگین ف رنگ کیا ہوا کپڑا یا کوئی اور چیز جسکو رنگ دیا گیا ہو-
رنج ف مشقت و محنت و دکھ و آزردگی-
رنگ بر رو شکستن ف ڈرنا خوف کرنا-

راے با واو

روان ف اسپ فتنہ بلدی و جاری و جان و روح-
روح الامین ع جبرئیل علیہ السلام کا نام ہے
روا داشتن ف جائز رکھنا کسی بات کا-
روبان ف خاکروب جو جگہ صاف کرے-
روبیدن ف جھاڑو دینا جگہہ کو صاف کرنا-
روغن المستیاع تیل دوسرون غیرہ اشیا کا جو نکالا گیا ہو اور کبھی دودھ سے نکالا جاتا ہے
روگردانیدن ف انکار کرنا بیزار ہونا نہ ماننا کسیکی خواہش کا-
رویانیدن ف اوگنا گہاس یا درخت کا زمین سے اور سر نکالنا-
روئین سخت و مانند کی بنی ہوئی چیز اور عمارت جو مضبوط ہو-
روحانیان ف فرشتگان جنکی پیدائش نور سے ہے-
روشن ف تابان و درخشان چمکتا ہوا ستارہ وغیرہ-
روزن ف عمارت کے تابدان جس مکان مین روشنی پڑتی ہے-
روشنان ف ستارگان آسمانی جو چمکتے ہوئے نظر آتے ہین-
روشندان ف تابدان جو عمارت مین لگتی ہین روشنی کے لیے-
رواقیان ف نام حکمائے سلف جو طہارت کے موحد تہے اور ہیئت کا علم او نسے نکلا-
روئین تن ع لقب اسفندیار جسکی بدن پر زخم اثر نہ کرتا تھا بزرگی کی دعا سے
روئین تن ع جیسے کپڑے رنگتے ہین رنگ اسکا سرخ ہوتا ہے-
روزن ف سوراخ دیوار و دریچہ جو دیوار مین رکھا جاتا ہے-
روازن ف جمع روزن کی بہت سے دریچے اور سوراخ-

رودادن ف توجہ کرنا متوجہ ہونا رغبت کرنا-

راے با ہاے

رہان گرد و غبار جو سبب دوڑنے گہوڑے کے اوٹھے-
رہن ع گرو اور گرو کرنا کسی چیز کو بعوض دوسری چیز کے-
رہانیدن ف خلاص کرنا رہائی دینا قید سے-
رہیدن ف خلاص ہونا رہائی پانا قید سے-
رہزن ف ڈاکو جو رستہ مین مسافر کو لوٹ لیتے ہین-
رہاین ع گرو کیا گیا کوئی اسباب یا مکان وغیرہ-
رہبان ع عابدان ترسایان جمع راہب کے لفظ کی-
رہ نشین ف جو شخص منتظر کسی آنے کے واسطے ہو-

راے با یاے

ریگ ریختن ف خراب کرنا ویران و برباد کرنا-
ریگ روان ف زمین ریگستان جو ہوا سے اوڑتی رہتا ہو-
ریحان ف گل نازبو یا ایک پہول خوشبو دار-
ریاحین ف جمع ریحان کی بہت سے پہول ناز بوکے-
ریان ع سیراب تر و تازہ و آبدار و سرسبز-
ریبن ع خبیث و گنہگار ہونا بد کردار و بد افعال ہونا-
ریتن ع گرنا ایسی جگہہ مین جو نکلنا وہان سے میسر نہو-
ریعان آغاز ہر چیز خصوصاً آغاز جوانی کا-
ریدن ف ہگنا جہاڑے پہرنا-
ریشیدن ف ملنا رنگ کرنا کسی چیز کو-
ریسیدن ف سوت کاتنا-
ریستن ف ہگنا جہاڑے پہرنا کنوئین کے اندر اتر نا بل دینا یا نوحہ کرنا
ریسمان ف سوت کاتنا اور کاتا ہوا سوت-
ریختن ف ڈالنا بہانا پانی وغیرہ کو زمین پر-
ریزان ف گرتا ہوا اوڑتا ہوا بہتا ہوا-
ریمن ف چرک آلود و سرکش مکار و دغاباز و فریبی-
ریم آہن ف لوہے کا میل جو آگ مین ڈالنے کے وقت نکلتا ہے
ریمگین ف چرک آلودہ اور میلی چیز و گندہ و خراب-
ریب المنون ف حوادث روزگار زمانے کی سختیان-

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف زا ہے اور اخیر مین نون ہے

زاے باالف

زابلستان ف ملک سیستان کا نام ہے
زادن ف جننا بچہ کا اور پیدا ہونا اولاد کا۔
زاریدن ف عاجزی کرنا و نالہ و زاری کرنا۔
زائیدن ف جننا بچہ کا پیدا ہونا اولاد کا
زانوزدن ف ادب سے بیٹھنا

زاے بابا

زبان ف عضو ناطقہ جیبھہ اور بولی ہر قسم کی۔
زبرقان ع ماہ تمام و کاغذ سپید و نام ایک اصحاب کا۔
زبون ف خوار ضعیف و بے قدر لکد زن یعنی لات مارنیوالا اونٹ
زبانیان ف مردان سرکش و باغبان و فرشتگان موکلان دوزخ
زباندان ف مرد فصیح و بلیغ جسکی کلام مین کوئی غلطی و قصور نہو
زبان دادن ف وعدہ دینا اقرار کرنا کسیکے ساتھہ۔
زبان تر کردن ف سخن کرنا تقریر کرنا کلام کرنا۔

زاے بادال

زدودن ف کہرچنا چھیلنا صاف کرنا روشن کرنا
زدن ف مارنا یہ لفظ فارسی مین بہت معنی رکہتا ہے

زاے باراے

زرفین ع حلقہ دروازہ کا زنجیر دروازے کی۔
زراندودن ف ملمع کرنا سونے کا چاندی وغیرہ پر۔
زرین ف طلائی سونے کا کام

زاے باعین

زعفران ع کیسر جو مشہور ہے

زاے باغین

زغن ع غلیواز یعنی چیل جو مشہور پرند ہے۔

زاے بافا

زفان ع زبان اہل عرب کی استعمال مین با فا کی جگہہ بدل جاتا ہے

زاے باکاف

زکیدن ف خود بخود قہر سے بولنا اور کُڑھنا جوش مین آنا۔

زاے بالام

زلفین ف زنجیر سلسل اور درد و نور زلف۔

زاے بامیم

زمین ف سطح زمین جسکو ہندی مین دہرتی کہتے ہین
زمستان ف جاڑے کا موسم سردی کا وقت۔
زمن ف زمانہ و آفت و رنج و تکلیف
زمانیان ف زمانہ کے لوگ جہان کے آدمی۔
زمردین ف سبز رنگ جیسے زمرد کا ہوتا ہے
زمن ع وہ شخص جو جگہہ سے ہل نسکے چلنے سے عاری ہو
مجازاً آفت زدہ و مبتلا و بیمار و رنجور۔
زمان ع ساعت و زمانہ و روزگار و مرگ و عہد و وقت
و فرصت مجازاً آسمان۔

زاے بانون

زندخوان ف مجازاً بلبل و قمری وغیرہ پرند بولنے والے۔
زنگان ف نام ایک شہر کا ہے۔
زنگہ شاوران ف نام پہلوان ایرانی۔
زنخدان ف ٹھوڑی جسکو ذقن بھی کہتے ہین۔
زنگوله بستن ف حاصل کرنا رتبہ کا عزت پانا۔
زن ف عورت جورو بخلاف مرد کے۔
زندان ف قیدخانہ جس مین گنہگار قید کیے جاتے ہین۔
زندانیان ف قیدی لوگ جو قیدخانہ مین قید کیے جاتے ہون

زاے باواو

زوزن ف خراسان مین ایک شہر ہے جسکا یہہ نام ہے
زودیان ف شیطانان و شریران۔

ژولیدن ف۔ الجھنا پیچ در پیچ ہونا سلسل ہونا۔
ژوسیدن ف۔ ٹپکنا پانی کا۔
ژوبین ف۔ چھوٹا نیزہ چھوٹی برچھی۔

زاے با ہاے

زہیدن ف۔ جوش دینا باہر آنا ابلنا۔
زہدان ف۔ بچہ دان یعنے رحم عورت کا جسمین بچہ پیدا ہوتا ہے
زہ برزدن ف۔ بند کرنا شیرازہ باندہنا درست کرنا۔

زاے با یاے

زیین ع۔ آراستہ کرنا زینت دینا درست کرنا۔
زین ف۔ گھوڑے کا زین جسپر سوار بیٹھتا ہے۔
زیبان ف۔ خوبصورت درست وآراستہ۔
زیرہ کرمان ف۔ کرمان کا زیرہ جو بہت اچھا ہوتا ہے۔
زیان ف۔ خشمناک پرغضب وصاحب جوش۔
زیان ف۔ نقصان جو کسی مال مین عاید ہو۔
زیبیدن ف۔ آراستہ ہونا سنگار کرنا درست ہونا۔
زیرین ف۔ نیچے کا درجہ نیچے کی منزل۔
زیستن ف۔ جینا زندگانی کرنا بجلا فنا ہر دو ہے۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور اخیر مین نون ہے

سین با الف

ساتگین ف۔ ہر چیز محبوب مجازاً پیالہ شراب کا جو بہرا ہوا ہو۔
ساسان ف۔ گدا وفقیر او نام کسیکا ہے جو اپنے بہائی دارا کے خوف سے فقیر ہو گیا تہا او معنا نام ساسانی اوسکی اولاد سے ہین

سان ف۔ طرز وروش ورسم وعادت ونظیر ومانند اور وہ پتھر جسپر کارد واسترہ وتلوار وغیرہ تیز کرین
سابقین اگلے لوگ قدیمی لوگ بزرگ سعر۔
ساختن ف۔ کرنا بنانا عدم ہستی مین لانا۔
سازیدن ف۔ موافقت کرنا اتفاق کرنا۔
ساکن ع۔ بیحرکت ٹہرا ہوا قائم ومقیم۔
سالکان ع۔ خدا کے رستے چلنے والے لوگ عارفان خدا پرست۔
سامان ف۔ اسباب تیاری کی چیزین اور گہر کا سامان۔
سائیدن ف۔ گہسنا رگڑنا پیسنا کسی چیز کا چکی وغیرہ مین۔
سامعین ع۔ سننے والے لوگ جو بات کو سنتے ہین
ساوین ف۔ سپاری سپار گہنی کی صندوقچہ وغیرہ
ساربان ف۔ اونٹ والا کیونکہ سار اونٹ کو کہتے ہین اور بان رکہنے والا
سالیان ف۔ سالہا بہت سے برس۔
سایبان ف۔ وہ چیز جس سے سایہ ہو اور سایہ دار خیمہ وغیرہ۔
سایہ برافکندن ف۔ پناہ مین لینا اپنی حمایت مین رکہنا کسی کو
ساعت سنگین ف۔ منحوس ساعت اور بد زمانہ مصیبت کا۔

سین با با

سبکتگین ف۔ نام ہے پدر سلطان محمود غزنی کا یعنی سبک قدم تیز رفتار وغیرہ
سبوحیان ع۔ فرشتے آسمانی عبادت کرنے والے۔
سبزان ف۔ معشوق سبز رنگ یعنے سانولا معشوق۔
سبزان چمن ف۔ باغ کے درخت جو ہرے وسرسبز ہون
سبز شدن ف۔ تازہ ہونا سرسبز ہونا دولتمند وغنی ہونا
سبک عنان ف۔ تیز رفتار گہوڑا جو اشارے سے چلے۔
سبطین ع۔ امام حسن وحسین علیہم السلام دونو صاحبزادے علی کرم اللہ وجہہ کے
سبحان ع۔ پاک کرنا خدا کو پاکی کے ساتھ یاد کرنا خداتعالے
سبعہ الوان ع۔ سات رنگ جو مشہور ہین۔
سبعین ع۔ ستر جو عدد مشہور ہے فارسی مین اسکو ہفتاد کہتے ہین

سپید شدن ظاہر ہونا روشن ہونا ڈرنا خوف کرنا۔
سپاہان ف نام شہر جسکا معرب اصفہان ہے۔
سپندان خردل و بالون تخم تره تیزک۔
سپر افکندن نامردی کرنا جگہہ سے بہاگنا۔
سپوختن و سپوزیدن کسی چیز کو دوسری چیز کے ساتھ زور سے ملانا گہونٹنا۔
سپردن سونپنا دینا تسلیم کرنا مان لینا۔
سپری شدن طے ہونا تمام ہونا ختم ہونا۔
سپستان لسوڑیان مشہور پہل ہے دوا مین مستعمل ہے اصلی نام اسکا سگ پستان تہا۔

سین با تا

ستدن و ستاندن لینا بخلاف دادن کے۔
ستودن تعریف کرنا سراہنا کسیکو۔
ستودان گورخانہ مجوسیون کا اور وہ ایک مکان ہوتا ہے جس مین اپنے مردون کو رکھ آتے ہین۔
ستاره شمردن بیدار رہنا رات کو۔
ستهیدن ستیزه کرنا لڑنا جنگ کرنا۔
ستائیدن سراہنا تعریف کرنا صفت کرنا۔
ستین ساٹہہ عدد جسکو فارسی مین شصت کہتے ہین
ستیزیدن لڑنا جنگ کرنا معرکہ کرنا۔
ستردن بال مونڈنے صاف کرنا صفائی ہونا۔
ستروَن حرف واوی عورت بانجہہ یا اولاد کو کہتے ہین
ستون مشہور لفظ ہی پیلپایہ یا تہم مکان کا
ستان مقام اور جگہہ چنانچہ گلستان بوستان و کوہستان و شبستان وغیرہ اور وہ شخص جو اپنی پشت کے بل سویا ہوا ہو یعنے چت۔

سین با جیم

سجین قیدخانہ سخت اور نام ایک مقام کا دوزخ مین۔
سجقاق موش یعنے چوہا جسکو عربی مین فار کہتے ہین
سجن قیدخانہ جس مین مجرم قید کئے جاتے ہین۔

سین با حا

سحبان نام مرد فصیح و بلیغ جو عرب مین رہتا تہا۔
سحرگاہان علی الصباح صبح صبح سحر کے وقت۔

سین با خا

سخت جان سخت دل جو کسی پر رحم نکرتا ہو۔
سخت خوردن تکلیف اوٹہانا رنج پانا۔
سخین گرم پانی اور ہر چیز گرم جو آگ سے گرم کی گئی ہو
سختیان چمڑا جسکو فارسی مین پوست اور چرم کہتے ہین
سختن سنجیدن یعنے وزن کرنا تولنا۔
سخن و سخُن شعر موزون و کلام و تقریر بات چیت
سخون سخن و کلام موزون و شعر

سین با رے

سرطان ایک دریائی جانور کا نام ہے جسکو ہندی مین کنکچہ کہتے ہین اولٹا اور سیدہا دونو طرف چلتا ہے اور نام ورم سوداوی جو مہلک ہوتا ہے اور نام چوتہے برج آسمان کا
سرون حیوان کے سینگ فارسی مین شاخ کہتے ہین۔
سرین و سُرون چوتڑ جو مشہور عضو ہے۔
سرشتن گوندہنا خمیر کرنا آٹے وغیرہ کا۔
سرائیدن گانا نغمہ کرنا سرود کرنا۔
سرودن سرود کرنا گانا بجانا۔
سرحان گرگ درندہ یعنے بہیڑیا۔
سرقین معرب سرگین یعنے گوبر جانور وغیرہ کا۔
سرایان اثر کرنا داخل ہونا تاثیر کرنا۔
سرابستان جو باغ گہر مین ہو۔

سمران ف سردار لوگ امیر لوگ دولتمند
سر باختن ف لڑنا جنگ کرنا دشمن سے-
سر براہ کردن ف پورا کرنا ختم کرنا تمام کرنا-
سر پیچیدن ف سرکشی کرنا نافرمانی کرنا باغی ہونا
سر بستن ف بند کرنا کسی روزن وغیرہ کا-
سر برداشتن ف مقابلہ پر آنا باغی ہونا نافرمانی کرنا
سرگران ف متکبر و مست و مغرور و مدہوش آدمی
سرگردان ف حیران و پریشان و خراب و خستہ و آوارہ-
سر کردن ف شروع کرنا تمام کرنا چھوڑنا مار کے گر دینا-
سر بر زدن ف ظاہر ہونا شہرت یا پیدا ہونا-
سرزمین ف ملک و ولایت
سر شکستن ف جاری ہونا چھوٹ دینا-
سر فرود آوردن ف ہاں لینا اطاعت کرنا فرمانبردار ہونا
سر فرو بردن ف شرمندہ ہونا-
سرکشیدن ف نافرمانی کرنا-
سرگین ف گوبر چارپایوں کا پاخانہ-
سرنگون ف اوندھے منہ-
سر و بن ف تمام پورا سارا-
سر و سامان ف اسباب گھر کا-
سر دادن ف چھوڑنا کسی توپ بندوق کا-
سرکنگبین ف سکنجبین ایک مشہور شربت ہے-
سر نہادن ف سونا اور تسلیم کرنا فرمانبردار ہونا-
سر آمدن ف اخیر ہونا خاتمہ پر آنا-
سر خاریدن ف توقف و بہانہ کرنا-
سرخ شدن ف غضبناک ہونا غصہ میں آنا-

سین با زائے

سزیدن ف لائق ہونا سزاوار ہونا-

سین با عین

سُعدان نام ایک مقام کا ولایت شروان سے
سَعدین ع زہرہ و مشتری کا دو نوں ستارے-

سین با غین

سُغبان ع گرسنہ بھوکھا جو طعام کی خواہش رکھے

سین با فاء

سَفائن ع جمع سفینہ کشتیاں جس پر سوار ہو کر دریا اتریں
سُفتن ف پرونا کسی موتی وغیرہ کو تاگے میں-
سُفیان ع نام بدر معاویہ نام دو کس علمای حدیث کا-
سَقن ع سخت چمڑا مچھلی و نہنگ کا جو تلوار کے قبضہ پر لگاتے ہیں و سوہان آہنی
سُفن ع جمع سفینہ کشتیاں جس پر سوار ہو کر دریا اتریں
سِفنتین ع ترکستان میں ایک علاقہ ہے-

سین با قاف

سقلاطون ع پارچہ نبات جو اون سے بنایا جاتا ہے
سقط شدن ف حمل گرنا کم قدر ہونا خراب و ابتر ہونا

سین با کاف

سُکون ع آرام و آسائش و فراغت و عیش
سکاکین ع جمع سکین چھریاں و چاکو-
سکنجیدن ع کھانسنا-
سکیزیدن ف کودنا جست مارنا-
سُکّان ع رہنے والے لوگ اور دنبالہ کشتی کا-
سکنجبین مشہور شربت ہے-
سکّین ع کارد یعنے چھری لوہے کی-
سَکّاہن ع یہہ ایک قسم کا سیاہ رنگ سرکہ ہے اور لوہے سے بنایا جاتا ہے-
سگالیدن اندیشہ و ارادہ کرنا-
سَکَن ع انس و الفت و آرام و آسائش-

سین با لام

سِل کردن ف دوان کرنا یا جاری کرنا کسی چیز کا۔
سلطان ع والی و صاحب حجت و قدرت جمع اسکی سلاطین ہے
سلمان ع نام اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نام شاعر
سلیمان ع نام پیغمبر بن داؤد جو بڑا بادشاہ تھا اور جن و انس و دیو پری اور ہوا اوسکے حکم مین تہی۔

سین با میم

سمان ف ستائیسوین تاریخ ماہ شمسی کی
سمین ع فربہ و پر گوشت جسم کا آدمی یا جانور۔
سمن ع روغن گاو جسکو گہی کہتے ہین
سمن ع فربہی موٹاپن۔
سمن ع گل سفید خوشبودار جیسے چمپہ کے پہول۔
سماطین ع دو طرفہ آگے پیچھے داہنے بائین

سین با نون

سن ع دانت اور سال یعنے برس۔
سندان ت ترکی مین ترجمہ حرف از یعنے سے۔
سنسن ع ترکی مین بمعنی تو ہی تو ہی
سن سن ع حرام مغز جو پشت کی ہڈیون مین ہوتا ہے
سنن ع جمع سنت یعنے طریقے۔
سنان ع بہالا نیزہ۔
سنبیدن ف سوراخ کرنا۔
سنجیدن ف وزن کرنا تولنا۔
سنگین ف بہاری چیز وزن دار۔
سنگستان ف بہاری ملک اور پتھریلی زمین۔
سنجابیان ف نام قوم جنکی ملک سے سنجاب پوستین آتی ہے اور سنجاب ایک جانور کا نام ہے جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین۔
سنین ع جمع سن سالہا یعنے بہت سے برس۔
سنون ع دوا جو دانتون پر ملین مجازاً مسی

سنگرن ف ترازو کے کم وزن جسکے دونوں پلے ہم وزن نہون
سنان ف نیزہ اور تیز ہر چیز کی جو تیز ہو۔
سندان ف اہرن لوہار و سنارون کا جسپر لوہا رکہکر کوٹتے ہین

سین با واو

سوہان ف لوہارون کا سوہان جسکو ریتی کہتے ہین
سواکن ع جمع ساکنہ باشندگان یعنے رہنے والے
سون ف بواو مجہول نام ایک رود کا ہے۔
سواد برگرفتن ف لکہنا نقل کرنا۔
سوسن ف ایک پہول کا نام جو نیلے رنگ ہوتا ہے۔
سورنجان ف نام ایک دوا کا جو قسم بیخ سے ہے۔
سوختن ف جلنا اور بیزار ہونا اور جلانا۔
سودان ع آدمی سیاہ رنگ سانولے رنگ کا آدمی۔
سوزن ف سوئی جس سے کپڑا سیا جاتا ہے۔
سودن ف گہسنا رگڑنا۔
سوزان ف جلتا ہوا آگ سے۔
سوزانیدن ف جلانا آگ سے
سہران ع بیدار رہنے والا۔
سہمگین ف ڈرا ہوا خوفناک۔
سہمیدن ف ڈرنا اور خوف کرنا کسی سے۔

سین با یا

سیلان ف نام جزیرہ جسکو لنکا بہی کہتی ہین سرندیپ بہی بعض کے نزدیک ادمی کا نام ہے۔
سیلان ع جاری ہونا پانی وغیرہ کا۔
سیران ف سیر کرنا جا بجا پہرنا دیکہنا طرح طرح کے حالات کا
سیحون ف اندجان سمرقند مین ایک رود کا جسکا نام ہے
سیاہ لیتان ف وہ عورت جسکا فرزند نہ جیئے اور اولاد نہ رہتا ہو
سیاہ زبان ف وہ جسکی بددعا اثر کرے کہنا اوسکا خالی نہ جائے

تیرہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکا اول حرف شین اور اخیر مین نون ہے

شین با الف

شایان ف لائق و سزاوار اور بہت خوب بہتر۔
شائستن و شائیدن ف لائق ہونا اچھا ہونا سزاوار ہونا
شاندن و شانیدن ف نشانیدن یعنی کہنگی کرنا بالا نشاندن
شایگان ف فراخ و لائق و شاہ پسند و مفید و کار آمد اور
نام ایک خزانہ کا خزائن خسرو پرویز شاہ ایران سے۔
شادن ف بچہ آہو ہرن کا بچہ و سائبان۔
شادروان ف بساط و فرش و پردہ و شامیانہ و خیمہ و سراپردہ
شاشدان ف پیشاب کرنیکا برتن۔
شاشیدن ف پیشاب کرنا۔
شارستان ف شہر جسکے گرد باغ ہوں۔
شاریدن ف پانی چھڑکنا آبدار کرنا۔
شاہین ف جانور شکاری اور ترازو کی لکڑی۔
شادران ف ایک شہر کا نام ہے۔
شاہ نشین ف بلند عمارت بادشاہوں کے بیٹھنے کی۔
شادمان ف خوش و خرم و آسودہ حال۔
شان ع عربی مین عزت اور فارسی مین خانہ زنبوران
شاہ ترکان ف لقب افراسیاب بادشاہ کا ہے۔
شادان ف خوش و خرم و آسودہ حال۔

شین با باء

شبان ف محافظ بکری بھیڑ وغیرہ کا محافظ جو مویشی کا ہو۔
شبگیر زدن ف کوچ کرنا رات بے رات چلنا۔
شبخون ف رات کو دشمن پر جا پڑنا حملہ کرنا۔

شبستان ف خانہ شب باشی رات کے رہنے کا گھر
شکمبان ف پر شکم یعنے پیٹ بھرا ہوا۔
شپلیدن ف نیچوڑنا کسی بھیگی ہوئی چیز کو۔

شین با تاء

شتابان ف دوڑتا ہوا۔
شتابیدن ف جلدی کرنا دوڑنا۔
شتافتن ف دوڑنا تیز چلنا۔
شتربان ف بلوچ اونٹوں کا محافظ۔

شین با جیم

شجن ع بازر کہنا کسیکو حاجت روائی سے اور بیابان
جس مین درخت ہوں اور غمناک ہونا و غم و حاجت اور
شاخین آپس مین ملی ہوئی۔
شجن ع اندوہ و شہرہا کے سخت یعنے سخت جاڑا۔
شجعان بہادر لوگ جوانمرد دلاوری۔

شین با حاء

شحن ع پر کرنا چلانا دور کرنا علیحدہ کرنا۔
شحون ع قوی و بزرگ زبردست زور آور۔

شین با خاء

شخ کمان ف جسکی کمان سخت ہو و صاحب قوت پر زور۔
شخالیدن ف چھیلنا پوست اوتارنا کسی چیز کا۔
شخولیدن ف پژمردہ ہونا فریاد کرنا زاری کرنا۔
شخیدن پھسلنا کسی جگہہ سے۔
شخودن ف ناخون سے چھیلنا زخم کرنا۔

شین با دال

شدن ف ہونا اور جانا۔

شین با را

شروان ف نام شہر جسمین خاقانی رہتا تھا۔

شِروین ف سرزمین شروان کی

شِریان ع جو رگ بدن مین جنبش کرتی ہے یعنے ہلنی والی رگ ذیجان کے جسم کی۔

شرائین ع رگین جنبش کرنے والی ذی جان کے جسم کی۔

شین با سین

شستن ف دہونا کسی یا کسی چیز کا پانی سے۔

شین با شین

شش ارکان ف چہہ رکن جسکے جسکو ستہ ضروریہ کہتے ہین اول ہوا و خواہش دوم اکل و شرب سوم حرکت و سکون بدنی چہارم حرکت و سکون نفسانی مثل غم و خوشی پنجم خواب و بیداری و تیقظہ ششم استفراغ و احتباس مثل خروج بول و غالیط و جماع و فصد و حمام وغیرہ۔

ششِ پستان ف نرم پستان عورت۔

شین با طا

شَطن ع رسن دراز یعنے لمبی رسی۔

شین با عین

شَعبان ع نام ماہ ہشتم ماہ قمری یعنے شب برات کا مہینہ

شین با فاء

شَغفتین ع ہر دو لب دونو ہونٹہہ آدمی و حیوان کے۔

شین با قاف

شقائق نعمان م قسم اللہ جسکو نعمان دوست رکھتا تھا نعمان ایک امیر کبیر بادشاہ کا نام ہے۔

شین با کاف

شکیبیدن ف صبر کرنا تہمے رہنا بیقرار نہونا کسی چیز کی خواہش مین

شکفتن م کہلنا کہلنا کسی شگوفہ کا۔

شکیفتن ف صبر کرنا ٹہیرے رہنا ایک بات پر۔

شکوہیدن ف اپنا رعب ظاہر کرنا شان و شوکت دکہلانا۔

شکوفن ف توڑنا انکسار کہیلنا۔

شکوخیدن ف پہسلنا گرنا ٹہوکر کہانا۔

شکولیدن ف پراگندہ کرنا پریشان کرنا ابتر کرنا۔

شکنجیدن ف چٹکی بہرنا کسیکے جسم کو انگلیون مین دبانا۔

شکنجہ کردن ف رنج دینا آزار پہونچانا کسی کو۔

شکستن ف توڑنا۔

شکستہ نا رحن ف بے قوت و بی استعداد آدمی کمزور شخص بیسبر

شین با لام

شلائین ف شوخ نا خوش نافرمان و عاق آدمی۔

شین با میم

شماسیان ف قوم شمس پرست و آتش پرست۔

شمعون ف نام برادر یوسف علیہ السلام۔

شمن ع بت پرست کافر سیاہ باطن۔

شمردن ف گننا حساب کرنا اقتدار کرنا۔

شمیدن ف سونگنا کسی خوشبو یا بدبو کا۔

شین با نون

شنیدن ف سننا کسی بات و تقریر کا۔

شناختن ف پہچاننا کسی چیز کا۔

شنفتن ف سننا کسی کلام کا۔

شنقار شدن ف مرنا جڑ جا جانا۔

شن م برانی سشک پانی کی جو بیکار ہو۔

شین با واو

شوراندن ف پریشان کرنا ابتر کرنا بکہیرنا۔

شوشگن ف مین یا کیڑا میلا۔

شین با ہاء

شہلان ف نام کوہ یعنے ایک پہاڑ کا نام ہے۔

شین با یاء

شیرین ف میٹھا اور نام معشوقہ فرہاد کا -
شیدمان ع گرگ درندہ یعنے بھیڑیا -
شیوا زبان ف مرد فصیح و بلیغ و خوش گو -
شیر گردون ف برج اسد جو آسمانی برج ہے -
شیلان ع سفرہ طعام جسپر کہانا کہاتے ہین نام ایک درخت کا
شیطان ع صاحب مکر و فریب یعنے ابلیس رانندہ خدا -
شیفتن ف عاشق ہونا مائل ہونا کسی پر -
شیون ف آہ و نالہ و فریاد و فغان و زاری -
شیون ف جمع شان یعنے بہت عزتین اور شانین
شین ع زشتی و عیب و نقص جو انسان مین ہو -
شیسان نام مرد ملی و نام قبیلہ عرب کا -
شیبدن ف چاہنا از زبان فرقہ ہونا میل کرنا

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف صاد اور آخیر مین نون ہے

صاد با الف

صاحبقران ف لقب تیمور بادشاہ کا جو زحل اور مشتری کی قران عظمی کے وقت پیدا ہوا تہا اور سرزمین کا بادشاہ بنا
صاحب الزمان ع لقب حضرت مہدی علیہ السلام کا -
صناع ستان ف [illegible]
صافن [illegible]

صاد با با

صبیان ع لڑکے جو خورد سال اور چہوٹی عمر کے بچے

صاد با حا

صحن ع طبق بزرگ و طشت فراخ و صحن گہر کا

صاد با دال

صدغین ع ہر دو صدغ یعنے جا ہی نرم جو ابرو اور کانون کے درمیان ہے

صاد با غین

صغر سن ع خوردسالی لڑکپن بچپن کی عمر -

صاد با فا

صفاہان ع نام شہر اصفہان جسکو سپاہان بہی کہتے ہین
صفوان ع سنگ ہموار و نام کسی مرد کا -

صاد با نون

صنعان ع نام ولی جسکے ستا سو مرید تھے -
صنان ع بوئی بغل و گندہ بغل یعنے جسکی بغل سے بدبو آئے
صنوان ع چند درخت خرما جو ایک بیخ سے نکلے ہون اور چند نہرین جو ایک چشمہ سے برامد ہوئی ہون اور چند بہائی جو ایک باپ سے ہون یعنے [illegible] خویش قبیلہ

صاد با واو

صولجان ع چوگان -
صوان ع نگہبانی محافظت پاسداری نگرانی حالی -
صور عبد الرحمن ع نام کتاب جو اشکال بروج کے علم مین ہے

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ضاد اور آخیر مین نون ہے

ضاد با الف

ضان ع میش و دنبہ بوبدن آدمی کی
ضامن ع ذمہ دار کفیل شریک کار مددگار -

ضاد با یے

ضیمران ع نام ایک [illegible] ہے

ضَرّتان ع دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون
ضَرَبان ع نام بیماری یعنے دل کا دھڑکنا جو مہلک بیماری ہے

ضاد با غین

ضِغن ع کینہ و بغض و عداوت جو دل مین ہو۔
ضَغائِن ع جمع ضغن یعنے کینے اور غضب

ضاد با میم

ضِمن ع نام صنعت شعری اور درمیان و اندر و بطن ہر چیز کا۔
ضَیمران ع گل ریحان یعنی ناز بو جو ایک مشہور پھول ہے۔
ضَمین ع ضامن کفیل ذمہ دار کسی کام کا۔
ضَمان ع ضامنی کفالت ذمہ داری

سولھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف طا اور اخیر مین نون ہے

طا با الف

طالِقان ع نام ایک شہر کا
طاعون ع ایک قسم وبا کا ہے۔
طاعِن ع نیزہ مارنے والا طعنہ دینے والا۔
طٰہٰ یاسین ع نام دو سورۃ قران مجید او ز نام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
طاجن ع کڑاہی توا جسپر کچھہ چیز بھونین یا پکائین۔

طا با با

طَبیدن ف مبدل تپیدن تپنا گرم ہونا جوش مین آنا۔
طَبَرخون ف سرخ صندل جو ایک قسم کی لکڑی ہے

طا با حا

طَحن ع غلہ کا آٹا بنانا پیسنا غلہ کا۔

طا با را

طَرفۃ العین ع دفعۃً پتلا چشم جسکو ایک پلک کہتے ہین۔

طرف شدن ف مقابل ہونا روبرو آنا سامنے ہونا۔
طرف گرفتن ف حمایت کرنا امداد پر مستعد ہونا۔
طَرَقوازن ف نقیب وچوکیدار جو آواز دیتا رہتا ہے
طرازیدن ف نقش کرنا نقشہ جمانا کسی نقش کا۔
طرخون ع نام درخت عاقرقرحا جسکی بیخ دوا مین مستعمل ہے
طَرَیان ع حادث ہونا اور پیدا ہونا ظاہر ہونا تازہ ہونا

طا با عین

طِعان ع نیزہ مارنا اور نیزہ مارنے والے لوگ
طَعن ع نیزہ مارنا طعنہ دینا۔

طا با غین

طُغیان ع حد سے گذرنا زیادہ ہونا ظلم و نافرمانی کرنا
طُغان ت نام ایک بادشاہ کا۔

طا با نون

طَنین ع آواز مگس و زنبور و پشہ و طاس و طنبور و آواز گوش جو خود بخود سنی جائے۔

طا با واو

طوفان ع شدت و طغیانی آب و ہوا جس سے خوف مرگ کا

طا با ہا

طہران ف نام شہر جو ایران مین واقع ہے۔

طا با یا

طَیَران و طَیَران ع اوڑنا ہوا مین اور چلنا ہوا پر۔
طَے لسان ع خاموشی اور استعداد کلام کی۔
طَیلسان ع قسم چادر جو قاضی و خطیب پہنتے ہین
طین ع خاک نمناک و گل
طَیَّان ع گرسنہ و سپیدہ و بمعنے کھلاڑی و شاعر بیہودہ گو

سترہوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ظا
اور اخیر مین نون ہے

ظا با عین

ظعن ع کوچ کرنا جانا روانہ ہونا کسی طرف کو۔
ظعین ع کوچ کرنے والا جانے والا روانہ ہونیوالا۔

ظا با نون

ظنون ع بدگمانان اور وہم اور خیال و شک و شبہ۔
ظن ع گمان شک وہم و خیال و شبہ۔

اٹھارہوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
عین اور اخیر مین نون ہے

عین با الف

عافین ع معاف کرنیوالے بخشنے والے
عاکفین ع گوشہ نشین لوگ و تارک الدنیا۔
عالمیان ع جہان کے لوگ زمانہ کے آدمی۔
عادیان قوم عاد کے لوگ جو ہود پیغمبر کی قوم تھی اور بسبب نافرمانی نبی کے ہلاک ہوئے۔

عین با با

عباسیان اولاد عباس پیغمبر صاحب کے چچا کی جو مدت مدید تک خلیفہ وقت رہے تھے
عبدالرحمن نام فاضل علم ہیئت جو اپنے وقت مین یگانہ تھا

عین با جیم

عجن ع خمیر کرنا گوندھنا مٹی یا آرد وغیرہ کو۔
عجین ع خمیر کیا ہوا اور گوندھا ہوا آٹا وغیرہ۔

عین با دال

عدوان ع بہت دشمن اور دشمنی و عداوت و ستیز
عدن ع نام بہشت اور ہمیشہ رہنا ایک مقام مین۔
عدن ع نام جزیرہ یمن کے علاقہ مین
عدنان ع نام ایک شخص کا اجداد رسول صلے اللہ علیہ وسلم سے
عدلین ع دو اچھے گواہ جنکی گواہی قابل پذیرائی ہو۔

عین با ذال

عذر زنان ع ایام حیض جو تین روز تک عورت کو ہر ماہ مین آتا ہے
عذاب الہون ع سخت عذاب نہایت تکلیف۔

عین با رے

عرقچین ف کلاہ جو دستار کے نیچے رکھتے ہین
عرجون ع چوب خوشہ خرما جو ٹیڑھی ہوتی ہے۔
عریان ع برہنہ ننگا جسکے بدن پر کوئی کپڑا نہو۔
عراقین ع دو عراق عراق عرب و عراق عجم
عرفان ع پہچاننا شناخت کرلینا کسی کو۔
عرق کردن ف عرق ریختن شرمندہ ہونا ملزم ہونا۔
عرین ع صحرای پر درخت یعنے سبز جنگل۔

عین با سین

عسن ع پیرہن کہنہ پرانی چربی۔
عسقلان ع شام مین ایک شہر ہے

عین با شین

عشیران ع ایک قسم کی راگ کا نام ہے۔
عشق پیچان ف مشہور بیل اور پھول ہے۔
عشر خوان ف طفل نو آموز مبتدی لڑکا۔

عین با صاد

عصیان ع سخت دل ہونا انکار اگنہ و تقصیر و جرم

عین با طا

عطن ع جس مقام سے اونٹ پانی پیتین وہ جگہ گوسفند
عطشان ع تشنگی یعنے پیاس پانی کی خواہش

عین با فاء

عَفَن ع گندہ ہونا ہوا و گوشت کا اور پیدا ہونا بدبو کا-

عین با قاف

عُقابین ع خار آہنی-

عُقابَین ع وہ دو لکڑیان جسپر گنہگارون کو باندہتی ہین

عِقیان زر و طلا و سیم یعنے سونا چاندی و دولت-

عُقَبان ع جمع عِقاب بمعنے شکنجہ و عذاب و تکلیف و رنج-

عُقبان ع جمع عقاب نام جانور جو شکاری جانور ہے-

عقد روان و عقد تمکین ع نکاح متعہ جو شیعہ مذہب کرتے ہین یعنے نکاح معینہ

عین با لام

عَلَویان سادات نسل علی المرتضیٰ جو علوی کہلاتے ہین-

عَلّان ع نام ایک شخص اور قلعہ کا-

عُلویان ع فرشتگان آسمانی و بالانشین-

عَلَن ع ظاہر ہونا اور ظاہر و ہویدا و روشن-

عِلّیین ع خانہ ہای بلند بہشت و اعمال نامہ ہای مردان صالح وغیرہ نام سے بہشت-

علم الیقین ع نہایت درجہ کا یقین جس مین شک نہو-

عَلَم شدن ع ظاہر ہونا مشہور ہونا قائم ہونا-

عین با میم

عَمّان نام شہر کنارہ دریای محیط پر جسکے نام سے وہ دریا مشہور ہے

عِمران ع آبادی و نام پدر موسیٰ پیغمبر علیہ السلام-

عین با نون

عُنوان ع دیباچہ و سرنامہ و ابتدای ہر چیز اور کتاب کی-

عُنفوان ع آغاز جوانی اور آغاز بلوغ کا-

عِنّین ع وہ جوان جو جماع پر قادر نہو-

عَنَن ع اسے عربی مین عنن کہتے ہین یہی معنی ہین-

عنبرین ف خوشبو چیز جس سے خوشبو آتی ہے-

عین با واو

عَوان ع زن میانہ سال با شوہر یعنے جسکا خاوند زندہ ہو-

عَوّان ع ظالم و جابر و سخت گیر و ستمگار-

عَون ع یاری دینا مدد دینا وقت مشکل کے کسیکو-

عین با یاے

عُیُون ع چشمہ پانی کا اور نام کتاب کا حکمت کے علم مین مصنفہ حکیم ابو علی سینا-

عَیُون ع وہ شخص جسکی نظر نقصان پہونچاے یعنے اوسکی بدنظر سے لوگونکو رنج پہونچے-

عِیان ع دیکھنا آنکھہ سے-

عِین ع عورتین جنکی آنکھین خوبصورت ہون جمع عینا-

عَین ع چشمہ آب و آفتاب اور آنکھہ

عینین ع دونو آنکھین-

عین الیقین ع آنکھہ سے دیکھہ کر یقین کرنا یقین تین قسم پر ہے ایک علم الیقین دوسری عین الیقین تیسرے حق الیقین-

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف غین اور اخیر مین نون ہے

غین با الف

غارتیدن ف لوٹنا غارت و تاراج کرنا-

غاریقون ع نام دوائی مسہل جو دست لاتی ہے-

غین با باء

غَبن ع نقصان و زیان خرید و فروخت مین-

غَبین ع بے عقل بے شعور نادان آدمی-

غین با تاء

غَتَیان ع دل کا دہڑکنا یہہ ایک قسم کی مہلک بیماری ہے-

غین با رای

غراب البین ع زاغ دشتی یعنے جنگل کا کوا-
غریدن ف شور کرنا گرجنا حالت غضب و غصہ مین
غران ف شور کرنے والا گرجنے والا-
غرثان ع گرسنہ یعنی بھوکہا-
غرلوان ف شعلہ کرنے والا گرجنے والا-

غین با زای

غزنین ف نام ایک شہر کا ہی جو مشہور ہے-

غین با سین

غسلین ع خون و ریم و نام ایک چشمہ کا دوزخ مین-

غین با شین

غشیان ع جماع کرنا ہم صحبت ہونا-
غشیان ف بیہوش ہونا یہہ ایک بیماری کا نام ہی جسسی انسان خود بخود بیہوش ہو جاتا ہے-

غین با صاد

غصن ع شاخ درخت یعنے ڈالی درخت کی-
غصون ع شاخین لفظ جمع غصن کی ہے-

غین با ضاد

غضبان ع قہرناک و خشمناک غصہ کی حالت مین-

غین با فاء

غفران ع آمرزش معافی جو گنہگار خدا سے مانگتی ہین-

غین با لام

غلطان ع لڑہکتا ہوا-
غلطیدن ف لوٹنا لڑکنا
غلمان ع جمع غلام یعنے لڑکے بے ریش جو بہشت مین ہونگے
غلتبان ع مرد بے حمیت و بے غیرت یعنے دیوث آدمی-
غلیان ع جوش کرنا-

غین با میم

غمدان ف مقام غم مراد دنیا و عالم فانی ہے-
غمان ف غمناک اور اندوہگین-

غین با نون

غنودن ف اونگہنا شیدگی کی حالت مین-

غین با واو

غوغائیان گلشن ف بلبلین و قمریان و غیرہ پرند جو باغ مین غل کرین

غین با یاء

غیلان ع نام ایک شاعر کا ہے-
غیلان ع جمع غول یعنے بہتسے غول بیابانی
غین ع ابر و تشنگی و تیرگی و مانند ہیرا جو بسبب ابر کے ہو-

بیسوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جنکی اول حرف فا و اخیر مین نون ہے

فا با الف

فاطن ع زیرک و دانا صاحب عقل و ہوش-
فاتن ع مفتون کرنے والا فریفتہ کرنیوالا مجازاً معشوق
فئتین ع دو گروہ دو قومین دو جماعتین-

فا با تاء

فتن ع جمع فتنہ بہتسے فتنے و فساد-
فتن ع ایک شہر کا نام ہے-
فتیان ع مردان جوان و برزور و صاحب قوت-
فتان ع فتنہ انگیز مفسد شخص جو فتنہ برپا کرے-
فتادن ف گرنا کسی مقام سے-

فا با خاء

فخر الدین ع نام ایک عالم و فاضل کا جسکو مولانا فخر الدین رازی

کہتے ہین اور نام ایک ولی کا خاندان چشتیہ مین مجمع ملے میں تہا

فا با دال

فدّائ ع آلہ جو بیچ دو بیلون کے گلے مین ڈالکر ہل بانہتے مین ہندی مین جوا کہتے ہین۔

فا با رائے

فراختن ف بلند کرنا اوپر کو چڑہانا

فراوان ف بہت و زیادہ

فرسودن ف گہسنا۔

فرزان ف علم و دانش عقل و ہوش و ادراک۔

فروردین ف نام مہینا کہ مدت رہنی آفتاب کی حمل مین جو ۳۱ روز کا فاصلہ ہے۔

فریفتن ف فریب دینا اور مین لانا کسی کو۔

فریقین ع دو فرقہ دو گروہ دو جماعت مدعی و مدعا علیہ۔

فرمان ع حکم بادشاہی جو سلطانی دربار سے جاری ہو۔

فرامین ع فرامین بطور فارسی جمع فرمان کے لفظ کی۔

فروزان ف روشن اور چمکتی ہوئی چیز۔

فرو کش شدن ف اترنا توقف کرنا ٹہرنا کسی مقام پر۔

فرستادن ف بہیجنا۔

فرزین ف مہرہ شطرنج کا جسکو وزیر کہتے مین۔

فرزین نہادان ع کج نہادان یعنی کج فہم لوگ۔

فریدون ف نام ایک بادشاہ کا جو مشہور ہے۔

فراگرفتن ف سیکہنا یاد کرنا معلوم کرنا۔

فرس افکندن ع عاجز کرنا اور عاجز ہونا۔

فرقان ع قران مجید جدا کرنے والا حق کو باطل سے۔

فرعون ع لقب بادشاہ مصر جو کافر تہا۔

فرگندن ف سیلاب سے خرابی زمین کی۔

فرمودن ف فرمانا حکم دینا۔

فروتن ف عاجز و ناتوان و کمزور۔

فروترین ف بہت نیچا بہت عاجز و غریب۔

فروختن ف بیچنا کسی چیز کو دام لیکر۔

فروکوفتن ف ٹہوکنا و ٹہونسنا مارنا عاجز کرنا مغلوب کرنا۔

فروماندن ف عاجز ہونا کمزور و ناتوان ہونا۔

فرومایگان ف کمینے لوگ مفلس نادار لوگ

فرقدان ف **فرقدین** ع نام دو ستارون کا جو نزد یک قطب شمالی کے شام سے صبح تک ظاہر رہتی مین طلوع و غروب انکا نہین ہے۔

فا با زائے

فزودن ف بڑہانا زیادہ کرنا ترقی دینا۔

فزون ف زیادہ بہت۔

فا با سین

فسردن ف سردی سے منجمد ہونا جم جانا۔

فسائیدن ف **فسانیدن** ف افسون کرنا منتر پڑہنا فرمان بردار کرنا تابع بنانا۔

فسان ف وہ پتہر جسپر کارد و تلوار تیز کرین و ہر چیز جو بہن و مدور ہو۔

فسون ف منتر یا کلام پرتاثیر جسکی تاثیر ہو۔

فا با شین

فشردن ف نچوڑنا کسی بہیگی ہوئی چیز کو۔

فشاردن ف نچوڑنا

فشاندن ف جہاڑنا۔

فشان ف جہاڑتا ہوا۔

فا با طا

فطن ع زیرک ہونا دانا و صاحب عقل ہونا۔

فطن ع زیرک و دانا و مرد صاحب عقل و ہوش۔

فغان ف نالہ و فریاد و زاری و اظہار عجز و انکسار-

فا با قاف

فقع کشادن ف فخر کرنا لاف مارنا تحسین کرنا-
فقدان ع گم ہونا گم کرنا نابود کرنا-

فا با کاف

فکندن ف ڈالنا پھینکنا کسی چیز کو کسی مقام سے-

فا با لام

فلخودن ف پنبہ سی پنبہ دانہ جدا کرنا-
فلخیدن ف روئی کو محلوج کرنا-
فلیوان ف بیہودگان و احمقان و نادانان
فلاخن ع نام آلہ سنگ اندازی جسکو ہندی مین گوپہن کہتے ہین اور پنجابی مین گوپانی نام ہے-
فلاخان ع فلاخن جسکی تعریف ہو چکی ہے-
فلان ع لفظ اشارہ یعنے فلان شخص-
فلسطین ع نام ملک شام مین سے ہے

فا با نون

فنجان ع پیالہ کو جسمین قہوہ پیتے ہین-
فن خوردن ف دغا کہانا داو مین آنا فریب کہانا-
فندق بستن ف حنا باندہنا ہاتہو نکو رنگنا-
فن ع حال و گونہ ملوع اور چلانا-
فنون ع جمع ہے فن کی بہت سے ہنر
فن ف ہنر و داو و فریب اور شاخ
فندق شکستن ف کنایۃً بوسہ دینا-

فا با واو

فوران ف جوش-
فوران ہ نام شہر قنوج کا-

فا با ہا

فہمانیدن ف سمجہانا-
فہمیدن ف سمجہنا-

فا با یای

فیلبان ف ہاتہی کا چلانے والا
فیما بین ع درمیان دونوکے-

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف قاف اور اخیر مین نون ہے

قاف با الف

قازغان ف برتن لوہی کا یعنے کڑاہی-
قاآن ت خطاب بادشاہ و امیر یعنے خان-
قاطن ع مقیم و ساکن اور ٹھہرا ہوا-
قاطنین ع مقیمان و ساکنان اور ٹھہرے ہوئے-
قارون ع ایک دولتمند کا نام ہے جو موسی علیہ السلام کا دشمن اور اوسکا رشتہ دار تہا آخر موسی کی بددعا سے مع اپنے خزانون اور مکانون کی زمین مین دہنس گیا-
قاب قوسین ع مقدار دو کمان کی یعنے وہ فاصلہ جو کمان کے کہینچنے کی وقت دو گوشون کے درمیان ہوتا ہے-
قال کردن ف گفتگو کرنا سرود گانا بات چیت کرنا-
قانون ی قاعدہ و دستور و نام کتاب مصنفہ حکیم ابو علی سینا علم طب مین و نام ساز جو مشہور ہے-
قارن ف نام پہلوان جو ہم عہد رستم پہلوان کا تہا-
قاین ع برادر زن و برادر شوہر یعنے مرد کا سالا یا دیور عورت کا
قاقلین ع الاچی ہر دو قسم کی یعنے الاچی خورد و کلان-
قالب تہی کردن ف بیہوش ہونا غش کہا کر گرنا-
قاآن ت خون یعنے لوہو-

قافیہ تنگ شدن ف عاجز ہونا لاجواب ہونا-
قاطعین ع اجارہ دار لوگ جسکو ٹھیکہ دار کہتے ہین-
قانتین ع فرمان بردار لوگ تابعدار آدمی-
قالین ف مشہور فرش ہے-

قاف با باء

قبرستان ف قبر کی جگہہ جسجگہہ مردون کو دفن کرتے ہین-

قاف با حاء

قحطان ع سام بن نوح کے پوتے کا نام ہے-

قاف با دال

قدردان ف لقب بادشاہ چین ہے-
قدکشیدن ف ظاہر کرنا قایم کرنا-
قدغن ت تاکید کرنا-
قدردان ف مشہور لفظ ہی جو القاب مین تحریر ہوتا ہی
قدسیان ع فرشتے وملائک-

قاف با رای

قرن ع شاخ حیوان وزلف ومدت چند سال بعض کے نزدیک تیس برس اور بعض کے نزدیک ستر یا اسی برس کی میعاد کا نام ہی
قرن ع نام قوم جو ولایت یمن مین رہتی ہی-
قرین ع مصاحب وہم نشین ورشتہ دار-
قرالمغان ت نام بادشاہ عراق-
قرطین ع دو گوشوارہ وکنایہ امام حسن وامام حسین علیہما السلام جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے دوہوتے تہے-
قرص ویئن ف گہڑیال جسکی شکل مدور ہے-
قرون ع جمع قرن یعنی بہت سے قرن-
قریش ع نزدیک پاس پاس-
قرائن ع جمع قرینہ کی-
قربان ع جو چیز براہ خدا مین تصدق کریں اور فارسی مین بمعنی نثار

قربان ع نزدیک ہونا وپاس پاس ہونا-
قران ع نزدیک ہونا واتصال دو ستارون کا سوای سورج کے ایک برج مین-
قرآن ع کلام اللہ جسکو قران المجید وفرقان الحمید کہتے ہین

قاف با زای

قزل ارسلان ت شیر سرخ ونام ایک بادشاہ کا-
قزغان ت بڑا پتیلا جو قسم دیگچے سے ہوتا ہے-
قزوین ف نام ایک شہر کا ایران مین-

قاف با سین

قسطنطین نام بادشاہ جو نصارا تہا-

قاف با ضاد

قضبان و قضبان ع شاخہای درخت جمع قضیب

قاف با طا

قطران ع نام شاعر ونام شہر ونام روغن بدبو غلیظ جو دیودار درخت سے نکلتا ہی ہندی مین اوسکو گندہ بروزہ کہتے ہین
قطرہ زدن ف دوڑنا سعی کرنا تیز چلنا بہاگنا-
قطرہ زن ف دوڑنیوالا تیز چلنے والا بہاگنے والا-
قطن و قطن ع روئی اور روئی کا کہیت-
قطزن ف لکہنے والا قلم بنانے والا مجازا وہ چیز جس قلم کو قط لگاتے ہین-

قاف با لام

قلبہ ران ف زمیندار جو زمین مین ہل چلاے-
قلقان ت سپر ماچ سپاہی باندہتے ہین-
قلیان ف حقہ تماکو پینیکا عربی مین اسکے معنی جوش مارنا
قلتبان ف سنگ غلطان ومرد بیغیرت ودیوث-
قلمزن ف کاتب ومصور جو قلم سے لکہے-
قلم درکشیدن ف محو کرنا کسی لکہی ہوئی عبارت کا-

قاف با میم

قمین ع سزاوار و لایق و صاحب لیاقت-

قمرین ع دو برج چاند-

قاف با نون

قنوان ع خوشہای خرما یعنے کہجور کے خوشے-

قرن ت کارد و شمشیر جو مشہور ہتہیار ہے-

قاف با واو

قوانین ع جمع قانون کی لفظ کی یعنے بہت سے قانون

قاف با ہاء

قہستان نام ایک ملک کا جسجگہ قوم ملحدیہ کی سلطنت تہی

قاف با یاء

قیروان ع منتہای ملک مغرب مین ایک شہر ہی-

قیطون ع وہ فیتہ جو ریشم سے بنکر کپڑون پر لگاتے ہین بعض کلابتون سے-

قین ع عربی مین آہنگر ترکی مین زن منکوحہ و نیام کارد و شمشیر

قیامت کردن ف عجیب کام کرنا جو قیاس سے باہر ہو-

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف کاف اور اخیر مین نون ہے-

کاف با الف

کابین ع حق مہر و زر نکاح جو منکوحہ کا حق ناکح کے ذمہ قرض ہوتا ہے اور بغیر مہر کے نکاح جایز نہین ہوتا-

کانون ع آتشدان کورۂ آہنگران-

کامہ لیسان ف حریصان جو لوگونکا فضلہ کہانا چاہتے ہین

کالیدن ف پریشان ہونا ابتر و خراب ہونا-

کارکن ف کام کرنے والا آدمی کام کا بندہ

کاشتن و کاریدن ف بیج بونا زراعت کا زمین مین-

کافتن ف کہودنا زمین کا-

کامران ف مقصود مند صاحب نصیب دولتمند آدمی-

کاہیدن ف گہٹنا دن بدن کم ہوتے جانا-

کاویان ف منسوب کاوہ سے جو ایک آہنگر تہا اور درفش کاویانی مشہور ہے جو اہل فارس کا جہنڈا تہا-

کاروان ف قافلہ تجار یا مسافرون کا-

کافتن ف بمعنی شگافتن یعنے چیرنا پہاڑنا کہودنا-

کاویدن ف کہودنا زمین کو-

کاستن ف گہٹنا دن بدن کم ہوتے جانا-

کاہکشان و کہکشان ف جو آسمان پر چہوٹے ستارے راستے کی شکل پر نظر آتے ہین-

کاین ع موجود ہونے والا پیدا ہونے والا-

کاہن ع جادوگر و فالبین قوم نصارا-

کامن ع پوشیدہ ہونیوالا چہپنے والا-

کاشان نام ایک شہر کا ہے-

کاسہ نگون ف مفلس و محتاج و نادار و کم مایہ آدمی-

کان ف کہان آہن و سنگ وغیرہ کی-

گان ف لایق و سزاوار و تعین عدد چنانچہ باشندگان دودگان و سگان و بندگان-

گاوگردون ف برج ثور جو بیل کی شکل پر ہے-

گازرون ف نام ایک شہر کا فارس مین-

گائیدن ف جماع کرنا صحبت کرنا عورت سے-

کاف با یاء

کبرسن ف کلان سالی و پیری و ضعیفی-

کاف با تاء

کتمان ع چہپانا راز کا اور گواہی کا چہپانا

گتان وگتتان ع السی جسکا تیل نکالتی ہین اور نام پارچہ جو کتان کے پوست سے بناتے ہین۔

گتا یون تع نام دختر قیصر روم جو گشتاسپ کے نکاح مین تہی اور اسفندیار اوسسے پیدا ہوا

کاف با ثاء

گثبان ع خاک تودہ ملبند اور اونچی زمین

کاف با دال

گداختن ف پگہلانا کسی دہات کو۔

کاف با ذال

گذران ف گذرتی ہوئی

گذربان ف محافظ راہ کا۔

گذاردن ف ادا کرنا پیش کرنا۔

گذاشتن وگزاشتن ف چہوڑنا۔

کاف با رے

گران ع نام ساز جسکو بربط کہتے ہین

گران ف کنارہ و انتہا ہر چیز و خاتمہ ہر چیز

گرمان ف نام ایک شہر کا جو مشہور ہے

گرگن ع غلہ سبز نیم پختہ جو ابہی کاٹنے کے لائق ہو۔

گردستان ف ایران مین ایک ملک ہے

گرگدن ف گینڈا مشہور جانور ہے

گردن ف کرنا کسی کام کا

گراحیدن ف فریاد کرنا مرغ خانگی کا۔

گرموزرشن ت مشرق و مغرب۔

گران ف ثقیل و سنگین و وزن دار و صاحب قیمت و ناگوار و مکروہ و نامطبوع چیز و ناپسند۔

گرگان ف نام شہر جسکو جرجان بہی کہتی ہین

گردنان ف پہلوانان و جوانمردان

گردیدن و گرائیدن ف رغبت کرنا توجہ کرنا۔

گریستن ف رونا چلانا زاری کرنا۔

گریبان ف مشہور لفظ ہے یعنے گلا قبا و کرتہ کا

گرائیستن ف رغبت کرنا متوجہ ہونا مائل ہونا۔

گرگین ف نام پہلوان جو ایران مین رہتا تہا۔

گرائیدن ف خواہش کرنا مائل ہونا۔

گریان ف روتا ہوا عجز و زاری کرتا ہوا۔

گردن ف مشہور لفظ ہے یعنے گلا انسان کا۔

گرگین ف صاحب مرض خارش یعنے جسکو کہجلی کی بیماری ہو

گرمخون ف بہت دوست بہت پیارا بہت عزیز۔

گرم خوشیدن ف محبت کرنا پیار کرنا عزیز جاننا۔

گردون ف آسمان و ارابہ یعنی گاڑی بہلی بگی و تخت تو پکا وغیرہ اشیاء پہیہ دار

گردان ف پہرنے والا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ مین۔

گرزمان ف فلک الافلاک و عرش معلی جو تمام افلاک پر محیط ہے۔

گرازیدن ف ناز سے چلنا نرم نرم رفتار سے چلنا۔

گرازان ف خرامان خرامان یعنی ناز سے چلتا ہوا آدمی۔

گرزمان ف نام موضع متصل شروان جو ایک شہر ہے۔

گرد برآوردن ف پامال کرنا ہلاک کر دینا خراب کرنا۔

گربہ گون ف فریبی مکار اور رد آلود ہونے والا آدمی

گرد برآمدن ف جستجو کرنا ڈہونڈنا تلاش کرنا کسی کو۔

گرد خاریدن ف متفکر ہونا فکر و اندیشہ مین پڑنا۔

گربہ مشکین ف قسم گربہ جسکو زباد کہتی ہین اور ہند مین مشک بلائی جسکے بال اور چمڑا خوشبودار ہوتا ہے لوگ اوسکی بال اور چمڑے کو کپڑون مین رکھہ چہوڑتے ہین کہ خوشبودار ہو جائین۔

گردگان ف جوز قسم میوہ ہی جسکا مغز کہاتی ہین ہندی مین اکہروٹ کہتے ہین شکل اسکی گول ہوتی ہے سعدی لکہتے ہین تربیت نا اہل را چون گردگان بر گنبد است۔

گریختن ف بھاگنا کسی میدان یا مقابلے سے۔
گیاگشن ف غلہ سبز بریان کیا ہوا یعنے بھونا ہوا سبز غلہ۔
گرفتن ف پکڑنا قبول کرنا فرض کر لینا۔

کاف با زاے

گزمر زبان ف وہ شخص جسکی زبان درست ہو اور اچھی طرح بولے
گزکردن ف ناپنا کسی کپڑے وغیرہ کو۔
گزیدن ف کاٹنا نیش مارنا گزدم بچھو وغیرہ کا۔
گزیدن ف اختیار کرنا کسی امر کا اپنے اوپر۔
گزین ف پسندیدہ اور اختیار کیا ہوا۔
گزاردن ف ادا کرنا چھوڑنا کسی چیز کا۔

کاف با سین

گسستن ف توڑنا پیوند وغیرہ کا۔
گساردن ف چھوڑنا کھانا۔
گستراندن گستردن ف بچھوانا بچھانا کسی فرش کا۔
گسیختن ف توڑنا پھوڑنا خراب کرنا کسی پیوند کا کاٹنا۔
کسلان ف کاہل و سست و کم ہمت و کم قوت۔

کاف با شین

کشخان ف مرد بے غیرت و دیوث و بے حمیت۔
کشیشان ف پادری نصاری کی قوم کے عابد و زاہد
کشیدن ف کھینچنا کسی چیز کا کسی جگہ سے
کشتی زدن ف کھینچکر حریف کو زمین پر گرانا۔
گشودن و گشادن ف کھولنا دروازہ وغیرہ کا۔
کشتن ف بونا زراعت کا۔
کشتیبان ف ملاح کشتی چلانے والا۔
کشتن ف مار ڈالنا قتل کرنا جان سے مارنا۔
گشتن ف ہونا پھرنا و دور کرنا
گشن ف بسیاری و انبوہی و گنجانی درختوں وغیرہ کی۔

گشن ف محل و زیادہ کا مستی میں آنا و حاملہ ہونا مادہ کا اور بارور ہونا درخت خرما کا۔

کاف با عین

کعبتین ف پانسے قمار کھیلنے کی جو قمار باز رکھتے ہیں۔

کاف با فاء

کفتین ف ہر دو پلہ ترازو کی یعنے لکڑی کے پلڑے۔
گفتن ف کہنا بات کرنا بولنا۔
کفیدن ف پھٹنا دو ٹکڑے ہونا۔
کفران ع ناشکری و بیوفائی اپنے آقا کے ساتھہ۔
کفن ع میت کے پہنانے کا کپڑا جو اوسکو پہنا کر دفناتے ہیں

کاف با لام

کلبتان کلبتین ع آلۂ آہنی جس سے لوہار لوہے کا کام کرنے والے گرم لوہا پکڑتے ہیں اور گلگیر شمع کا جس سے اوسکا گل کترتے ہیں
کلیتین ع دو گردے جو ایک عضو اندرونی ہیں۔
کلیدان ف زنجیر آہنی و قفل جو دروازہ کو لگایا جاتا ہے
کلاشکن ف قسم شیرینی جو نہایت لذیذ ہوتی ہے۔
گلخن ف غلہ بھوننے کی بھٹی و آتشخانہ جو نہ جلانے کا۔
گلہ بان ف گڈریا مویشی چرانے والا شخص جو تمام گانو کا مال چرانے اور نگاہ رکھنے کا اوسکے حوالہ ہو۔
گلبن ف پھول کا بوٹا جسکے ساتھہ پھول لگتے ہیں۔
گل کردن ف ظاہر کرنا روشن کرنا چراغ کو بجھانا۔
گل شدن ف ظاہر ہونا شگفتہ ہونا ہنسنا خوش ہونا۔
گلگون ف نام اسپ شیرین محازاً ہر اسپ سرخ رنگ۔
گلفشان ف قسم آتشبازی یعنے پھول جھڑی۔
گلشن ف باغ جس میں بہت سی گلزار ہو۔
گلستان ف باغ اور گلزار اسکا مقام۔
کلان ف بڑا اور بڑی عمر کا اور بڑے رتبہ اور قد کا۔

گلزمین ف جو زمین سبز و سہل و شاداب ہو۔
گلچیدین ف تماشا کرنا سیر کرنا دیکھنا باغ کو۔

کاف با میم

کمین ف چھپنا کسی مقام میں بارادہ قتل دشمن کے گھات لگانا۔
کمزن ف کم ہمت و کم حوصلہ آدمی۔
کمان ف مشہور لفظ ہی جس سے تیر چلاتے ہیں۔
کمون ف زیرہ جو مشہور چیز اور مشہور مصالح ہے۔
کم باختن ف بے طاقت ہونا کمزور ہونا۔
کمر کشادن ف ترک کرنا کسی ارادہ سے باز آنا۔
کمترین ف بہت ناکارہ بہت غریب آدمی۔
گماشتن ف مقرر کرنا چھوڑنا کسی کام پر تعینات کرنا اپنی معتبر
گمان ف وہم و شک و شبہ جو کسی کے دل میں ہو۔

کاف با نون

گندناگون ف سبز رنگ مائل بسیاہی یعنے سانولا رنگ۔
گندیدن ف بدبو دینا بدبو پھیلانا بدبو ہونا۔
کندن و کندیدن ف اوکھاڑنا کھودنا زمین وغیرہ کا۔
گنج شائگان ف خزانہ فراخ ولائق و سزاوار اور وہ
خزانہ جو مفت ملجاے۔
گنج روان ف خزانہ قارون جو ہمیشہ نیچے کو جاتا ہے
اور قیامت تک جاتا رہیگا۔
گنج قارون ف مشہور خزانہ ہی جو موسی نبی علیہ السلام
کی بددعا سے زمین میں غرق ہو گیا تھا۔
گندلان ف خیمہ شاہی جس میں بادشاہ کا مقام ہو۔
کنان ت پوشش ولباس جو انسان پہنتے ہیں۔
کنان ت کہنہ یعنے پرانا مال وغیرہ۔
کنچ ت پردہ و پوشش ولباس و پوشاک۔
کن ف شو یعنے ہو صیغہ امر ہے عربی میں۔
کن ف وہ کر صیغہ امر ہے فارسی میں۔
کن مکن ف امر و نہی کر نکر۔
کنعان ع نام پسر نوح جو کافر ہو گیا تھا و نام شہر یعقوب
و نام پدر نمرود کافر۔
گنجیدن ف سمانا گنجایش کرنا کسی مقام میں۔
کن فکان ع عالم موجودات و عالم پیدائش دنیا۔
کن فیکون ع عالم کائنات و عالم موجودات زمانہ۔
کنون ف اب اسی وقت اسی دم ابھی۔

کاف با واو

گورگان ت لائق عیش و عشرت و لقب تیمور بادشاہ
گورخان ت لقب ایک بادشاہ کا جو ختا و ختن میں فرمان رواں ہو۔
گوش کردن ف سننا کسی تقریر و بات کا۔
گوشمالیدن ف تنبیہ دینا خفیف سزا دینا کسی کو۔
گوزن ف گاو دشتی بارہ سنگا جسکو کہتی ہیں۔
گوی بردن ف غالب ہونا غالب رہنا کسی کام میں۔
گوہر خاتون ف نام زن سلطان سنجر بادشاہ سلجوقی۔
گوان ف پہلوانان یعنی بہت سے بہادر پہلوان لوگ۔
کوہان ف کوہان شتر یعنے اونٹ کا کوہان۔
گورکن ف قبر کھودنے والا اور نام ایک درندہ جانور کا جس
بجو کہتے ہیں اور وہ مردوں کو کہاتا ہے۔
گوالیدن ف سبز ہونا پہولنا درخت کا تازہ ہونا۔
گوکشیدن ف موافق ہونا سزاوار ہونا۔
کوبیدن ف کوٹنا کسی چیز کو۔
کوشیدن ف کوشش کرنا
کوفتن ف کوٹنا کسی چیز کو۔
کونین ع دونو جہان۔
کوہستان ف پہاڑ کا ملک۔

گواریدن ف ہضم ہونا طعام کا

گورستان ف قبرونکا مقام -

گون ف رنگ ولون و طریق -

گوناگون ف رنگ برنگ طرح بطرح قسم بقسم

گوک کردن ف موافق کرنا آواز اور ساز کا دوسرے ساز کی ساتھ ملانا

گوکن نام ایک ملک کا دکن سے اور فارسی مین بمعنی جغد جو طائر منحوس مشہور ہے ہندی مین اسکو الو کہتے ہین -

گوئن ع موجود ہونا پیدا ہونا ظاہر ہونا مجازاً عالم دنیا -

گون ف مقعد جسکے بل آدمی بیٹھتا ہے -

گوہ کن ف لقب فرہاد کا جو عاشق شیرین کا تہا -

گون خاریدن ف پشیمان ہونا شرمسار ہونا کسی بات سے

گوردین ف بروزن گوشتین جامہ پشمین و گودڑی فقیرانہ لباس

گورکان ت جوان اور باپ کی طرف سے شہزادہ یعنی صحیح الطرفین ہو

گوستن ف بمعنی کوفتن کوٹنا -

کودن ع بار برداری کا گہوڑا اور احمق آدمی جو عقل نرکہتا ہو

کوہان ف اونٹ کا کوہان جو پشت پر ہوتا ہے -

کاف با ہا

کہین ف بہت چہوٹا نادار و مفلس و غریب

کہکشان ف اسکی تعریف کاہکشان کے معنی مین تحریر ہو چکی ہے

کہن ف پرانا ضعیف بہت مدت کا

کاف بایے

کیوان ف ستارہ زحل جو ساتوین آسمان پر ہے -

کیان ف بادشاہان عظیم الشان جیسے کیقباد و کیخسرو کیومرث وغیرہ

کلین ف گوشت اندرون فرج زن

کین ف اختصار کینہ کے لفظ کا بمعنی غضب کینہ

کیہان ف جہان و روزگار و زمانہ و عالم دنیا

کہین ف نیرو ما مخفف آگہین کے لفظ کا

گیلان ع نام ملک جیلان بہی اسکو کہتے ہین -

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف لام اور اخیر مین نون ہے

لام با الف

لالایان ف غلامان و خدمتگاران و نوکران بادشاہ -

لائیدن ف سخن کہنا لاف زنا بڑائی کرنا -

لاستکن ف ایک پہاڑ کا نام ہی

لاکن ف ایک پہاڑ کا نام ہے -

لان ف ایک پہاڑ کا نام ہے

لاچین ت شاہین جو شکاری جانور مشہور ہے -

لادن ف قسم خوشبو یعنی عنبر جسکو عسلی کہتے ہین

لامان ف فریب و دروغ و مغاک جو زمین مین ہو

لابن ع دودہ والا شیر فروش جو دودہ بیچے -

لافیدن ف فضول کہنا لاف مارنا -

لامکان ع وہ شخص جسکا کوئی مکان نہو و مقام نفی دفنا -

لام با با

لبن ع شیر یعنی دودہ گائی بکری بہینس وغیرہ کا -

لبن ع خشت کا نام جمع لبنہ وہ اینٹ جو ابہی کچی ہو

لبان ع ایک گوند کا قسم ہے جسکو کندر کہتے ہین

لبون ع شیردار جانور جو دودہ دیتا ہو -

لب زدن ف خاموش ہونا چپ رہنا -

لب گزیدن ف غضبناک و شرمندہ ہونا افسوس کرنا -

لب نان ف ذرہ ٹکڑہ ایک حصہ روٹی کا -

لبنان ع شام مین ایک پہاڑ ہے -

لام با تا

لت انبان ف پرخوار بہت کہانیوالا آدمی یعنی جسکا شکم بندہ

لجین ع بروزن حسین سیم خالص یعنے وہ چاندی جو آمیزش سے خالی ہے
لچّن ف زن مخچہ و لولی ع برہنہ و عریان و بے لباس و بے شرم و بے حیا

لام با حاء

لحیان ع رمل کی ایک شکل کا نام ہے و مرد ریش دار۔
لحن ع آواز خوش اور مطبوع و دلپسند آواز۔

لام با خاء

لخشیدن ف لغزیدن یعنی پہسلنا پانو کا کسی مقام سے۔
لخشان ع ایسی صاف چیز جسپر ہاتھہ پہسل جاوے۔

لام با رے

لرزیدن ف کانپنا لرزہ کہانا ہلنا جنبش کرنا۔

لام با سین

لسان ع زبان جسکو ہندی مین جلہیہ کہتے ہین۔
لستان ع زبان آور آدمی تیز زبان۔
لسن ع زبان آور و فصیح الکلام و تیز زبان آدمی۔
لسن ع جمع لسن زبان آور اس سے زبان آور۔
لسن ع جمع السن نہایت زبان آور لوگ۔
لسن ع فصاحت و زبان آوری۔

لام با عین

لعن ع لعنت کرنا پہٹکارنا۔
لعین لعنتی پہٹکارا ہوا۔

لام با غین

لغزان ف پہسلتا ہوا شخص
لغزیدن ف پہسلنا پانو کا کسی مقام سے۔

لام با فاء

لفچن ف وہ شخص جسکے ہونٹہ سطبر ہون۔

لام با قاف

لقمان ایک حکیم کا نام ہے جو داؤد نبی کا شاگرد تہا۔

لام با کاف

لگن ف ہاتہہ دہونے کا طشت جسکو چلفچی کہتے ہین۔

لام با میم

لمعان ع چمکنا اور چمکارا اور روشنی ہر ایک قسم کی۔

لام با نون

لنگر انداختن ف قرار پکڑنا ٹہرنا۔
لنگیدن ف لنگ کرنا ایک پانو سے چلنا۔

لام با واو

لوکان ع جو شخص انو یا ہاتہہ سے چلتا ہو۔
لوریان ف نام قوم صحرا نشین جو رہزن ہوتے ہین۔
لون ع رنگ

لام با یاء

لین ع نرمی۔ طبیعت ضد خشونت۔
لیسیدن ف چاٹنا۔
لیکن ف مگر پر۔
لیمون ف نیبو۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف میم اور اخیر مین نون ہے

میم با الف

ماعون ع زکوۃ مال اور وہ چیز جس سے معاونت لین مثل اسباب خانگی برتن و ظروف وغیرہ۔
مائن ع دروغ گو کاذب جہوٹا آدمی۔
مامون ع امن دیا گیا و نام خلیفہ عباسی۔
مامن ع جای امن و امان جسجگہہ کوئی خوف نہو۔
مارن ع سر بینی۔

مافارقین ع نام ایک ولایت کا ہے۔

ماءِ معین ع آب روان اور جاری پانی۔

ماء الجبین دودہ کا پانی جو دودہ سے نکالا گیا ہو۔

مابین ع درمیان دو حصوں کے یعنے بیچ میں۔

ماذون ع اذن دیا گیا حکم دیا گیا اجازت دی گئی۔

مادیان ف مادہ استری یہہ مفرد لفظ ہے۔

مانستن ف مشابہ ہونا مانند ہونا ہمشکل ہونا۔

مالیدن ف ملنا مالش کرنا۔

ماندن ف باز رہنا مقام کرنا سکونت کرنا۔

مابون ع جو شخص علت ابنہ میں گرفتار ہو۔

مازندران ف ایک ملک کا نام ہے یعنے طبرستان توابع ایران سے مشہور علاقہ ہے۔

ماچین ف نام ملک شرقی ہندوستان۔

ماکیان ف لفظ مفرد مادہ خروس یعنے مرغی۔

ماچیدن ف بوسہ لینا چومنا کسی کو۔

مادیان ف لفظ مفرد مادہ اسپ یعنے گھوڑی۔

مان ف خانہ و اسباب بمعنی باش یعنے ٹھہر جا و بمعنی شبیہ و نظیر و مانند و ہم شکل و ہم تشبیہ۔

مائتین ع دو صد یعنے دو سو اعداد میں۔

مائین بہت سینکڑے یعنے صدہا

ماہ کنعان ف کنایۃ یوسف علیہ السلام۔

ماميران ف نام دوائی جو آنکھوں کو مفید ہے۔

ماہتاب بگز پیمودن مشکل کام کرنا مشکل آسان کرنا۔

مادون ع سوائے و فروتر و بغیر

میم با تاء

مُبِین ع ظاہر کرنیوالا روشن کرنے والا پیدا کرنے والا۔

مُبَیِّن ع بیان کرنے والا تشریح کرنے والا۔

مُبَیَّن بیان کیا گیا تشریح کیا گیا ظاہر کیا گیا۔

مُبَرہَن ع روشن و بدلائل ثابت کیا گیا مضبوط و مستحکم بیان

میم با تاء

مُتَدَیِّن ع دیندار یعنے وہ شخص جو پابند احکام شریعت کا ہو

متاخرین ع اخیر کے لوگ پچھلے زمانہ کے لوگ۔

متخاصمین ع دو آپس میں جھگڑنے والے

متضمن ع ضمن میں یعنی بیچ میں شامل

متعندان ف جمع متعند دشمن لوگ

متعین ع مقرر کیا گیا معین کیا گیا۔

متوطن ع رہنے والا سکونت کرنے والا۔

متہاون ع سستی کرنیوالا توقف و دیر کرنے والا۔

مَتن ع پشت و استوار و جای بلند اور عبارت اندرونی کتاب کی جسکی شرح کریں۔

مَتِین ع استوار و محکم و مضبوط اور سخت چیز۔

مُتَادِن ع سست و خوار و حقیر و بے عزت۔

مُتَحَصِّن ع قلعہ میں بیٹھنے والا اور محصور

مُتَالِہِین ع عبادت کرنے والے عابد زاہد۔

مُتَقَن ع استوار و محکم و مضبوط و قایم۔

مُتَبَایِن ع جدا ہونیوالا الگ ہونے والا۔

مُتَکَوِّن ع موجود ہونے والا پیدا ہونے والا۔

مُتَلَوِّن ع رنگ برنگ ہونیوالا قسم قسم ہونے والا۔

مُتَمَکِّن ع مکان پکڑنے والا ٹھہرنے والا سکونت پکڑنے والا

مُتَکَلِّمِین ع بولنے والے کلام کرنے والے لوگ تقریر کرنیوالے لوگ یہہ لفظ جمع متکلم کی ہے جسکے معنی کلام کرنیوالے کے ہیں۔

میم با ثاء

مُثَمَّن ع ہشت پہلو یعنے وہ چیز جسکے آٹھ پہلو ہوں۔

میم با جیم

مَجّان ع مفت و ہرزہ و رائیگان و بے کار۔
مُجُون ع بیباکی و شوخی و بیہودگی و عیاری۔
مِجَن ف سپر یعنے ڈھال جو سپاہی باندھتے ہیں۔
مَجنُون ع دیوانہ و بیہوش خبطی صاحب جنون۔
مَجانِین دیوانگان بہت سے دیوانے لوگ۔
مَجمَع البحرین ع وہ مقام جہاں دو دریا ملیں۔

میم با حاے

مِحَن ع جمع محنت یعنے بہت سی محنتیں و تکلیفیں۔
مُحزِن ف غمناک و اندوہگین و صاحب فکر و اندیشہ۔
مِحجَن ع چوگان جسکو کھونڈی کہتے ہیں۔
مُحضَرُون ع حاضر ہونیوالے لوگ۔
مُحصِن ع مرد صاحب زن یعنی جس مرد کی پاس عورت ہو۔
مُحی الدین ع زندہ کرنے والا دین کا و لقب و خطاب حضرت سید عبد القادر جیلانی قدس سرہ۔
مَحاسِن ع نیکیاں اور ریش یعنے داڑھی۔
مُحسِن ع احسان کرنے والا محسنین جسکی جمع ہے۔

میم با خاے

مَخزَن ع جاے خزانہ یعنے جس جگہہ خزانہ ہو۔
مَختُون ع ختنہ کیا گیا۔
مَخازِن ع جمع مخزن کی یعنے بہت سے خزانے۔
مَخزُون ع جو چیز خزانہ میں رکھی جائے۔

میم با دال

مَدیَن ع نام ایک شہر کا ہے۔
مُداہِن ع سستی کرنیوالا کاہل آدمی۔
مَدفُون ع دبایا گیا زمین میں۔
مُدَمِّن ع ہمیشہ کرنیوالا۔
مَدائِن ع جمع مدینہ بہت سے شہر اور آبادیاں۔
مُدہامَّتان ع دو باغ سرسبز و باور۔
مُدُن ع جمع مدینہ بہت شہر اور آبادیاں۔
مَدیُون ع قرضدار جسنے کسی کا قرض دینا ہو۔
مُدَوَّن ع جمع کیا گیا اکٹھا کیا گیا مال وغیرہ۔

میم با راے

مُرتَہِن ع گرو لینے والا یعنی جسنے روپیہ دیکر کوئی چیز گرو لی ہو۔
مِرکَن ع تغار و لگن و طشت و چلفچی وغیرہ۔
مُرتَدّان ع گرو دکان یا دہ رو جسکو راہ میں راہی نہ نکلی ہو۔
مَرہُون ع گرو کیا گیا یعنے وہ چیز جو گرو کی گئی ہو۔
مَرجان ع ایک قسم جواہر سرخ رنگ ہوتا ہے جسکو مونگا کہتے ہیں۔
مُردگان ف مرے ہوئے لوگ متقدمین لوگ۔
مُردن ف مرنا انتقال کرنا گذر جانا دنیا سے۔
مَردان ف بہت سے مرد۔
مرزغان ف دوزخ اور گورستان کا مقام۔
مرزبان ف مالک زمین و ولایت مجازاً بادشاہ۔
مرغ سلیمان ف ہدہد جو ایک دراز نوک مشہور جانور ہے۔
مرغ زرین ف طاؤس جسکو ہند میں مور کہتے ہیں۔
مرو شاہجہان ف خراسان میں ایک شہر کا نام ہے۔
مربع نشین ف چار زانو بیٹھنے والا با ادب بیٹھنے والا۔

میم با زاے

مُزمِن ع دیرینہ و کہنہ شخص جو چل نسکے۔
مِژگان ف پلکیں آنکھوں کی۔
مُزَیَّن ع مزینت دیا گیا آراستہ کیا گیا۔
مُزَیِّن ع حلاق یعنی نائی و حجام حجامت کرنیوالا۔
مُزن ع ابر و باران یعنی بادل مینہ گرد و غبار۔
مزیدن ف بمعنی مکیدن چوسنا کسی چیز کو۔

میم با سین

مُشتَہان ع ذلیل و خوار و سبک و بے عزت و بے آبرو۔
مُشتَہجَن ع زشت و قبیح و عیبدار و ناقص و خراب۔
مُشتغان ع یاری مانگا گیا مدد طلب کیا گیا۔
مُستَعین ع اعانت چاہنے والا مدد ڈہونڈنے والا۔
مُستَبین روشن و آشکار و ظاہر ہے کے روبرو۔
مَسجُون ع قید کیا گیا بند مین رکہا گیا۔
مسلمین ع جمع مسلم کی بہت سے مسلمان لوگ۔
مِسَن ع وہ پتہر جسپر کارد و شمشیر تیز کرین۔
مُسِن ع مرد پیر و سالخوردہ و ضعیف و پرانا۔
مُسَنّن ع صاحب سنان یعنے جسکے پاس نیزہ ہو۔
مسکین ع عاجز و بے قوت و بیحرکت و ناتوان و کمزور و تنگدست و فقیر و بے نصیب و مفلس و نادار۔
مساکین ع جمع مسکین بہت سے فقیر و مفلس و نادار لوگ
مَسکَن ع جای سکونت رہنے کی جگہہ مقام قیام
مُسکِّن ع تسکین دینے والا تسلی دینے والا اطمینان دینے والا
مُسمِن ع فربہ و پر گوشت چربی دار موٹا۔
مُسمَّن ع فربہ کیا گیا موٹا کیا گیا پر گوشت کیا گیا۔
مُسمِّن ع فربہ کرنے والا موٹا کرنے والا۔
مُسلمان ف صاحب اسلام جو شخص محمدی دین پر ہو۔
مُستحسَن ع نیک کیا گیا پسند کیا گیا اچہا مانا گیا۔

میم با شین

مشائین ع قوم حکمای متقدمین جو زمانہ سابق مین گذر چکی ہین
مَشحُون ع پر کیا گیا بہرا گیا
مشت زن ف پہلوان پنجہ گیر جنگ آور لڑویا۔

میم با صاد

مَصُون ع نگاہ رکہا گیا حفاظت مین لیا گیا پاک و صاف

میم با ضاد

مَضمُون ع درمیان لیا گیا مضامین اسکی جمع ہے

میم با طاء

مِطران و مَطران ع سر گروہ کفار روم قوم بت پرستان
مَطاعِن ع جمع ہی طعن کی یعنی بہت سے طعنے۔
مُطلق العنان ع آزاد جو کسیکی قید و حکومت مین نہو
مِطحَن ع آسیا یعنے چکی آٹا پیسنے کی۔
مَطعُون ع نیزہ مارا گیا طعنہ دیا گیا عیبدار آدمی۔
مَطین ع مٹی سی بہرا ہوا خاک آلودہ۔
مُطمَئِن ع آرام پایا ہوا تسلی پایا ہوا شخص۔

میم با ظاء

مَظان ع گمان لیجانا و وہم کرنا شبہ لانا۔
مظنون ع شبہ کیا گیا گمان و وہم مین پڑا ہوا۔

میم با عین

مَعان ع یاری دینا مدد گار ہونا حمایت کرنا
مَعمَعان ع شدت موسم گرما گرمی کا جوش۔
مَعن ع نام مرد سخی جو عرب مین تہا۔
معلق زدن ف اولٹا ہونا سیدہا ہونا پہلو سی پہلو بدلنا
معلق زن ف بازیگر اولٹا سیدہا ہونے والا۔
مَعجُون ع گوندہی ہوئی چیز کئی چیزون سے ملی ہوئی چیز
مَعنُون ع عنوان کیا گیا دیباچہ کیا گیا ابتدا کیا گیا۔
مَعِین ع جاری و روان پانی و چشمہ و دریا وغیرہ۔
مُعین ع یاری دینے والا مدد گار حمایتی۔
مُعَیَّن ع مخصوص و مقرر کیا گیا تعینات کیا گیا۔
مَعدِن ع کان جمع اسکی معادن ہی کان مین سونے چاندی کی
مُعاوِن ع مددگار یاری دینے والا حمایتی۔

میم با غین

مغابن ع بنہاے ران استداران کا جو شہو حفی

مغیلان ع درختان ببول یعنے کیکر۔
مغز در سر کردن ف خاموش ہونا۔
مغز تر کردن ف سخن کہنا تقریر کرنا۔
مغبون ع جسکو زیان پہونچا ہو یعنے غبن کیا گیا نقصان پہونچایا گیا۔
مغان ف جمع مغ بہت سے بت پرست۔

میم با فاء

مفتین ع فتنہ اوٹھایا گیا فتنہ مین ڈالا گیا۔
مفتون ع شیفتہ و عاشق اور فتنہ مین ڈالا گیا۔
مفطن ع فہمایش کرنے والا سمجھانے والا۔
مفتنین ع فتنہ اندازان و فساد انگیزان۔

میم با قاف

مقدم العین ع گوشہ چشم بطرف بینی۔
مقصود کن فکان ع کنایہ ذات محمد صلی اللہ علیہ وسلم
مقنن ع قانون بنانیوالا و قانون دان۔

میم با کاف

مکون ع پیدا کیا گیا ظاہر کیا گیا موجود کیا گیا۔
مکان ع جگہ رہنے کی اور سکونت کا مقام۔
مکمون ع پوشیدہ چھپا ہوا نظر سے غائب۔
مکیدن ع چوسنا ہونٹھون مین دبا کر جیسے کہ شیرخوار لڑکا پستان کو چوستا ہے۔
مکنون ع پوشیدہ رکھا گیا چھپایا گیا۔
مکین ع صاحب مکان اور مکاندار شخص۔
مکمن ع چھپنے کی جگہ پوشیدہ ہونے کی جگہ۔
مکامن ع جمع مکمن پوشیدہ ہونے کے مقام۔
مکران ع نام شہر جو ولایت سندھ مین ہے
مگس ران ف مورچھل جو جسسے مکھیان چلاتے ہین۔

میم با لام

ملوین ع روز و شب دن رات صبح و شام۔
ملون ع رنگا رنگ قسم قسم طرح طرح۔
ملین ع نرم اور وہ دوا جو طبیعت کو نرم کرے۔
ملقن ع تلقین کیا گیا سکھلایا گیا۔
ملاعین ع جمع ملعون بہت سے پھٹکارے ہوے لوگ۔
ملاآن ع پر کرنے والا بھرنے والا کسی چیز کو۔

میم با میم

ممتحن ع آزمایا گیا امتحان لیا گیا۔
ممنون ع منت رکھا گیا احسانمند جسپر احسان کیا گیا ہو۔
ممتہن ع خوار کیا گیا اہانت کیا گیا بے عزت کیا گیا
ممکن ع ہونیکے لائق چیز جسکے ہونیکی امید قوی ہو۔
ممکّن ع قائم و برجا کیا گیا استوار و مضبوط کیا گیا۔

میم با نون

منّان ع بہت نیکی والا یہ خدا کا نام ہے۔
منون ع زمانہ مرگ موت کا زمانہ۔
منوّن ع تنوین دیا گیا یعنے وہ حرف جسپر دو زبر یا دو پیش یا دو زیر ہون۔
منن ع جمع منت بہت سے احسان اور خوبیان۔
منتن ع گندہ و بدبو و نامطبوع و خراب۔
منکبین ع ہر دو کتف یعنے دونو مونڈھے ہے۔
منگیدن ف آہستہ ہونٹھون مین بات کا کہنا نرم آواز سے بولنا
منخرین ع ہر دو سوراخ بینی یعنی ناک کے دونو سوراخ
مِن ع از یعنے سے۔
منّ ع نعمت دینا احسان کہنا و نقصان کرنا و ترنجبین اور ایک طعام شیرین جو درختوں کی پتیوں پر جم جاتی یعنے شیر خشت و غیرہ
منّ ع وزن عربی مین دو رطل و ہندی مین چالیس

ضمیر متکلم واحد یعنے ایک مین و بمعنی لعبت چنانچہ دشمن
و بمعنی تودہ چنانچہ خرمن۔
منہیان ع خبر دینے والے خبردار کرنے والے۔

میم با واو

مواطن ع جای وطن مواطن اسکی جمع ہی۔
موہون ع سست کیا گیا۔
موازین ع جمع میزان بہت سے ترازو۔
مؤتمن ع امانت دار معتمد جس پر اعتبار ہو۔
موقن ع یقین کرنیوالا جسکے دل مین شک نہو۔
مؤذن ع بانگ نماز کہنی والا آواز دینے والا۔
مویدان ع رونا نوحہ کرنا چلانا کسی غم مین۔
مویان ف نوحہ کرنیوالی آواز سے رونے والے۔
مؤمن ع صاحب ایمان جو خدا کی توحید اور محمد کی رسالت پر ایمان رکہتا ہے
موزون ع تلا ہوا وزن کیا ہوا اور کلام جو کسی وزن پر
اوزان مقررہ سے ہو۔

میم با ہا

مہان ع اہانت کیا گیا ذلیل و خوار و بے عزت۔
مہین ف بزرگتر و عمدہ تر و امیر و سردار و سرگروہ آدمی۔
مہین ع سست و کاہل و ضعیف و حقیر بے عزت۔
مہیمن ع بیخوف کرنیوالا و گواہ صادق یہہ لفظ خدا کے
اسمون مین سے ہے۔
مہمان ع جو کسی کے گہر بلایا گیا ہو۔
مہرچین ف بازیگر و حقہ باز۔
مہرکن ف مہر کہودنے والا شخص
مہربان ف دوست و محبت والا۔
مہرجان ف مدت ہینی آفتاب کی میزان مین۔

میم با یا

میمون ف مبارک و خجستہ و بمعنی بوزنہ یعنے بندر۔
میان ف میانہ ہر چیز و کمر و غلاف شمشیر و کارد وغیرہ
میلان ع خواہش و آرزو و رجوع و توجہ و میل
میامن ع برکتین لفظ یمن کی جمع ہے۔
میزبان ف جو مہمان کو کہانا کہلاے اور رہلاے۔
میدان ف دشت مشہور لفظ ہی یعنے زمین فراخ۔
میامین ع جمع میمون مبارک چیزین اور اچہی باتین
مین جہوٹ بولنا دروغ کہنا۔
میزان ع ترازو ملی جسسے کوئی چیز تولین اور نام برج آسمانکا
میگون ف سرخ رنگ شراب کی رنگت
مین ت ترجمہ من یعنے مین۔
میتلین ع میخ آہنی جسسے پتہر مین شگاف کرین۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف نون اور اخیر مین نون ہے

نون با الف

ناف زمین ف کنایہ خانہ بیت اللہ کعبہ اللہ و مقام حج۔
نارون ف گلنار یعنے انار کے درخت کے پہول
نازنین ف صاحب ناز و نازک معشوق
ناتوان ف بے طاقت کمزور لاغر جسم آدمی۔
ناتوان بین ف حاسد و دشمن جو کسیکے دولت ندیکہہ سکے
ناردان ف انار دانہ جو ترش اناکے خشک دانے ہوتے ہین
ناودان ف پرنالہ بدر رو پانی کا گہر کی نالی
نارین ف درخت انارکا۔
ناسکان ع عبادت کرنیوالے عابد زاہد لوگ۔
ناف دن ف قطع کرنا جدا کرنا الگ کرنا۔

ناخن ف مشہور لفظ ہے یعنی انگلیوں کے ناخن۔
نازیدن ف ناز کرنا۔
نافرمان ف جو حکم نہ مانے عاق و باغی آدمی۔
ناگہان ف اچانک اوسی وقت فی الفور۔
نالیدن ف شور کرنا رونا فریاد کرنا۔
